ISSN 2393-882X

Date of Publishing : 12-12-2015, Date of Posting 15-16-12-2015

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Rs. 7/-

مسلک اہل حدیث کا داعی اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا نقیب

# جریدہ پندرہ روزہ ترجمان دہلی

## عدالت صحابہ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ

"صحابہ کرام - اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار"

اکتیسویں عظیم الشان

## آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

۳۱ ویں کانفرنس نمبر

دہلی ۲۰۱۲ء

www.KitaboSunnat.com

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ ... اور اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔" (التوبۃ: ۱۰۰)

مؤتمر أهل الحديث الحادى والثلاثون لعموم الهند

بعنوان: عدالة الصحابة رضى الله عنهم الصحابة الكرام هم معيار القيم الاخلاقية العليا وبناة الانسانية المثلى

ضيف شرف

صاحب السماحة الشيخ الدكتور سعود بن ابراهيم الشريم حفظه الله

إمام وخطيب المسجد الحرام بمكة المكرمة وعميد كلية الشريعة بجامعة أم القرى بمكة المكرمة

في تاريخ ٨ ربيع الثاني ١٤٣٣ھ الموافق ١ مارس ٢٠١٢م

تحت رعاية: جمعية أهل الحديث المركزية لعموم الهند

31st All India Ahl-e-Hadees Conference

on

Prophet's Companions: Remarkable Criterions of Moral Conduct and Exemplary Architects of Humanity

Chief Guest

His Highness Dr. Saud Bin Ibrahim Al Shuraim

*Imam of Holy Ka'aba, Makkah Mukarramah*

March 02-03, 2012, Ram Leela Ground, New Delhi

Orgd. By Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind

۳۱ ویں دوروزہ اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

بعنوان: عدالۃ الصحابۃ، صحابہ کرام: اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار

مہمان خصوصی

سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ ورعاہ

امام وخطیب مسجد حرام، مکہ مکرمہ

۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء، رام لیلا میدان، نئی دہلی

زیر اہتمام: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

جلد: 35 شمارہ: 24 Second Issue ۴-۱۹/ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ مطابق 16-31/ دسمبر 2015

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com




آفس المعہد العالی اوکھلا، نئی دہلی



دفاتر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

Monthly MUHADDIS Lahore
99-J Model Town, Lahore-547
Phone 5866476, 5866396

## اس شمارے میں



| صفحہ | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵ | درس قرآن (نور ہدایت) | ۱ |
| ۶ | درس حدیث (عدالت صحابہ) | ۲ |
| ۷ | اداریہ (عظمت وعدالت کے روشن مینار) | ۳ |
| ۱۰ | خطبۂ استقبالیہ | ۴ |
| ۱۳ | خطبۂ صدارت | ۵ |
| ۱۸ | کلمہ شکر وتقدیر (سپاس نامہ) | ۶ |
| ۳۸ | بعض سماجی، علمی اور سیاسی شخصیات کے خطوط وپیغامات | ۷ |
| ۴۹ | عدالت صحابہ کانفرنس سے متعلق چند مکاتیب ومراسلات | ۸ |
| ۵۵ | عدالت صحابہ کانفرنس کی عظیم الشان کامیابی: بعض تاثرات ومشاہدات | ۹ |
| ۵۸ | اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے موضوعات، مقررین، مقالہ نگاران اور مدعوئین خصوصی | ۱۰ |
| ۶۲ | امام حرم مکی سماحۃ الشیخ دکتور سعود بن ابراہیم الشریم کے وقیع خطبے | ۱۱ |
| ۶۴ | اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا میں روح افزا خطاب | ۱۲ |
| ۶۶ | رام لیلا گراؤنڈ میں خطبہ جمعہ | ۱۳ |
| ۶۹ | رام لیلا میدان میں ایمان افروز خطاب | ۱۴ |



مدیر مسئول
اصغر علی امام مہدی سلفی
مدیر
عبد القدوس اطہر نقوی

# عدالت صحابہ

رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ

''صحابہ کرام - اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار''
کے عنوان پر
عظیم الشان اکتیسویں آل انڈیا
اہل حدیث کانفرنس ۲-۳/ مارچ
۲۰۱۲ء کا

# ''خصوصی شمارہ''

**بدل اشتراک**

سالانہ ........ ۱۵۰/روپے
فی شمارہ ........ ۷/روپے
پاکستان ........ ۵۰۰/روپے

بلاد عربیہ ودیگر ممالک سے ۳۵ ڈالر یا اس کے مساوی

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند
اہل حدیث منزل ۴۱۱۶، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی۔۱۱۰۰۰۶
ویب سائٹ www.ahlehadees.org
ترجمان ای میل jaridahtarjuman@gmail.com
جمعیت ای میل jamiatahlehadeeshind@hotmail.com



www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی تفصیلی رپورٹ | ۷۲ |
| ۱۶ | قرارداد بمناسبت اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس | ۹۲ |
| ۱۷ | کانفرنس سے متعلق مشارکین کے عام تاثرات | ۹۶ |
| | ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی جلسہ گاہ-ایک نظر میں | ۹۹ |
| ۱۸ | اراکین مجلس استقبالیہ عدالت صحابہ کانفرنس | ۱۰۱ |
| ۱۹ | عدالت صحابہ کانفرنس سے متعلق منظومات (ماقبل ومابعد کانفرنس) | ۱۰۸ |
| ۲۰ | عظیم الشان سیمینار: عناوین اور مختصر رپورٹ | ۱۱۹ |
| ۲۱ | ۳۱ویں آل انڈیا عدالت صحابہ کانفرنس کی ابتدائی تیاریاں کب اور کیسے؟ | ۱۲۵ |
| ۲۲ | دفتری سرگرمیوں کی ایک مختصر رپورٹ | ۱۲۷ |
| ۲۳ | ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی تیاریاں: دفتری سرگرمیوں کی کہانی تصویر کی زبانی | ۱۲۸ |
| ۲۴ | کانفرنس کی تاریخ انعقاد کا اعلان | ۱۳۹ |
| ۲۵ | کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کی منظوری | ۱۴۰ |
| ۲۶ | اجلاس مجلس عاملہ اور عدالت صحابہ کانفرنس | ۱۴۱ |
| ۲۷ | سیکورٹی ودیگر انتظامات کے ذمہ داران | ۱۴۲ |
| ۲۸ | عدالت صحابہ کانفرنس سے متعلق پریس ریلیزوں کا اجرا (ماقبل ومابعد کانفرنس) | ۱۴۴ |
| ۲۹ | اکتیسویں کانفرنس سے متعلق اخباری مراسلات، دلکش تحریریں اور اشتہارات | ۱۶۳ |
| ۳۰ | ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس اور میڈیا کوریج-ذی سلام، ای ٹی وی وغیرہ | ۱۸۰ |
| ۳۱ | امام کعبہ سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی ہندوستان تشریف آوری اوران کا پرتپاک استقبال-میڈیا کی نظر میں | ۱۸۲ |
| ۳۲ | کانفرنس سے متعلق مختلف جرائد ورسائل کی پرکشش تحریریں | ۱۸۹ |
| ۳۳ | میڈیا کوریج اخبارات ورسائل کی روشنی میں | ۱۹۶ |
| ۳۴ | کلمۂ شکر وامتنان | ۲۳۸ |
| ۳۵ | عدالت صحابہ-الصحابة كلهم عدول | ۲۳۹ |
| ۳۶ | دہلی چلو (نظم) برائے تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ۱۲-۱۳/مارچ ۲۰۱۶ء | ۲۵۶ |
| ۳۷ | کیا ہیں کردار ائمہ اور خطبا کے حقوق (نظم) برائے تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ۱۲-۱۳/مارچ ۲۰۱۶ء | ۲۵۷ |
| ۳۸ | مرکزی جمعیت کی پریس ریلیز | ۲۵۸ |


☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درس قرآن

# نور ہدایت

مولانا ابوالکلام آزاد

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (التوبۃ: ١٠٠)

اور جو مہاجرین اور انصار سابق اور مقدم ہیں اور جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اس سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے۔

رضی اللہ عنھم ورضوا عنه (اللہ ان سے راضی ہوا وہ اللہ سے) اس مقام کا ایک پہلو قابل غور ہے جس پر لوگوں کی نظر نہیں پڑی یعنی ورضوا عنہ پر کیوں زور دیا گیا؟ اتنا کہہ دینا کافی تھا کہ اللہ ان سے خوشنود ہوا کیونکہ ان کے اعمال اللہ کی خوشنودی ہی کے لیے تھے۔ یہ بات خصوصیت کے ساتھ کیوں کہی گئی کہ وہ بھی اللہ سے خوشنود ہوئے۔ اس لیے کہ ان کے ایمان واخلاص کا اصلی مقام بغیر اس کے نمایاں نہیں ہوسکتا تھا۔ انسان جب کبھی کسی مقصد کی راہ میں قدم اٹھاتا ہے اور مصیبتوں سے دوچار ہوتا ہے تو دو طرح کی حالتیں پیش آتی ہیں کچھ لوگ جوانمرداور باہمت ہوتے ہیں۔ وہ بلا تامل ہر طرح کی مصیبتیں جھیل لیتے ہیں، لیکن ان کو جھیلنا جھیل لینا ہی ہوتا ہے۔ یہ بات نہیں ہوتی کہ مصیبتیں ان کے لیے مصیبتیں نہ رہی ہوں، عیش وراحت ہوگئی ہوں، کیوں کہ مصیبت پھر مصیبت ہے۔ باہمت آدمی کڑوا گھونٹ بغیر کسی جھجک کے پی لے گا، لیکن اس کی کڑواہٹ کی بدمزگی محسوس ضرور کرے گا۔ لیکن کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جنھیں صرف باہمت ہی نہیں کہنا چاہیے بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ سمجھنا چاہیے۔ ان میں صرف ہمت وجوانمردی ہی نہیں ہوتی، بلکہ عشق وشیفتگی کی حالت پیدا ہوجاتی ہے۔ وہ مصیبتوں کو مصیبتوں کی طرح جھیلتے ہی نہیں، بلکہ عیش وراحت کی طرح ان سے لذت وسرور حاصل کرتے ہیں۔ راہ محبت کی ہر مصیبت ان کے لیے عیش وراحت کی ایک نئی لذت بن جاتی ہے۔ اگر اس راہ میں کانٹوں پر لوٹنا پڑے تو کانٹوں کی چبھن میں انھیں ایسی راحت ملے، جو کسی کو پھولوں کی سیج پر لوٹ کر نہیں مل سکتی۔ حتیٰ کہ اس راہ کی مصیبتیں جس قدر بڑھتی جاتی ہیں اتنی ہی زیادہ ان کے دل کی خوش حالیاں بھی بڑھتی جاتی ہیں۔ ان کے لیے صرف اس بات کا تصور، کہ یہ سب کچھ کسی کی راہ میں پیش آرہا ہے اور اس کی نگاہیں ہمارے حال سے بے خبر نہیں، عیش وسرور کا ایک ایسا بے پایاں جذبہ پیدا کردیتا ہے کہ اس کی سرشاری میں جسم کی کوئی کلفت اور ذہن کی کوئی اذیت محسوس ہی نہیں ہوتی۔ یہ بات سننے میں تمھیں عجیب معلوم ہوتی ہوگی لیکن فی الحقیقت حالت میں اتنی عجیب نہیں، بلکہ انسانی زندگی کے معمولی واردات میں سے ہے۔ عشق ومحبت کا مقام تو بہت بلند ہے۔ بوالموسیٰ کا عالم بھی اس واردات سے خالی نہیں!

حریف کاوش مژگان خونریز کش نہ، ناصح  به دست آورم جانے انگشتر را تماشا کن

السابقون الاولون کی محبت ایمانی کا یہی حال تھا۔ ہر شخص جو ان کی زندگی کے سوانح کا مطالعہ کرے گا بے اختیار تصدیق کرے گا کہ انھوں نے راہ حق کی مصیبتیں صرف جھیلی ہی نہیں بلکہ دل کی پوری خوش حالی اور روح کے کامل سرور کے ساتھ اپنی پوری زندگیاں ان میں بسر کرڈالیں۔ ان میں سے جو لوگ اول دعوت میں ایمان لائے تھے ان پر شب وروز کی جانکاہیوں اور قربانیوں کے پورے تیئس برس گزر گئے لیکن اس تمام مدت میں کہیں سے بھی یہ بات دکھائی نہیں دیتی کہ مصیبتوں کی کڑواہٹ ان کے چہروں پر کبھی کھلی ہو۔ انھوں نے مال وعلائق کی ہر قربانی اس جوش ومسرت کے ساتھ کی گویا دنیا جہاں کی خوشیاں اور راحتیں ان کے لیے فراہم ہوگئی ہیں اور جان کی قربانیوں کا وقت آیا تو اس طرح خوش خوش گردنیں کٹوادیں گویا زندگی کی سب سے بڑی خوشی زندگی میں نہیں بلکہ موت میں تھی۔ ان میں ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی تھی جنھوں نے اتنی عمریں نہیں پائیں کہ اسلام کی غربت کے ساتھ اسلام کا عروج واقبال بھی دیکھ لیتے اور عدی بن حاتم کی طرح کہہ سکتے کنت فی من افتتح کنوز کسریٰ تاہم جب دنیا سے گئے تو اس عالم میں گئے کہ ان سے زیادہ عیش وخوش حالی میں شاید ہی کسی نے دنیا چھوڑی ہو! (نقل وتقدیم ولید اصغر محمدی)

(رسول رحمت: ۵۴۲-۵۴۳)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان

درس حدیث

ڈاکٹر محمد شیث ادریس تیمی

# عدالت صحابہ

عن أبی شریح العدوی أنه قال لعمرو بن سعید وهو یبعث البعوث الی مكة ائذن لی أیها الأمیر أحدثک قولا قام به رسول الله صلی الله علیه وسلم الغد من یوم الفتح مكة سمعته أذنای ووعاه قلبی وابصرته عینای حین تكلم به أنه حمد الله واثنی علیه ثم قال: ولیبلغ الشاهد الغائب (البخاری: كتاب المغازی باب حدیث رقم ۴۲۹۵)

**ترجمہ:** ابوشریح عدوی رضی اللہ عنہ نے (مدینہ کے امیر) عمرو بن سعید سے کہا جب عمرو بن سعید (عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے خلاف) مکہ کی طرف لشکر بھیج رہے تھے کہ اے امیر مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ سے ایک حدیث بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دوسرے دن ارشاد فرمائی تھی۔اس حدیث کو میرے دونوں کانوں نے سنا، میرے قلب نے اس کو یاد رکھا، اور جب حضور اکرم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ارشاد فرما رہے تھے تو میں اپنی آنکھوں سے آپ کو دیکھ رہا تھا۔رسول اللہ ﷺ نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی اور پھر فرمایا....اب چاہیے کہ جو حاضر ہے وہ غائب کو یہ بات پہنچا دے۔

**تشریح:** فلیبلغ الشاهد الغائب (اب چاہئیے کہ جو حاضر ہے وہ غائب کو یہ بات پہنچا دے یہ رسول اللہ ﷺ کے اس خطبہ کا آخری حصہ ہے جسے آپ نے فتح مکہ کے موقع پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بھرے مجمع میں دیا تھا۔جس میں آپ نے مکہ مکرمہ کو حرمت والا شہر قرار دیا تھا اور فرمایا تھا کہ مکہ میں کسی اہل ایمان کے لیے آج کے بعد یہ جائز نہیں کہ کسی کا خون بہائے اور یہاں کا کوئی درخت کاٹے وغیرہ۔

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ کے پیارے اصحاب رضی اللہ عنہم کی عدالت وثقاہت پر واضح طور سے دلالت کرتی ہے۔صحابہ کرام بلاشبہ آسمان رسالت کے تابندہ ستارے تھے۔ انہوں نے مہبط وحی پر قرآن کریم کو اترتے دیکھا تھا، صاحب خلق عظیم کی پاکیزہ زندگی کا اپنے سر کی آنکھوں سے مشاہدہ کیا تھا، قرآن کریم کی انسانیت نواز تعلیمات کو اپنی جلوتوں اور خلوتوں میں نافذ کیا تھا۔اور اس امانت کبری کو اوروں تک پہنچانے کا بیڑا بھی اٹھایا تھا، جس کی وجہ سے وہ مقام عظمت وعدالت پر فائز ہوئے۔اللہ تعالی نے ان کو اس کی سند بھی عطا فرمائی۔وكذلك جعلناكم أمة وسطا لتكونوا شهداء على الناس ويكون الرسول عليكم شهيدا (البقرہ:۱۴۳) اس طرح ہم نے تمہیں عادل (بہتر وافضل) امت بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر (حق کے) گواہ ہو جاؤ۔اور رسول اللہ ﷺ تم پر گواہ ہو جائیں۔

اور فرمایا: كنتم خير امة اخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتؤمنون بالله (آل عمران:۱۱۰) تم بہترین امت ہو جو لوگوں (کی بھلائی) کے لیے ہی پیدا کی گئی ہے۔تم نیک باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو۔

ان دونوں آیتوں میں امت محمد ﷺ کی فضیلت بیان ہوئی ہے کہ وہ عادل اور خیر امت ہے اس لیے اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہادت حق کا فریضہ انجام دے لیکن اس کے اولین مخاطب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے۔علماء نے لکھا ہے کہ یہ آیتیں اگرچہ عام ہیں لیکن ان سے مراد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے۔جس کی وضاحت مذکورۃ الصدر حدیث میں بھی بیان ہوئی ہے کہ آپ نے صحابہ کرام کو مخاطب کر کے انہیں دین کا امین و پاسبان بنایا اور دین وشریعت کی تبلیغ واشاعت کی ذمہ داری ان کے سر رکھی۔اگر وہ عادل اور بھروسہ مند نہ ہوتے تو رسول اللہ ﷺ اس امانت کبری کی تبلیغ واشاعت کی ذمہ داری ان کے سپرد نہیں فرماتے۔

صحابۂ کرام کی عدالت وثقاہت اور عظمت قرآن وحدیث ہی سے نہیں بلکہ اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم سے بھی ثابت ہے۔انہوں نے بلا کسی استثناء کے سارے صحابہ کو معتبر، معیار دین واخلاق اور تقدس وبزرگی کی کسوٹی اور مقتدا و پیشوا قرار دیا ہے۔چنانچہ صحابی جلیل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، جن کو اقتداء کرنی ہو وہ گزرے ہوئے لوگوں کی اقتداء کرے کیوں کہ زندوں کے فتنوں میں مبتلا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔یہ گزرے ہوئے لوگ رسول ﷺ کے پیارے صحابہ ہیں۔اللہ کی قسم وہ امت میں سب سے افضل تھے۔ان کے دلوں میں نیکیوں کی سب سے زیادہ تڑپ تھی۔وہ سب سے زیادہ گہرا علم والے اور کم تکلف کرنے والے تھے۔یہ وہ لوگ تھے جنہیں اللہ نے اپنے نبی کی صحبت اور دین کی اقامت کے لیے منتخب کر لیا تھا لہٰذا تم ان کے فضل ومقام کو پہچانو، ان کے آثار کی پیروی کرو، ان کے اخلاق اور دین کو حتی الوسع مضبوطی سے تھام لو۔بلاشبہ وہ سیدھی ہدایت پر گامزن تھے۔(دیکھئے تفسیر بغوی ۱/۲۸۴)

عدالت صحابہ سے متعلق وارد بے شمار آیات واحادیث اور اقوال سلف کے باوجود افسوس کی بات ہے کہ یہود وزنادقہ کی پیروی میں مسلمانوں جیسا نام رکھنے والے بعض لوگ بھی صحابہ کرام کی عدالت وثقاہت پر انگلی اٹھا کر اپنا دین وایمان غارت کر رہے ہیں۔وہ بھول جاتے ہیں کہ صحابہ کرام ہی دین کے پہلے ناقل اور اولین مخاطب ہیں۔ان کے ذریعہ ہی دین ہم تک پہنچا ہے۔اگر ان کے دین واخلاق کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کئے گئے تو پھر دین اصلی حالت میں باقی کہاں رہ جائے گا۔صحابہ کرام بلاشبہ معیار دین واخلاق ہیں۔خود صاحب قرآن نے ان سے محبت کو اللہ ورسول سے محبت کا معیار بنا کر اور ان سے دشمنی کو اللہ اور اس کے رسول سے دشمنی قرار دے کر ان کے مقام عدالت وعظمت کی حفاظت فرما دی ہے۔حضرت عبداللہ بن مغفل راوی ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو! اللہ سے ڈرو! میرے بعد تم ان کو ہدف ملامت نہ بنانا۔جو کوئی ان سے محبت کرتا ہے تو وہ میری محبت کی وجہ سے ان کو محبوب رکھتا ہے اور جو شخص ان سے بغض رکھتا ہے تو مجھ سے دشمنی کی وجہ سے ان سے بغض رکھتا ہے جس شخص نے ان کو سب وشتم کا نشانہ بنا کر اذیت پہنچائی گویا اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس شخص نے مجھ کو اذیت پہنچائی اس نے گویا اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی تو وہ دن دور نہیں جب اللہ تعالیٰ اس کی گرفت کرے گا۔(ترمذی) اللہ تعالیٰ ہمیں مقام صحابہ کو سمجھنے اور ان کے اسوہ پر عمل کرنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عظمت وعدالت کے روشن مینار

## ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس-ایک عظیم الشان اور تاریخ ساز کانفرنس

رو داد: رہبر احمد نقوی

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالۃ الصحابہ کانفرنس اس لحاظ سے عہد ساز اور تاریخ ساز قرار دی جاسکتی ہے کہ اس میں امام حرم سماحۃ الشیخ الدکتور سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ نے بہ نفس نفیس شرکت فرمائی۔ انہوں نے اجتماع کو خطاب بھی کیا اور جمعہ کی نماز بھی پڑھائی۔ نیز فرزندان توحید نے ان کی امامت میں نماز ادا کی اور اس طرح ایک گہری روحانیت وطمانیت کی سعادت حاصل کی۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے اس سے قبل بھی عظمت صحابہ کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا تھا۔ وہ اجتماع بھی بہت کامیاب رہا ہے۔ رام لیلا میدان میں ''عدالۃ الصحابہ'' کانفرنس بھی سب سے پہلا ایسا اجتماع ثابت ہوا جس میں لوگ اتنی کثرت سے شریک ہوئے اور جگہ نہ پانے کی صورت میں سڑکوں اور دور دراز مقامات تک مصلی بچھا کر ادائے صلاۃ کے لیے موجود تھے۔

ایسے اجتماعات سے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا مقصد یہ ہے کہ اس دور میں جب کہ عام انسانی معاشرہ اخلاقی گراوٹ کی تمام حدود کو پار کر گیا، عوام کو یہ بتایا جائے کہ ایک مثالی معاشرہ کیسا ہوتا ہے؟ اور اسلامی تاریخ میں ایسے افراد موجود ہیں جو آج کے فسادزدہ معاشرہ کے لیے رول ماڈل کہے جاسکتے ہیں۔ جزیرۃ العرب کا وہی معاشرہ جو دور اسلام میں اخلاقی برائیوں کا جہنم بنا ہوا تھا۔ حضرت رحمۃ للعالمین علیہ التحیۃ والتسلیم کی سعی مشکور سے ایسے نفوس قدسیہ کا معاشرہ بن گیا۔ جن کی اخلاقی عظمتوں کا اعتراف آج کے دانشور بھی کرتے ہیں اور اسلام کے نکتہ چیں بھی۔ سیدنا ابوبکر اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلامی خلافت ایک عالمی سپر پاور تھی۔ مصر، شام، ایران، عراق، فلسطین اور ایشیائے کوچک سے سارے علاقے اسلامی خلافت کے پرچم کے زیر سایہ تھے۔ مسلمانوں کے اقتدار میں عوام کو راحت ملی، شہنشاہیت کا جبر ختم ہوا۔ اور عوام کو ایسے حکمراں جو حکمرانی کے تمرد سے پاک تھے ان کے ساتھ کوئی خدم وحشم اور چم وخم نہیں تھا۔ اس لیے جہاں بھی مجاہدین پہنچے، فتح وکامرانی نے ان کے قدم چومے اور عوام نے ان کو خوش آمدید کہا۔ مغربی مورخوں نے اسلامی تاریخ کو مسخ کرنے کے لیے تحریف کا حربہ استعمال کیا لیکن حقیقت بہرحال خود کو منوالیتی ہے۔ عصر حاضر کے بیشتر مورخین اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ آج دنیا میں ترقی کا جو دور ہے اس کی بنیاد مسلمانوں نے ہی رکھی تھی۔ طب وسائنس کی حیرتناک کارناموں کا سہرا آج مغرب اپنے سر باندھتا ہے پھر بھی مغربی دانشور اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ترقی کے یہ چراغ مسلمانوں نے ہی روشن کئے تھے۔ آج بھی جب کہ انسانیت اپنے معاشرہ کے بگاڑ پر نوحہ کناں ہے، مسلم معاشرہ میں یہ بگاڑ نسبتاً کم ہے۔ مسلم معاشرہ میں آج بھی حلال وحرام کا ہے۔ آخرت کی جواب دہی کا احساس انہیں بے لگام نہیں ہونے دیتا۔ آخرت کی جواب دہی کا یہی احساس انسانیت کی فلاح واصلاح کا سب سے اہم پہلو ہے۔ جن مذاہب میں یہ عقیدہ نہیں ہے ان کے ہاں گناہ، جبر وظلم اور تشدد کی گرم بازاری ہے۔ اسلام کی تعلیم انسان کو انسانیت اور اخلاق کی حدود کا پابند کرتی ہے۔ اللہ رب العزت کی جلالت، حشر ونشر کا عقیدہ اسے اپنے اور دوسروں کے حقوق سے باخبر رکھتا ہے۔ اسلامی تعلیمات کے یہ گراں مایہ گوہر ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے حاصل ہوتے ہیں۔ ان نفوس قدسیہ نے بلغوا عنی ولو آیة (صحیح البخاری: ٣٤٦١) کے فرمان نبوی علیہ التحیۃ والتسلیم کو اپنا مقصد حیات بنایا اور چاردانگ عالم میں تبلیغ دین کی۔ نصیحت اگر اخلاص سے کی جائے تو ضرور اثر دکھاتی ہے۔ اسلام تلوار کے زور پر نہیں پھیلا،



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہندوستان میں اسلام کا پیغام وہ عرب تاجر لے کر آئے جو سورت، کالی کٹ وغیرہ کی بندرگاہوں پر اترتے تھے، ان کے ساتھ فوج نہیں رہتی تھی، وہ ہتھیار باندھ کر بھی نہیں آتے تھے، وہ تاجر تھے، سپاہی نہیں تھے۔ ان کا کردار ایسا مثالی تھا کہ لوگ انہیں دیوتا سمجھتے تھے۔ اس وقت دنیا میں مسلم آبادی کا سب سے بڑا ملک انڈونیشیا ہے۔ وہاں مسلمانوں کی کوئی فوج نہیں گئی جو تلوار گھما کر انہیں مسلمان بناتی۔ یہی مسلمان تاجر تھے جنہوں نے اپنے مثالی کردار سے ہزاروں جزیروں پر مشتمل اس مملکت کو اسلام کی آغوش میں پہنچا دیا۔ اسلام کی تبلیغ کے اس پہلو اور اسلام کے سب سے پہلے مشعل برداروں کے کردار، اخلاق، ایثار، جہد و جہاد اور قربانیوں کو اجاگر کرتے، دنیا اور بالخصوص امت کو بھولا ہوا سبق یاد دلانے کے لیے جمعیت اہل حدیث ہند نے عظمت صحابہ اور عدالۃ الصحابہ جیسی عظیم الشان کانفرنسوں کا اہتمام کیا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں میں اس گروہ قدسی کی عظمتوں کا احساس بیدار ہو، وہ ان نفوس قدسیہ کی عظمت وعدالت کا عکس اپنی زندگی میں اتار سکیں، اپنی زندگیوں کو مثالی زندگی بنا سکیں۔ یہی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا مقصد ہے۔ دین خالص کی نشر واشاعت وتبلیغ، جمعیۃ کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ سیدنا شاہ محمد اسماعیل شہید دہلوی سے لے کر آج تک جمعیۃ اور ارباب جمعیۃ کا یہی نصب العین رہا ہے۔ اس کے لیے انہوں نے برطانوی استعمار کے خلاف جہاد بھی کیا۔ قید وبند، کالا پانی، دار ورسن کی آزمائشوں سے بھی گذرے اور اس راہ میں ذلت کو بھی عزت گردانا۔ سیدنا محمد شاہ اسماعیل شہید کا واقعہ ہے کہ وہ طوائفوں کے کوٹھے پر وعظ کہنے گئے، پورے علاقہ میں حیرت واستعجاب کی لہر دوڑ گئی کہ شاہ ولی اللہ کا پوتا اور شاہ عبدالعزیز کا بھتیجا طوائفوں کے بالاخانہ پر گیا ہے۔ جب شاہ صاحب وعظ کہہ کر لوٹے تو شاہ محمد اسحق کے چھوٹے بھائی شاہ محمد یعقوب نے انہیں جامع مسجد کے قریب جا لیا اور ملامت کرتے ہوئے کہا: ’’میاں اسماعیل تم وہ ہو کہ تمہارے آبا واجداد کو بادشاہ سلام کرتے تھے اور آج تم نے اپنے آپ کو ایسا پست کر لیا کہ طوائفوں کے بالاخانہ پر پہنچے۔ شاہ اسماعیل نے جواب دیا کہ مولانا آپ یہ کیا فرما رہے ہیں، میں تو اسے اپنی عزت سمجھوں گا کہ دلی کے شہدے میرا منہ کالا کر کے گدھے پر بیٹھا کر چاندنی چوک میں گھماتے پھریں۔ اور میں بلند آواز سے کہتا رہوں قال اللہ کذا و قال الرسول کذا۔

یہی قال اللہ کذا وقال الرسول کذا کا نعرہ اہل حدیث کی شناخت ہے۔ انہوں نے اس دور میں جب قبوری قبیلے کا جبر واستبداد عروج پر تھا، کتاب وسنت کا چراغ جلایا اور عوام کو شرک وبدعت کے اندھیروں سے نکالا۔ الحمد للہ آج برصغیر میں اہل حدیثوں کی تعداد کروڑوں میں ہے اور بفضلہ تعالی یہ تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ لوگ دین خالص کے زیر سایہ آرہے ہیں۔ بنگلہ دیش کے اسلامی اسکالر پروفیسر مجیب الرحمٰن نے لکھا ہے کہ وہ امریکہ کے جس علاقے میں رہتے ہیں وہاں کے وسیع بیسمینٹ میں جب نماز ہوتی ہے تو پورا ہال آمین بالجہر کی آواز سے گونج اٹھتا ہے۔ کسی زمانہ میں اہل حدیث اس کے پاداش میں مار کھاتے تھے، بھگا دیے جاتے تھے۔ اللہ تعالی دین ودنیا میں درجات بلند کرے دین خالص کے ان مبلغین کے جنہوں نے ہر جگہ توحید وسنت کا شعور بیدار کیا ہے، کتاب وسنت کی دعوت عام کی۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نقش قدم پر رواں دواں رہے اور ان کے مناقب وفضائل کے ثناء خواں رہے اور ان کا دفاع کرتے رہے اور انسانیت کو ہر دور میں ان کا بھولا ہوا سبق یاد دلاتے رہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث بھی اسی راہ پر گامزن ہے۔ یہ ہماری تاریخ ہے، ہمارا ورثہ ہے۔ اسی وراثت کا پرچم جمعیت نے بلند کیا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ اسے ہر حال میں بلند رکھا جائے گا اور دشواریاں انفرادی زندگی میں بھی آتی رہی ہیں اور اجتماعی زندگی میں بھی۔ حق کی راہ تو خارزار ہے دار ورسن کی آزمائش ہے۔ اس راہ میں وہی قدم رکھتے ہیں جو جان کا نذرانہ پیش کرنے کو آمادہ ہوتے ہیں، سر پہ کفن باندھ کر قدم بڑھاتے ہیں، اپنے خون سے عظمت وعدالت کی داستان رقم کر جاتے ہیں۔ یہ روایت قائم رہی ہے اور ان شاء اللہ قائم رہے گی۔ یہ کانفرنسیں، سیمینار، اجتماعات سب اسی منزل کی طرف ایک قدم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس راہ میں استقامت عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خطبۂ استقبالیہ

مولانا عبدالرحمن مبارکپوری



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

# خطبۂ استقبالیہ

از: مولانا عبدالرحمٰن مبارکپوری

بموقع: اکتیسویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

**بعنوان: عدالة الصحابة صحابہ کرام-اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار**

**بتاریخ:** ۲-۳ مارچ ۲۰۱۲ء **بمقام:** وادی امن، رام لیلا گراؤنڈ، نئی دہلی

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيد المرسلين محمد وعلى آله وصحبه ومن تبعهم باحسان الى يوم الدين وبعد:

فاعوذ بالله من الشيطان الرجيم، بسم الله الرحمن الرحيم:

﴿هو الذى بعث فى الأميين رسولا منهم يتلوا عليهم (الجمعة: ٢)﴾

صدر باوقار، سامعین محترم، باعزت وحوصلہ منداخوان جماعت۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذرا ماضی قریب کے دریچے سے جھانکیں، ۱۰-۱۱/اپریل ۲۰۱۰ء کی وہ مبارک تاریخ تھی، جب اسی وادی امن رام لیلا گراؤنڈ میں عظمت صحابہ کے جھنڈے تلے ہم جمع ہوئے تھے، اور میری ہزار ہامعذرتوں کے باوجود اراکین استقبالیہ نے مجلس استقبالیہ کے صدر کاعظیم بار میرے ناتواں کندھے پرڈال دیا تھا۔ گذشتہ کانفرنس کا وہ دلفریب منظر، محمدی ستاروں کا جھرمٹ، بادۂ توحید سے سرشار جماعت موحدین کاعظیم اجتماع اور کتاب وسنت کے فدائیوں کا امنڈتا ہوا سیلاب، اکابرین جماعت وملت، علماء ومشائخ، دعاۃ ومرشدین، خطباء وقائدین کی والہانہ شرکت آج بھی ہماری نگاہوں کے سامنے رقصاں ہے، توحید وسنت کے وہ نغمے ہمارے کانوں میں آج بھی گونج رہے ہیں اور جسے تاریخ کے سینوں نے محفوظ کرلیا ہے۔

آج ایک بار پھر ہم اس رب ذوالجلال کے سامنے سراپا شکروامتنان ہیں اور ہماری زبانیں اس کی حمد وثنا میں رطب اللسان ہیں کہ مالک ارض وسماء نے دوسال سے پہلے ہمیں یہاں اکٹھا ہونے، اپنی دعوت حق کو عام کرنے اور دنیا کے سامنے اپنے مسلک وعقیدہ کو واضح کرنے کا سنہری موقع دیا ہے، اللہ کے اس احسان عظیم پر ہم اس کا جس قدر شکر بجالائیں کم ہے۔

گرامی قدر رفقائے جماعت! میں اپنی علالت ونقاہت، علمی کم مائیگی اور ضعف بصارت وبصیرت کے باوجود صدر مجلس استقبالیہ کی حیثیت سے آپ کے اعتماد کو اپنے لئے باعث سعادت اور عظیم نعمت الٰہی تصور کرتا ہوں، اور دعا کرتا ہوں کہ رب العالمین اس اعتماد جماعت کی لاج رکھ لے اور اس عظیم ذمہ داری سے بطریق احسن عہدہ برآ ہونے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین

اس حسین وپرمسرت موقع پر میں معزز حاضرین وشرکائے کانفرنس کا تہہ دل سے شکر گذار ہوں کہ ہندوستان کے طول وعرض سے اتنی بڑی تعداد میں تشریف لا کر انہوں نے اپنی دینی وجماعتی غیرت وحمیت کا ثبوت دیا ہے۔

آپ کی یہ وارفتگی اور کشاں کشاں رام لیلا میدان میں تشریف آوری اگر ایک طرف نبی اکرم ﷺ کی سنت وسیرت کے چشم دید گواہ اور کائنات کی مقدس جماعت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ قلبی محبت وتعلق اور عقیدت وفدائیت کا حسین اظہار ہے تو دوسری طرف اس گروہ مقدس کی یادوں کے چراغ جلانے والے ان کے نام پر انجمن آرائی کرنے والے اور اس بزم عظمت وعدالت کو سجانے والے امیر محترم جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ اور ان کے انتہائی قابل اعتماد اور دعوتی وتنظیمی مجالس کے امین اور اسرار ورموز جمعیت کے محافظ مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی اور معزز ومؤقر اراکین کے جذبات واحساسات کو حقیقت کا روپ دے کر اپنی ہمدردی ووابستگی اور روقار جمعیت کی بحالی کا برملا اعلان ہے۔

حیا نہیں ہے زمانے کی آنکھ میں باقی\
خدا کرے جوانی تری رہے بے داغ

سامعین محترم! تحریک اہل حدیث کا اس مہان بھارت اور اس کی راجدھانی دہلی سے بڑا گہرا تعلق ہے یہی وہ دہلی ہے جس نے ملک کے بادشاہوں کا جلال وجمال دیکھا ہے، جہاں ہمارے ماضی کی عظمتوں کے نشان لال قلعہ، جامع مسجد اور قطب مینار موجود ہیں۔ اسی دہلی نے استعماری قوتوں کا ظلم وجبر بھی دیکھا ہے اور اس کے لال قلعہ سے ہم نے آزادی کا پرچم بھی بلند کیا ہے دہلی رزم وبزم کی ایک مکمل تاریخ اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہے۔ ہمارا یہ محبوب ملک حریت وآزادی کے علمبردار وہابیوں کی مجاہدانہ خدمات سے کبھی صرف نظر نہیں کرسکتا ہے۔ اسی جماعت کے وہ جیالے تھے جنہوں نے طاغوتی واستعماری طاقتوں سے نبرد آزما ہونے کے لئے اور آزادی وطن کا خواب شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے اہل وعیال، چلتا کاروبار، دیار وامصار سب کچھ قربان کردیا اور سر پر کفن باندھ کر میدان میں اتر گئے اور اس وقت تک استعمار کے جبر وتشدد کو، آہنی زنجیروں کو اور جیل کی سلاخوں کو برداشت کرتے رہے اور دار ورسن کو چومتے اور پھانسی کے پھندے کو اپنے گلے کا ہار بناتے رہے جب تک کہ آزادی کا سورج طلوع نہ ہوگیا۔ جس کا اعتراف انصاف پسند مورخین نے کھلے دل سے کیا ہے۔

دہلی کی سڑکیں، بالاکوٹ کی فضائیں اور صادقپور کے در ودیوار ہماری روشن تاریخ اور ملک کی آزادی میں ہماری بے مثال قربانیوں کی گواہ ہیں۔ ان انگریزوں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے حریت وآزادی کے متوالوں اور جانباز دیوانوں کو دردناک مصیبتوں میں مبتلا کیا، ان کی جائدادیں ضبط کرلیں، عبور دریائے شور کی سزائیں سنا کر کالا پانی میں مقید ومحبوس کردیا اور اہل حدیث کے ان فرزندوں نے ان تمام آلام ومصائب کا خندہ پیشانی سے استقبال کرکے اپنی حب الوطنی اور دیش بھگتی کا مظاہرہ کیا۔ جس کا اعتراف پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہندان الفاظ میں کرتے ہیں:

''اگر ہم متحدہ ہندوستان کے تمام علماء کی قربانیوں کو ترازو کے ایک پلڑے میں اورصرف خاندان صادق پور کی قربانیوں کو دوسرے پلڑے میں رکھیں تو صادقان صادق پور کا پلڑا جھک جائے گا''۔

اسی سرزمین دہلی کے میاں سید نذیر حسین محدث دہلوی کو دنیا جانتی ہے جنہوں نے ساٹھ سال تک حدیث کا درس دیا اور جن کے درس میں کئی ممالک کے طلبہ شریک ہوتے تھے اور میاں صاحب نے اپنے ان شاگردوں کو توحید وسنت کا جام اس انداز میں پلایا اور ایسی مثالی تربیت کی اور ان کے اندر خدمت انسانیت ،آزادی وطن اور اصلاح معاشرہ کا ایسا جذبہ پیدا کیا کہ ان کا ہر شاگرد علم وعمل کا آفتاب وماہتاب بن کر چمکا۔ انہوں نے ملک کی سالمیت وآزادی کے لئے کئی جمعیتیں قائم کیں اور سماج ومعاشرہ کو صحت مند وبہار آفریں بنانے کے لئے درسگاہوں کی بنیادیں رکھیں۔ ان میں علامہ ابومحمد ابراہیم آروی، علامہ شمس الحق ڈیانوی، علامہ عبدالعزیز رحیم آبادی، علامہ عبدالرحمن مبارکپوری، حافظ عبداللہ غازیپوری، حافظ عبدالمنان وزیرآبادی، علامہ محمد ابراہیم سیالکوٹی اور فاتح قادیان مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہم اللہ قابل ذکر ہیں۔

اولئك آبائي فجئني بمثلهم اذا جمعتنا يا جرير المجامع

مسلک سلف کے حاملین دوستو اور عزیزو! آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ سلفیت یہ لفظ سلف کی طرف منسوب ہوکر استعمال ہوتا ہے اور المعجم الوسیط ج۱/۴۴۶ میں ''سلفی'' کا معنی یہ بیان کیا گیا ہے "من يرجع في الاحكام الشرعية الى الكتاب والسنة ويهدر ما سواهما" یعنی سلفی اس شخص کو کہا جاتا ہے جو شرعی احکام میں کتاب وسنت کی طرف رجوع کرتا ہو اور ان دونوں کے علاوہ کسی کو حجت نہ مانتا ہو اور سلف سے مراد صحابہ کرام، تابعین عظام، تبع تابعین نیز وہ ائمہ ہیں جن کے علم وفضل، امامت اور اتباع کی کتاب وسنت میں شہادت دی گئی ہے۔

سلف کی دوسری تعریف حدیث نبوی ''خير الناس قرني، ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم '' سے کی گئی ہے۔ (بخاری) اکثر اہل علم، علامہ شوکانی اورعلامہ سفارینی نے اسی قول کو راجح قرار دیا ہے۔

اس بناء پر ہر وہ شخص جو ائمہ مذکورین کے عقائد، فقہ اور اصول کو لازمی طور پر اپناتا ہے، اسے ائمہ سلف کی جانب منسوب کیا جائے گا۔ اور اگر تاریخی لحاظ سے مسلک سلف پر نظر ڈالیں تو مسلک سلف یا اہل حدیث صحابہ کرام کے زمانہ سے ہی موجود تھے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''انا اول صاحب حدیث'' کہ میں پہلا صاحب حدیث ہوں۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا ''اذا صح الحديث فهو مذهبي '' صحیح حدیث ہی میرا مذہب ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کا اپنا قول ہے کہ میری رائے اورفتوی اگر حدیث کے مطابق ہو تو قبول کرلو ورنہ اسے ترک کردو اور امام شافعی رحمہ اللہ نے اپنے آپ کو اہل حدیث کہنا پسند کیا ہے (منہاج السنۃ ۴/۱۴۳) اور امام احمد رحمہ اللہ بھی اہل حدیث تھے ان کی کتاب مسند احمد اور الرد علی الجہمیۃ اس کی کھلی دلیل ہے، کتب ستہ کے مصنفین پھر بعد کی صدیوں میں امام ابن تیمیہ (م ۷۲۸ھ) ابن القیم (م ۷۵۱ھ) امام ابن حجر العسقلانی (م ۸۵۲ھ) امام شوکانی، امام البانی اور ابن باز رحمہم اللہ بے شمار محدثین ہیں جنہوں نے مسلک سلف کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

کتاب وسنت کا یہ قافلہ آہستہ آہستہ سندھ کے راستے ہند میں داخل ہوا جب کہ تقلیدی مذاہب یہاں ابھی ظہور پذیر نہیں ہوئے تھے۔ سب سے پہلے ربیع بن صبیح (م ۱۶۵ھ) ہندوستان تشریف لائے یہ وہ تابعی تھے جنہوں نے کتاب وسنت کی روشنی پھیلائی پھر اس کے بعد ابومعشر نجیح (م ۱۷۰ھ) نے خالص کتاب وسنت کی دعوت دی پھر بعد کی صدیوں میں شیخ احمد سرہندی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور ان کے ابناء کرام، اور سید احمد شاہ محمد اسماعیل رحمہم اللہ نے بدعات وخرافات کے خلاف علم جہاد بلند کیا۔

اور انہیں کے خوشہ چیں سید میاں نذیر حسین دہلوی، نواب صدیق حسن خاں اور میاں صاحب کے ارشد تلامذہ نے برصغیر کے گوشے گوشے میں مسلک سلف صالحین کا ڈنکا بجادیا اور ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے (مجلہ احتساب ج۴ شمارہ ۳)

اہل حدیث یہی وہ مبارک گروہ ہے جس نے کتاب وسنت پر عمل کرنے کے سلسلے میں صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم کے نقش قدم کی پیروی کی اور ہر طرح کی بدعت سے دوری اختیار کرکے طریق سنت کی پابندی کی۔

شیدائیان کتاب وسنت! آج کا یہ عظیم اجتماع جس طائفہ مبارکہ کی یاد میں منعقد ہورہا ہے یہ اللہ کے ایسے دلارے بندے تھے جن کو ان کے رب نے اسی دنیا میں اپنی رضامندی کی سند عطا فرمادی تھی اور جن کی صداقت کا اعلان کردیا تھا، اولئک ہم الصادقون وہ جماعت اللہ کی محبوب جماعت تھی "يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ" (المائدة:٥٤) بلکہ اللہ کی جماعت تھی، أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (المجادلة:٢٢) وہ عظیم نبی کے عظیم ساتھی تھے جنہیں خیر القرون اور خیر امت ہونے کا شرف اولین حاصل تھا۔ عدل وانصاف میں ممتاز اور خوش بخت انسانوں کے اس مقدس گروہ نے نظام عدل وانصاف، مساوات ورواداری کو جس خوبصورت انداز میں عملی جامہ پہنایا وہ بے مثال ہے۔

حضرت عمرو بن العاص گورنر مصر کے صاحبزادہ عبداللہ نے جب ایک قبطی غیر مسلم ذمی غلام کو گھوڑوں کے ریس میں آگے نکل جانے پر مارا تو امیر المومنین عمر بن الخطاب نے اس کا بدلہ لیا اور پھٹکارتے ہوئے فرمایا: الی متی استعبدتم الناس



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وقدولدتھم امھاتھم احرارا "تم کب تک لوگوں کو غلام بنائے رکھو گے جبکہ ان کی ماؤں نے ان کو آزاد پیدا کیا ہے"۔

اسی طرح جب امیرالمؤمنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ یروشلم میں عیسائیوں کے گرجا گھر دیکھ رہے تھے تو نماز کا وقت آگیا، عیسائی پوپ نے کہا آپ اسی جگہ نماز پڑھ لیں لیکن انہوں نے یہ کہتے ہوئے انکار کردیا کہ اگر آج میں اس جگہ نماز پڑھ لیتا ہوں تو ممکن ہے میرے بعد مسلمان اس جگہ نماز پڑھنے لگیں اور یہ کہنے لگیں کہ یہاں ہمارے خلیفہ نے نماز پڑھی ہے پھر انہوں نے یہ امان نامہ لکھ کردیا کہ گرجا کی سیڑھیوں پر بھی مسلمان نہ نماز پڑھیں گے اور نہ اذان دیں گے۔

واضح رہے کہ اسلام میں عبادات کا تصور بہت وسیع ہے اس نے نماز، روزہ، زکوۃ اور حج کے ساتھ انسانوں کی خدمت کا رشتہ بھی عبادت سے جوڑ دیا ہے وہ انسان نہیں جس دل میں اللہ کے بندوں سے پیار نہ ہو اور جو دوسرے کی چوٹ اپنے دل پر محسوس نہ کرتا ہو اس لئے اس ملک میں ہماری پہچان انسانیت کے بہی خواہ کی حیثیت سے ہونی چاہیے، ہمارا دل خدمت خلق کے جذبے سے معمور ہونا چاہیے۔ ہمارے اندر خدمت خلق کی ایسی اسپرٹ اور تڑپ ہو کہ سماج کا ہر فرد ہمیں اپنا مونس وغمخوار سمجھے۔ یاد رکھیں اگر ہم نے انسانیت کی فکر کرنا چھوڑ دیا تو پھر ہم خیرامت کہلانے کے مستحق ہرگز نہیں ہوسکتے کیونکہ ہم انسانیت کی خدمت ہی کے لئے برپا کئے گئے ہیں۔ اخرجت للناس ہی ہماری شان اور یہی ہمارا شعار ہے۔

اسلام واحد مذہب ہے جس کے زیر سایہ ظلم وستم کی دھوپ میں جھلستے کمزور انسانوں کو آرام وراحت کا سایہ نصیب ہوا ہے اور اس نے تمام انسانی طبقات کے حقوق کی نگہبانی وپاسبانی کی ہے چنانچہ خلیفہ وقت جب مسند خلافت پر گامزن ہوتا ہے وہ اپنے پہلے خطبہ میں یہ اعلان کرتا ہے۔ ان اقوىكم عندي ضعيف حتى آخذ منه حقه واضعفكم عندي قوي حتى آخذ له الحق منه تم میں جو طاقت ور ہے وہ میرے نزدیک اس وقت تک کمزور ہے جب تک کہ میں اس سے اس کا حق نہ دلا دوں اور تم میں جو سب سے زیادہ کمزور ہے وہ میرے نزدیک اس وقت تک طاقت ور ہے جب تک میں اسے اس کا حق نہ دلا دوں۔ خلفاء راشدین کے دلوں میں کمزوروں اور غریبوں سے متعلق تعاون، ہمدردی وصلہ رحمی کے یہ جذبات اس لئے پیدا ہوئے کہ ان کے محبوب نبی نے ان کی پاکیزہ تربیت فرمائی تھی، انہوں نے اپنے نبی کی زبان مبارک سے یہ سنا تھا "لا یرحم اللہ من لا یرحم الناس (بخاری کتاب التوحید) اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو اللہ کے بندوں پر مہربانی نہیں کرتا۔

اس حدیث میں لفظ الناس اس بات پر دال ہے کہ رحمت کا معاملہ ہر انسان کے ساتھ ہونا چاہیے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم۔

**تحریک اہل حدیث کے پاسبانو!** برصغیر پاک وہند کی سرزمین میں علماء اہل حدیث نے تاریخ کے ہر دور میں اصلاح وتجدید کے جو کارنامے انجام دیئے ہیں اور ملک وملت اور حقوق انسانی کی پاسبانی کے جوانمٹ نقوش چھوڑے ہیں وہ ہماری تاریخ کا روشن باب ہے، کشمیر کی حسین وادیاں اور درہ امبیلا کے خوفناک غار اس بات کے گواہ ہیں کہ ان حسین سبزہ زاروں اور ان پرشور میدانوں میں کبھی راہ حق کے دیوانے آئے تھے جنھوں نے اوہام وخرافات کے اندھیروں سے انسانیت کو باہر نکالا اور شرک وبدعت کے مقابلہ میں توحید وسنت کی شمعیں روشن کیں اور زبانی جمع خرچ اور نمائشی خدمات سے دامن بچا کر مفید، موثر اور عملی سرگرمیوں میں ہمیشہ سرگرم عمل رہے۔

بلاشبہ آج بھی ایسے افراد موجود ہیں جو پورے خلوص کے ساتھ اپنی دینی، تنظیمی، ملی وملکی، ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں اور اصلاح معاشرہ، رفاہی وفلاحی خدمات، قوم وملک کی سالمیت وتحفظ ماحولیات کے لئے اپنا سب کچھ نچھاور کرنے کی تڑپ رکھتے ہیں اور جماعت وجمعیت کے وقار کو بلند کرنے اور ملک کی تعمیر وترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔

ایسے حالات میں جبکہ نت نئے چیلنجوں کا ہمیں سامنا ہے، رشوت خوری، بدعنوانی اور دہشت گردی کے کالے بادل منڈلا رہے ہیں، امن وشانتی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور جمہوری قدروں کے تانے بانے بکھرنے لگے ہیں، قادیانیت کا فتنہ ایک بار پھر سے اسلام کے مضبوط قلعہ میں شگاف پیدا کرنے کے لئے سر اٹھا رہا ہے، سودی نظام اقتصادی ڈھانچہ کو تہ وبالا کررہا ہے۔ تحریک اہل حدیث سے وابستہ افراد وقت کی نزاکت کا خیال کرتے ہوئے اپنی حکمت عملی کو زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں اور خلوص وللہیت اور کامل اتحاد ویکجہتی کے ساتھ اپنے منصوبے ترتیب دیں تو ہمیں پوری امید ہے کہ دم توڑ رہی انسانیت اور مرجھائی ہوئی زمین نئی زندگی پاکر قابل برگ وبار ہوجائے گی، آیئے اس کانفرنس کے ساتھ ہم ایک نئے جوش وجذبہ، ولولہ وشوق اور عزم وحوصلہ کے ساتھ آگے بڑھیں اور ملت اسلامیہ کے درخشندہ ستارے اسلاف کرام کے نقوش راہ عمل کی پیروی کرتے ہوئے ایک نئی تاریخ رقم کریں جس سے ملک میں امن وامان کی باد بہاری چلے اور انسانیت کو اس کا کھویا ہوا مقام مل جائے اور آپسی پریم ومحبت، ہمدردی ورواداری کی دلکش بہاریں لوٹ آئیں۔

وصلى الله عليه وسلم تسليما كثيرا

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دہلی
۸/ربیع الآخر ۱۴۳۳ھ
۲/مارچ ۲۰۱۲ء

آپ کا دینی بھائی
عبدالرحمن بن عبیداللہ الرحمانی
صدر مجلس استقبالیہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خطبۂ صدارت

از: جناب حافظ محمد یحیٰ دہلوی

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خطبۂ صدارت

از: حافظ محمد یحییٰ دہلوی، امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

بموقع: اکتیسویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

**بعنوان: عدالۃ الصحابۃ صحابہ کرام-اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اورانسانیت کے سچے معمار**

**بتاریخ:** ۲-۳ مارچ ۲۰۱۲ **بمقام:** وادی امن، رام لیلا گراؤنڈ، نئی دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی سید المرسلین محمد وعلیٰ الہ وصحبہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین وبعد:

فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم: ﴿وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ(آل عمران: ۱۵۹)﴾

حضرات علماء کرام، اراکین جمعیت، اکابرین واخوان جماعت آنکھوں کے تارے اورجگر پارے نوجوانو!

سب سے پہلے میں اس رب ذوالجلال کا شکرادا کرتا ہوں جس کی توفیق وہدایت، احسان وعنایت سے ایک بار پھرانسانی تاریخ اورروئے زمین کی سب سے زیادہ مبارک ومعظم اوراشرف واعلیٰ جماعت کے موضوع پر کانفرنس منعقد کرنے کی سعادت ملی، تاکہ ایک بار پھر ہم ان نفوس قدسیہ کی تابندہ زندگی کی سنہری کرنوں سے اپنی ذات کو، گردوپیش کواوراپنے محبوب وطن کے طول وعرض کومعمور ومنور کرلیں، اوراسی باوقار تقریب کے ذریعے ملک کے دوردراز گوشوں میں آباداخوان جماعت کا دیدار کرلیں اوران سے ملاقات کا شرف بھی حاصل ہوجائے۔ ساتھ ہی ساتھ ان کی ان سرگرمیوں سے بھی واقف ہوجائیں جو وہ ملک وملت کے تئیں انجام دے رہے ہیں۔اس لئے کہ:

نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہوجائے

رب کائنات کے شکرعظیم کے بعد میں اپنے قلب کی پنہائیوں اوردل کی گہرائیوں سے آپ تمام شرکاء گرامی کا پرجوش استقبال کرتے ہوئے آپ کومبارکباد دیتا ہوں، ملک کے گوشے گوشے سے طویل اور پرمشقت سفرکر کے جمعیت وجماعت کی محبت کی قربان گاہ پرآپ حضرات اپنے قیمتی اوقات اوراہم مشاغل کوقربان کرکے اپنے سینے میں دینی غیرت، جماعتی حمیت اوراراکین جمعیت کے ساتھ اپنی فدائیت کونمایاں کرتے ہوئے ہنستے مسکراتے نئے جوش وولولہ کے ساتھ یہاں تشریف لائے ہیں، اخوت ومحبت سے سرشار اس روحانی منظر سے میں اپنے اندرون میں فرحت ومسرت کی جولذت محسوس کررہا ہوں اورمیرے نہاں خانہ دل میں مسرت وشادمانی کی جولہریں اٹھ رہی ہیں، اسے الفاظ کا پیرہن دینے سے عاجز وقاصر ہوں۔ بس رب کریم کے دربار میں ہاتھ پھیلائے یہ دعا کررہا ہوں کہ وہ آپ کے نیک جذبات، پاکیزہ عزائم، دینی وجماعتی غیرت وحمیت، سلف صالحین کی قائم کردہ تنظیم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ساتھ سچی وابستگی کوشرف قبولیت بخشے، توحید وسنت پرخاتمہ نصیب ہواورقیامت کے دن اپنے نیک بندوں کے ساتھ ہماراحشرفرمائے، فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ(یوسف: ۱۰۱)

میرے قوت بازو! دوستو اورعزیزو! اس کانفرنس کے انعقاد کی اچانک خبرسن کر یقیناً آپ چونک گئے ہوں گے کہ ابھی سال گذشتہ میں عظمت صحابہ کانفرنس ہوئی تھی پھرعدالۃ الصحابہ کے موضوع پر یہ کانفرنس کیوں۔ وجہ ظاہر ہے کہ آج دنیا جس بدامنی اوراخلاقی بے راہ روی کی طرف جارہی ہے اس کوہدایت اوررہنمائی صرف صحابہ کرام کے مقدس گروہ سے مل سکتی ہے جو پروردگار عالم کے آخری صحیفہ ہدایت اوراس کے آخری رسول محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشن تعلیمات کی تصویراورس کا مکمل نمونہ تھے۔ ان نفوس قدسیہ کا ذکرایک بار دوبار نہیں بار بار کرنا چاہئے اوردنیا کودعوت دینی چاہئے کہ وہ ان کواپنا مقتدی اورہادی تسلیم کرے۔

دوسری اہم بات یہ ہے کہ جمعیت کی تاریخ کا ہرطالب علم یہ جانتا ہے کہ سعودی عرب کے فرمانرواؤں کے ساتھ جماعت اہل حدیث ہند کے تعلقات تاریخ کے ہردور میں خوشگوار رہے ہیں اورتاریخ کے ہرموڑ پرسلفیان ہند نے اس دولۃ التوحید اوراس کے مخلص حکمرانوں کے مواقف کی تائید کی ہے اور بلاخوف لومۃ لائم پوری جرأت ایمانی اورعزیمت ربانی کے ساتھ اس کا دفاع کیا ہے۔ جس کا آل سعود پوری کشادہ قلبی کے ساتھ اعتراف کرتے رہے ہیں۔ جزاھم اللہ خیرا وشکر اللہ مساعیھم.

اس باہمی محبت ومودت کا یہ تقاضا تھا کہ اہل حدیثان ہند حرم مکی کے امام باوقار کے شرف دیداراورزیارت سے مشرف ہوتے اور جماعت اہل حدیث اپنے امام عالی مقام کا اپنے آنگن میں استقبال کرتی اوران کے پاکیزہ کلمات، قیمتی نصائح اورمواعظ حسنہ سے اپنے قلوب وارواح کوجلا بخشتی اورعقیدہ وعمل میں ہم آہنگ، کتاب وسنت کی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بنیادوں پر قائم اس حکومت راشدہ سے جماعت کے تعلقات مزید وسیع اور مستحکم ہوں اور قدیم محبت باہمی کو ایک نیا انداز اور اسلوب دے سکیں تاکہ باہمی اتحاد و اتفاق کی ایسی مستحکم عمارت تعمیر ہو جائے کہ باطل اور گمراہ فرقوں کی سازشیں اسے متزلزل نہ کر سکیں۔ چنانچہ ہمارے دور اندیش ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی سعی مسعود کا ثمرہ ہے کہ آج ہم امت مسلمہ کے قائد، شہیدان کتاب وسنت کے دلوں کی دھڑکن اور بیت اللہ الحرام کے امام وقاری حضرت سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے استقبال میں اپنی پلکیں بچھائے ہوئے ہیں اور ان کے دیدار، ملاقات وتبادلہ خیالات کا شرف حاصل کر رہے ہیں۔ اور یہ بوڑھا، نحیف ولاغر اپنی اشکبار آنکھوں، دھڑکتے دل اور لرزتے ہونٹ سے یہ گنگنا رہا ہے؟

یاضیفنا لوجئتنا لوجدتنا نحن الضیوف وانت رب المنزل
فاھلا وسھلا ومرحبا

**حضرات گرامی!** تاریخ اسلام میں صحابہ کرام کا اہم کردار رہا ہے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ان کی عظمت وصفات کو بیان فرمایا ہے یہی وہ مقدس گروہ ہے جس نے سب سے پہلے اپنے مضبوط کندھوں پر پیغام رسالت کا بار امانت اٹھایا اور اسے دنیا کے کونے کونے میں پھیلایا اور اس راہ میں برف پوش پہاڑوں، دشوار گذار گھاٹیوں اور پرخطر وادیوں کی بھی پرواہ نہیں کی۔ قسم اللہ کی اگر صحابہ کی یہ جماعت نہ ہوتی تو شاید ہم مسلمان بھی نہ ہوتے۔

یہی وہ جماعت ہے جس نے اپنے محبوب نبی کے ادنی اشارہ پر سب کچھ قربان کر دیا۔ جان بھی اور مال بھی، رشتے بھی اور تعلقات بھی اور رضاء الٰہی کی سند حاصل کر لی۔

یہی وہ پاکباز طائفہ ہے جس کے سینے مشکوۃ نبوت سے براہ راست روشنی حاصل کر کے انوار رسالت سے جگمگا اٹھے اور جس کی زندگی نبوت ورسالت کی شعاعوں سے روشن وتاباں ہو گئی اور اپنی زندگیوں کو نبی کے بتائے ہوئے سانچوں میں ڈھال لیا۔

یہی وہ مقدس گروہ ہے جس نے کتاب وسنت کو اپنا لائحہ عمل بنایا، اللہ تعالیٰ سے اپنا رشتہ قائم کیا، ان کی راتیں اللہ کے حضور سجدہ میں گزرتی تھیں، یہ آپس میں ایک دوسرے کے لیے رحیم وشفیق تھے، اپنے نبی ﷺ کی ایک ایک سنت پر جان دیتے تھے، قرآن وسنت نے انہیں عدل وانصاف کا خوگر بنا دیا تھا، ظلم وناانصافی سے ان کو نفرت تھی، سماجی زندگی میں یہ دوسروں کے لیے نمونہ تھے، ان کی معیشت زہد وتقویٰ اور ایمانداری سے عبارت تھی، سیاسیات میں ان کے فکر وعمل کا امتیاز یہ تھا کہ آج بھی دنیا ان کے قائم کردہ نظام کی برکتوں کو یاد کرتی ہے۔ انسانی تاریخ نے آج تک وہ دور نہیں دیکھا کہ خلیفہ وقت خود اپنے ماضی کے سامنے جواب دہی کے لیے کھڑا ہوا اور بے باک عدل وانصاف کا سامنا کرے۔

الحمدللہ جماعت اہل حدیث رسول اللہ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے اور سنت پر چلنے کی تبلیغ بھی کرتی رہی ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے طرز زندگی اور جذبہ عمل بالحدیث کو اختیار کر کے کلامی بحثوں اور منطقی اصطلاحوں سے گریز کرتے ہوئے سنت کی ترویج کو اپنا مشن بنایا ہے یہ جماعت مسلک اور عقیدے کے اعتبار سے بالکل وہی ہے جو عہد نبوت اور عہد صحابہ وتابعین میں تھی گویا سلف صالحین کے منہج حق پر قائم جماعت ہی اہل حدیث ہے۔

جماعت اہل حدیث کے درخشندہ ستارو! آج ہر طرف، الحاد ولادینیت، فحاشی اور عریانیت کا دور دورہ ہے ہر جگہ مادیت اور دنیا پرستی کا چرچہ ہے، دنیا کی سرپرستی نے ایمان واخلاق کا جنازہ نکال دیا ہے، مغرب کی تقلید نے لوگوں کو اسلام کی پاکیزہ ونورانی تعلیمات سے دور کر دیا ہے۔

آج داخلی اور خارجی، دینی اور سیاسی ہر سطح پر دنیا کے مسلمان جن مصائب و مشکلات اور ابتلاء وآزمائش کے شکار ہیں ایسا نہیں کہ یہ صرف اعداء اسلام کی سازشوں کا نتیجہ ہے بلکہ اس میں ہماری بداعمالیوں اور فکری ونظریاتی انحرافات کا بھی عمل دخل ہے۔

جب میں کہتا ہوں کہ اے اللہ میرا حال دیکھ
حکم ہوتا ہے کہ اپنا نامہ اعمال دیکھ

ہماری پیدائش اسلامی گھرانے میں ہوئی اور ہم نے اپنا نام مسلمانوں جیسا رکھ لیا اور یہ سمجھ بیٹھے کہ اب کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ہماری معاشرت ومعیشت اخلاق وکردار، وضع قطع اسلامی تعلیمات کے خلاف ہیں؟ کیا ہم نے اپنی زندگیوں کو اسلام اور شریعت محمدﷺ کے سانچے میں ڈھالا ہے، کیا ہم نے صحابہ کرام کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کی ہے؟ کیا ہم نے اس قرآن کو اپنی زندگیوں میں نافذ کیا ہے جو رب کائنات کا کلام اور آخری پیغام ہے؟

تاریخ گواہ ہے کہ جب جب مسلمانوں کے اندر بداعمالیاں پیدا ہوئیں، اللہ سے رشتہ کمزور ہوا اور غیرت ایمانی کا فقدان ہوا تو قسم قسم کی آزمائشوں نے انہیں گھیر لیا اور جب اس قوم مسلم کی روح بیدار ہوئی، ایمانی غیرت پیدا ہوئی، اور اس نے صحابہ کرام کے کردار واخلاق کو اختیار کیا اور اسلامی دعوت کا اہتمام کیا تو صنم خانوں سے کعبہ کو پاسبان مل گئے اور دیکھتے دیکھتے اسلام کی سطوت وشوکت کو خاک میں ملانے والے اس کے آفاقی پیغام کے داعی اور مبلغ بن گئے۔

اسلام ہی وہ دین رحمت ہے جس نے سب سے پہلے دنیا کو عظمت انسانی کا شعور دیا، حقوق انسانی کی حفاظت کی اور اخلاقی اقدار کو مزین کیا اور اپنے ماننے والوں کو یہ سمجھایا کہ اخلاق، جوہر انسانیت ہے۔ اس کے بغیر ایمان کی تکمیل نہیں ہوتی،



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انسانی زندگی کے عروج وزوال، قسمت کے بناؤ بگاڑ میں اس کا بڑا اہم رول ہے۔ یہ انسان کو انسان بناتا ہے۔ اور جس قوم میں اخلاقی اوصاف، سچائی، راست بازی، امانت داری، ایفائے عہد، رحم دلی، فیاضی اور عدل وانصاف موجود ہوں تو ایسی قوم کے لئے عروج واقبال اس کا مقدر بن جاتا ہے۔

اس کے برعکس جس دھرتی پر ظلم بڑھتا ہے، معصوموں کے خون بہتے ہیں، اخلاقی قدریں پامال ہوتی ہیں اور ملک کا معاشی نظام فطرت انسانی کے خلاف ظلم وجور پر مبنی ہوتا ہے تو وہ ملک کبھی بھی تباہی وبربادی کے دلدل میں پھنس سکتا ہے۔

ابھی کل کی بات ہے جب مسلمان ان اخلاق عالیہ اور بلند اوصاف سے متصف تھے تو وہ دنیا پر غالب تھے، ان کو عروج نصیب تھا اور آج جب مسلمان اخلاقی بگاڑ میں مبتلا ہوگئے تو دنیا ان پر غالب آگئی۔ اس اخلاقی بگاڑ نے مسلمانوں کی تصویر اقوام عالم کی نظروں میں اس طرح مسخ کردی ہے کہ اب ان کے لئے مسلمانوں کے دین میں کوئی کشش باقی نہ رہی۔

برادران گرامی! اس کانفرنس کے موضوع ''عدالۃ الصحابہ'' صحابہ کرام-اخلاق وکردار کے معیار اور انسانیت کے سچے معمار کے ذریعہ دراصل عالم انسانیت کو یہ پیغام دینا ہے کہ اپنی زندگیوں میں شفافیت، حسن وجمال، تابندگی ودرخشندگی بخشنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم نبی آخرالزماں ﷺ اور ان کے تربیت یافتہ ساتھیوں کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔ اور ان کے متعین کردہ خطوط پر اپنی زندگیاں گذاریں، انسانیت کی خدمت، ظلم وجور سے اظہار وبیزاری، امن وامان کی پاسداری اور اعلیٰ اخلاقی قدروں کے تحفظ کو اپنی زندگی کا لائحہ عمل بنائیں۔ تاکہ زندگی میں محبت کی عطر بیز ہوائیں چلیں، انسانوں کے درمیان محبت ورواداری اور خیرسگالی کو فروغ حاصل ہو۔ اور نظام عدل وانصاف، مساوات ومواسات کو خوبصورت انداز میں عملی جامہ پہنائیں اس لئے کہ ہمارا یہ دین اسلام امن وسلامتی کا سرچشمہ ہے اور اس قرآن کی آغوش میں پروان چڑھنے والے اور آفتاب نبوت سے قلب ونگاہ کو روشن کرنے والے خوش بخت انسانوں یعنی صحابہ کرام کا یہی پیغام ہے۔

حاضرین کرام! صحابہ کرام کی اسی مقدس جماعت کو اپنا نمونہ بنانے والی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے اپنے شاندار ماضی کی طرح آج بھی اپنی متنوع اور ہمہ جہت خدمات کا سلسلہ جاری کئے ہوئے ہے۔ ہماری جمعیت کے موجودہ کارکنان نے اپنے متحرک اور سراپا عمل واخلاص ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی کے ساتھ مل کر گزشتہ اور رواں میقات میں جو کارنامے انجام دیئے ہیں ان کا ایک اجمالی خاکہ پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا۔

۱-**شعبہ نشر واشاعت**: اس نے اب تک کئی اہم کتابیں شائع کی ہیں جن پر ملک وبیرون ملک کے باحثین ومفکرین نے خراج تحسین پیش کیا ہے ان شائع شدہ کتابوں میں ''مدارس اہل حدیث ایک تاریخی دستاویز''، ''تاریخ اہل حدیث جلد اول ودوم وسوم''، ''تحریک ختم نبوت چھ جلدیں، تراجم علماء اہل حدیث جلد اول، جنگ آزادی اور جماعت اہل حدیث، تقویم ۲۰۰۸ء کے علاوہ تفسیر احسن البیان (اردو) ترجمہ ثنائی (ہندی) ریاض الصالحین (بنگلہ) بخاری شریف (اردو) چمن اسلام (اول تا چہارم) خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کے سوا چار میگزین چار مختلف زبانوں میں پابندی کے ساتھ شائع ہو رہے ہیں۔

۲-**اہل حدیث کمپلیکس، المعہد العالی**: یہ ایک کثیر المقاصد کمپلیکس ہے جو ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، نئی دہلی میں واقع ہے، اسے دیکھ کر ہمدردان جماعت کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں، اس میں مختلف قسم کی دعوتی وتعلیمی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں، جن میں خاص طور پر احباب جماعت کی دیرینہ آرزوؤں اور تمناؤں کا مرکز ''المعہد العالی للتخصص فی الدراسات الاسلامیہ'' ہے جو نہایت آب وتاب کے ساتھ ترقی کی طرف گامزن ہے، فارغین مدارس اسلامیہ کو محققین علماء کی زیر نگرانی افتاء ودعوت کی دوسالہ ٹریننگ دی جاتی ہے اور مرکزی جمعیت ان اسکالروں کو معقول طعام وقیام کے ساتھ ماہانہ ایک ہزار روپیہ وظیفہ بھی دیتی ہے اور اب تک بہت سارے دعاۃ اس چشمہ صافی سے سیراب ہوکر دعوت وارشاد، بحث وتحقیق اور افتاء وقضاء کے میدان میں مصروف عمل ہیں۔ فالحمد للہ علی ذلک

۳-**شعبہ تعلیم وتربیت**: یہ ایسا فعال شعبہ ہے جس کے ذریعہ افراد جماعت کے اندر جماعتی ودینی شعور کو راسخ کیا جاتا ہے اور انہیں سلفی دعوت ومنہج کے مطابق اپنی زندگی بسر کرنے کی تربیت دی جاتی ہے، اللہ کا شکر ہے یہ شعبہ تعلیم وتربیت کے میدان میں متعدد محاذ پر کام کر رہا ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ تدوین نصاب اور اس کی طباعت۔
۲۔ اساتذہ ومعلمین کی ٹریننگ اور آل انڈیا ریفریشر کورس کا انعقاد
۳۔ آل انڈیا مسابقہ حفظ وتجوید وتفسیر قرآن کریم کا انعقاد
۴۔ تعلیمی سیمیناروں اور کانفرنسوں میں شرکت
۵۔ عصری جامعات کے طلبہ کی کوآرڈینگ کمیٹی کی تشکیل اور گائیڈنس سینٹر کا قیام
۶-**سہ ماہی تربیتی کورس**

۴-شعبہ قومی وملی خدمات: یہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا سب سے زیادہ فعال شعبہ ہے، اس کے تحت قومی وملی اور انسانی امور انجام پاتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ ہم اپنی دعوت اور پیغام کو موثر انداز میں عام کرسکیں۔ رسول اکرم ﷺ کی پاکیزہ زندگی میں ہمیں ایسا اسوہ حسنہ ملتا ہے، اس میدان میں مرکزی جمعیت نے جو سرگرم کردار ادا کیا ہے اس کی قدرے تفصیل حسب ذیل ہے:



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۱۔سچر کمیٹی رپورٹ کے نفاذ کے لیے کوششیں:

سچر کمیٹی کی سفارشات کو نافذ کرنے سے متعلق دیگر مسلم تنظیموں کے ساتھ مرکزی جمعیت نے ایک مشترکہ کمیٹی بنائی اوراس کی متعدد میٹنگیں ہوئیں، پریس کانفرنس ہوئے اورذرائع ابلاغ کے ذریعہ حکومت کومسلمانوں کے جذبات سے آگاہ کیا گیا۔

۲۔ریزرویشن سے متعلق رنگاناتھ مشرا کمیشن کی سفارشات کے نفاذ کی کوششیں۔

۳۔تسلیمہ نسرین کا مسئلہ

۴۔مختلف تنظیموں کی کانفرنسوں اورسیمیناروں میں شرکت

۵۔قدرتی آفات کے مواقع پرامداد کی اپیل اورراحت کاری

۶۔مساجدوغیرہ کی تعمیر

۷۔حکومت کے ذمہ داروں سے ملاقات

معزز حاضرین! یہ ہے اب تک کی ہماری کارکردگی کی اجمالی رپورٹ،کام ابھی بہت باقی ہے اور مطلوبہ رفتار سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے اورکچھ تو ایسے پروجیکٹس ہیں جن کی تکمیل کے لیے ملی پلاننگ اورپیہم منظم جدوجہد کی ضرورت ہے لیکن اگراللہ کی رحمت وعنایت شامل رہی اورآپ جیسے اصحاب علم ودانش کا بے مثال تعاون ہمیں حاصل رہا توان شاءاللہ ہماری محبوب جمعیت کے پلیٹ فارم سے تاریخی اہمیت کے کام انجام پاتے رہیں گے اورہماری کوششیں نتیجہ خیز اور بارآور ثابت ہوں گی۔ان شاءاللہ

لیکن

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی پہ معاف
آج کچھ درد میرے دل میں سوا ہوتا ہے

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ سلف صالحین کے منہج کے داعی وامین جماعت کے بعض افراد اخلاقی قدروں کو پامال کررہے ہیں اور انسانیت وشرافت کی عباتارتار کرنے پرآمادہ ہیں، بے اعتمادی اور بد اعتمادی کی فضا قائم کر کے ایک دوسرے پرکیچڑ اچھالنے اورہدف ملامت بنانے پر کمربستہ ہیں،تہذیب واخلاق سے عاری ہوکراپنی نفرت آمیزاورمنفی تحریروں کردارکشی کی ناپاک جسارت کررہے ہیں۔ جسے پڑھ کرایک دردمنداورباعزت انسان کی پیشانی عرق آلود ہوجاتی ہے اورصاف وشفاف کردار کی حامل جماعت پرسوالیہ نشان لگ جاتا ہے۔

وہ دن آ گیا۔ صبح ہوئی۔ امام حرم مکی کا خطبہ جمعہ سننے اور نماز جمعہ باجماعت نماز ادا کرنے کے لیے ہر چہار جانب سے لوگ کشاں کشاں چلے آ رہے تھے۔ ہر ایک شوق فراواں لیے بیتابانہ رام لیلا گراؤنڈ پہنچ رہا تھا۔ ساڑھے تین لاکھ سے زائد کی کپیسٹی رکھنے والا میدان دیکھتے ہی دیکھتے کھچا کھچ بھر گیا۔ راستے، سڑکیں، قرب وجوار کے مقامات، گھر کی چھتوں پر لوگ ہی لوگ نظر آ رہے تھے۔ گلی کوچوں میں دور دور تک لوگ مصلی بچھائے منتظر اداء صلاۃ تھے۔ میدان کے مشرقی جانب دونوں طرف دور دور تک لوگوں کی بھیڑ راستوں پر مصلی بچھائے جمی ہوئی تھی، حدتو یہ کہ بارہ کھمبا روڈ سے آنے والی سڑک پہلے ہی جام ہو چکی تھی، امام حرم کی گاڑی بمشکل تمام روڈ کے جام سے نکل پائی، اور سڑک سے بھیڑ کو ہٹا کر پار کرسکی۔ جبکہ دوسری طرف عین نماز کے وقت دہلی گیٹ تک مصلے بچھ چکے تھے۔ بڑا ہی جوش وجذبہ تھا ان میں، ان کی بیقراری قلب اس وقت نظر آیا۔ جب امام حرم مکی کی گاڑی میدان کے اندر داخل ہوئی اور ان کو ان کی تشریف آوری کی خبر دی گئی۔ مجمع کا ہر فرد چاہتا تھا کہ میری ایک نگاہ امام حرم مکی پر جا پڑے لیکن رام لیلا میدان میں ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کے مانند لوگوں کا امنڈتا ہوا اژدہام امام حرم مکی کی خوش الحانی سے اپنے سماعتوں کے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذریعہ دلوں کو گرمانے پر اکتفا کرسکا۔

رام لیلا گراؤنڈ کانفرنس کے پہلے دن ۲/مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ واقعی دیدنی تھا۔ سرکاری پولیس عملہ بڑی تعداد میں حاضر تھا۔ رضا کاران جمعیت اور اسٹاف پہلے سے حاضر تھے۔ زبردست سیکورٹی تھی۔ اسٹیج پر بھی سیکورٹی کا بندوبست تھا۔ اس لیے کہ ہر آدمی کے دل میں یہ خواہش بیدار تھی کہ امام حرم مکی سے سلام ہی نہیں بلکہ مصافحہ کا بھی موقع ملے۔ اس خواہش کو آخری شکل دینے میں کہیں بھیڑ نہ امنڈ پڑے۔ چنانچہ ہر جگہ عملہ چست درست تھا۔ ساری تیاریاں مکمل تھیں، لاؤڈ اسپیکر، ریکارڈنگ اور دوسری ضرورتیں پوری کرلی گئی تھیں۔ تقریبا دس بجے پروگرام شروع کردیا گیا۔ یہ کانفرنس مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر حافظ محمد یحیٰی دہلوی حفظہ اللہ کی صدارت میں شروع ہوئی۔ اس افتتاحی پروگرام کی نظامت صوبائی جمعیت اہل حدیث مشرقی یوپی کے امیر مولانا شہاب الدین مدنی انجام دے رہے تھے۔ مولانا عبدالرحیم سلفی استاذ جامعہ سلفیہ بنارس نے سورہ توبہ کی آیت کریمہ ''وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ (التوبة: ١٠٠) '' الآیۃ کی تلاوت سے افتتاحی پروگرام کا باضابطہ آغاز کیا۔

ناظم اجلاس نے عدالت الصحابہ کانفرنس کی اہمیت سے عوام الناس کو آگاہ کیا اور صحابہ کرام کی عظمت واہمیت بیان فرمائی۔

جامعہ محمدیہ کھیدوپورہ مئو کے تین بچوں نے ترانہ بڑے ہی خوش گلوانداز میں پیش کیا جس کا مطلع تھا:

نمود صبح نو ہوئی نسیم خوش خرام ہے
کہ آج آمد امام مسجد حرام ہے

یہ ترانہ امام حرم مکی سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کی تشریف آوری کی مناسبت سے تیار کیا گیا تھا اور اسے استاذ حدیث جامعہ محمدیہ مئو مولانا عبدالمبین اختر فیضی صاحب نے تیار کیا تھا۔ پھر خطاب وتاثرات کا سلسلہ شروع ہوا۔ یہاں یہ ذکر مناسب ہے کہ تقریبا ہر صوبے کے امراء ونظماء، اراکین مجلس عاملہ وشوری، سرکردہ شخصیات، سماجی وملی، دینی وجماعتی شخصیات بڑی تعداد میں اسٹیج پر جلوہ افروز تھیں۔ ذمہ داران و منتظمین کی شدید خواہش کے باوجود ان تمام کے تاثرات وکلمات نہ سنے جاسکے، اگر کانفرنس میں دو دن توسیع کردی جاتی تب بھی یہ ممکن نہ تھا کہ سب کے مقالات پیش کیے جاسکیں اور سب اپنے گراں قدر تاثرات وکلمات کو پیش کرسکیں۔ لیکن مقالہ نگاران حضرات اور معزز علماء وحاضرین نے شرح صدر کے ساتھ کانفرنس کو کامیابی سے ہمکنار کرانے میں بھرپور تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر سے نوازے۔ ناظم اجلاس نے سب سے پہلے مولانا عبدالمنان سلفی استاذ جامعہ سراج العلوم جھنڈانگر نیپال کو دعوت دی۔

**مولانا عبدالمنان سلفی، مدیر ماهنامه السراج و استاذ جامعه سراج العلوم جهنڈانگر، نیپال**

مولانا نے مرکزی جمعیت کے ناظم عمومی اور جملہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اور اس کانفرنس کے انعقاد پر ان کو مبارکباد پیش کی۔

پھر ''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور خدمت ملک وملت'' کے موضوع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت وفضیلت، ان کی عدالت وثقاہت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ امت کا اتفاق ہے کہ ایک ادنی صحابی کا مقام ومرتبہ اس قدر بلند ہے کہ دنیا کا انسان چاہے علم وفن کی جس بلندی پر پہنچ جائے وہ اس ایک ادنی صحابی کے مقام کو نہیں پہنچ سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ذکر آسمانی کتابوں یعنی توریت، انجیل، زبور اور قرآن کریم میں کیا ہے۔ انہوں نے سورۃ الفتح کی آیت ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا '' (الفتح:۲۹) کی روشنی میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نمایاں اوصاف بیان فرمایا اور قرآنی آیت '' وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ (التوبہ:۱۰۰) کی روشنی میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ذکر جمیل بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبولیت اعمال کے لیے شرط یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسا عمل کریں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا (البقرة:۱۳۷) مولانا نے قول صحابی ''ان الله نظر فی قلوب العباد فوجد قلب محمد صلی الله علیه وسلم خیر قلوب العباد فاصطفاه لنفسه وابتعثه برسالته ثم نظر فی قلوب العباد بعد قلبه فوجد قلوب اصحابه خیر قلوب العباد بعد قلبه فجعلهم وزراء نبیه صلی الله علیه وسلم........الاثر '' کو بیان کرتے ہوئے فضیلت صحابہ پر روشنی ڈالی اور حدیث رسول '' لاتسبوا اصحابی ........ الحدیث '' (صحیح مسلم:۲۵۴۵) کی روشنی میں ان کی عظمت واضح کی۔ انہوں نے فرمایا کہ مسلمانوں کا ایمان اسی وقت معتبر ہوگا جب وہ صحابہ جیسا ایمان والے ہوں، ان کی نمازیں جملہ اور عبادتیں اسی وقت قابل قبول ہوں گی جب وہ صحابہ کرام جیسی نمازیں اور عبادتیں کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کو ایسا ہی مطلوب ہے۔ انہوں نے اخیر میں کہا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہمارے اوپر عظیم احسان ہے کہ ان کے ذریعہ دین اسلام ہم تک پہنچا ہے۔

اس کے بعد تاثراتی کلمات کے لیے امراء ونظماء کو دعوت دی گئی۔ ریاستی جمعیت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہل حدیث جموں وکشمیر کے امیر مولانا غلام رسول ملک صاحب اسٹیج پر تشریف لائے۔

**مولانا غلام رسول ملک (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر):**

انہوں نے کہا کہ رام لیلا میدان میں منعقدہ عدالت صحابہ کانفرنس میں جم غفیر دیکھ کر ہمیں بڑا فخر ہو رہا ہے۔ یقیناً یہ ایک تاریخی کانفرنس ہے۔ مرکزی جمعیت کا یہ مستحسن قدم ہے۔ ہم اس کانفرنس کے انعقاد پر مرکزی جمعیت اہل حدیث کے جملہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ بلاشبہ ان کی یہ مبارک کوششیں جمعیت کے حرکت ونشاط پر دال ہیں، خصوصاً مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ قابل مبارکباد ہیں جنہوں نے مرکزی جمعیت اہل حدیث کو فعال بنایا اور ایسی عظیم الشان کانفرنس کا اہتمام کیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم تمام لوگوں کو اس کانفرنس سے بھرپور استفادہ کی توفیق دے۔

**ڈاکٹر سید عبدالحلیم صاحب دربھنگہ**

**امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار**

محترم امیر جماعت، صدر مجلس، تمام بزرگ وعلماء کرام!

ہم سب سے پہلے اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں مسلمان بنایا اور اس کانفرنس کے انعقاد اور شرکت کی سعادت بخشی، پھر اللہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہمارے امیر محترم حافظ محمد یحییٰ دہلوی کی دانشورانہ قیادت اور ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ کی محنت میں یہ قافلہ رواں دواں ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اللہ ان کی کوششوں کو قبول فرمائے اور ان سے مزید دین وجمعیت کی خدمت لیتا رہے اور شرف قبولیت بخشتا رہے۔

انہوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک عظیم صفت قرآنی آیت ''رحماء بینھم'' کی روشنی میں بیان کیا کہ وہ آپس میں رحم دل ہیں۔ اگر اس صفت کو ہم اپنالیں تو دنیا کی قیادت ہم سے دور نہیں ہوگی۔ تعداد اور انبوہ کی بنیاد پر حکومت تو بنائی جاسکتی ہے لیکن اس کی بقا عدل ہی پر ممکن ہے۔ اگر عدل نہیں تو حکومت کی بقا نہیں۔ اگر اس صفت عظمیٰ کو ہم اپنالیں تو ظلم وجور کا خاتمہ ہوگا، اس کے ذریعہ باہمی الفت ومحبت پیدا ہوگی اور ہماری کوشش حکم الٰہی سے ثمر بار ہوں گی۔ ان شاء اللہ

**مولانا محمد ہارون سنابلی (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی یوپی):**

انہوں نے اپنے تاثراتی خطاب میں فرمایا: آج ہمارا سر فخر سے اونچا ہو رہا ہے کہ پہلی بار امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر تشریف لائے ہیں۔ یہ پوری جماعت، ملت اسلامیہ اور ملک کے لیے بڑی فخر کی بات ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ نے رات دن ایک کرکے یہ سعادت حاصل کی ہے۔ یقیناً وہ قابل مبارکباد ہیں۔ اس کانفرنس کا جو موضوع ہے وہ بڑی اہمیت کا حامل ہے ''صحابہ کرام دین کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے علمبردار'' ہمیں ان کے نقوش کی پیروی کرنی چاہیے۔ میں اخیر میں پوری جماعت اہل حدیث کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

**جناب وکیل پرویز صاحب، ناگپور (نمائندہ صوبائی جمعیت اہل حدیث مہاراسٹر):**

انہوں نے تاثراتی کلمات میں کہا کہ:

یہ انتہائی مسرت کی بات ہے کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے بڑی اہم کانفرنس کا اہتمام کیا ہے۔ تاریخ میں پہلی بار امام حرم جمعیت کی دعوت پر یہاں تشریف لا رہے ہیں۔ لاکھوں کی تعداد میں وہ نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ امام کعبہ کا خطبہ سماعت فرمائیں گے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران قابل تعریف ہیں جنہوں نے تگ ودو کرکے یہ عظیم الشان کانفرنس منعقد کی ہے۔

**مولانا عبداللہ سعود سلفی (ناظم اعلیٰ جامعہ سلفیہ بنارس یوپی):**

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران وکارکنان، علماء کرام واسلامی بھائیو!

ہمارے لیے یہ مبارک دن ہے کہ ہم جمعہ کی نماز یہاں پڑھنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ اس مبارک موقع پر امیر محترم اور ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی قابل مبارکباد ہیں کہ انہوں نے کوشش کرکے امام حرم کو بلایا اور وہ مرکزی جمعیت کی دعوت پر تشریف لائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے اور آپ سب کے لیے بڑے شرف کی بات ہے کہ حجاج کرام مال کثیر خرچ کرکے حج وعمرہ کے لیے سفر کرتے ہیں اور وہ وہاں ان کی نورانی آواز سنتے ہیں، وہ آج اس میدان میں ان کی آواز میں خطبہ جمعہ سنیں گے اور نماز ادا کریں گے یہ بڑی خوش بختی کی بات ہے کہ وہ یہاں تشریف لائے ہیں۔ خطبہ جمعہ اور اپنے خطاب عام میں جو باتیں بتائیں، ان پر عمل کیا جائے تو یقیناً نجات مل سکتی ہے۔

مزید فرمایا کہ ہم اہل حدیث ہیں اور کتاب وسنت کا تمسک ہماری امتیازی شناخت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بڑی کانفرنس میں شرکت وحضور کو باعث سعادت بنائے اور باہمی محبت ومیل جول بڑھائے تاکہ ہم دین اور وطن کی خدمت کے اہل بن سکیں۔

**جناب عبدالرحمن خلجی (امیر صوبائی جمعیت**



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**اہل حدیث راجستھان**):

انہوں نے اپنے تاثراتی خطاب کو اس انداز میں پیش فرمایا: جناب صدر مجلس و علماء کرام!

میں عدالت صحابہ کانفرنس کے انعقاد پر مرکزی جمعیت کے جملہ ذمہ داران و شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جو مہمانان گرامی اس میں تشریف لائے ہیں ان سے بڑے ادب کے ساتھ یہ کہوں گا کہ وہ نظم بنائیں رکھیں اور ہر ایک کا تعاون کریں۔

بڑی خوشی ہے کہ امام حرم مرکزی جمعیت کی دعوت پر ہمارے بیچ تشریف لا رہے ہیں اور خطبہ کے بعد نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے۔ آج ہم کو امام کعبہ کو دیکھنے اور ان کی اقتدا میں نماز جمعہ ادا کرنے کا شرف حاصل ہوگا۔ دوبارہ میں ذمہ داران مرکزی جمعیت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**مولانا شمس الحق سلفی (نمائندہ صوبائی جمعیت اہل حدیث جھارکھنڈ)**:

انہوں نے صوبائی جمعیت کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنا تاثر یوں پیش فرمایا:

امیر محترم، ناظم عمومی، دیگر زعماء جمعیت اور علماء کرام!

میں اپنی طرف سے اور صوبائی جمعیت جھارکھنڈ کی مجلس شوریٰ وعاملہ کی طرف سے اس کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مرکزی جمعیت نے اس میدان میں تین بار پروگرام منعقد کی جو اس بات کی دلیل ہے کہ مرکزی جمعیت فعال ونشیط ہے۔ اس کا موضوع بہت اہم ہے اور اس کرپشن کے دور میں اس عنوان کی اہمیت دوچند ہوگئی ہے۔ میں پھر ذمہ داران جمعیت کا، خصوصا مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایسی عظیم الشان کانفرنس منعقد کی یقیناً یہ ایک مستحسن قدم ہے۔

تاثراتی خطاب کے بعد صدر مجلس استقبالیہ فضیلۃ الشیخ **مولانا عبد الرحمن بن شیخ الحدیث مولانا عبید اللہ الرحمانی مبارکپوری** نے خطبہ استقبالیہ پیش فرمایا: انہوں نے اپنے خطبہ میں مہمانان گرامی، ذمہ داران جمعیت اور خصوصا امام حرم کی سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے بتایا کہ اسی میدان میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام عظمت صحابہ کانفرنس اپریل ۲۰۱۰ء کو منعقد ہوئی تھی۔ اس کی نغمگی آج بھی میرے کانوں میں رس گھول رہی ہے۔ آج عدالت صحابہ کانفرنس میں ہم لوگ اکٹھا ہوئے ہیں۔ انہوں نے تمام حاضرین وشرکاء کانفرنس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے طول وعرض سے اتنی بڑی تعداد میں تشریف لا کر لوگوں نے اپنی دینی وجماعتی غیرت وحمیت کا ثبوت دیا ہے۔

تحریک اہل حدیث کی سرسری تاریخ کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ اس تحریک کا دہلی کی سرزمین سے بڑا گہرا رشتہ ہے۔ اس تحریک کی سرکردہ شخصیات کی ایک فہرست بیان کرتے ہوئے سلفیت کی تاریخ، سلفی کا معنی ومفہوم واضح کیا۔ ہر میدان میں اہل حدیثوں کی قربانیوں کا مختصر تعارف پیش کیا اور بتایا کہ اہل حدیث وہ مبارک گروہ ہے جس نے کتاب وسنت پر عمل کرنے کے سلسلے میں صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم کے نقش قدم کی پیروی کی اور ہر طرح کی بدعت سے دوری اختیار کرکے سنت کی پابندی کی۔

انہوں نے کانفرنس کے عنوان کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ جس طائفہ مبارکہ کی یاد میں یہ کانفرنس منعقد ہو رہی ہے وہ اللہ کے دلارے تھے اور اسی دنیا میں اللہ نے ان کو اپنی رضامندی کی سند عطا کردی تھی۔ وہ خیر امت تھے اور نظام عدل وانصاف، مساوات ورواداری اور انسانیت نوازی میں بے مثال تھے۔ اخیر میں انہوں نے کہا کہ تحریک اہلحدیث سے وابستہ افراد وقت کی نزاکت کا خیال کرتے ہوئے اپنی حکمت عملی کو زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں، اور خلوص وللّٰہیت اور کامل اتحاد ویکجہتی کے ساتھ اپنے منصوبے ترتیب دیں تو ہمیں پوری امید ہے کہ دم توڑ رہی انسانیت اور مرجھائی ہوئی زمین نئی زندگی پا کر قابل برگ وبار ہو جائے گی۔ آیئے اس کانفرنس کے ساتھ ہم نئے جوش وجذبہ، ولولہ وشوق اور عزم وحوصلہ کے ساتھ آگے بڑھیں اور ملت اسلامیہ کے درخشندہ ستارے اسلاف کرام کے نقوش راہ عمل کی پیروی کرتے ہوئے ایک نئی تاریخ رقم کریں جس سے ملک میں امن وامان کی باد بہاری چلے اور انسانیت کو اس کا کھویا ہوا مقام مل جائے اور آپسی پریم ومحبت، ہمدردی ورواداری کی دلکش بہاریں لوٹ آئیں۔

واضح رہے کہ یہ خطبہ استقبالیہ مطبوع تھا جو اسی وقت موقر سامعین میں تقسیم کیا گیا تھا۔

**مولانا شمیم احمد ندوی (ناظم اعلیٰ جامعۃ سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال)**:

انہوں نے اپنے تاثراتی کلمات کو اس انداز میں پیش فرمایا: صدر مجلس، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی وکارکنان، مختلف جمعیات کے ذمہ داران ومہمانان گرامی!

میں آپ کا شکر گزار ہوں اور میرے لیے بڑے شرف اور سعادت کی بات ہے کہ پڑوسی ملک نیپال سے اس کانفرنس میں شرکت اور امام حرم کی اقتدا میں نماز جمعہ ادا کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔

مرکزی جمعیت نے مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی قیادت میں عظیم کامیابی کی طرف اپنا قدم بڑھایا ہے۔ اس سے پہلے کئی کانفرنسیں منعقد کی گئی ہیں اور ایسی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کانفرنسوں کا انعقاد آسان نہیں ہے۔ اس انعقاد کے لیے موجودہ قیادت کی ٹیم نے بڑی تگ ودو کی ہے۔

خطیب الاسلام مولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈانگری رحمہ اللہ ہمیشہ اس جمعیت کی تعمیر وترقی کے لیے اپنی قربانیاں پیش کرتے رہے اور اس کے لیے پیہم جد وجہد کی۔ ۱۹۶۱ء میں نوگڈھ کی کانفرنس منعقد ہوئی جو مرکزی جمعیت کی سب سے پہلی کانفرنس تھی۔ اس کے انعقاد میں مولانا رحمانی جھنڈانگری رحمہ اللہ کی سب سے بڑی قربانی تھی۔ آج کے اس اجتماع میں سب سے بڑی خوشی کی بات یہ ہے کہ امام حرم مکی فضیلۃ الشیخ دکتور سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کی آمد ہورہی ہے اور خطبہ جمعہ ونماز جمعہ کی ادائیگی کا شرف حاصل ہورہا ہے۔

ناظم عمومی کی کاوشیں یقیناً قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے تمام رکاوٹوں کو پار کرکے عظیم شخصیت کو بلانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ امام حرم مکی کے خطبہ میں کتاب وسنت پر عمل آوری کی بات ہوگی، صحابہ کرام کی خصوصیات اور ان کی عدالتوں کے چرچے ہوں گے۔ ان کو سن کر استفادہ کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ذمہ داران جمعیت اور کارکنان کی کوششوں کو شرف قبولیت بخشے۔

اس کے بعد کانفرنس کے **کنوینر مولانا محمد اقبال محمدی** صاحب نے بحیثیت کنوینر کانفرنس اپنی باتیں پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں اس ذمہ داری کا اہل نہیں تھا لیکن جب مرے ناتواں کندھے پر یہ ذمہ داری ڈالی گئی تو میں نے حتی المقدور اس کے نبھانے کی کوشش کی۔ میں صمیم قلب سے آپ کا استقبال کرتا ہوں۔

یہ کانفرنس اپنے عنوان کے اعتبار سے بڑی اہم ہے۔ ایسے جیالوں اور نفوس قدسیہ کا بار بار تذکرہ ہونا چاہیے اس لیے کہ سعادت وکامرانی صرف انہیں نفوس قدسیہ کے اسوہ سے مل سکتی ہے۔ انہوں نے مرکزی جمعیت کے نشاطات اور سرگرمیوں کا ایک مختصر خاکہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ آج موجودہ قیادت خصوصاً ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی کوششوں سے یہاں امام حرم تشریف لارہے ہیں۔ یہ بڑی سعادت مندی کی بات ہے کہ ہم لوگ ان کا خطبہ سنیں گے اور نماز جمعہ ان کی امامت میں ادا کریں گے۔

انہوں نے کہا کہ انسان ہونے کے ناطے کمیاں رہ گئی ہوں گی لیکن آپ سے امید ہے کہ مجھے درگزر فرمائیں گے اور اس کانفرنس کو کامیاب بنانے میں میرا تعاون کریں گے۔

**خطبہ صدارت:**

اس کے بعد مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر محترم حافظ محمد یحییٰ دہلوی کا خطبہ صدارت پیش کیا گیا۔ اس میں انہوں نے علماء کرام، اراکین جمعیت، اکابرین ملت واخوان جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے رب ذوالجلال کا شکریہ ادا کیا۔ اور اپنے قلب کی گہرائیوں سے تمام شرکاء کانفرنس کا پرجوش استقبال کرتے ہوئے ان کو مبارکباد دی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی حیات اور ان کے منہج کو بیان کرتے ہوئے بتایا کہ یہ کانفرنس عدالت صحابہ کے نام سے موسوم ہے۔ تاریخ اسلام میں صحابہ کرام کا اہم کردار رہا ہے۔ یہی وہ مقدس گروہ ہے جس نے سب سے پہلے مضبوط کندھوں پر پیغام رسالت اور انسانیت نواز تعلیمات کا بار امانت اٹھایا اور دنیا کے کونے کونے میں پھیلایا۔ انہوں نے عظمت اسلام کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اس کانفرنس کے موضوع ''عدالۃ الصحابہ'' کے ذریعہ دراصل عالم انسانیت کو یہ پیغام دینا ہے کہ اپنی زندگیوں میں شفافیت، حسن وجمال، تابندگی بخشنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم نبی آخرالزماں اور ان تربیت یافتہ ساتھیوں کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔ اور ان کے متعین کردہ خطوط پر اپنی زندگیاں گذاریں، انسانیت کی خدمت، ظلم وجور سے اظہار وبیزاری، امن وامان کی پاسداری اور اعلیٰ اخلاقی قدروں کے تحفظ کو اپنی زندگی کا لائحہ عمل بنائیں۔ تاکہ زندگی میں محبت کی عطر بیز ہوائیں چلیں، مساوات ومواسات کو خوبصورت انداز میں عملی جامہ پہنائیں اس لئے کہ ہمارا یہ دین اسلام امن وسلامتی کا سرچشمہ ہے اور اس قرآن کی آغوش میں پروان چڑھنے والے اور آفتاب نبوت سے قلب ونگاہ کو روشن کرنے والے خوش بخت انسانوں یعنی صحابہ کرام کا یہی پیغام ہے۔

انہوں نے اپنے خطبہ میں مرکزی جمعیت کے شعبہ جات کی فعالیت اور کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے اخیر میں تمام مہمانان گرامی، علماء وفضلاء، مفکرین، قائدین، اور سلفیان عالم کے دلوں کی دھڑکن امام حرم سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ اور ان کی معیت میں تشریف فرما وفد کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔ ساتھ ہی ساتھ رفقاء کار، مقامی، ضلعی، صوبائی جمعیات اور اراکین عاملہ وشوریٰ اور تمام اصحاب خیر وکارکنان جمعیت وجماعت کا شکریہ ادا کیا۔ اسی طرح دیگر امور مالکان اور منتظمین کا بھی دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

ناظم اجلاس نے صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی کے امیر مولانا عبدالسلام سلفی حفظہ اللہ کو دعوت دی اور انہوں نے مائک کو سنبھالا۔

**مولانا عبدالسلام سلفی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی):**

انہوں نے اپنے تاثراتی خطاب کو پیش کرتے ہوئے فرمایا: ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی، جمعیت اہلحدیث کے تمام شعبہ واکائیوں کے ذمہ داران و نمائندہ شخصیات!

یہ ہمارے لیے بڑی مسرت کی بات ہے کہ امیر حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ کی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قیادت اور فاضل مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی نظامت میں سلفیان عالم کے امام ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند کی دعوت پر پہلی بار تشریف لا رہے ہیں، اس لیے صوبائی جمعیت اہلحدیث ممبئی کے ذمہ داران کی طرف سے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ماڈل شخصیات کو اس اسٹیج پر لانے کی توفیق بخشے۔ میں دوبارہ مبارکباد دیتا ہوں کہ اس اسٹیج پر اپنے سلفیان عالم کے امام جو منہج سلف کا امام ہے، اس سے شرف ملاقات حاصل کرنا اور اس کے لیے موقع فراہم کرنا بڑے شرف کی بات ہے۔ اس طرح کا موقع فراہم کرنا قابل قدر ہے۔ پھر مبارکباد دیتا ہوں کہ اہم اہل حدیثان ہند کے لیے اور تمام مسلمانان ہند کے لیے ان کی تشریف آوری کو اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم جمعیت کی خدمات اور جمعیت کے نشاطات کی قدر کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے اس طرح کا موقع بار بار لاتا رہے اور اپنے دین حنیف کی خدمت لیتا رہے۔

ناظم اجلاس نے **مولانا صفی احمد مدنی امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث آندھرا پردیش** کو دعوت دی اور انہوں نے مائک سنبھالتے ہی اپنی باتوں کا آغاز اس انداز میں کیا:

''ہم لوگ امام حرم کی باتوں کو سننے اور ان کی اقتدا میں نمازیں ادا کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ توحید وسنت کی شاہراہ پر گامزن ہونے کے ناطے ہمارا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے بڑا گہرا تعلق ہے اور سعودی حکومت اور وہاں کے علماء کرام سے بھی دوستانہ واخویانہ تعلقات ہیں۔ مملکت سعودی عرب کی حکومت نے بھی توحید وسنت کا بیحد اہتمام کیا ہے۔ مسجد حرام مکہ مکرمہ توحید وسنت کی نشر واشاعت کا عظیم مرکز ہے جس کے سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ امام وخطیب ہیں۔

یہ انتہائی مسرت کی بات ہے کہ مرکزی جمعیت کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی کوششوں سے یہ موقع فراہم ہوا ہے۔ میں اس عظیم الشان کانفرنس کے انعقاد پر ذمہ داران جمعیت کو مبارکباد دیتا ہوں۔

اس کے بعد صوبائی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے ناظم **جناب ڈاکٹر عبدالدیان انصاری صاحب** تشریف لائے اور انہوں نے مرکزی جمعیت کے ذمہ داران کو مبارکباد دیتے ہوئے تمام مشارکین کانفرنس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

**مولانا شعیب میمن جونا گڈھی (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث گجرات):**

انہوں نے قرآنی آیت '' وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا '' (الفصلت: ۳۳) کی تلاوت کے بعد فرمایا: اللہ کا بے پناہ شکر واحسان ہے اور کائنات کے امام وہادی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام!

ہمارے کلمہ گو بھائیو! اس سرزمین پر بسنے والے سارے مذاہب کے بھائیو!

اسلام عالمگیر مذہب ہے جو ناگزیر حالات میں بھی اپنی آواز ایک دوسرے تک پہنچاتا ہے۔ یہ ہمیشہ وسیع تر ہوتا گیا۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ اور صحابہ کرام کی حیات درخشاں ہمارے سامنے ہے جو اسلام کی آفاقیت کا بین ثبوت ہیں۔

سرزمین ہند کو یہ باسعادت موقع ملا ہے اور دہلی ہندوستان کا دل ہے جس میں کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ مرکزی جمعیت رام لیلا میدان میں ایسی کانفرنس کرنے جا رہی ہے۔ میری نگاہیں ایسی بھیڑ یہاں دیکھ رہی ہے جیسی بھیڑ کعبہ مشرفہ کے اندر دیکھنے کو نصیب ہوئی ہے۔ دراصل ہم نے دعوت الی اللہ کے فریضہ کی بنیاد پر انہیں دعوت دی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے یہ زریں موقع ہندوستان کو فراہم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ امام کعبہ کی آمد کو مبارک بنائے۔ انہیں پاکیزہ اسلامی تعلیمات کی وضاحت کرنے اور ان کی باتوں کو سامعین کے دلوں میں بٹھانے کی توفیق بخشے۔

**جناب کپل سبل صاحب مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل حکومت ہند**

کانفرنس کے افتتاحی پروگرام میں تشریف لائے اور جمعہ سے قبل انہوں نے اپنے تاثراتی کلمات اس انداز میں بیان فرمایا: عالی جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی صاحب، مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی صاحب اور میرے بھائیو! آج انسانوں کو امن وسلامتی کی شدید ضرورت ہے، اور امام حرم سعود بن ابراہیم الشریم پوری انسانیت کے لیے امن وشانتی کے پیغام کو لے کر ہمارے ملک میں آئے ہیں۔ اگر امن وچین چاہئے تو انسانیت کو اپنانا ہوگا۔ میں اس علاقہ کا نمائندہ ہوں چنانچہ میرا فرض بنتا ہے کہ میں ان کا سواگت کروں۔ مرکزی جمعیت سو سال سے زیادہ قدیم تنظیم ہے۔ اس سے یہاں عظیم شخصیتیں جڑی رہی ہیں۔ یہ تنظیم تعلیم کے میدان میں بھی نمایاں کام کر رہی ہے۔ اس تنظیم سے بڑی بڑی شخصیتیں مثلا مولانا ابو الکلام آزاد اور عبدالقیوم رحمانی، مولانا عبدالوحید رحمانی، مولانا عبدالمجید حریری وغیرہ جڑی رہی ہیں۔ میں امام کعبہ کا سواگت کرتا ہوں اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ دہشت گردی پر جو فتویٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے شائع کیا ہے یقیناً اس کی اشاعت پر وہ قابل شکر وتعریف ہے۔

**امام حرم کی رام لیلا میدان میں آمد**

تاثراتی پروگرام کا سلسلہ یہیں پر روکنا پڑا اس لیے کہ جمعہ کا وقت قریب ہو چکا تھا اور امام حرم سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کی آمد رام لیلا گراؤنڈ میں ہونے والی تھی۔ سعودی سفارت کے فضیلۃ الشیخ احمد علی الرومی حفظہ اللہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے وفد کے ساتھ گاڑی سے جیسے ہی رام لیلا گراؤنڈ میں داخل ہوئے پورے مجمع میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور بے تابانہ لوگ اپنی جگہوں پر صف بندی کے لیے کھڑے ہو گئے۔

ناظم اجلاس نے ان کی آمد کی اطلاع دی اور مجمع کو خاموشی اختیار کرنے کی تلقین کی اس لیے کہ اذان ہونے والی تھی۔ امام کعبہ کے لیے لکڑی کے خوبصورت منبر کا انتظام کیا گیا تھا۔

رام لیلا میدان میں ہر چہار جانب بھیڑ دیکھائی دے رہی تھی۔ حتیٰ کہ لوگ سڑکوں چوراہوں، پارکوں اور مکان ودکان کی چھتوں پر باشوق وادب امام حرم کے خطبہ کی سماعت کے لیے بیٹھے ہوئے تھے۔ پنڈت این کے شرمانے وزیر تعلیم کپل سبل جی کے ساتھ ہدیے، چادریں، پھولوں کے گلدستے ایک بڑے برہمن، جگت گرو شنکر اچاریہ سوارودیانند سرسوتی کی جانب سے امام حرم کو بھینٹ کیے۔ بارہ بج کر چالیس منٹ پر امام حرم مکی منبر پر تشریف لائے۔ ایک خوش الحان موذن جو اذان حرم کی نقل کر رہے تھے، اور خود مکہ مکرمہ کے باشندہ ہونے کا شرف رکھتے ہیں، نے پیاری آواز میں اذان دی پھر امام حرم مکی کا خطبہ شروع ہوا۔

## امام حرم مکی سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراھیم الشریم حفظہ اللہ کا خطبہ جمعہ:

انہوں نے حمد وثنا کے بعد قرآن کریم کی آیت کریمہ تلاوت فرمائی: ''یَـٰٓأَیُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَـٰكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَىٰ وَجَعَلْنَـٰكُمْ شُعُوبًا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوٓا۟ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ ٱللَّهِ أَتْقَىٰكُمْ'' (الحجرات:۱۳) امام حرم مکی حفظہ اللہ نے فرمایا: یہ آیت کریمہ ہمیں رہنمائی کر رہی ہے کہ جو بھی قبائل وخاندان ہیں وہ محض تعارف کے لیے اللہ نے بنایا ہے نہ کہ اختلاف اور جھگڑے کے لیے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اجتماعیت کا حکم دیا اور اختلاف وگروہ بندی سے منع فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا...... الآیۃ'' اسلام نے متقیوں کے مقام کو بلند کیا، سرکشوں کو پست کیا، رنگ ونسل کے امتیاز کو ختم کر دیا، اس لیے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے غلام اور سیاہ فام ہونے کے باوجود محض تقویٰ کی وجہ سے بلند مقام کو حاصل کیا۔ ابولہب سرداران قریش میں سے ہونے کے باوجود پستی میں چلا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے رفعت وبلندی کا معیار تقویٰ اور عمل صالح کو بنایا ہے۔ یہ بلال رضی اللہ عنہ ہی تھے جن کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں ان کے کھڑاؤں کی آواز سن رہا ہوں ........ الحدیث'' اسلام اس لیے آیا کہ جاہلیت کے عناصر کو ختم کر دے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے کہا: اے ابن سوداء، (اے کالی کلوٹی عورت کے بچے)! تو ان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ایسا شخص ہے جس میں جاہلیت کا عنصر ہے۔ اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ابوالہند سے شادی کرنے سے اعراض کیا اس لیے کہ وہ حجام تھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس کی شادی کرنے کا حکم دیا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسلام کسی کو اولیت دیتا اور کسی کی تکریم کرتا ہے تو وہ محض تقویٰ کی وجہ سے کرتا ہے نہ کہ حسب ونسب، قبیلہ وخاندان اور زبان کی وجہ سے۔ یقیناً تم میں سب سے معزز وباعزت اگر کوئی ہے تو وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اور تقویٰ اختیار کرنے والا ہے۔

امام حرم مکی نے اپنے خطبہ میں سلف کی بہت ساری مثالیں پیش کیں جو تقویٰ وطہارت اور جماعت سے چمٹ کر رہنے والے تھے، نمازیوں کو اس بات کی دعوت دی کہ وہ شاہراہ کتاب وسنت کا التزام کریں اور اس سبب حقیقی کو جانیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیدا فرمایا ہے۔

انہوں نے سورہ عصر کی تلاوت کی: وَٱلْعَصْرِ إِنَّ ٱلْإِنسَـٰنَ لَفِى خُسْرٍ إِلَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ وَتَوَاصَوْا۟ بِٱلْحَقِّ وَتَوَاصَوْا۟ بِٱلصَّبْرِ (العصر:۱-۳)

یہ سورہ خسارہ سے ہمیں بچاؤ کرنے کی تلقین کرتی ہے۔ جب کسی آدمی میں چار صفات ایمان باللہ، عمل صالح، تقویٰ کی دعوت اور صبر کی وصیت ہوں گی تو لامحالہ وہ خسارہ ونقصان سے چھٹکارا پالے گا۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ اس سورہ کے علاوہ کوئی سورہ نازل نہیں کرتا تو یہی ایک سورہ کافی تھی اس لیے کہ یہ سورت تمام احکام وسیاسیات کو شامل ہے۔ بعض سلف نے کہا کہ یہ سورت ثلث قرآن کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے کہ قرآن ایمان وتقویٰ اور دعوت کی طرف بلاتا ہے۔ چنانچہ تقویٰ ثلث قرآن ہے۔

امام محترم نے لزوم تقویٰ اور رذائل سے اجتناب کرنے کے تعلق سے کئی نصوص کا تذکرہ فرمایا اور پہلا خطبہ مکمل کر کے منبر پر بیٹھ گئے۔ پھر دوسرے خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا: '' جماعت سے لازمی طور پر وابستہ رہنا اور اختلاف وگروہ بندی سے بچنا چاہئے۔ ارشاد نبوی ہے: ''علیکم بالجماعۃ فان ید اللہ علی الجماعۃ ومن شذ شذ فی النار ..... (صحیح الترمذی:۲۱۶۷)

اخیر میں امام محترم نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہدایت دے، قول وعمل میں اخلاص پیدا کرے، تقویٰ واعتصام بحبل اللہ کی صفت پیدا کرے۔

اس کے بعد امام کعبہ نماز کے لیے کھڑے ہوئے۔ صفیں درست کی گئیں۔ اقامت ہوئی۔ انہوں نے سنت کے مطابق پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الغاشیہ کی تلاوت فرمائی۔

نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے خطبہ کا ملخص ترجمہ کیا اور سب کا شکریہ ادا کیا۔ پھر ڈاکٹر



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللطیف الکندی نے اس خطبہ کا تفصیلی ترجمہ کیا۔ اس پروگرام کو ’’ذی سلام‘‘ ٹی وی براہ راست نشر کررہا تھا اور دنیا کے ایک بڑے حصے میں بلاتفریق مسلک لوگ خصوصا مسلمان اس چینل کے ذریعہ استفادہ کررہے تھے۔ یہ افتتاحی پروگرام خطبہ جمعہ ونماز جمعہ اور ترجمہ کے بعد ختم ہوا۔ درمیان میں آرام وخورش کے لیے وقت رکھا گیا تھا۔ پھر باضابطہ کانفرنس کی دوسری نشست بعد نماز عصر ہونے والی تھی۔

## دوسرا سیشن

بعد نماز عصر ۲؍مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ

عدالت صحابہ کانفرنس کی دوسری نشست کا آغاز جامعہ اثریہ دارالحدیث مئو کے استاذ **قاری شاہنواز احمد** کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کی صدارت صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار کے **امیر ڈاکٹر سید عبدالحلیم صاحب** فرمارہے تھے اور **مولانا محمد شفیق ندوی** استاذ جامعہ محمدیہ کھیدوپورہ مئو نظامت کے فرائض انجام دے رہے تھے۔

ناظم اجلاس نے تمہیدی کلمات میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت واہمیت اور عصر حاضر میں عدالت صحابہ رضی اللہ عنہم کانفرنس کی اہمیت وافادیت بیان فرماکر اس سیشن کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے جامعہ محمدیہ کھیدوپورہ مئو کے پرنسپل **مولانا شمیم احمد عمری** کو دعوت دی۔ انہوں نے بعنوان: ’’رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ‘‘ مدح صحابہؓ پر ایک شاندار نظم پڑھی۔ اس کے چند بند ملاحظہ فرمائیں:

وہ دین الٰہی کے وفادار سپاہی
دیتے رہے توحید و رسالت کی گواہی
تھی پیش نظر سنت محبوب الٰہی
وہ راہ ہدایت کے بہرحال تھے راہی
اصحاب محمد کی عجب شان نرالی
راضی ہوا رب ان سے وہ رب سے ہوئے راضی

آخری بند:

منکر تھے وہ بدعات کے سنت کے نگہدار
نفرت تھی انہیں کفر سے تھے شرک سے بیزار
وہ دین کے دیوانے مہاجر تھے وفادار
سب چھوڑ دیا اس کے لیے اپنا گھر وبار
انصار تھے وہ دین کے حق ان کا تھا والی
راضی ہوا رب ان سے وہ رب سے ہوئے راضی

اس کے بعد خطاب کا سلسلہ شروع ہوا۔ سب سے پہلے مقرر **مولانا فہد الاسلام صاحب پٹنہ** تھے، انہوں نے ’’محبت صحابہ‘‘ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام پیش کیا اور اس کے قبول کرنے والوں کی جو تربیت کی وہ ایک مثالی تربیت مانی جاتی ہے۔ عظمت اسلام تو اس کے سچے متبعین سے نمایاں ہے۔ قرآن کی بیشتر آیات کی روشنی میں بتایا کہ مسلمانوں کا عقیدہ صحابہ کرام کے بارے میں یہی ہونا چاہئے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے جانثار وفادار تھے۔ عادل وثقہ تھے۔ دین کے اصل معیار وہی تھے۔ جو منہج نبی نے ان کو عطا کیا تھا اس کے حقیقی پیروکار تھے۔ انہوں نے ’’ماانا علیه واصحابی‘‘ کی روشنی میں یہ واضح کیا کہ دین کا اصل منہج وہی ہے جو نبی نے متعین کیا اور ان کے صحابہ اس پر گامزن رہے۔

ناظم اجلاس **مولانا عبدالمبین فیضی** استاذ جامعہ محمدیہ کھیدوپورہ مئو کو دعوت دی اور انہوں نے ’’عدالت صحابہ‘‘ کے عنوان پر مقالہ پیش کیا۔

**ڈاکٹر عبداللطیف کندی** استاذ کلیہ سلفیہ سری نگر نے اس سیشن میں آخری خطاب پیش کرتے ہوئے فرمایا: صحابہ کرام سے محبت کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کی دلیل ہے۔ ان کی تنقیص اعمال کے اکارت ہوجانے کا سبب ہے۔ ارشاد رسول ہے: ’’من احبهم فبحبي احبهم .... الحديث‘‘ (صحیح ابن حبان: ۷۲۵۶)۔ ارشاد الٰہی ہے: لقد رضي الله عن المؤمنين .... الآية ‘‘(الفتح: ۱۸) پھر انہوں نے خلفاء راشدین کے مناقب وفضائل کو متعدد احادیث رسول کی روشنی میں بیان کیا۔

## تیسرا سیشن

بعد نماز مغرب ۲؍مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ

یہ سیشن ٹھیک نماز مغرب سے فارغ ہونے کے بعد شروع کردیا گیا تھا۔ آندھرا پردیش کے ایک طالب علم **عبید الرحمن** کی تلاوت کلام پاک (سورۃ الطارق کی آیتیں) سے سیشن کا آغاز ہوا۔ **مولانا انیس الرحمن اعظمی** حفظہ اللہ، سابق امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث تامل ناڈو وپانڈیچیری، اس سیشن کے صدر تھے اور **مولانا ہارون سنابلی** صاحب نظامت کے فرائض انجام دے رہے تھے۔

اس سیشن کے سب سے پہلے مقرر مولانا عبدالرحیم مکی صاحب تھے۔ عنوان تھا: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور زہد۔

انہوں نے قرآنی آیت ’’ومن الناس من يقول آمنا ... وماهم بمؤمنين ‘‘(البقرۃ: ۸) کی روشنی میں بتایا کہ عہد رسالت میں دوقسم کے لوگ موجود تھے۔ ایک صحابہ کرام کی جماعت تھی اور دوسرے دورخی لوگ تھے۔ وہ ایمان کا دعویٰ کرتے تھے لیکن ایمان والے نہ تھے۔ یہ صحابہ کرام کا مذاق اڑاتے تھے اور ان کو



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیوقوف بتاتے تھے۔قرآن نے کہا کہ حقیقت میں وہی لوگ بیوقوف ہیں۔ارشادالٰہی ہے:"ألا انھم ھم السفھاء ولکن لا یعلمون"۔(البقرۃ:۱۳)انہوں نے کہا کہ معیار ہدایت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں۔ان کا ایمان،ان کی عبادت اوران کا زہد ہمارے لیے قابل تاسی ہے۔انہوں نے قرآنی آیت"فان آمنوا بمثل ما آمنتم بہ فقد اھتدوا ...(البقرۃ:۱۳۷) الآیۃ، ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب"(الحج:۳۲)، وکذلک جعلنا کم امۃ وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ... الآیۃ"(البقرۃ:۱۴۳)کی روشنی میں صحابہ کرام کے زہدوورع کی نوعتیں بیان فرمائیں۔انہوں نے دوران خطاب دو جنازے کا نبی کے پاس آنے کا واقعہ بیان فرمایا کہ ایک کو جنتی ہونے کی بشارت دی اوردوسرے کو جہنمی ہونے کی اور یہ صرف لوگوں کی گواہی پر کہ ایک نیکی کرتا تھا اوردوسرا برائی کرتا تھا۔صحابہ کرام کی تربیت اللہ کے رسول نے فرمائی تھی،انہوں نے یہ تلقین کی تھی کہ جہاں کہیں بھی رہو اللہ سے ڈرتے رہنا،اچھا عمل کرتے رہنا اور لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آنا۔شیخ نے زہد کا معنیٰ ومفہوم بیان کرتے ہوئے سنت رسول کو اختیار کرنے اور دنیا میں آخرت کے لیے زندگی گزارنے پر زور دیا اوراسے حدیث رسول"تعس عبدالدینار اور تعس عبدالدرھم .... الحدیث (صحیح البخاری:۲۸۸۷) سے مزین فرمایا۔

**مولانا عبدالعظیم مدنی (استاذ جامعہ دار السلام عمر آباد):**

انہوں نے"صحابہ کرامؓ معمار انسانیت"کے عنوان پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا:صحابہ کرامؓ روئے زمین پر اللہ کا انتخاب ہیں۔نبی کی نصرت واعانت،حمایت وتائید کے لیے ان کو چنا گیا تھا۔جب روئے زمین پر اخلاق ختم تھا،انسانیت معدوم تھی تو نبیؐ نے ان کی تربیت کی اور وہ انسانی شکل میں فرشتے بن گئے۔جس راہ سے چلے وہ گل گلزار بن گیا۔جب تمام میدان میں اور تمام شعبہ ہائے زندگی میں قدم رکھا تو اس کے اصول وضوابط مقرر فرمائے اور مثالی کارنامہ انجام دیا۔حضرت ابوبکر صدیقؓ افضل البشر،حضرت عمر اصابت رائے میں ایک زندہ مثال،حضرت عثمانؓ حیادار، حضرت انس بن مالکؓ خادم رسول ہیں۔اسید بن حضیرؓ ایسے صحابی ہیں جن کی تلاوت سننے کے لیے فرشتے آتے تھے۔حذیفہ بن یمان،ابوہریرہ،انس بن نضر،حضرت علی اور ابوعبیدہ بن جراح جیسے جلیل القدر صحابی کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بیان اور ان کا کردار کسی تاریخ میں یکجا نہیں ہے۔صلح حدیبیہ کے موقع پر اہل مکہ کے نمائندہ عروہ بن مسعود ثقفی کا واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ جو کچھ اس نے مشاہدہ کیا اس کو جا کر بیان کیا کہ اصحاب محمد کو ہم نے ایسا مثالی دیکھا۔مہمان نوازی کی مثال پیش کرتے ہوئے قرآن کریم کی آیت"ویوثرون علی انفسھم ولوکان بھم خصاصۃ"(الحشر:۹) تلاوت فرمایا اور بتلایا کہ صحابہ کی بڑی خوبی تھی کہ وہ خود بھوکے رہتے اور اوروں کو کھلایا کرتے تھے۔ام سلیم کے صبر کا واقعہ بیان کیا۔قبیلہ غامد کے خاتون اور ماعز اسلمی کے احساس ندامت کا ذکر کیا۔ان دو صحابیوں کے آپسی اختلاف کا جو زمین کے بارے میں جھگڑرہے تھے تذکرہ کیا۔انہوں نے کہا کہ عدل وانصاف کی مثالیں تو صحابہ کرام ہی میں ملتی ہیں،گورنر عمرو بن عاصؓ کے بیٹے کا قبطی کو مارنے اور عمر بن خطاب کے دربار میں معاملہ پہنچنے اور فیصلہ قبطی کے حق میں کرنے کا واقعہ پیش کیا۔

**مولانا ذکی احمد مدنی (مدیر جامعہ الھدیٰ الاسلامی کولکاتہ):**

انہوں نے"صحابہ کرام کا ایثار وقربانی"کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے حضرت ابوبکرؓ کے واقعہ ایثار کو قدرے تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا اور کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اعلانیہ فرمایا کہ میرے ساتھ دنیا میں جس نے بھی احسان کیا ہے اس کو میں نے چکا دیا ہے لیکن حضرت ابوبکرؓ کے احسان کو میں نہیں چکا سکتا،قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہی اس کو دے سکتا ہے۔

لاتسبوا اصحابی والذی نفسی بیدہ لوانفق احدکم مثل احد ذھبا.... الحدیث"کی روشنی میں صحابہ کرام کے عظمت ومقام کی وضاحت فرماتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جو ایک چھٹانک خرچ کیا ہے اس انفاق کے درجہ کو کوئی آدمی نہیں پہنچ سکتا ہے۔حضرت ابوبکر اور عمر کے مسابقت الی الخیر کے جذبہ کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت ابوبکر ہر محاذ انفاق پر عمر سے آگے نکل گئے۔جنگ عسرہ میں بھی اپنا تمام اثاثہ نبی کی خدمت میں پیش کردیا۔اور حضرت عمرؓ پر فوقیت لے گئے۔حذیفہ بن یمان کمانڈران چیف پر رومی حکومت کی طرف سے کئے گئے مظالم کی داستان بیان فرمائی۔

**مولانا خورشید عالم مدنی (استاذ حدیث مدرسہ احمدیہ سلفیہ آرہ نائب امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار):**

انہوں نے"صحابہ کرام اورانسانی حقوق"پر روشنی ڈالتے ہوئے قرآنی آیت" ولقد کرمنا بنی آدم ورزقناھم فی البر والبحر .... الآیۃ"(الاسراء:۷۰) کی تلاوت کی اور فرمایا:انسان خلاصہ کائنات ہے۔انسان معزز ومکرم پیدا کیا گیا ہے۔قرآنی آیت"من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الأرض .... الآیۃ(المائدہ:۳۲)"......الا ذن بالاذن والأنف



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بالانف ... الجروح قصاص ''(المائدة:۴۵) کی روشنی میں فرمایا کہ اسلام میں خودکشی کا جواز نہیں ہے۔خودکش حملوں کو اسلام نے حرام کردیا ہے۔اسلام کمزور طبقات کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے،عورتوں کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔ حجۃ الوداع کے خطبہ کا خلاصہ بیان کیا اور انسانیت کے تئیں نبی نے جو پیغام دیا ہے وہ واضح کیا۔انسان اپنی حیثیت عمل کی بنیاد ہی بناتا ہے۔رنگ ونسل اور جغرافیائی حدود محض تعارف کے لیے ہیں۔اسامہ بن زید کی سفارش کو نبی نے یہ کہتے ہوئے ''اتشفع فی حد من حدود الله ......... ''ردکردیا۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی میدان پر اپنے صحابہ کی تربیت فرمائی تھی۔بلالؓ کو سیدنا اور سلیمان فارسی کو من اهلنا کہہ کر ان کو عظمت واہمیت دی اور سماج میں دبے کچلے لوگوں کو اٹھایا اور اسلام میں ان کو اعلیٰ مقام حاصل ہوا۔شیخ کا خطاب مختصر مگر جامع وبلیغ تھا۔

**مولانا سعید احمد بستوی (نائب امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی):**

''امن عامہ کی بحالی میں صحابہ کا کردار'' پر خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ امن عامہ اصول کی پاسداری سے قائم ہوتا ہے،امن عامہ کی بحالی عدل وانصاف،مساوات اور خوف وخشیت سے ہوتی ہے۔اگر انسان تملق وخوشامد پسند ہوتو وہ کبھی دنیا میں امن عامہ قائم نہیں کرسکتا اس لیے امن عامہ کی بحالی کے لیے اللہ کی خوف وخشیت کا ہونا بنیادی شرط ہے۔

انہوں نے خلیفۃ المسلمین حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور غلام کا یکساتھ یروشلم کی طرف روانگی اور یکے بعد دیگرے سواری پر سوار ہوکر سفر طے کرنے کا واقعہ پھر یہودی کا ان سے معاہدہ کہ ہمارے معابد کی حفاظت ہوگی۔عمر کا عدم تحفظ کے خدشہ سے یہودی کے معبد میں نماز نہ پڑھنا کہ کل ہوکر کہیں عمر کے نماز پڑھنے کی وجہ سے امن عامہ نہ بگڑ جائے اور مسلمان اس پر قبضہ نہ جمالیں۔ایک بھکاری کا واقعہ بیان کیا جس نے یہ کہا تھا:''الجزیة والحاجة'' جنگ کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عام تعلیمات کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ غیر مسلمین کے تعلق سے آپ کی تعلیمات اتنی روشن ہیں کہ ان کی پاسداری کی جائے تو کبھی امن عامہ کے فساد کا خوف نہ ہو۔حضرت عمر کی خبر گیری اور رعایا کے احوال کی معرفت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایک بڑھیا کے پاس پہنچے تو ہانڈی میں پانی رکھ کر بچوں کو تسلی دے رہی تھی۔عمر نے جب یہ معاملہ دریافت کیا تو اپنے غلام کے ساتھ خوراک لے کر رات ہی میں اس کے گھر پہنچے۔صحابہ کرام نے معاشی تحفظات دیا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ سماج کے معذورین کا خیال کیا جائے اور ہر ایک کے ساتھ تعاون کو روا رکھا جائے۔

**مولانا ظفر الحسن مدنی شارجہ**

انہوں نے دوران خطاب اخلاص کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ انسان اپنے اندر اخلاص پیدا کرے۔ریا ونمود اور شہرت طلبی سے اجتناب کرے۔ابوامامہ باہلی کی حدیث پیش کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی آدمی مسلح ہوکر جہاد کرے لیکن اس کا مقصد اجر کے حصول کے بجائے ریا یا شہرت ہو تو اس مقدس فریضہ پر کوئی اجر نہیں ہے۔مساجد ومدارس،درس وتدریس،اجتماعات وکانفرنس ان تمام کاموں سے مقصود اجر ہوا گر ان میں اخلاص ہو۔خودغرضی،ذاتی مفاد نہ ہو۔انہوں نے حضرت ابوبکر کے والد ابوقحافہ کا واقعہ بیان کیا کہ جب انہوں نے دیکھا کہ جب بھی کوئی مظلوم ہو،کمزور ہو تو ابوبکر اسے آزاد کردیتا ہے تو ان کے والد ابوقحافہ نے حیرت کے انداز میں دریافت کردیا کہ ان مظلوموں اور کمزوروں کے پیچھے کیوں پڑا رہتا ہے تو برجستہ یہ جواب دیا کہ میں غلاموں کو اس لیے آزاد کراتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس پر اجر وثواب دے گا اور یہ عمل ابتغاء ألمرضات اللہ ہوا کرتا ہے۔

صدارتی خطاب کے بعد نظمیں پڑھی گئیں۔ناظم اجلاس اور ناظم عمومی نے شکریہ ادا کیا،کل کے پروگرام کا اعلان کیا گیا۔اسی دوران ناظم عمومی نے اخبارات ،جرائد ومجلّات کے رپورٹروں اور مختلف چینلوں کو انٹرویو بھی دیئے۔اس طرح پہلے دن کا پروگرام یہیں پر اختتام پذیر ہوا۔

## چوتھا سیشن

۳ مارچ ۲۰۱۴ بروز سنیچر صبح ۱۰ بجے

سنیچر کی صبح آئی۔پروگرام کا پہلا دن بخیر وخوبی ختم ہوکر دوسرا دن شروع ہوا۔ ٹھیک دس بجے پروگرام **جناب نثار احمد** کی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ **مولانا عبدالرحمن لیثی** استاذ جامعہ خیرالعلوم وامیر ضلعی جمعیت اہل حدیث ڈومریا گنج صدر اجلاس اور **مولانا محمد ابراهیم مدنی** ناظم ضلعی جمعیت اہل حدیث سدھارتھ نگر یوپی ناظم اجلاس تھے۔

سب سے پہلے **شیخ خالد جمیل مکی** صاحب نے،صحابہ کرام اور حقوق تحفظ انسانی کے موضوع پر اپنا مقالہ پیش کیا۔

واضح رہے کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث نے اس کانفرنس کی مناسبت سے سیمینار کا اعلان کیا تھا اور مقالہ نگاران حضرات کی خدمت میں دعوت نامے ارسال کیے گئے تھے۔اس بار اسٹیج سے ہی کئی مقالے پیش کئے گئے اور بہت سارے اہل قلم حضرات نے اپنے مقالے کو جمع کیا۔ان میں مولانا شفیق احمد ندوی،مسرور احمد فیضی،پروفیسر عبداللطیف حیدری،مولانا نورالاسلام شفیع مدنی،مولانا شکیل احمد اثری،مولانا انیس الرحمٰن مدنی جھنڈانگر،مولانا وکیل احمد مدنی،مولانا محمد طیب مدنی،مولانا سعود اختر عبدالمنان سلفی،مولانا وصی اللہ عبدالحکیم مدنی،مولانا محمد نسیم محمد یونس مدنی،مولانا ابوانس راحت فاروقی،مولانا شفیع اللہ عبدالحکیم مدنی،مولانا عتیق الرحمٰن اثر



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ندوی، مولانا ابوصالح دل محمد سلفی، مولانا محمد صہیب سلفی، ڈاکٹر رحمت اللہ محمد موسیٰ سلفی، مولانا ازہر عبدالرحمٰن رحمانی، مولانا خورشید احمد سلفی جھنڈا نگر، مولانا محمد مظہر اعظمی قابل ذکر ہیں۔ یہ وہ حضرات ہیں جنہوں نے اپنا مقالہ جمع کر دیا۔ اور بہت سارے مقالہ نگاران نے اپنے مقالات کو جلد ہی ارسال کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

اس کے بعد **جناب محمد اشفاق کریم** کٹیہار میڈیکل کالج کے ڈائریکٹر اور سیاسی پارٹی ایل این جے پی کے جنرل سکریٹری نے اپنے تاثراتی کلمات کو پیش کرتے ہوئے مرکزی جمعیت کے ذمہ داران، خصوصا مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کو مبارک باد دی اور کہا: قرآن میں ''اقراء باسم ربك الذين خلق......'' تعلیم کے بارے میں بہت اہم ہے۔ مکہ میں ساری برائیاں موجود تھیں۔ سب سے پہلی وحی آئی کہ پڑھو۔ تعلیم حاصل کرو تو سماج سے برائیاں ختم ہو سکتی ہیں۔ حصول تعلیم کی بنا پر ہی قرآن کو پڑھا اور سمجھا جا سکتا ہے۔ قرآن نے کہا ہے: '' ان الله لايغير مابقوم ... . اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جزائے خیر دے جنہوں نے یہ بزم سجائی ہے اور مجھے بھی یہ سعادت ملی ہے کہ امام حرم کے پیچھے نماز ادا کر سکوں۔

اس کے بعد ناظم عمومی نے ان کا تعارف پیش کیا اور تعلیمی میدان میں ان کے کارنامہ کو سراہا۔

**مولانا عبد الوھاب حجازی (استاذ جامعه سلفیه بنارس):**

انہوں نے ''صحابہ کرام اور فروغ انسانیت'' کے عنوان پر خطاب کیا۔ اپنے دوران خطاب انہوں نے کہا: انسان کی خدمت دین کی نشر واشاعت کا بڑا وسیلہ ہے۔ صحابہ کرام کا نصب العین یہی تھا۔ اور ان کے اہم اوصاف میں سے ایک وصف تھا۔ ثبوت کے طور پر حضرت ابوبکر کا مکہ چھوڑنے کا واقعہ کہ جب وہ مکہ سے نکلے تو ابن الدغنہ سے ملا اور کہا۔ آپ جیسا شخص نہ تو خود سے نکل سکتا ہے اور نہ ہی نکالا جاتا ہے۔ آپ تو حاجتمندوں کا خیال رکھتے، صلہ رحمی کرتے، بوجھ اٹھاتے، مہمان نوازی کرتے ہیں، شیخ نے اپنے خطاب میں کہا: صلح انسانیت کی عظیم خدمت ہے، اس سے بڑی بڑی مصیبتیں ختم ہو جاتی ہیں، لوگوں میں تعلقات وسیع ہوتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دشمنوں سے مصالحت کی یہ کام محض اختلاف کو رفع کرنے اور امن انسانی کو باقی رکھنے کے لیے کیا تھا۔ صحابہ کرام بھی اس راہ کے راہی بنے، اپنے نبی کے سچے پیرو کار رہی تھے۔ شیخ نے بہت ساری مثالیں پیش کیں۔

**جناب غلام رسول ملک (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر):**

انہوں نے ''صحابہ کرامؓ رب کے وفادار'' کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا: صحابہ کرام صدق وراستی کے پیکر، اللہ اور اس کے رسول کے فرمانبردار تھے۔ انہوں نے دین کی نشر واشاعت میں بڑی مصیبتیں برداشت کیں۔ مشاکل کے باوجود دین پر ثابت قدم رہے۔ انہوں نے دوران خطاب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صداقت وراست بازی اور ان کے اخلاص کی بہت ساری مثالیں بھی پیش کی۔

**مولانا شمیم احمد ندوی (ناظم جامعه سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال):**

''صحابہ کرام اور رفاہی خدمات'' کے عنوان پر شیخ نے فرمایا: صحابہ کرام کی زندگی خیر وبرکت کی عمدہ مثال ہے۔ ان کی زندگی میں ایسا کوئی مثال نہیں ملتا کہ انہوں نے فلاح وخیر کے علاوہ کوئی کام کیا ہو۔ وہ گلیوں کا چکر لگاتے اور انسانوں کی خبر گیری کرتے، لوگوں کی اسلامی تربیت فرماتے، بازاروں میں جا کر اس کے احوال دریافت کرتے اور جو بھی فساد نظر آتا اس کی اصلاح کرتے، لوگوں کو امانت داری کی تلقین کرتے، عوام الناس کی عام منفعت کا ہمیشہ خیال رکھتے تھے۔ مفاد انسانی کے تحفظ کو ترجیح دیتے، راستے کو پرامن بنانے کے لیے سارے جتن کرتے، آبپاشی، شجر کاری اور ضرورتمندوں کی اعانت کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کی سعی کرتے، حقیقت میں وہ انسانیت کے سچے علمبردار تھے۔

**مولانا عبدالسلام مدنی (سابق استاذ جامعه سلفیه بنارس):**

انہوں نے ''صحابہ کرام اور محبت رسول'' پر روشنی ڈالتے ہوئے اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے پر زور دیا اور بتایا کہ اوامر کی تعمیل کرنا اور منہیات سے بچنا محبت الٰہی ومحبت رسول کی علامت ہے۔ صحابہ کرام جو الفاظ ''فداک ابی وامی'' کی شکل میں کہتے تھے وہ صرف زبانی دعویٰ نہیں تھا بلکہ عملی طور پر اسے ثابت کر دکھایا۔ محبت رسول میں انہوں نے مشقتیں اٹھائیں اور آزمائشوں سے دوچار ہوئے۔ محبت تو اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جب اطاعت واتباع کے سانچے میں ڈھلی ہوئی ہو۔

**مولانا انیس الرحمن قاسمی (ناظم امارت شرعیه بهار جھارکھنڈ واڑیسه):**

مولانا محترم نے اپنے تاثراتی خطاب میں سب سے پہلے ذمہ داران مرکزی جمعیت کو مبارکباد دی اور فرمایا: صحابہ کرام کی سب سے عمدہ صفت ایمان باللہ تھی اور ان کی زندگی کے ہر گوشے میں اس کا مشاہدہ کیا گیا۔ وہ قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کرنے والے اور ادائیگی حقوق پر ارشادات الٰہی وہدایات محمدی کی روشنی میں پوری توجہ رکھنے والے تھے۔ وہ بڑے متواضع وخاکسار لوگ تھے۔ دنیاوی زیبائش وآرائش اور فخر ومباہات سے بہت دور تھے۔ ان کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد دعوت الی اللہ تھا۔

اس تاثراتی خطاب کے بعد ضلعی جمعیت اہل حدیث مغربی چمپارن کے ناظم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واستاذ مدرسہ منظر العلوم بلی رام پور **مولانا محمد ہاشم سلفی** صاحب نے صحابہ کرام کی شان میں ایک عمدہ نظم پیش کی۔

وہ اصحاب رسول حق پہ جاں لٹاتے تھے
وہ اصحاب محمد شرک وبدعت مٹاتے تھے
نہیں جاتا تھا ہاشم کوئی واپس ان کی منزل سے
وہ رہ جاتے تھے بھوکے اور غیروں کو کھلاتے تھے

**مولانا زبیر احمد مدنی امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک و گوا:**

انہوں نے مختصر انداز میں اپنی بات پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام ایسے ادارہ کے تعلیم وتربیت یافتہ تھے جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی اور نہ تاریخ اس طرح کا آئیڈیل ومثالی ادارہ پیش کرسکتی ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ جو کچھ ان کی حیات درخشاں کے تعلق سے سنیں ان پر عمل کریں اور اپنی عملی زندگی میں اسے نافذ کریں۔ اخیر میں انہوں نے مرکزی جمعیت کے ذمہ داران کا اس عدالت صحابہ کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد پیش کیا۔

**مولانا خورشید احمد سلفی(شیخ الجامعة جامعة سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال):**

انہوں نے کہا کہ انسان مدنی الطبع ہوتا ہے اس کے لیے آداب واصول ہیں، معاملات میں مشورہ کرنا شرط ہے۔فقراء ومساکین کا تعاون کرنا معاشرتی صفات میں سے ایک اہم صفت ہے۔صحابہ کرام نے اس کا بہت زیادہ اہتمام کیا۔

**شیخ عبدالمنان مفتاحی** صاحب نے صحابہ کرام کی عظمت ومنقبت پر ایک نظم پیش کی

چرخ ہدایت کے ماہ وانجم — رضی اللہ تعالیٰ عنہم
جن کے نقش قدم پہ ہم تم — رضی اللہ تعالیٰ عنہم
باعث رونق دین محمد — وجہ بہار ملت احمد
گلشن دیں میں ان سے تبسم — رضی اللہ تعالیٰ عنہم

**مولانا صفی احمد مدنی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث آندھرا پردیش):**

انہوں نے ''صحابہ کرام اور حقوق اطفال'' کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ اسلام میں بچوں کے حقوق کا ذکر ہے۔ان سے محبت کرنا، الفت وشفقت کا برتاؤ کرنا، ان کے دلوں میں بہجت وفرحت داخل کرنا، ان کی تعلیم وتربیت کا اہتمام کرنا، ان کے کھانے پینے، ان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی پر توجہ دینا اسلامی تعلیمات کا اہم حصہ ہے۔افسوس ہے کہ انسان اپنی دنیاوی مصروفیات کی وجہ سے حقوق اطفال کو بھول گیا۔آج چلڈرن ڈے ''یوم اطفال'' کا اہتمام کرنا ہی کافی تصور کیا جا رہا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ مادیت کا معاشرہ پر غلبہ ہے۔

**مولانا مفتی عطاء الرحمن قاسمی (چیرمین شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ نئی دلهی):**

انہوں نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی اور جملہ ذمہ داران کا اس کانفرنس کے انعقاد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے ''عدالت صحابہ'' کو پسندیدہ قرار دیا اور بتایا کہ علماء ہند نے عظمت صحابہ ومقام صحابہ کو اہمیت دی ہے اور اس عنوان سے کانفرنسیں منعقد کی جارہی ہیں۔افسوس ہے کہ بعض جماعتیں ان کی طعن وتشنیع کیا کرتی ہیں، حالانکہ یہ بڑا گناہ ہے۔ہم پر لازم ہے کہ اپنی زندگی کے تمام گوشے میں صحابہ کرام کے اسوہ کی پیروی کریں اور ان کو ہم اپنا قدوہ بنائیں۔

**ڈاکٹر جے کے جین (چیر مین جین ٹی وی):**

انہوں نے اولا اس ملاقات کا موقع ملنے پر ذمہ داران جمعیت کا شکریہ ادا کیا اور فرمایا: امام حرم مکی کا استقبال کرنا صرف مسلمانوں کا حق نہیں ہے بلکہ تمام ہندوستانیوں پر واجب ہے کہ وہ ان کا استقبال کریں۔انہوں نے تاثراتی خطاب میں کہا کہ تمام مشکل مسائل کا حل اس مذہب اسلام میں مضمر ہے۔جس کو مسلمان بھول گئے اور دوسرے ان تعلیمات کو نہیں جانتے ہیں۔ہم پر فرض ہے کہ انوار صحابہ سے روشنی اخذ کریں۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے بلوگرافی آف دی ہولی پروفٹ محمد (سیرت محمد) اور بایوگرافی آف کمپنینس (سیرت صحابہ) کا مطالعہ کیا ہے اور اس کا بھارتیہ جنتا پارٹی اور ہندوؤں کے بیچ میں تذکرہ کیا ہے۔جیسا کہ میں نے ان کے درمیان خصوصاً مذہب اسلام کا تذکرہ کیا ہے۔مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ یقینی طور پر ہونا چاہئے اور میری خواہش ہے کہ ہمارے ملک میں تمام مذاہب کا احترام لازمی طور پر کیا جانا چاہئے۔ وہ باشندہ ہونے کے ناطے باہمی اخوت ومودت کو فروغ دیں۔ انہوں نے یہ اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ اسلام مرض نہیں بلکہ تمام مشکلات کا حل ہے۔اور اسی پر اپنی بات ختم کی۔

یہ سیشن تقریباً ایک بجے خیر وخوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

**پانچواں سیشن**

بعد نماز عصر ۳ مارچ ۲۰۱۲ بروز سنیچر

یہ سیشن سنیچر کے دن نماز عصر کے بعد شروع ہوا اور مغرب تک چلتا رہا۔

**مولانا شیخ حافظ عین الباری عالیاوی** امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی بنگال اس سیشن کے صدر اور **مولانا انعام الحق مدنی** ناظم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اجلاس تھے۔ **محمد نعیم صاحب** خوش الحان موذن واستاذ سفارت خانہ سوڈان نے قرآن کریم کی چند آیات کی تلاوت کی۔

**مولانا عبدالمجید مدنی(داعی جالیات سعودی عرب):**

یہ اس سیشن کے پہلے مقرر تھے اور انہوں نے ''صحابہ کرام معیار دین'' کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے بتایا: صحابہ کرام کا مقام اور ان کی عدالت ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ صحابہ کرام نبی کی درسگاہ نبوت کے تربیت یافتہ تھے اور خیر البشر کا حقیقی مقام انہی کو حاصل ہوا۔ وہ دین اسلام کے حقیقی معیار قرار پائے۔ عقائد وعبادات اور معاملات میں ان کا منہج ہی معتبر تسلیم کیا گیا۔ جو بھی اپنی زندگی کے تمام گوشے میں ان کے نقوش کا پیروکار ہوگا تو اس کا ہر عمل عنداللہ قابل قبول ہوگا۔

**مولانا حمید اللہ سلفی(ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی):**

''دور حاضر میں صحابہ کرام کی معنویت'' کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ صحابہ کرام نبوی درسگاہ کے تربیت یافتہ تھے۔ ان کا منہج وعقیدہ مینار نبوت سے مستنیر تھا۔ وہ دین کے حقیقی معیار ہونے کی بنیاد پر قابل تاسی قرار پائے اور دور حاضر میں ان کے نقوش کی پیروی کرنا تمام مشکلات ومسائل سے گلوخلاصی کا واحد ذریعہ ہے۔ دین کے ناقلین وحاملین اصلاوہی ہیں اور منہاج نبوت سے ان کے عمل کی کڑیاں ایسی پیوست ہیں کہ ان کا ہر عمل اور ان کی سیرت آج کے پرآشوب دور میں ہدایت ورہنمائی کا ضامن ہے۔

**مولانا عبدالحسیب مدنی بنگلور:**

''صحابہ کرام غیر مسلموں کی نگاہ میں'' کے عنوان پر روشنی ڈالتے ہوئے قرآن کے نصوص کی وضاحت کی۔ غیر مسلموں کے صحابہ کرام کے بارے میں تاثرات کو بیان کیا۔ مشہور مغربی نان مسلم مفکرین مثلا کارلائل، ولیم میور وغیرہم کی باتوں کو بیان کرتے ہوئے بتایا کہ صحابہ کرام کے بارے میں وہ پڑھ کر بہت متاثر ہوئے اور ان کے مقام وعظمت کے معترف بھی۔ خصوصا ابوبکر صدیق اور عمر بن خطاب کے بارے میں ان کے اقوال کو ذکر کیا۔ ہندوستان کے مہاتما گاندھی کا عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں قول بھی بیان کیا کہ اس ملک کے لیے عمر جیسا شخص مل گیا تو ہر چیز سے میرے پاس وہ قیمتی ہے۔ انہوں نے ہندوستانی فوجیوں سے ایک ملاقات میں فرمایا: میں تم سے یہ نہیں کہوں گا کہ رام وکرشنا کے اسوہ کی پیروی کرو البتہ میں اس کی ضرور دعوت دوں گا کہ تم اپنے لیے ابوبکر اور عمر کو لازما اسوہ بناؤ۔

**جناب اطہر حسین دہلوی (صدر انجمن منہاج رسول دھلی:)**

اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: زندگی کے تمام گوشوں میں صرف ایک صحابی کی اقتداء کرلی جائے تو صلاح وکامیابی کے لیے کافی ہے۔ ہمارے اوپر واجب ہے کہ ہم قرآن وحدیث کی تعلیمات کے مطابق عمل کریں، صحابہ کرام کی اقتداء کریں۔ اخیر میں انہوں نے اس کانفرنس کے انعقاد پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی اور جملہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اور ان کو مبارکباد دی۔

اس سیشن کے اخیر میں **شیخ عین الباری عالیاوی صاحب** نے اپنے صدارتی کلمات پیش کرتے ہوئے کہا: یہ کانفرنس یقیناً تاریخ ساز ہے۔ میں اپنی بات مختصر کرتا ہوں اس لیے کہ جلد ہی ہم امام حرم مکی فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابرہیم الشریم حفظہ اللہ کا استقبال کرنے والے ہیں۔ پرآشوب حالات میں اس کی اہمیت دو چند ہوجاتی ہے۔ انہوں نے اس کانفرنس کے انعقاد پر ذمہ داران جمعیت کی تعریف کی اور ان کو مبارکباد پیش کیا۔

دریں اثنا امام حرم مکی کی گاڑی رام لیلا میدان میں داخل ہوئی۔ ہر طرف خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ رام لیلا میدان بھرا ہوا تھا۔ انہوں نے نماز مغرب کی امامت کی اور لاکھوں کی تعداد میں مسلمانوں نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی پھر چھٹے سیشن کا آغاز ہوا۔

## چھٹا وآخری سیشن

بعد نماز مغرب ۲ مارچ ۲۰۱۲ بروز سنیچر

یہ سیشن ٹھیک نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد **حافظ محمد یحیی دھلوی** امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر صدارت شروع ہوا۔ **ڈاکٹر عبداللطیف کندی صاحب** ناظم اجلاس تھے۔ تمام حاظرین نے امام حرم مکی کا ہندوستان آمد پر استقبال کیا۔ امام حرم مکی نے اسٹیج پر کھڑے ہوکر تمام حاضرین کی طرف اشارہ کرکے سلام کیا۔ تمام مجمع جواب دینے کے بعد خاموشیوں میں ڈوب گیا اور امام حرم مکی کے خطاب کی سماعت کے لیے ہمہ تن گوش ہوگیا۔ امام حرم مکی کے خطاب سے قبل ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی صاحب نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے۔ امام حرم کا تعارف کراتے ہوئے ان کا اور ان کے ساتھ تشریف لائے ہوئے وفد کا استقبال کیا۔ اور فرمایا: مرکزی جمعیت اہل حدیث کی ایک روشن تاریخ ہے۔ اس کے تعلقات مملکت توحید سعودی عرب کے ساتھ ہمیشہ مضبوط رہے ہیں بلکہ یہ تعلقات شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل سعود رحمہ اللہ کے وقت ہی سے استوار ہیں۔ اس دیرینہ تعلقات میں شاہ فیصل بن عبدالعزیز آل سعود رحمہ اللہ، شاہ فہد بن عبدالعزیز آل سعود رحمہ اللہ، شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود حفظہ اللہ، ولی عہد نایف بن عبدالعزیز آل سعود حفظہ اللہ کے زمانے میں مزید وسعت پیدا ہوتی رہی۔ فرمانروائے مملکت توحید اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علمائے عرب کی ہندوستان زیارت کرنے سے تعلقات میں پائیداری واستحکام پیدا ہوتا رہا۔ ابھی حال ہی میں دہلی کی عظمت صحابہ کانفرنس میں امام وخطیب حرم مکی فضیلۃ الشیخ عبدالرحمٰن السد یس حفظہ اللہ کی تشریف آوری ہوئی تھی۔ اور آج ہم امام حرم فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا اسی میدان پر استقبال کررہے ہیں۔

امام حرم مکی کے ساتھ تشریف لائے ہوئے معزز مہمانان کا بھی ہم تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں اس لیے کہ وہ بھی ہمارے نزدیک قابل عزت واحترام ہیں۔

ہم نے عدالت صحابہ کانفرنس کا انعقاد ایسے وقت میں کیا ہے جب کہ دنیا امن وآشتی اور محبت وبھائی چارہ کی محتاج ہے جیسا کہ مثالی معاشرے کی تشکیل کے لئے صحابہ کرام کی زندگی نمونہ ہے۔ اخیر میں ناظم عمومی نے بہت ہی مختصر طور پر مرکزی جمعیت اہل حدیث کی سرسری خدمات کو پیش کرتے ہوئے بتایا کہ تعلیم وتربیت، دعوت وارشاد، رفاہی وامداد باہمی کے میدان میں، اسی طرح جنگ آزادی اور دہشت گردی کے خاتمہ میں مرکزی جمعیت کا نمایاں کردار رہا ہے۔ ناظم عمومی نے مملکت توحید سعودی عرب، خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد امیر نایف بن عبدالعزیز آل سعود، وزیر الشؤون الاسلامیہ شیخ صالح بن عبدالعزیز آل شیخ، وکیل الوزارۃ معالی الدکتور عبدالعزیز بن عبداللہ العمار اور فضیلۃ الشیخ احمد علی الرومی حفظہم اللہ کا شکریہ ادا کیا۔

ناظم عمومی کے خیر مقدمی کلمات کے بعد اسلامی تنظیموں کے نمائندوں کے تاثراتی پروگرام کا سلسلہ شروع ہوا۔

**مولانا ارشد مدنی (صدر جمعیۃ علمائے ہند):**

انہوں نے عدالت صحابہ کانفرنس کے انعقاد پر جمعیت اہل حدیث کی تعریف کی اور بتایا کہ جمعیت علماء ہند نے اسی میدان پر گزشتہ دنوں میں عظمت صحابہ کانفرنس منعقد کیا تھا۔ یہ ایک تاریخی کانفرنس تھی اور امام وخطیب فضیلۃ الشیخ عبدالرحمٰن السدیس حفظہ اللہ کی زیارت سے شرف یاب ہوئے تھے۔ ان کی تشریف آوری اور ان کی کانفرنس میں شرکت مثالی یادگار ہے۔ آج اسی میدان پر دوسری عالمی جلیل القدر شخصیت ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا عدالت صحابہ کانفرنس میں استقبال کررہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام ہر خیر میں ہمارے لیے اسوہ ہیں۔ جب ہم ان کے منہج پر گامزن رہیں گے تو راہ ہدایت پر قائم رہیں گے۔ ہم ان کے راستے کو چھوڑ دیں گے تو شیطان ہمیں بھٹکا دے گا۔ صحابہ کرام کی تعلیمات تمام اختلافی مسائل ومشکلات کا واحد حل ہیں۔ جب ان کے طریقے کی پیروی کریں گے تو ہمارے اندر اتحاد واتفاق پیدا ہوگا۔ اور جب ان کے راستے سے دور ہوں گے تو پستی میں جا گریں گے۔ انہوں نے اس کانفرنس کے انعقاد پر ذمہ داران جمعیت کا شکریہ ادا کیا۔

**شیخ انیس الرحمن اعظمی (رئیس مرکز ابن القیم الاسلامی چنئی):**

انہوں نے فضیلۃ الشیخ امام حرم مکی کا خیر مقدم کیا۔ اور نوجوانوں کے دلوں میں عقیدہ اہل سنت والجماعت کو راسخ کرنے میں سعودی حکومت کی جو خدمات ہیں ان کو سراہا اور اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منہج وعقیدہ کو عام کرنے میں ان کی بیش قیمت کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئے دعا دی کہ اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں میں برکت عطا فرمائے۔ انہوں نے ملکی وعالمی پیمانے پر مسلمانوں کے درمیان باہمی میل جول، اتحاد واتفاق، یگانگت کی فضا کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ منفرد راہوں کے راہی ہیں اور زندگی کے لیے اپنے خطوط متعین کئے ہیں وہ صحابہ کرام کے اسوہ کی پیروی نہیں ہے بلکہ زندگی کے ان خطوط راہ پر چلنا کامیابی کی ضمانت ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کے لیے متعین فرمایا وہ عملاً اس پر چلے۔

**مولانا سید جلال الدین عمری (امیر جماعت اسلامی ہند)**

اہل سنت والجماعت کا اتفاق ہے کہ دین کی نشر واشاعت میں صحابہ کرام سے ادنی کوتاہی سرزد نہ ہوئی۔ انہوں نے دین کو اپنے بعد والوں تک منتقل کیا اور اتباع کا درس دیا۔ دراصل اس منہج وحید کی اتباع میں انسانوں کی نجات ہے۔ اس منہج سے انحراف گمراہی ہے، ضلالت ہے، ہلاکت ہے، صحابہ میں طعن وتشنیع شریعت رسول میں طعن وتشنیع ہے۔ اخیر میں انعقاد کانفرنس پر جملہ ذمہ داران جمعیت کا شکریہ ادا کیا۔

ان کے بعد **ممبر پارلیمنٹ محمد ادیب صاحب** نے اپنے تاثراتی کلمات میں مرکزی جمعیت کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی اور جملہ ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اور امام حرم مکی کی تشریف آوری پر ان کے لیے خیر مقدمی کلمات پیش کئے۔ اور امام حرم اور تمام علماء، پوری امت کی بھلائی کے لئے دعا کی درخواست کی۔

ناظم اجلاس نے امام حرم مکی فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کو خطاب کے لیے دعوت دی۔

**امام حرم مکی کا خطاب:**

امام حرم مکی نے عدالت صحابہ کانفرنس میں بڑا ہی جامع خطبہ بزبان عربی پیش فرمایا۔ خطبہ مسنونہ کے بعد انعقاد کانفرنس پر امیر جمعیت حافظ محمد یحییٰ دہلوی اور ناظم عمومی اصغر علی امام مہدی سلفی کے ساتھ جملہ ذمہ داران جمعیت کو مبارکباد دی اور فرمایا:

حاضرین! ہم اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس میں بڑی تعداد میں عظیم مناسبت کی بنا پر شریک ہوئے ہیں، اہم معاملہ کے بارے میں گفتگو کے لیے حاضر ہوئے ہیں۔ یہ معاملہ کسی معین جماعت کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ یہ اصحاب نبی کے بارے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں باتیں کرنی ہیں جو حقیقت میں دین کی باتیں ہیں۔صحابہ کرام کے بارے میں بات کرنا دراصل اسلام کے بارے میں بات کرنا ہے،عدالت صحابہ اقرار بالاسلام ہی کا نام ہے،عدالت صحابہ میں طعن وتشنیع دراصل اسلام میں طعن وتشنیع کرنا اور دین کو رد کرنا ہے۔اگر اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ دین کو ہم تک نہیں پہنچاتا تو ہم دین کو نہیں جانتے۔ناقلین دین کو جو سب وشتم کا نشانہ بناتے ہیں اور اصحاب نبی کی عدالت کی تنقیص کرتے ہیں تو بتایئے کہ وفات رسول کے بعد کس نے دین کو ایکدوسرے تک پہنچایا۔ان کی تنقیص کرنا دین نہیں ہے بلکہ ان کی عدالت کی گواہی دینا ہی دین ہے۔یہ وہ دین ہے جس کی حفاظت کی گارنٹی اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے۔

ابن القیم رحمہ اللہ کا قول ہے: وہی اصحاب نبی اور ان کی جماعت ہیں، اگر یہ نہیں ہوتے تو روئے زمین میں کوئی مسلمان نہیں ہوتا۔اگر اصحاب نبی نہ ہوتے تو دین اسلام ہم تک نہیں پہنچتا۔

ان کی عدالت دین کا تزکیہ اور اس پر ایمان ہے۔ان کی تنقیص دین کی تنقیص اور دین کا انکار ہے۔اصحاب نبی کی تجریح سے دین بھی بری طرح متاثر ہوتا ہے اس لیے کہ ناقلین دین وہی لوگ ہیں۔اس وقت تک دین تمام نہیں ہوسکتا جب تک ناقل پر رضامندی کا اظہار نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ نے اجمال وتفصیل کے ساتھ اصحاب نبی کی تعریف کی ہے۔''والسابقون الاولون من المهاجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان..... الآية ''جب ہم طبقات صحابہ کی تقسیم کرکے دیکھیں تو اس میں مہاجرین، انصار اور تبعین نظر آئیں گے۔اور صحابی کی تعریف ان تینوں پر صادق آتی ہے۔مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد بھی ایک بڑی جماعت اسلام لے آئی وہ بھی اس آیت کے ضمن میں داخل ہیں۔قرآنی آیت''محمد رسول الله والذين معه اشداء على الكفار رحماء بينهم ''میں'' والذين معه ''، تمام صحابہ کرام کو شامل ہے۔دوسری آیت''رضی الله عنهم ورضوا عنه ''کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بخوبی جانتا ہے کہ وہ کس آدمی سے راضی ہے۔اصحاب نبی کو سند رضا عطا کردی۔اللہ تعالیٰ غیر اسلام پر مرنے والے اور دین سے مرتد ہونے والوں سے راضی نہیں، بلکہ یہ آیت کریمہ دلیل ہے کہ جن سے راضی ہوا یہ وہ لوگ تھے جو انتہائی مشکل حالات میں اسلام کو گلے لگایا اور ان کی وفات خیر وصحبت نبی کے ساتھ ہوئی۔

انہوں نے کہا کہ قرآن کی قیامت تک تلاوت کی جاتی رہے گی اور اس میں اصحاب نبی کی اللہ سے اور اللہ کی اصحاب نبی سے رضامندی کی سند اور محبت اصحاب نبی کی بات باقی رہے گی۔اللہ تعالیٰ بخوبی جانتا ہے کہ کون ان کی مخالفت کریگا۔اللہ نے صحابہ کرام کی کئی مقامات میں تعریف کی ہے اجمالا وتفصیلا۔احادیث نبویہ میں بھی اجمالا وتفصیلا ان کی عظمت اور مقام کو بیان کیا گیا ہے۔''لاتسبوا اصحابی والذی نفسی بیده لوانفق احدكم مثل احد ذهبا... الحديث ''اس کی واضح دلیل ہے۔یہ عام صحابہ کے تزکیہ کی اہم دلیل ہے۔بعض صحابہ کرام کے فضائل ومناقب کو خصوصی طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا۔مثلا بیعت رضوان میں شامل صحابہ، اللہ نے ان کے بارے میں فرمایا:لقد رضی الله عن المومنين اذ يبايعونك تحت الشجرة فعلم مافی قلوبهم فانزل السكينة عليهم ''۔امام حرم نے فرمایا کہ جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوا ان کی تنقیص کرنا کسی صورت میں ممکن نہیں ہے، نہ اپنے دل میں ان کے تعلق سے شک کا خیال لایا جائے اور نہ شک وشبہ کی نظر سے ان کو دیکھا جائے۔حدیثوں میں اہل بدر کی فضیلت خصوصی طور پر وارد ہے۔حدیث مشہور ہے:''وما يدريك لعل الله اطلع على اهل بدر ''پھر اللہ نے ارشاد فرمایا:''اعملوا ماشئتم انی قد غفرت لكم ''اسی طرح عشرہ مبشرہ خلفاء راشدہ کے بارے میں خصوصی طور پر فضیلتیں ومنقبتیں وارد ہیں۔صحابہ کے فضائل اجمالا وتفصیلا منقول ہیں۔

بہرحال ان میں کا کوئی مطلق رضا اور مطلق عدالت سے خارج نہیں ہوسکتا۔وہ عادل ہیں اور اللہ نے ان کے عادل ہونے کی شہادت دی اور نبی نے ان کو عادل قرار دیا۔امت اسلام کا ان کی عدالت پر اتفاق ہے۔اہل حق کا اتفاق ہے کہ وہ عادل وثقہ ہیں۔

امام مالک رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اصحاب نبی کی تنقیص کرتے ہیں اور ان کا ارادہ صحابہ نہیں ہوتے، بلکہ دین کی تنقیص، دین کو برا کہنا، اللہ اور اس کے رسول کی تنقیص کرنا مراد لیتے ہیں۔ان کو یہ بخوبی علم ہے کہ ان کے لیے اللہ، اس کے رسول اور اس کے دین کی تنقیص کرنا ممکن نہیں ہے اس لیے وسیلہ کی تنقیص کا سہارا لیتے ہیں جس وسیلہ سے دین ہم تک پہنچا ہے۔جب وہ اس وسیلہ کی تنقیص کریں اور اس میں طعن وتشنیع کریں تو ان کی تنقیص اور طعن وتشنیع کا دائرہ مقصود تک دراز ہوجاتا ہے۔اس کا وسیلہ اور اس کی غایت نادرست ہے۔چنانچہ نماز بغیر وضو درست نہیں ہے۔گرچہ وہ نماز کے سارے ارکان وواجبات بجالائے۔اسی طرح دین کا معاملہ ہے۔جب صحابہ کرام پر جرح کی جائے، ان کی طعن وتشنیع کی جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ دین میں طعن وتشنیع کی گئی اور اس پر ایمان نہیں ہے۔

امام حرم مکی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول''ان الله اطلع الى قلوب العباد ووجد النبی اطيبهم ....الاثر ''بیان کرتے ہوئے بتایا کہ صحابہ کرام نبی کے بعد خیر البشر تھے۔جو بھی ان کے طریقہ ومنہج سے ہٹا وہ بدعات کی راہ پر جاپڑا مثلا صحابہ کے سب وشتم کرنے والے خود گمراہ ہوئے۔وہ ہدایت یاب نہ تھے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے کہ جب یہود سے دریافت کیا گیا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ تمہارے پاس خیر الناس کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا: اصحاب موسیٰ۔ نصاریٰ سے دریافت کیا گیا کہ تمہارے پاس خیر الناس کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا: اصحاب عیسیٰ۔ بعض بدعتیوں جو اصحاب نبی پر نقد کرتے ہیں سے دریافت کیا گیا کہ تم میں سب سے برے لوگ کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا: اصحاب محمد۔

بھائیو! ہم اہل سنت والجماعت کا پختہ ایمان وعقیدہ ہے کہ اصحاب نبی انبیاء اور رسولوں کے بعد خیر الخلق ہیں۔ جو اس دائرہ سے نکل گیا وہ اجماع مسلمین اور ہمارے ایمان وعقیدہ سے نکل گیا۔

بعض اہل علم کا اس سلسلے میں اختلاف ہے کہ فرشتے افضل ہیں یا صحابہ کرامؓ؟ بہر حال انبیاء ورسل کے بعد افضل البشر اصحاب رسول ہی ہیں۔ خلفاء راشدین، عشرہ مبشرہ، اصحاب شجرہ، اہل بدر اور اسی طرح عام صحابہ سب کے سب عدول ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان کے زمرے میں داخل کرے، ہمیں اور آپ کو ہداۃ مہتدین بنائے، ضالین ومضلین نہ بنائے۔ داعی الی الدین بنائے، صحابہ سے محبت کرنے والا بنائے، ان کے نقوش کی پیروی کرنے والا بنائے۔

اس کانفرنس میں صرف عدالت صحابہ کے بارے میں ہی گفتگو نہیں ہوئی ہے بلکہ صحابہ کے بارے میں دو پہلوؤں سے بات ہوئی ہے۔ عدالت صحابہ اور ان کی اقتداء اور ان کے منہج پر گامزن ہونا۔ ارشاد باری تعالیٰ ”واتبعوھم باحسان“ بھی اسی کا متقاضی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں ان کی پیروی کرنے اور ان کے منہج وطریقہ پر چلنے والوں میں سے بنائے۔

امام حرم مکی نے اخیر میں لمبی دعا کی اور اس میں ہدایت، عافیت، نوازش طلب کی۔ شر اور برائی سے پناہ مانگا۔ ہندوستان اور عالم اسلام کے مسلمانوں کے لیے دعا فرمائی۔ احوال مسلمین کی درستگی اور ان کی شیرازہ بندی کے لیے دعا کی۔

ناظم عمومی **مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی** حفظہ اللہ نے سلیس اردو زبان میں امام حرم مکی حفظہ اللہ کا شکریہ ادا کیا اور امام حرم کے اس مہتم بالشان خطاب کے اردو ترجمہ کا اعلان کیا۔

اخیر میں ندوۃ العماء لکھنو کے نمائندہ **مولانا سید سلمان حسنی ندوی** نے اپنا تاثراتی خطاب پیش کرتے ہوئے کہا کہ محبت صحابہ اور عدالت صحابہ پر اہل سنت والجماعت کا اتفاق ہے۔ ان سب سے افضل ابوبکر، عمر، عثمان وعلی رضی اللہ عنہم تھے۔ اولاد حسن ہونے کی بنا پر میرا یہ بیان کرنا مناسب ہے کہ مملکت سعودی عرب کی جانب سے ہر محفل میں، منبر پر اور ہر پروگرام میں اس کی وضاحت ہوتی رہتی ہے کہ صحابہ کرام خیر خلق اللہ ہیں اور ابوبکر ان میں سب سے افضل ہیں۔ اسی طرح ترتیب وار درجات کے اعتبار سے جو اہل سنت والجماعت کے پاس معروف ہے۔

امام حرم مکی نے اس کے بعد نماز عشاء کی امامت فرمائی۔ نماز کے بعد ذمہ داران جمعیت نے ان کو الوداع کہا۔ پروگرام حسب معمول جاری رہا۔ **ڈاکٹر عبداللطیف کندی** جو ناظم اجلاس بھی تھے۔ انہوں نے امام حرم مکی کے خطبہ کا تفصیلی ترجمہ پیش کیا۔

اس موقع پر مولانا اقبال محمدی، کنوینر کانفرنس نے مرکزی جمعیت کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ان پر اعتماد کرتے ہوئے اتنی بڑی ذمہ داری سونپی نیز تمام ذمہ داران وکارکنان ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ہمارا ہر ممکن تعاون فرمایا۔

ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند امام حرم اور ان کے ہمراہ آئے وفد نے آخر میں حکومت کے ذمہ داران، پولیس انتظامیہ، ٹریفک، ایم سی ڈی، میڈیا، علماء کرام اور قرب وجوار اور دور دور سے آئے ہوئے لاکھوں شرکاء نیز صوبائی و دیگر ذیلی جمعیات، اراکین مجالس عاملہ وشوریٰ واستقبالیہ وابستگان جماعت کے ساتھ ساتھ دیگر سیاسی، سماجی وملی تنظیموں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس کانفرنس کی کامیابی کے لیے بھر پور تعاون پیش کیا۔

اس کے بعد پروگرام آخری مرحلے میں پہنچا اور فضیلۃ الشیخ خورشید عالم مدنی پٹنہ نائب امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار نے قرار دادیں پڑھ کر مجمع کو سنایا اور سامعین نے ان کو بغور سن کر تائید کی۔

☆☆☆


## مکتبہ ترجمان کی
### نصابی کتابیں

| | |
|---|---|
| چمن اسلام قاعدہ | 26/- |
| چمن اسلام اول | 20/- |
| چمن اسلام دوم | 26/- |
| چمن اسلام سوم | 26/- |
| چمن اسلام چہارم | 26/- |
| چمن اسلام پنجم | 35/- |
| چمن اسلام مکمل سیٹ | 146/- |




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرارداد

# اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

## ۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء جمعہ وسنیچر



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قرارداد کا متن

**اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے اختتام پر جو قرارداد پیش کی گئی اس کا متن اس طرح ہے:**

**دینی وسماجی امور:** ۱-اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ،مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالت صحابہ کرامؓ کے عنوان سے انعقاد کا خیر مقدم کرتی ہے۔اسے موجودہ حالات میں بروقت،ضروری اور اپنے مقصد میں کامیاب قرار دیتی ہے۔

۲-بلاشبہ صحابہ کرام کے حوالے سے ہمارا عقیدہ وہی ہے جو کتاب وسنت میں ہے اور جسے سلف صالحین اور ائمہ کرام نے اپنایا ہے۔صحابہ کرام انبیاء کے بعد افضل البشر ہیں۔ان صاف دل، پاکبازوں اور اللہ کے ولیوں کے خلاف زبان درازی کرنا ایمانی روح کے منافی ہے۔چنانچہ یہ کانفرنس عامۃ المسلمین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ شریعت میں مقررہ ضابطوں کے مطابق صحابہ کرام سے محبت رکھیں اور ان کا ادب کریں۔

۳-یہ کانفرنس امام حرم ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ، خادم حرمین شریفین، ولی عہد وزارۃ الشؤن الاسلامیہ اور سفارت خانہ سعودی عرب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے یہاں آکر دوروزہ کانفرنس کو زینت بخشی اور اسلام کے توحید،امن واخوت کا پیغام عام انسانوں کے سامنے پیش کیا۔

۴-آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ملک کے کونے کونے سے آئے ہوئے علمائے کرام، ادباء عظام اور ضلعی وصوبائی ذمہ داران جمعیت اہل حدیث سے گذارش کرتا ہے کہ وہ اپنے اپنے جلسوں، اجتماعات، خطبات جمعہ اور حلقہ ہائے دروس میں فضائل صحابہ واہل بیت اور عظمت صحابہ سے متعلق مختلف موضوعات پر روشنی ڈالتے رہیں تاکہ عوام وخواص صحابہ کرام اور ان کی دینی وانسانی خدمات سے واقف ہوسکیں اور مسائل کے گرداب میں پھنسی ہوئی اور مصائب وآلام سے سسکتی ہوئی انسانیت کو اسوۂ صحابہ سے حقیقی زندگی مل سکے۔نیز یہ کانفرنس ارباب مدارس سے اپیل کرتی ہے کہ اپنے نصاب تعلیم میں مناقب وفضائل صحابہ واہل بیت کے تحت آنے والے ابواب ضرور شامل کرلیں تاکہ صحابہ کرام ہماری نوجوان نسل کے لئے معیار ہدایت بن سکیں۔ اسی طرح یہ کانفرنس اہل قلم وصحافیوں سے اپیل کرتی ہے کہ ان موضوعات پر خصوصی تصانیف اور مخصوص کالمز لکھیں تاکہ صحابہ کرام کی زندگی کے روشن نقوش نکھر کر سامنے آئیں۔نیز یہ کانفرنس ان تنظیموں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے جو صحابہ کرام کی رفعت شان کے سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔

۵-اس کانفرنس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔اس لیے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لیے قرآن وحدیث کو صحابہ کرامؓ کی طرح اپنا آئیڈیل بنائیں۔

۶-یہ کانفرنس عالم انسانیت سے بالعموم اور مسلمانوں سے بالخصوص مؤدبانہ گذارش کرتی ہے کہ صحابۂ کرام کے طریقۂ عبادت کے مطابق توحید وسنت کے ساتھ اپنا معاملہ بہتر کرلیں اور صحابہ کرام کے اعمال کو خیر الناس قرنی کے پس منظر میں حرف آخر تصور کریں۔دین میں اپنی طرف سے عبادت کے نئے طریقے ایجاد نہ کریں، نہ محبت کے نام پر حقوق اللہ اور حقوق العباد میں خلط ملط کریں تاکہ دین اپنی اصل شکل میں محفوظ ومامون رہے۔

۷-یہ کانفرنس سماج میں پھیلی ہوئی مختلف قسم کی برائیوں پر اظہار تشویش کرتی ہے اور وہ محسوس کرتی ہے کہ ان برائیوں کا خاتمہ ہونا چاہئے اور ایک صالح معاشرے کا قیام عمل میں آنا چاہئے۔اس کے لئے ضروری ہے کہ ملی ودینی تنظیمیں اور جماعتیں اصلاح معاشرہ کی مہم شروع کریں اور صحابہ کرام کی تعلیمات اور اسوہ کی روشنی میں سماجی برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں۔

۸-یہ کانفرنس عام مسلمانوں سے گزارش کرتی ہے کہ صحابہ کرام کے پاکیزہ معاشرے کو رول ماڈل (Role Model) بناتے ہوئے اپنے معاشرے کو شراب، منشیات، جنسی بے راہ روی، لوٹ مار، چور بازاری، دھوکہ دہی اور ہر طرح کی مضر حرکات سے محفوظ رکھیں۔

۹-آج نوجوانوں میں پائی جانے والی مخرب اخلاق عادات کو دور کرنے کی شدید ضرورت ہے۔لہذا یہ کانفرنس دینی جماعتوں سے اپیل کرتی ہے کہ نوجوانوں کے اندر اسلام کی صحیح تعلیمات واخلاق کو پروان چڑھانے کی کوشش کریں۔

۱۰-یہ کانفرنس سپریم کورٹ کے اس فیصلے پر اظہار تشویش کرتی ہے جس میں بغیر شادی کے مرد وعورت کے ایک ساتھ رہنے اور زندگی گزارنے کو صحیح اور جائز ٹھہرایا گیا ہے۔اسے مذہبی اور سماجی نقطہ نظر سے کسی بھی طرح قبول نہیں کیا جاسکتا۔اسی کے ساتھ ساتھ یہ اجلاس ہم جنسی کو سماج کے لیے خطرناک قرار دیتے ہوئے حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس سلسلہ میں اخلاقی قدروں اور عوامی احساسات کا خیال کرتے ہوئے ہم جنسی تعلق پر قانون میں ترمیم کے ذریعہ روک لگائی جائے۔

۱۱-گھریلو تشدد ایکٹ (Domestic Violence Act) میں بھی موجود اسی قسم کی Live-in-Relationship کے جز پر بھی یہ کانفرنس تشویش ظاہر کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس ایکٹ سے اس حصہ کو خارج کرے۔

**ملی وقومی امور:**

۱۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ کانفرنس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتی ہے لیکن یہ کوٹہ آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔لہذا حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔

۱۳-یہ کانفرنس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی پرزور مذمت کرتی ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ ان مجرمانہ واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے مجرمین کو قرار واقعی سزا دی جائے اور کسی بھی طرح بے قصور اس کے شکار نہ ہوں اور محض شک کی بنیاد پر کسی بے قصور کو نہ ستایا جائے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۱۴- یہ کانفرنس حکومت ہند سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتی ہے۔اور کانفرنس کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا حوصلہ نہیں گرے گا بلکہ قانون وانصاف کی بالادستی ثابت ہوگی۔

۱۵- یہ کانفرنس ملک کے مختلف حصوں میں بے قصور مسلم نوجوانوں کی گاہے بگاہے گرفتاری پر اظہار تشویش کرتی ہے اور حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس سلسلے میں انصاف وغیر جانبداری سے کام لے اور ایک ایسے وقت میں جب کہ ہندوتو گروپ سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد نے اقبال جرم کرلیا ہے انہیں معاملوں میں بے قصور معصوم مسلمانوں کو جلد از جلد رہا کیا جائے اور برسوں سے بند بے قصور افراد کی رہائی کے بعد سماج میں ان کی عزت ووقار سے بحالی اور بازآبادکاری ہو اور انہیں مناسب اور معقول معاوضہ دیا جائے۔

۱۶- یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے، علاوہ ازیں متاثرین کی بازآبادکاری اور معقول معاوضہ کو یقینی بنائے۔

۱۷- یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو ریزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔

۱۸- یہ کانفرنس انگریزی وہندی ہفتہ وار انڈیا ٹوڈے میں شائع اس خبر کی بھرپور مذمت کرتی ہے جس میں جمعیت اہل حدیث پر دہشت گردی کے حوالے سے بے سروپا الزامات عائد کئے گئے ہیں۔اور مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی اس بیجا حرکت کے لیے معافی مانگے اور آئندہ اس طرح کی بے بنیاد خبریں شائع کرنے سے قطعی طور پر احتراز کرے۔اسی کے ساتھ ساتھ یہ کانفرنس میڈیا سے عمومی طور پر گذارش کرتی ہے کہ وہ اس تعلق سے خصوصی توجہ دے کیونکہ آزادی وطن کے لیے بیش بہا قربانیاں پیش کرنے والی تنظیم پر اس قسم کے الزامات قطعاً غیر مناسب اور غیر اخلاقی ہیں۔

۱۹- یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں، عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔

۲۰- یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات کو حذف نہیں کیا گیا تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہو جائیں گی۔

۲۱- یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔

۲۲- یہ کانفرنس حالیہ دنوں ملک کی پانچ ریاستوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام کے ان بہتر رجحانات کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ہے جن میں سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیداروں کو ووٹ حاصل ہوا ہے

### عالمی مسائل:

۲۳- مملکت سعودی عرب جو امن کا گہوارہ ہے، جو امن کے سلسلے میں مثالی مملکت ہے اور جس ارض مقدس میں حرمین شریفین ہے، یہ کانفرنس اس میں کسی طرح کی بدامنی پھیلانے کی کوشش اور دہشت گردی کے ارتکاب کی مذمت کرتی ہے اور اسی طرح خادم حرمین شریفین کے ذریعہ عالمی مکالمے کے انعقاد کو ساری انسانی برادری کے لئے خوش آئند گردانتی ہے اور اسے انسانی بھائی چارہ کے لئے اہم پیش رفت اور دہشت گردی کے خلاف مملکت سعودی عرب کی کامیاب کوششوں کا اہم حصہ قرار دیتی ہے۔نیز اس یقین کا اعادہ کرتی ہے کہ قرآن وسنت کی روشن تعلیمات پر مبنی اسلامی مملکت سعودی عرب انسانیت کی فلاح وبہبود کے کاموں اور دہشت گردی مخالف مہم کی قیادت کرسکتی ہے۔

۲۴- عراق اور افغانستان کئی دہائیوں سے عالمی سیاسی ڈپلومیٹک مہروں کی چالوں سے سخت پریشان ہیں۔انھیں کرب کے تمام حالات سے گذرنا پڑا اور اب بھی انھیں امن واطمینان نصیب نہیں ہے۔عدالت صحابہ کرامؓ کے تناظر میں ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس چاہتی ہے کہ عراقی اور افغان عوام کے زمینی حقائق ان کے مسائل کے حل میں بنیادی کردار ادا کریں اور ان پر سازشی سیاست نہ تھوپی جائے۔

۲۵- عالم اسلام کے سیاسی مسائل کو عالمی طاقتوں نے پیچیدہ بنا دیا ہے اور ان کے متعلق دوہرا کردار اپنایا جا رہا ہے اور ہر طرح سے خطہ خلیج کو لوٹنے ڈرانے اور دھمکانے کی کوشش کی جارہی ہے۔یہ کانفرنس عالمی طاقتوں کے اس رویے پر دکھ کا اظہار کرتی ہے اور چاہتی ہے کہ عدالت صحابہ کرامؓ کانفرنس کے حوالے سے یہ طاقتیں انسانیت، شرافت، انصاف اور اصلاح خلق کا پیغام قبول کریں اور منفی ڈپلومیسی وسیاست سے باز آجائیں۔

۲۶- اسرائیل کی جارحیت مصالحتی اٹھک بیٹھک کے سائے میں نقطۂ عروج کو پہنچ چکی ہے اور اس کی ساری گھناؤنی کاوشیں اس پر لگ گئی ہیں کہ وہ اسلامی مقدس مقامات کو تباہ وبرباد کردے، قبلہ اول کو ڈھادے اور فلسطینیوں کی نسل کشی کر ڈالے اور ان پر عرصۂ حیات تنگ کرے۔یہ کانفرنس اسرائیل کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور اس طرح اس کے مظالم میں ساتھ دینے والوں کے رویے پر تشویش کا اظہار کرتی ہے اور فلسطین سے ہمدردی رکھنے والوں کی ستائش کرتی ہے۔

۲۷- برصغیر کے خطے میں یہ کانفرنس امن وسکون کا ماحول دیکھنے کی متمنی ہے اور جارحیت کا رویہ اپنانے والے ہر فریق سے تفاہم اور تعاون کی اپیل کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ خطے کے عوام امن چاہتے ہیں اور امن کے ساتھ خوشحالی کو وابستہ سمجھتے ہیں اور اس سلسلے میں کسی بھی طرح کی مذاکراتی پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

۲۸- یہ کانفرنس مطالبہ کرتی ہے کہ مصر میں حسنی مبارک کی حکومت کے خاتمے کے بعد وہاں کی عوام کی خواہش کے مطابق بسہولت حکومت قائم کرنے کی راہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہموار کی جائے۔

۲۹-یہ کانفرنس حکومت شام کی جانب سے ملک میں جاری ظلم وبربریت کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ ملک میں خون خرابے کو فوری طور پر روکا جائے اور عوام کی مرضی کے مطابق اقتدار کی منتقلی کا راستہ ہموار ہونے دیا جائے۔

۳۰-بعض میڈیا نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جو معاندانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے اور آئے دن کوئی نہ کوئی شگوفہ چھوڑا جاتا ہے۔خصوصا مسلمانوں کو دہشت گردی سے جوڑنے کا سلسلہ جاری رکھا ہے، یہ کانفرنس اس کی سخت مذمت کرتے ہوئے حرف بحرف تردید کرتی ہے۔خصوصا مصلح امت شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب اور امام ابن تیمیہ کی دعوت کو بدنام کرنے کی سازش اور اسے دہشت گردی سے جوڑنے کی سخت مذمت کرتی ہے۔اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ایسی تمام ناروا کوششوں کو سخت ناپسند کرتی ہے اور پرنٹ والیکٹرانک دونوں میڈیا سے مطالبہ کرتی ہے کہ سنجیدہ اور باوقار رویہ اپنائیں۔سطحیت سے باز رہیں انصاف پسندی اور انسان دوستی کا ثبوت دیں۔

۳۱-یہ کانفرنس افغانستان میں ناٹو افواج کے ذریعہ قرآن کریم کی بے حرمتی کی سخت مذمت کرتی ہے اور قومی وبین الاقوامی سطح پر مطالبہ کرتی ہے کہ وہاں نیز دیگر مقامات پر اس رجحان پر قدغن لگانے کی موثر کوشش وکارروائی کی جائے۔

۳۲-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ کانفرنس محمد غالب یمانی،صدر، جامعات المفلحات حیدرآباد،مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری،ڈاکٹر جاوید الاعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتی ہے۔نیز دعا گو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔آمین

اس طرح اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس خیروخوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔اس کی کامیابی پر تمام اعیان جماعت جو کسی وجہ سے شریک کانفرنس نہیں ہو سکے لیکن ان کی دعائیں مسلسل آتی رہیں۔ان کا ہم اس رپورٹ کے ذریعہ شکریہ ادا کرتے ہیں اور تمام حاضرین، علماء ومعزز مہمانان گرامی مقالہ نگاران ومقررین کا بھی جنھوں نے اپنی شرکت سے ہماری حوصلہ افزائی ہی نہیں بلکہ کانفرنس کو عظیم الشان کامیابی سے ہمکنار کرانے اور تاریخ ساز بنانے میں ان کی نمایاں حصہ داریاں رہیں۔اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر سے نوازے اور جماعت وجمعیت کے لیے مخلص بنائے۔آمین

☆☆☆


مرکزی جمعیت اہل حدیث کی تازہ ترین پیش کش

**تاریخ ردقانیت اور خدمات اہل حدیث کے سلسلہ میں معلومات کا خزانہ**

ڈاکٹر بہاء الدین حفظہ اللہ کے قلم سے

**تحریک ختم نبوت (1 تا 22 جلدیں)**

**تاریخ اہل حدیث (1 تا 6 جلدیں)**

مکتبہ ترجمان کی مطبوعات پر 50% کی رعایت، مدارس، جامعات، مکتبات اور تاجران کتب درج ذیل پتہ سے طلب کریں۔

**ملنے کا پتہ**

**مکتبہ ترجمان**

اہل حدیث منزل، 4116، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی۔110006

فون: 011-23273407، فیکس: 011-23246613




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کانفرنس سے متعلق مشارکین کے عام تاثرات

**مولانا شہاب الدین مدنی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث مشرقی یوپی)**: یہ عدالت صحابہ کانفرنس یقیناً قابل مبارک باد ہے۔ ہمارے امیر محترم، فاضل گرامی ناظم عمومی اور دیگر ارباب مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند و کارکنان جمعیت کہ انہوں نے اس اعلی پیمانے پر یہ بزم سجائی ہے۔ اللہ رب العزت ان کی خدمات کو شرف قبول بخشے۔ ہماری، ان کی اور سب کی نیتوں کی اصلاح فرمائے اور اس کانفرنس کو کامیابی عطا فرمائے۔

**مولانا غلام رسول ملک (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں و کشمیر)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے بار بار اس طرح کے عظیم الشان کانفرنس منعقد کئے جا رہے ہیں اس کے لئے وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔

**ڈاکٹر سید عبد الحلیم صاحب (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار)**: ہمارے ناظم عمومی اور امیر محترم کی کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ توحید کا یہ قافلہ رواں دواں ہے۔ اس کی ایک کڑی جو آج ہے۔ اللہ تعالی سے دعا گو ہوں کہ وہ ان کی کوششوں کو قبول فرمائے اور ان سے مزید دین کی خدمتیں لیتا رہے۔

**مولانا ہارون سنابلی صاحب (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی یوپی)**: آج پورے ہندوستان کی جمعیتوں کا سر فخر سے اونچا ہوتا جا رہا ہے کہ آج پہلی بار مسجد نبوی کے امام مرکزی جمعیت کی دعوت پر تشریف لا رہے ہیں۔ اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا کہ امام حرم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر تشریف لائے ہوں۔ یہ پوری جماعت کیلئے، پوری ملت کیلئے، پوری انسانیت کیلئے اور پورے ہمارے اس ملک کیلئے فخر کی بات ہے۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی عرض کروں گا کہ ناظم عمومی حضرت مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے رات دن ایک کر کے ہمیں یہ فخر حاصل کرایا ہے۔

**مولانا عبداللہ سعود صاحب (ناظم اعلیٰ مرکزی دار العلوم سلفیہ بنارس)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران، اس کے کارکنان، علماء کرام اور اسلامی بھائیو! اس موقع پر میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر محترم، ناظم عمومی حضرت مولانا اصغر علی صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انھوں نے کوشش کر کے امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کو دعوت دی اور جمعیت کی دعوت پر وہ یہاں تشریف لا رہے ہیں۔

**مولانا شمس الحق فیضی صاحب (نمائندہ صوبائی جمعیت اہل حدیث جھار کھنڈ)**: محترم امیر مرکزی جمعیت، ناظم اعلی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دیگر زعماء جمعیت اور تشریف فرما پاسبان جمعیت اہل حدیث! میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا، اپنی طرف سے اور صوبائی جمعیت اہل حدیث جھارکھنڈ کی مجلس شوریٰ و مجلس عاملہ کی اور تمام احباب جمعیت کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے ۲۰۰۸ سے لیکر ۲۰۱۲ تک اسی میدان میں، رام لیلا گراونڈ میں مسلسل تین مرتبہ یہ صحابہ کرام کے موضوع پر دو مرتبہ اور ایک مرتبہ انسانیت کے نام پر کانفرنس منعقد کی یہ جمعیت اہل حدیث کی فعالیت کی علامت ہے۔ اس کو ایک اقدام کہا جا سکتا ہے۔ اس لئے میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کا دوسری مرتبہ شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**مولانا شمیم احمد ندوی صاحب (نیپال)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر محترم اور اس کانفرنس کے روح رواں اور اس اجلاس کے صدر، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کے ذمہ داران و کارکنان، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے مختلف صوبائی و ضلعی جمعیتوں کے ذمہ داران امراء و نظماء!

مرکزی جمعیت کے جواں سال ناظم عمومی نے بہت سی کوششیں کی ہیں جس کا ثبوت چند برسوں کے دوران عالمی پیمانے کی یہ کانفرنسیں ہیں۔ اس سے پہلے پاکوڑ کانفرنس جو بہت مقبول ہوئی الحمد للہ اسی طرح یہ جو ٹیم ورک کرتے ہیں وہ بہت زیادہ قابل ستائش و قابل تحسین ہے۔

**مولانا اقبال محمدی صاحب (مئو)**: ہمارے دور اندیش بہ بصیرت و اخلاق و عمل کے پیکر ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کی سعی مسعود اور شبانہ روز کاوشوں کا ثمرہ ہے کہ آج ہم امت مسلمہ کے قائد، شیدان کتاب و سنت کے دلوں کی دھڑکن اور بیت اللہ الحرام کے امام کے استقبال کا شرف حاصل کر رہے ہیں۔

**مولانا عبد السلام سلفی صاحب (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر محترم، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی فاضل گرامی مولانا اصغر علی امام



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مہدی حفظہم اللہ، جمعیت اہل حدیث کے تمام مرکزی اور اس کی اکائیوں کے ذمہ داران جماعت اہل حدیث کے نمائندہ شخصیات ،عزیز و بزرگو اور دوستو! جمعیت اہل حدیث کے تمام چھوٹے بڑے ممبر کیلئے ضروری ہے کہ ذمہ داران کی ان خدمات کو اور کوششوں کو دل کی گہرائیوں سے قبول کریں، انھیں مبارکباد دیں۔

موجودہ قیادت نے اپنے مرحلے میں جو گراں قدر کوششیں کی ہیں ان میں یہ کوشش نمایاں ہے اور یہ کوشش سنہرے حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے اس لئے میں انہیں باتوں پر اپنی بات ختم کرتا ہوں اور اخیر میں پھر مبارکباد دیتا ہوں اور دعاء کرتا ہوں کہ رب العالمین ہم اہل حدیثان ہند کیلئے اور تمام مسلمانوں کیلئے امام حرم کی تشریف آوری کو ہمارے لئے مبارک کرے اور اس طرح کی علمی شخصیات سے بار بار ہم استفادہ کریں اور ذمہ داران کو اس کی توفیق دے۔ آمین

**ڈاکٹر عبد الدیان انصاری صاحب (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث پنجاب)**: مبارکباد کے مستحق ہیں ہمارے امیر کی ڈائنمک رہنمائی ناظم عمومی جناب مولانا اصغر علی امام مہدی حفظہ اللہ، اسی کے ساتھ اقبال محمدی کا بھی شکرگزار ہوں اور ان کو مبارکباد دیتا ہوں اسی طرح ہمارے بزرگ مولانا شہاب الدین، میرے دوست ہارون سنابلی صاحب جتنے بھی اس اجلاس کے کارکنان ہیں مبارکباد کے مستحق ہیں۔

**مولانا شعیب میمن جوناگڑھی (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث گجرات)**: میں اپنی معروف جمعیت ہندوستان کے اہل حدیثوں کی مرکزی جمعیت کے اراکین بالخصوص ہمارے ہر دلعزیز ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند شیخ اصغر علی سلفی کا شکرگزار ہوں اور اراکین جمعیت کا شکرگزار ہوں کہ انھوں نے یہ تاریخی موقع ہندوستان کو فراہم کیا۔ رب العالمین اس کانفرنس کو صدفی صد کامیاب بنائے۔ رب العالمین اس کانفرنس کے مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

**مولانا سعید احمد بستوی (نائب امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی)**: میں مبارکباد دیتا ہوں اس کانفرنس کے ناظم عمومی اور ذمہ داران کو کہ انھوں نے اس قدر عظیم الشان کانفرنس منعقد کی ہیں۔

**مولانا عطاء الرحمٰن قاسمی**: میں شکرگزار ہوں مولانا اصغر علی امام مہدی صاحب کا کہ انھوں نے مجھے بھی اس طرح کی عظیم الشان کانفرنس میں کچھ بولنے کا موقع دیا۔

**ڈاکٹر جے کے جین (چیئر مین جین ٹی وی)**: مرکزی جمعیت کے جنرل سکریٹری جناب اصغر علی امام مہدی سلفی کا میں شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے یہاں آنے کا موقع دیا۔

**مولانا حمید اللہ سلفی (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی)**: سب سے پہلے میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ آج کے حساس اور پرفتن دور میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے ایک عظیم الشان موضوع پر ایک عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد کیا۔ میں اخیر میں پھر مبارکباد دیتا ہوں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کو کہ جنھوں نے اس کانفرنس کے ذریعہ صحابہ کرام کے مختلف پہلوؤں کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو سب کیلئے خیر و برکت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

**جناب سید اطہر دہلوی (صدر انجمن منہاج رسول دہلی)**: سب سے پہلے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند مبارکباد کی، تہنیت کی ستائش کی مستحق ہے کہ رام لیلا میدان میں مختلف موضوعات پر ہمیشہ کچھ نہ کچھ کانفرنسیں منعقد ہوتی رہتی ہیں لیکن آزاد ہندوستان کی تاریخ میں مرکزی جمعیت کو یہ فخر حاصل ہے کہ خصوصی طور پر میں اس کے ناظم عمومی کو تہنیت پیش کرتا ہوں کہ پہلی مرتبہ یہاں باجماعت نماز جمعہ امام کعبہ کی اقتداء میں ادا کیا۔ دوسری خصوصیت یہ ہے کہ صحابہ کرام کے عنوان پر کانفرنس کا عنوان رکھا جو کہ انسانوں میں انبیاء کے بعد سب سے افضل ہیں۔

**مولانا محمد ارشد مدنی (صدر جمعیۃ علماء ہند)**: فضیلۃ الشیخ مہمان محترم شیخ شریم اور ان کے ساتھ آیا ہوا سعودی عرب کا وفد اور مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ذمہ داران اور اس عظیم الشان کانفرنس میں شریک ہونے والے حضرات! میں جمعیت علماء ہند کے ایک خادم کی حیثیت سے عدالت صحابہ کے عنوان پر اس کانفرنس پر اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے اپنے دل کی گہرائی سے آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

**ڈاکٹر عبد اللطیف (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر)** میں اپنے قائدین جماعت کا شکرگذار ہوں کہ انہوں نے عدالت صحابہ جیسے عظیم عنوان پر عظیم الشان کانفرنس منعقد کر کے وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔

**عبد الرحیم مکی (آندھرا پردیش)**: محترم صدر اجلاس! معزز ذمہ داران مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، قابل قدر سامعین، عزیز بھائیو محترم بزرگو! قابل مبارکباد ہیں مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کہ انہوں نے عدالت صحابہ جیسے عظیم عنوان پر عظیم الشان کانفرنس منعقد کی اور ہم لوگوں کو شرکت کا موقع عنایت فرمایا۔

**خورشید احمد مدنی (بہار)**: دوراندیش بابصیرت، اخلاص



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وعمل کے پیکر ناظم عمومی حضرت مولانا اصغرعلی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ اکابرین علماء وعمائدین جماعت میرے بزرگو! بھائیو عزیزو! ہمیں بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ عدالت صحابہ کانفرنس میں ہم علمائے کرام سے ان کے قیمتی نصیحتوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع حاصل کر رہے ہیں۔

**مولانا انیس الرحمن اعظمی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث تمل ناڈو)**: میں اپنی جانب سے اور تمل ناڈو جمعیت اہل حدیث کی جانب سے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اس کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر الحمدللہ میدان بھرا ہوا تھا جہاں تک نگاہ جاتی تھی میں نے اس کو بھرا ہوا پایا جمعیت اہل حدیث کے جملہ ممبران کو میں دل کی گہرائی سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ جس مقصد کے لیے انہوں نے اس کانفرنس کو منعقد کیا ہے وہ مقصد پورا ہو جائے۔ سب کے شکریے کے ساتھ میں اپنی جگہ لیتا ہوں۔

**جناب الحاج وکیل پروز صاحب (ناگپور)**: آج کے اس عظیم الشان کانفرنس کے صدر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دہلی کے ذمہ داران یہ انتہائی خوشی کی بات ہے کہ آج تک کل ۳۱ مرتبہ اس طرح کی مجلس کا انعقاد کیا گیا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر امام حرم تشریف لا رہے ہیں میں منتظمہ کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے اتنا عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد کیا ہے اور دعا کرتا ہوں کہ مرکزی جمعیت الحدیث ہند کا سر یوں ہی ہمیشہ فخر سے بلند ہوتا رہے۔

**جناب عبدالرحمن خلجی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث راجستھان)**: جناب صدر اسٹیج پر تشریف فرما مہمانان کرام !اس طرح عظیم الشان کانفرنس کے انعقاد پر میں منتظمین کا شکر گذار ہوں اور تمام بھائیوں سے درخواست کرتا ہوں کہ ان کا پورا سہیوک کریں ان سے نہ الجھیں۔ اس سے قبل بھی عظمت صحابہ کے عنوان پر کانفرنس ہوئی تھی اور آج بھی عدالت صحابہ کے عنوان سے کانفرنس ہو رہی ہے جس میں ملک و بیرون ملک سے معزز مہمان شریک ہوئے ہیں امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ تشریف لا رہے ہیں یہ ہمارے لیے بہت بڑی خوشی کی بات ہے۔

**مولانا صفی احمد مدنی (امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث آندھرا پردیش)**: محترم عالی جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی صاحب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اور محترم اصغرعلی امام مہدی السلفی حفظہ اللہ ناظم عمومی مرکزی جمعیت الحدیث ہند اور ڈائس پر بیٹھے ہوئے ذمہ داران جمعیت اہل حدیث ہند اور رہبران قوم میرے محترم بھائیو اور بزرگو اور تمام حاضرین کرام یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داروں کی بالخصوص مولانا اصغرعلی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ کی جدوجہد اور کوشش سے یہ موقع فراہم ہوا ہے کہ ہم امام کعبہ سے ملاقات کا شرف حاصل کر رہے ہیں ماشاءاللہ ہماری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کی قیادت میں ان کی نظامت میں یہ کار خیر ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس دورے کو اس اجتماع کو قبول فرمائے اور کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

**عزت مآب جناب کپل سبل صاحب (مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند ایک ایسی سنستھا ہے ۱۹۰۶ء میں اس کا ادگھاٹن ہوا تھا سو سال سے پرانا اور اس کے ساتھ جڑے جو مہان لوگ تھے مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا عبدالمجید حریری، مولانا عبدالوہاب آروی، مولانا عبدالقیوم رحمانی اور حکیم عبدالصمد مراد آبادی جیسی عظیم شخصیات اس سنستھا سے جڑی ہوئی ہیں اور یہ سنستھا خاص طور سے تعلیم کے میدان میں بہت کام کرتا ہے انہی شبدوں کے ساتھ میں امام کعبہ کا سواگت کرتا ہوں اصغرعلی امام مہدی سلفی کا سواگت کرتا ہوں امیر جمعیت حافظ محمد یحییٰ دہلوی کا سواگت کرتا ہوں اور یہ کہوں گا کہ جو بیڑا آپ نے آتنگ وادی کے خلاف اٹھایا ہے جو آپ کے خیالات ہیں کہ آتنگ واد کا سامنا ہمیں مل جل کر کرنا پڑے گا اور جو فتوی آپ نے جاری کیا ہے میں ان کا بھی سواگت کرتا ہوں۔ نمسکار

**مولانا عبدالمجید مدنی (آندھرا پردیش)**: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر یہ کانفرنس منعقد ہوئی۔ قابل مبارکباد ہیں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کہ انہوں نے اس طرح عظیم الشان کانفرنس منعقد کی اور مجھے بھی مقالہ پڑھنے کا موقع دیا۔

**مولانا محمد علی مدنی صاحب (ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث بہار)**: اس اہم موضوع پر کانفرنس منعقد کر کے ہماری بابصیرت قیادت نے وقت کی ایک اہم ضرورت کی تکمیل کی ہے۔

**عزت مآب جناب محمد ادیب صاحب: (ممبر راجیہ سبھا)**: شیخ الحرم ہمارے مابین تشریف فرما ہیں مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ میں مولانا اصغرعلی امام مہدی کا کیسے شکریہ ادا کروں کہ انہوں نے اس موقع پر مجھے بھی کچھ بولنے کا موقع دیا۔ میں مولانا اصغرعلی امام مہدی کا بہت زیادہ شکر گذار ہوں کہ انہوں نے اس طرح کی عظیم الشان کانفرنس منعقد کی ہے۔

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



31 ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے

# جلسہ گاہ پر ایک نظر

ترتیب وپیشکش: ڈاکٹر رفیع اللہ مسعود تیمی

(۱) **اسٹیج**:۔ پروگرام میں اسٹیج کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ ادبی پروگراموں میں بھی اسٹیج کو ہمیشہ سے اہمیت حاصل رہی ہے اور بڑے بڑے شو اسٹیج کئے جاتے رہے ہیں۔ اس طرح خواہ دینی پروگرام ہو یا سیاسی، ادبی ہو یا نمائشی پروگرام، اس کے لیے ایک پروقار اسٹیج ہوا کرتا ہے اور ہر ایک کی نگاہ اسی اسٹیج پر ٹکی ہوئی ہوتی ہے اور سارے سامعین بھی اسی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں بھی ایک 100x100 میٹر کا اسٹیج تیار کیا گیا تھا۔ اسٹیج پر کارپیٹ بچھا ہوا تھا اور پورے رام لیلا گراونڈ میں بھی کارپیٹ بچھائے گئے تھے۔ اسٹیج پر دونوں جانب کرسیاں لگی ہوئی تھیں، مغربی جانب سے داخلہ کا نظم تھا۔ اسٹیج سے متصل مغربی حصہ میں ایک نشست گاہ بنائی گئی تھی جو میڈیا والے اور مختلف محکمہ جات کے اہم افراد سے ملاقات اور گفتگو کے لئے خاص تھی اور ناظم عمومی سے میڈیا والے بھی اسی میں انٹرویو لیا کرتے تھے۔ اس کے بازو میں فائر بریگیڈ کا انتظام تھا اور اسٹیج کے پیچھے جنوبی حصہ میں میڈیا سیل سے منسلک حضرات کے کھانے کا بھی بندوبست کیا گیا تھا۔

(۲) **پنڈال**:۔ رام لیلا گراؤنڈ کا پنڈال بڑا خوبصورت بنایا گیا تھا۔ سامعین کے بیٹھنے کیلئے گراؤنڈ کو ٹینٹ سے کورڈ کیا گیا تھا۔ چونکہ کانفرنس دوروزہ تھی اور دو دنوں تک بڑی تعداد کے لیے قیام وطعام اور دوسری بنیادی سہولتوں کے لیے پورے رام لیلا گراؤنڈ کو ٹینٹ سے کورڈ کیا گیا تھا اور کارپیٹ بچھائے گئے تھے۔ کل کورا ایریا چار لاکھ ۵۷ ہزار مربع فٹ پر مشتمل تھا۔

(۳) **بیت الخلا**:۔ یہ ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے۔ دو دنوں تک قیام کا جب انتظام کیا گیا تو یہ یقینی بات تھی کہ انسان بیت الخلاء کی ضرورت کو بھی شدت سے محسوس کرے گا اس لئے تقریباً ساڑھے چار سو سے زائد ٹوائلٹ بنائے گئے تھے، ہر ایک میں سیٹیں نصب کی گئیں تھیں اور اینٹوں سے فرش بنایا گیا تھا۔ اس کو پلائی کی لکڑیوں سے گھیر کر گھر نما بنا دیا گیا تھا اور دروازے پر پلاسٹک لٹکایا گیا تھا۔ اس میں پانی لے جانے کے لئے ہزاروں کی تعداد میں لوٹوں کا انتظام کیا گیا تھا اور یہ پانی کے ضیاع سے بچنے کے لئے تھا۔ بیت الخلاء کی گندگی کی نکاسی کے لئے سیور اور نالیوں کا بہترین بندوبست تھا اس لئے ٹوائلٹ کی گندگی سے بھرنے یا خراب ہونے کا اندیشہ معدوم رہا اور لوگوں کی ضرورت آسانی کے ساتھ پوری ہوتی رہی۔

۴۔ **اسٹال**: رام لیلا گراونڈ میں مشرقی جانب سے داخل ہوتے ہی بازو میں دفتر استقبالیہ اور دفتر ٹوکن برائے طعام قائم تھا اور اس کے بازو میں کافی طویل حصہ میں اسٹال کے لئے جگہیں خاص تھیں۔ سب سے پہلے "مکتبہ ترجمان" اور اس کے مقابل مکتبہ دارالسلام دہلی، مکتبہ الفہیم، الکتاب انٹرنیشنل اور دارالتوعیہ وغیرہ کے اسٹال تھے۔ بک اسٹال کے ساتھ ساتھ بہت سارے اسٹیشنری سامانوں کی دکانیں بھی موجود تھیں۔

۵۔ **اسکرین اور ٹی وی پلازما**: پنڈال کے باہر بڑے بڑے متعدد اسکرین بھی لگائے گئے تھے۔ تاکہ باہری حصوں میں بھی چلتے پھرتے ہوئے لوگوں کو رام لیلا گراؤنڈ میں ہو رہے پروگرام دکھائی دیں۔ ہال کے اندر ٹی وی پلازما بھی لگائے گئے تھے تاکہ جو لوگ اسٹیج سے دور ہیں وہ بھی اسٹیج کے منظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھ سکیں اور تقریروں کو سن سکیں۔ اس طرح یہ پوری کوشش کی گئی تھی کہ لوگوں میں وقار و سکینت بحال رہے اور اپنی اپنی جگہوں سے ہی پروگرام دیکھ اور سن سکیں اور اس سلسلے میں بڑی کامیابی نصیب ہوئی۔

۶۔ **لائٹنگ**: روشنی کے لئے محکمہ توانائی سے پچاس کلوواٹ بجلی سپلائی کو یقینی بنایا گیا تھا اور اس کے لئے لگ بھگ تیس ہزار روپے کا صرفہ آیا تھا۔ اور ایمرجنسی حالات کے لئے ۱۲۵ کلوواٹ کے تین جنریٹروں کا بھی انتظام کیا گیا تھا تاکہ بجلی جانے کی صورت میں پروگرام متاثر نہ ہو سکے، الحمدللہ کانفرنس کے کسی بھی مرحلہ میں بجلی کی کمی کا احساس نہیں ہوا۔

۷۔ **پانی کا نظم**: واٹر سپلائی کے لئے اجتماع گاہ میں بھی سات بورنگ لگائے گئے جس کا فائدہ یہ ہوا کہ پانی کی کمی محسوس نہیں کی گئی۔ یہ پانی نہ صرف نہانے دھونے کے لائق تھا بلکہ اتنا صاف تھا کہ پینے کے بھی قابل تھا۔ تیس ہزار بوتل اور پچاس ہزار پاؤچ اس کے علاوہ تھے۔ اگر کسی مرحلہ میں پینے کے پانی کی کمی ہوئی تو فوراً اس پر قابو پا لیا گیا اس طرح رام لیلا گراؤنڈ کے جنوبی حصہ میں پانی کے کئی ٹینک بھی لگے ہوئے تھے اور لمبے پائپوں میں نلکیاں بھی تھیں جن سے وضو کرنے اور پینے کا بھی کام لیا جاتا تھا اور لوگوں کے لئے حمام کا بھی بندوبست تھا اور دو دنوں میں کبھی پانی کے ختم ہونے کی شکایت موصول نہ ہوئی گویا اس کانفرنس میں بھی پانی کا نظم بہت عمدہ رہا۔

۸۔ **کھانے کا نظم**: کھانے کی فراہمی کے لئے جماعت کے جناب عبد



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الحسن صاحب کی خدمات حاصل کی گئیں۔ کسی طرح کی افراتفری سے بچنے کے لئے مبلغ ۳۰؍روپے کا ٹوکن سسٹم لاگو کیا گیا، کم لاگت میں چکن بریانی اور چکن قورمہ شرکاء کانفرنس نے خوب پسند کیا۔ خدا کا شکر ہے کہ کسی بھی مرحلہ میں کھانے کی کمی نہیں ہوئی۔ اس کے علاوہ بھی چاٹ مسالہ، حلیم، بریانی، چھولے، بھٹورے والوں کا بھی کارنر تھا جہاں شرکاء اپنے من پسند کی چیزیں بہ قیمت ہی سہی کھا لیا کرتے تھے۔

واضح رہے کہ اہم مہمانوں اور میڈیا والوں کے لئے الگ سے بھی کھانے اور ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔

**۹- صوبائی جمعیات کے ذمہ داران، اراکین مجلس عاملہ وشوریٰ، مقالہ نگاران ومقررین کے لیے مخصوص رہائش:** صوبائی جمعیات اہل حدیث کے لئے مرکزی جمعیت نے مخصوص رہائش کا انتظام کیا تھا۔ اراکین مجلس عاملہ وشوری کی رہائش کے لئے کئی ہوٹلوں میں انتظام کیا تھا اور مقررین ومقالہ نگاران اور دیگر معزز مہمانوں کے لئے بھی کئی ہوٹلوں میں رہائش کا بندوبست تھا۔ جب کہ عام لوگوں کے لئے رام لیلا گراؤنڈ میں بھی انتظام تھا، ہر اسٹیٹ کے لئے الگ الگ ہال بنائے گئے تھے اوران پر بورڈ بھی آویزاں کئے گئے تھے۔

جن ہوٹلوں میں ان کی رہائش کا نظم تھا ان میں بابے اور ینٹ، رضا گیسٹ ہاؤس، سلام ہوٹل، ڈی رومانہ ہوٹل، الحرم ریسٹورنٹ، السلام ہوٹل، بلیو ڈائمنڈ، راجدوت اور دریا گنج کے کئی ہوٹلیں بھی شامل تھے۔ اس کے علاوہ مرکزی جمعیت کا دفتر اور اوکھلا میں واقع وسیع وعریض اہل حدیث کمپلیکس کے اندر بھی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا۔

**۱۰- صوبائی جمعیات کے الگ دفاتر:** مختلف کمیٹیوں کے کنوینرس اور صوبائی جمعیات کے ذمہ داران کی ایک میٹنگ میں پاس کردہ ایک تجویز کے مطابق ہر صوبائی جمعیت کے لئے رام لیلا گراؤنڈ میں آفس کے لئے جگہیں الاٹ کی گئیں تھیں کہ اگر وہ چاہیں تو اپنا دفتر کھول سکیں۔۔ چنانچہ ان کے لئے الگ الگ اسٹال بھی مختص کئے گئے تھے۔

**۱۱- مائک سسٹم اور آڈیو وویڈیو گرافی:** پروگرام میں مکمل اطمینان وسکون کو بحال رکھنے کے لئے مائک سسٹم کو بہت عمدہ رکھا گیا تھا اور ہر ممکن کوشش کی گئی تھی کہ سامعین کو مقررین سے استفادے میں دقت محسوس نہ ہو۔

**۱۲- میڈیا والوں کے لیے ایک مخصوص چبوترہ اور گرین ہال:** صحافیوں اور اخباری رپورٹروں کے لیے ایک مخصوص جگہ اسٹیج کے بائیں جانب مختص تھی اور اس میں کرسیاں بچھی ہوئی تھیں، فوٹو گرافروں کے لیے اسٹیج کے ٹھیک دائیں جانب ایک چبوترہ بنا ہوا تھا جہاں سے ہر اخبار کے فوٹو گرافر وویڈیو گرافر کانفرنس کے پروگرام کو بآسانی اپنے کیمرے میں قید کیا کرتے تھے۔

☆☆☆


# اهل حديث ريليف فنڈ

کشمیر کے سیلاب زدگان کے لیے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی

**همدردانه اپیل**

کشمیر اور ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب کی وجہ سے لاکھوں افراد اپنا گھر بار چھوڑ کر عارضی کیمپوں میں پناہ گزیں ہیں جن کی مدد کرنا ہمارا دینی، ملی، وانسانی فریضہ ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اپنی قدیم تاریخی روایت کے مطابق بے گھر اور اجڑے ہوئے افراد کے لیے ریلیف وراحت کا کام کررہی ہے۔

تمام اصحاب خیر اور صاحب ثروت حضرات سے اپیل ہے کہ حسب استطاعت سیلاب زدگان اور انتہائی مصیبت میں پھنسے لوگوں کی اعانت میں حصہ لے کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہوں۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اپنی تمام ذیلی شاخوں سے بھی اپیل کرتی ہے کہ خصوصی توجہ فرمائیں۔

نوٹ: چیک اور ڈرافٹ مندرجہ ذیل کے نام ہی بنوائیں۔ اور بھیجی ہوئی رقم کی مدات کی وضاحت فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا

Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind,

A/c 629201058685, ICICI Bank (Chandni Chowk Branch.RTGS/NEFT IFSC Code-ICICI0006292

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند 4116، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی۔۶

Ph. 23273407, Fax No. 23246613

**اپیل کنندگان**

اراکین مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اراکین مجلس استقبالیہ
# عدالت صحابہ کانفرنس

- ممبئی
- دہلی
- مغربی یوپی
- مشرقی یوپی
- بہار
- جھارکھنڈ
- اڈیشہ
- مغربی بنگال
- پنجاب
- ہریانہ
- مدھیہ پردیش
- چھتیس گڑھ
- مہاراشٹر
- کرناٹک وگوا
- آندھراپردیش
- تامل ناڈو وپانڈیچری
- کیرالا
- کشمیر
- راجستھان
- آسام
- گجرات
- انڈمان نیکوبار
- تلنگانہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اراکین مجلس استقبالیہ

## عدالت صحابہ رضی اللہ عنہم کانفرنس

**ممبئی:** مولانا عبدالسلام سلفی صاحب، مولانا سعید احمد بستوی صاحب، ڈاکٹر عبدالمبین خان صاحب، صفی اللہ صاحب شوز مرچنٹ، مولانا محمد الطاف فیضی صاحب، مولانا عبدالجلیل مکی صاحب، ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب مدنی، قاری نجم الحسن فیضی صاحب، مولانا عبدالحق قاسمی صاحب، مولانا محمد امین ریاضی صاحب، عبدالوہاب صاحب تاشقند، مولانا منظر احسن صاحب سلفی، بدر عالم شیخ صاحب، عبدالحمید خان صاحب، مولانا جمیل احمد سلفی صاحب، ارشد مختار صاحب، مولانا مطیع الحق سلفی صاحب، جناب عبدالقیوم لکڑا والا صاحب، مولانا عبدالودود صدیقی صاحب، مولانا عبدالحکیم مدنی صاحب، مولانا محفوظ سلفی صاحب، جناب مختار احمد صاحب، محمد حسن صاحب لوہاوالے، امت رسول صاحب، مولانا محمود احمد فیضی صاحب، مقصود احمد سین صاحب، جناب عبداللہ اسٹیل والے صاحب، مولانا حمید اللہ سلفی صاحب، حاجی جمیل احمد صاحب ممبرا، ماسٹر سمیع اللہ صاحب، فخر الحسن صاحب ، جناب سحر اللہ صاحب، مولانا جلال الدین فیضی صاحب، محمد اسماعیل صاحب لکڑاوالا، مولوی عبدالصمد صاحب، حاجی قمر اللہ صاحب، شاہ جہاں صاحب داروخانہ، ذوالنون جلال صاحب، مرسلین جلال صاحب، انصاف الرحمٰن صاحب، محمد خان صاحب، مولانا محمد انور صاحب یوسفی، عبدالمنان صاحب داروخانہ، مسعود احمد فقیہہ صاحب، محمد یعقوب صاحب پلاسٹک والے، عبدالعزیز خان صاحب، عبدالکریم صاحب سائن، ارشد خان صاحب ممبرا، محمد حسن صاحب، ڈاکٹر محدث خطیب صاحب، محمد علی خطیب صاحب، مولانا رفیق اجمل صاحب، مولانا عبدالمعید پھولپوری صاحب، مولانا حکیم اللہ محمدی صاحب، مولانا عبدالصمد سلفی صاحب، مولانا محمد شفیق سلفی صاحب، حاجی شریف حسن صاحب، حاجی محمد فاروق صاحب، حاجی محمود الحسن صاحب، مولانا عبدالحق لیثی صاحب، مولانا محفوظ الرحمٰن سراجی صاحب، جلال احمد صاحب، مولانا اکرم مختار صاحب، اسلم مختار صاحب، خالد سیف اللہ صاحب وغیرہم۔

**دہلی:** حافظ ذکی باڑی صاحب، پروفیسر یوسف صاحب تیزاب والے، مولانا عبدالقدوس ابن احمد نقوی صاحب، عبدالمنان بستوی صاحب، خواجہ قطب الدین مونس صاحب، حافظ نور الٰہی صاحب، نواب الٰہی صاحب، مطیع الرحمٰن صاحب ریٹائرڈ فوجی افسر، عبدالحنان چاندنہ صاحب، مولانا عبدالتواب مدنی صاحب، مولانا رضاء اللہ مدنی صاحب، حافظ شکیل احمد صاحب میرٹھی، مولانا محمود الحسن فیضی صاحب، ڈاکٹر محمد یحیٰ، محمد محسن صاحب، مولانا عزیز عمر سلفی صاحب، مولانا عبدالواجد فیضی، حافظ محمد یوسف صاحب بٹلہ ہاؤس، مولانا رفیق احمد سلفی صاحب، مولانا جمیل احمد صاحب مدنی، جناب بختاور سلطان صاحب، حافظ یونس صاحب، پروفیسر عبدالودود اظہر صاحب، مولانا عبدالستار سلفی صاحب، شیخ عطاء الرحمٰن مدنی صاحب، ڈاکٹر افضال الرحمٰن صاحب، شوکت سلیم صاحب، مولانا عبدالأحد مدنی صاحب، مولانا علی اختر مکی صاحب، مولانا عزیز احمد مدنی صاحب، انور ذکی صاحب، ڈاکٹر ابوالحیات اشرف صاحب، بھائی رفیع احمد صاحب موٹر والے، حاجی عبدالحق صاحب حوض رانی، مولانا عبدالکریم سلفی صاحب، اسلم بابر صاحب، محمد لقمان صاحب کھجوری، مولانا محمد امتیاز تیمی صاحب، مولانا اعجاز عالم تیمی صاحب، جناب عبدالقدوس صدیقی صاحب، انجینئر امان اللہ صاحب، پروفیسر شمس الحق عثمانی صاحب، ڈاکٹر جنید حارث صاحب، ڈاکٹر فوزان احمد صاحب، ڈاکٹر عبدالماجد قاضی صاحب، ڈاکٹر ولی اختر صاحب، ڈاکٹر سہراب صاحب، مولانا قدرت اللہ سلفی صاحب، عبدالحئی صاحب، ڈاکٹر نعیم الحسن صاحب، حاجی عرفان صاحب بیری والا باغ، جناب اقبال انصاری صاحب کشن گنج، مولانا نور الہدی مدنی صاحب، ڈاکٹر اظہر صاحب، ڈاکٹر عبدالظاہر صاحب، عامر عبدالرشید ازہری صاحب، جناب ڈاکٹر اکمل صاحب، ڈاکٹر امتیاز احمد صاحب، ڈاکٹر پرویز احمد صاحب، مولانا قمر الزماں سلفی صاحب، ڈاکٹر محمد قاسم صاحب، عشرت جلال صاحب، مظہر الدین خاں صاحب، کوثر معبودی صاحب، تنویر احمد خان صاحب، شہاب الدین صاحب، ارشاد احمد صاحب ، فیروز عطاء صاحب، مولانا یار محمد صاحب، عبدالحق صاحب، مطیع الرحمٰن صاحب، تجمل حسین صاحب، مولانا عبدالواجد سلفی صاحب، مولانا مسعود احمد انواری صاحب، عرفان شاکر صاحب، محمد فیض صاحب، سید رحمت علی صاحب، مولانا امجد علی صاحب، مولانا محمد ذاکر فیضی صاحب، ڈاکٹر نصیر الدین صاحب، قمر الدین خان صاحب، جناب اسلم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

عدالت صحابہ قرآن وسنت اور خودان کی سیرت کی روشنی میں

(۲) مولانا نورالاسلام سلفی

صحابہ کرام محسن انسانیت

(۳) مولانا شکیل احمد اثری

صحابہ کرام اور فروغ معاشرت

(۴) ڈاکٹر عبدالرحمن اللیثی

صحابہ کرام کا شعور اجتماعیت

(۵) مولانا رفیق احمد سلفی

الصحابہ کلہم عدول-معنی ومفہوم

(۶) ڈاکٹر اقبال احمد مدنی

عدالت صحابہ اقوال سلف کی روشنی میں

(۷) ڈاکٹر سعید احمد مدنی

عدالت صحابہ کا انکار-ایک شرعی جرم

(۸) مولانا مطیع اللہ مدنی

عدالت صحابہ قرآن وسنت کی روشنی میں

(۹) مولانا عبدالمبین ندوی

صحابہ کرام کا منہج فکر وفہم

(۱۰) مولانا خورشید احمد سلفی

(۱۱) مولانا ازہر عبدالرحمن مبارکپوری

صحابہ کی تنقیص اور محدثین کا موقف

(۱۲) مولانا احمد مجتبیٰ سلفی

صحابہ کی تنقیص کے مظاہر

(۱۳) مولانا رفیق احمد رئیس سلفی

صحابہ کی تنقیص کے مظاہر موجودہ دور میں

(۱۴) مولانا عبدالحکیم عبدالمعبود مدنی

حضرت ابوہریرہ اور منکرین حدیث

(۱۵) مولانا محمد اسماعیل اثری

اہلبیت کون؟

**سمینار: 3/مارچ 2012 یوم ہفتہ**

**پہلی نشست: 10 تا 1 بجے**

**صدارت:** پروفیسر عبداللطیف حیدری صاحب

**نظامت:** انعام الحق مدنی صاحب

**مقالہ نگار حضرات**

**مقالات**

(۱) ڈاکٹر رحمت اللہ سلفی

السابقون الاولون

(۲) مولانا عبدالمعین مدنی

انصار کی فضیلت

(۳) مولانا محمد ناظم سلفی

صحابہ کرام اور اتباع سنت

(۴) مولانا وصی اللہ مدنی

صحابہ کرام اور تحفظ حقوق اطفال

(۵) مولانا مسعود اختر سلفی

(۶) مولانا سعید الرحمن سنابلی

اصحاب حدیبیہ کی فضیلت

(۷) مولانا محفوظ الرحمن فیضی

صحابہ کرام اور اقتصادی اصلاحات

(۸) مولانا انصار زبیر محمدی

صحابہ کرام نبی کے وفادار

(۹) مولانا ابوانس راحت اللہ فاروقی

مفسر صحابہ رضی اللہ عنہم

(۱۰) مولانا محمد صہیب السلفی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عدالت صحابہ رضی اللہ عنہم

**سمینار: 3/مارچ 2012 یوم ھفتہ**

**دوسری نشست: عصر تا مغرب**

**صدارت:** ڈاکٹر رحمت اللہ سلفی

**نظامت:** مولانا سعود اختر سلفی

**مقالہ نگار حضرات**

**مقالات**

(۱) مولانا انیس الرحمٰن عمری

صحابہ کرام اور فروغ انسانیت

(۲) مولانا محمد اسلم مدنی

صحابہ کرام اور قرآن کریم

(۳) مولانا محمد نسیم مدنی

صحابہ کرام اور حدیث رسول

(۴) مولانا عبدالشکور مدنی

صحابہ کرام کی دینی بصیرت

(۵) مولانا عبدالرحیم فیضی

صحابہ کرام کا جذبۂ اخوت

(۶) مولانا حمید اللہ ندوی

صحابہ کرام اور فروغ علم

(۷) مولانا محمد طیب مدنی

حضرت ابوبکر صدیق-ایک عبقری شخصیت

(۸) مولانا محمد دین سلفی

دعوت اسلامی کے فروغ میں سیدہ عائشہ کا کردار

(۹) مولانا مختار احمد مدنی

صحابہ کرام اور خدمت خلق

ان کے علاوہ درج ذیل حضرات کے مقالے پندرہ روزہ ترجمان کے مختلف شمارے میں شائع کئے گئے۔

کرامات صحابہ کرام

مولانا خورشید احمد سلفی، جامعہ سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال

عدالت صحابہ-ایک مطالعہ

عزیز احمد کتاب اللہ سلفی، ڈومریا گنج

مقام صحابہ اور فتنۂ قادیانیت

عبید اللہ لطیف، فیصل آباد

صحابہ کرام کی فضیلت (قرآن وحدیث کی روشنی میں)

عبدالباری شفیق سلفی ممبئی

صحابہ کرام اور فروغ وسائل انسانی

مولانا خورشید عالم مدنی، پھلواری شریف، پٹنہ

صحابہ کرام کتب رجال میں

مولانا محمد یوسف حافظ ابوطلحہ مدنی

صحابہ کرام اور فروغِ معاشرت

مولانا عبدالوہاب حجازی، استاذ جامعہ سلفیہ بنارس

عدالتِ صحابہ معنیٰ، مفہوم اور تقاضے

آصف تنویر تیمی، جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

حضرت علی کی فضیلت

ڈاکٹر سید عبدالعزیز سلفی دربھنگہ

صحابہ کرام اور حقوقِ انسانی

شیخ خورشید عالم مدنی، پٹنہ

☆☆☆

**قارئین جریدہ ترجمان توجہ فرمائیں:**

جریدہ ترجمان کے تمام موقر قارئین کو یہ اطلاع دی جارہی ہے کہ یہ اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس عدالت صحابہ کا خصوصی شمارہ ہے اس میں دو شمارے، شمارہ نمبر۲۳ اور ۲۴ یعنی یکم تا ۱۵/دسمبر اور ۱۶ تا ۳۱/دسمبر ۲۰۱۵ء شامل ہیں۔اس لیے قارئین کرام سے گذارش ہے کہ شمارہ نمبر۲۳ طلب کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 31ویں آل انڈیا عدالت صحابہ

# کانفرنس کی ابتدائی

# تیاریاں کب اور کیسے؟



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# دفتری سرگرمیوں کی ایک مختصر رپورٹ

محمد احمد سلفی

**مجلس اداری کی نشستیں:**

مجلس اداری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دستوری مجلس ہے۔جس میں موقر عاملہ وشوریٰ کے فیصلوں کی تنفیذ کے سلسلے میں غور وخوض کیا جاتا ہے۔اور عملی تدبیر کی جاتی ہے۔مجالس عاملہ وشوریٰ میں اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی تجویز کی منظوری کے بعد سے ہی معمول کی میٹنگوں کے علاوہ متعدد نشستیں منعقد ہوئیں اور کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے سلسلے میں لائحہ عمل تیار ہوتا رہا اور کاموں کو آخری شکل دیا جاتا رہا، تا آنکہ اللہ کی توفیق سے یہ کانفرنس بحسن وخوبی اختتام تک پہنچی۔

**محکمہ جاتی امور:**

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے اجلاس مجلس عاملہ میں جب یہ طے پا گیا کہ اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس دہلی میں منعقد ہوگی تو "رام لیلا گراؤنڈ" کو ان تاریخوں میں ریزرو کرانے کی فکرمندی بڑھ گئی۔ یہ گراؤنڈ ہر اعتبار سے مناسب اس لیے ہے کہ ریلوے اسٹیشن اور بس اسٹیشنوں سے قریب ہے۔ یہ وسیع میدان چاروں طرف سے آہنی دیواروں سے محیط ہے جس کی وجہ سے سیکورٹی انتظامات میں بڑی سہولت ہوجاتی ہے۔ مرکزی جمعیت کا دفتر بھی اس میدان سے کافی قریب ہے۔ چنانچہ کہ مرکزی جمعیت کی اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے لیے ذمہ داران کی تگ ودو شروع ہوئی۔ ایم سی ڈی کے انڈر میں یہ میدان بڑی اہمیت کا حامل اس وجہ سے بھی ہے کہ یہاں موسمی پروگراموں کے علاوہ ہندوؤں کے اہم مذہبی اجلاس اور سیاسی ریلیاں بھی اسی میں منعقد ہوتی ہیں۔ ایم سی ڈی کے افسران نے اولین وہلہ میں ۲اور۳ مارچ کو انعقاد کانفرنس کی اجازت دیدی۔ اجازت ملتے ہی کانفرنس کی تیاریوں میں تیزی آگئی۔ عزم وحوصلہ جواں ہوا۔ ایم سی ڈی کے کنفرمیشن کے بعد ذمہ داران نے چین کی سانس لی اور دھیمی گتی سے چلنے والے کاموں میں تیزی آگئی۔ پھر معاملہ پولیس محکمہ کے سامنے آیا کہ ان سے اجازت طلب کی جائے تاکہ ان تاریخوں میں سیکورٹی کے مسائل آسان ہوجائیں انہوں نے تمام مقررین اور مہمانوں کی فہرست دیکھنے اور تبادلہ خیال کے بعد انعقاد کانفرنس کی اجازت دی اور سیکورٹی فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔ چنانچہ پولیس افسران اور دہلی کے متعدد اہم پولیس اسٹیشنوں کے ذمہ داران کے نام خطوط لکھ کر ان کے دفتر پہنچائے گئے اور ان سے بحالی امن کے قیام میں معاونت کی درخواست کی گئی۔ الحمد للہ جو محکمہ جاتی امور بہت پیچیدہ نظر آ رہے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو آسان بنادیا اور کانفرنس کے انعقاد کا راستہ صاف ہوگیا۔

**بینرس واشتہارات کی تیاریاں:**

اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے لیے ہر طرح کے بینرس تیار کیے گئے۔ کچھ چھوٹے، کچھ درمیانی اور کچھ بڑے۔ ایک قد آدم سا بینر بھی تیار کرایا گیا جو دفتر میں لٹک رہا تھا۔ کچھ بینرس جامع مسجد کے علاقوں میں بھی لگائے گئے۔ دہلی کے مختلف مقامات، چوک، چوراہوں پر بھی بینرس کے لگانے کا اہتمام ہوا۔ اوکھلا کے اہم مقامات میں بھی بینرز لگے۔ اہل حدیث کمپلیکس میں بھی بڑے سائز کے کمپیوٹرائزڈ بینرز لگے۔ کچھ اشتہارات بھی دہلی کی گلیوں میں چسپاں کیے گئے اور ہندوستان کی تمام ریاستوں میں بھی ان کو ارسال کیا گیا۔ رام لیلا میدان میں اسٹیج کے لیے ایک بڑے سائز کا بینر تیار ہوا۔ دروازوں پر آویزاں کرنے کے لیے بھی کئی اہم بینرس بنائے گئے۔ بیت الخلاء اور وضوخانہ وغیرہ کے سامنے چسپاں کرنے کے لیے کئی اہم پوسٹر بھی تیار کیے گئے۔ طعام کے لیے ٹوکن بھی چھپوایا گیا اور اس کے لیے بھی ایک بینر تیار ہوا۔

جریدہ ترجمان میں مسلسل اعلان شائع ہوتا رہا، کانفرنس کا پوسٹر بھی شائع ہوا، ملک سے نکلنے والے جرائد ومجلّات کو اشتہارات کی اشاعت کے لیے خطوط لکھے گئے اور ان کو کانفرنس کے اشتہارات ارسال کئے گئے۔ الحمد للہ بہت سارے ذمہ داران جرائد ورسائل نے بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کیا یقیناً وہ لائق شکر ہیں۔ کئی روزنامہ اخبارات نے بھی اشتہارات کی اشاعت میں مرکزی جمعیت کا تعاون کیا اور مسجدوں کے ائمہ وخطباء نے بھی اس کا اعلان کیا۔ اس طرح مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے دفتر میں بینرس اور اشتہارات کی تیاری میں سرگرمیاں زوروں پر رہیں۔

کانفرنس کے سیمینار کے لیے ایک بینر، صوبائی جمعیات کے دفاتر کے لیے الگ الگ بینرس رہائش گاہ کے لیے الگ بینر، استقبال کے لیے الگ بینرس، مکتبہ ترجمان



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے لیے بینر اور دوسرے کاؤنٹروں پر لگانے کے لیے بھی کئی طرح کے الگ الگ بینرز تیار کرائے گئے تھے۔

**ملاقاتیں:**

کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ اور مقام کانفرنس کے تعین کے بعد ذمہ داران کانفرنس اور مرکزی جمعیت کے قائدین نے سرکاری محکموں کے اعلی افسران اور ملی وسیاسی اور سماجی تنظیموں کے ذمہ داران سے ملاقاتوں کے سلسلے کا آغاز کیا۔ وزراء سے ملے اوران کو کانفرنس میں شرکت کے لیے دعوت دی۔ حکومت ہند اور حکومت دہلی کے اعلی عہدیداران سے بھی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ میڈیا سے متعلق اہم شخصیات سے بھی مل کران کو کانفرنس میں آنے کا آمنترن دیا۔

کانفرنس کے انعقاد سے قبل تک ملاقاتوں کا سلسلہ برابر جاری رہا جس کے اچھے نتائج برآمد ہوئے اور کانفرنس میں حکومت کے اعلی عہدیداران واہم وزراء اور ممبران پارلیامنٹ نے جماعت اہل حدیث کے تئیں پیدا ہو رہی غلط فہمیوں کا ازالہ ہی نہیں کیا بلکہ کانفرنس میں آکر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت کے پیغام کو عام کرنے میں ہمارا بھرپور تعاون فرمایا۔ یہ ملاقات ہی کا نتیجہ تھا کہ سیاسی وملی قائدین کی ایک بڑی جماعت اسٹیج پر جلوہ افروز ہوئی۔

**ٹیلی فونک رابطے:**

دور جدید میں مواصلات کی اہمیت کافی بڑھ گئی ہے اوراس میں فون وموبائل کے اہم کردار سے کسی کو انکار نہیں ہے۔ کانفرنس سے قبل اراکین مجلس عاملہ وشوری اہم جماعتی شخصیات، صحافت ومیڈیا سے متعلق افراد، ملی وسیاسی قائدین وزعماء کانفرنس کے مدعوئین مہمانان گرامی، مقالہ نگاران ومقررین کو دفتر سے خطوط جاری تو کیے ہی گئے ساتھ ہی ان سے ٹیلی فونک رابطہ بھی رکھا گیا۔ تاکہ ڈاک کے نظام کی خرابی کے سبب اگر ان کو خط موصول نہ ہوسکا تو ٹیلی فون یا موبائل سے اطلاع ہوسکے۔ ہند وبیرون ہند میں بھی جماعت کے علماء ودعاۃ سے بھی ٹیلی فونک رابطہ ہوئے اوران کی آمد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا نیز کانفرنس کی اہم تیاریوں کے سلسلہ میں بہت سارے احباب جماعت کو آگاہ کیا گیا اوران سے تمام اخوان جماعت تک انعقاد کانفرنس کی اطلاع پہنچانے کی درخواست کی گئی اس طرح کانفرنس میں ذمہ داران وکارکنان کی بھاگ دوڑ، ملاقاتیں اور ٹیلی فونک رابطوں سے کانفرنس کا انعقاد کنفرم ہوسکا، انتظامات میں بہتری پیدا ہوئی، مہمانوں کے لیے ہر طرح کی سہولت دستیاب ہوسکی اور دودن کا یہ پروگرام بحسن وخوبی انجام پاتا رہا اور یہ کانفرنس کامیابی سے ہمکنار ہوئی۔

☆☆☆


انگریزی زبان جاننے والوں کے لیے

"ماھنامہ دی سمپل ٹروتھ"

اسلامی ودینی مضامین، جماعتی خبریں، اہم اجلاس کی رپورٹیں اور بہت کچھ جاننے کے لیے خود بھی خریدار بنئے اور اپنے احباب ورفقاء کو بھی خریدار بنائیے۔

سالانہ زرتعاون صرف Rs. 100/- روپئے

فون: 011-23273407

Fax: 23246613

Email: Jaiatahlehadeeshind@hotmail.com



ہندی زبان جاننے والوں کے لیے

"ماھنامہ اصلاح سماج"

اسلامی ودینی مضامین، جماعتی خبریں، اہم اجلاس کی رپورٹیں اور بہت کچھ جاننے کے لیے خود بھی خریدار بنئے اور اپنے احباب ورفقاء کو بھی خریدار بنائیے۔

سالانہ زرتعاون صرف Rs. 100/- روپئے

زرتعاون ارسال کرنے کا پتہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث، ۴۱۱۶، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی۔ ۶

فون: 011-23273407

Fax: 23246613

Email: Jaiatahlehadeeshind@hotmail.com




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ترتیب وتزئین
عبدالواحد بلرامپوری

# 31 ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی

# تیاریاں

## دفتری سرگرمیوں کی کہانی

## تصویر کی زبانی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ




(ہندی پرچہ)




(کارکنان جمعیت کا بیج)




(کارکنان جمعیت کا بیج)




(اراکین شوریٰ کا بیج)

www.KitaboSunnat.com



31वां आल इंडिया अहले हदीस कॉन्फ्रेन्स

शीर्षक: सहाब-ए-किराम: चरित्र व आचरण के वास्तविक आदर्श और मानवता के सच्चे निर्माता

# इमामे काबा

## डा० सऊद बिन इब्राहीम अश्शुरैम

दिल्ली आ रहे हैं।

सम्माननीय इमाम खुतब-ए-जुमा के अलावा, मग़रिब और इशा की इमामत और सम्बोधित करेंगे।

दिनांक: 2-3 मार्च 2012

इस इतिहासिक कान्फ्रेन्स में भाग लेकर सहाब-ए-किराम की महानता और उनके अम्न व शान्ति सन्देश को समझने की कोशिश करें।

जानेनमाज़ अपने साथ लायें।

स्थान: रामलीला मैदान नई दिल्ली

संयोजक: मर्कज़ी जमीअत अहले हदीस हिन्द

Ph: 011-23273407, Fax: 011-23246613, Email: jamiatahlehadeeshind@hotmail.com, Website: www.ahlehadees.org

---

اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ۳۱ ذوروزہ

بعنوان: عدالۃ الصحابۃ "صحابہ کرام: اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار"

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر

# امام کعبہ

سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کی آمد

بتاریخ: 2-3 مارچ 2012 جمعہ۔ سنیچر

امام محترم خطبۂ جمعہ کے علاوہ شیخ و نماز مغرب وعشاء کی امامت اور ایمان افروز خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ

اس تاریخ ساز کانفرنس میں شریک ہو کر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت اور ان کے پیغام امن وانسانیت کو عام کریں۔

بمقام: رام لیلا میدان نئی دہلی

زیر اہتمام: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

Ph. 011-23273407, Fax: 011-23246613, Email: jamiatahlehadeeshind@hotmail.com, Website: www.ahlehadees.org

---

حفلة الترحيب والحفاوة ب

صاحب السماحة علامة السلفيين الشيخ الدكتور سعود بن ابراهيم الشريم حفظه الله ورعاه

إمام وخطيب المسجد الحرام بمكة المكرمة وعميد كلية الشريعة بجامعة أم القرى بمكة المكرمة

في مجمع أهل الحديث [illegible] في تاريخ ٨ ربيع الثاني ١٤٣٣هـ الموافق ١ مارس ٢٠١٢م

اهتمت بها: جمعية أهل الحديث المركزية لعموم الهند

(البيان)

بالضيف الكريم امام وخطيب الحرم المكي

صاحب السماحة علامة السلفيين الشيخ الدكتور سعود بن ابراهيم الشريم حفظه الله ورعاه

جمعية أهل الحديث المركزية بالهند



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(کانفرنس کا مونوگرام)






(امام حرم کی اہل حدیث کمپلکس میں آمد کا بینر)








محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com







محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com











➢ God was witness to exemplary Faith, Piety, Truthfulness, High standard of character and Sincerety displayed by Sahaba-e-Karam (Companions of the Holy Prophet)

➢ The Angels who sustain the Throne (of God) implored Forgiveness for them and supplicated that they enter the Gardens of Eternity.

➢ [illegible]

➢ The Pious Companions were the true bearers of Islam, ideal guides and perfectly effected the Prophet's ways.

➢ Love of Sahaba is the love of Prophet Muhammad and love of Prophet Muhammad is the love of God Almighty

➢ Sahaba-e-Karam who had enriched the world with new message and new life, who suffered excruciating tortures in their efforts to take the humanity safely to the right path. They sacrificed everything for the establishment of Islamic monotheism, love, brotherhood, humanness and harmonious co-existence.

WITH BEST COMPLEMENTS

MARKAZI JAMIAT AHLE HADEES HIND




(داخلہ کارڈ برائے اسٹیج)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


















محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

















محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com









/MJA/012 24-01-012

گرامی قدر جناب صاحب حفظہ اللہ

امیر / ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقیناً مسرت ہوگی کہ آپ کی محبوب وموقر تنظیم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: ''صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار'' بتاریخ ۲-۳ مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہورہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم کی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ صلاۃ مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

آپ سے گذارش ہے کہ کانفرنس کے حوالے سے منظم طور پر بیداری پیدا کرتے اور اس کی اہمیت وضرورت مختلف وسائل وذرائع ابلاغ کے ذریعہ واضح کرنے کی کوشش کریں۔ علاقائی اخبارات میں کانفرنس کا اشتہار دیں، ائمہ ودعاۃ صحابہ کی عظمت کو خطبات جمعہ ودروس کا موضوع بنائیں اور اخبارات میں بھی مراسلات تحریر فرمائیں۔ اسی طرح ذیلی جمعیات کو مکلف کریں کہ وہ کانفرنس کے حوالے سے لوگوں کی ذہن سازی کریں اور بڑی تعداد میں احباب کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اس جانب خصوصی توجہ مبذول کریں گے تاکہ کانفرنس کا پیغام عام ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فیضیاب ہوسکیں۔ اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے جماعت، ملک، ملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی تمام ملی وجماعتی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

| | |
|---|---|
| اقبال احمد محمدی | اصغر علی امام مہدی سلفی |
| کنوینر | ناظم عمومی |
| ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس | مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند |

**نمونہ اشتہار**

بتاریخ 2-3 مارچ 2012 بروز جمعہ وسنیچر

زیر اہتمام مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

## Press Meet on Wednesday, February 29

To

The News Editor/ Bureau Chief/ Correspondent/ Reporter

**Sub: Press Meet at 11.30 AM on Wednesday, Feb 29 at Press Club of India to mark 31st Ahle Hadees Conf on Trustworthiness of Prophet Mohammad's Exemplary Companions at Ramlila Ground on March 2-3, 2012**

Sir,

Markazi Jamiat Ahl-e-Hadees Hind (MJAH), the oldest organization of Indian Muslims, is organizing a Press Meet at 11.30 AM on Wednesday, February 29 ,2012 at Press Club of India to mark the two-day 31st All India Ahle Hadees Conference on the Trustworthiness of Holy Prophet Mohammad's Exemplary Companions at Ramlila Ground on March 2-3, 2012. It would be addressed by Maulana Asghar Ali Imam Mahdi Salafi, Secretary General, MJAH.

His Highness **Imam of Holy Shrine of Islam, Kaaba, Dr Shaikh Saud Al-Shoraim**, also an internationally known scholar and harbinger of peace and harmony, has kindly consented to grace the two-day conference, besides eminent *ulema* and other dignitaries from inside and outside the country

Please manage to cover the Press Meet. It would be followed by Lunch. Thanks and regards.

**Md Shees Taimi**

Media Coordinator

Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind

Mob.9213172981, E mail mediacellmja@gmail.com

Feb.29.2012

(میڈیا کے نام)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (خطوط بنام اراکین شوریٰ)

24/01/2012 /MJA/12

گرامی قدر جناب / حفظہ اللہ

رکن مجلس شوریٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقینا مسرت ہوگی کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱ ویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: عدالۃ الصحابہ **"صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار"** بتاریخ ۲-۳ / مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہو رہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم کی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ سنیچر کو نماز مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

اس تاریخی کانفرنس میں آپ کو شرکت کی پرخلوص دعوت دی جارہی ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ اس مخلصانہ دعوت کو قبول کرکے ہماری ہمت افزائی فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنی تمام تر دینی، دعوتی، تعلیمی، قومی، ملی اور فلاحی مصروفیات کے باوجود عوام وخواص میں اس اہم کانفرنس کے تئیں بیداری پیدا کریں۔ اس میں اپنے احباب وحلقہ اثر کی شرکت کو یقینی بنائیں۔ دعاۃ ومعلمین کو آمادہ کریں کہ وہ صحابہ کرام کی عظمت کو اپنی تقاریر، خطبات جمعہ اور دروس کا موضوع بنائیں اور ہمارے شکریہ کا مستحق ہوں۔ ہم ماضی میں آپ کے تعاون کے بے حد شکر گزار ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اس جانب خصوصی توجہ مبذول کریں گے تاکہ کانفرنس کا پیغام عام ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فیضیاب ہوسکیں اور عوام خصوصا نئی نسل کتاب وسنت کے اولین حاملین اور انسانیت کے محسن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت وبزرگی اور روشن کارناموں سے واقف ہوسکے۔

اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے ملک وملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی تمام قومی، ملی، جماعتی وانسانی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خادم جماعت

اصغر علی امام مہدی سلفی
ناظم عمومی
مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

## (خطوط بنام مدعوئین خصوصی)

24/01/2012 /MJA/12

گرامی قدر جناب .................. صاحب / حفظہ اللہ

..................................

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقینا مسرت ہوگی کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱ / ویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: عدالۃ الصحابہ **"صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار"** بتاریخ ۲-۳ / مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہو رہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم کی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ سنیچر کو نماز مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

اس تاریخی کانفرنس میں بحیثیت مہمان گرامی آپ کو شرکت کی پرخلوص دعوت دی جارہی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس مخلصانہ دعوت کو قبول فرمائیں گے اور اپنی تمام تر علمی، قومی، ملی ورفاہی مصروفیات کے باوجود اس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں گے اور اپنی آمد کی پیشگی اطلاع دینے کی زحمت گوارا کریں گے۔

اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے ملک وملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی تمام قومی، ملی وانسانی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اصغر علی امام مہدی سلفی
ناظم عمومی
مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

## (کانفرنس کے کوریج کے لیے میڈیا کے نام خط)

**His Highness Imam, Holy Kaaba, Makkah**
**Graces**
**Two-Day 31st Ahle Hadees Conference Beginning at 9 AM on Friday, March 2 at Ramlila Ground, New Delhi**

To

The News Editor/ Bureau Chief/ Correspondent/ Reporter

**Sub: Two-Day 31st Ahle Hadees Conference on "Trustworthiness of Prophet Mohammad's Exemplary Companions" Begins at 9 AM on Friday, March 2, 2012 at Ramlila Ground, New Delhi**

Sir,

The inaugural session of the two-day 31st All India Ahle Hadees Conference on **"Trustworthiness of Holy Prophet Mohammad's Exemplary Companions"** under the auspices of the Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind (MJAH), the oldest organization of Indian Muslims, **begins at 9 AM** on Friday, **March 2** at Ramlila Ground, New Delhi with the welcome address by Maulana Abdur Rahman Mubarakpuri, President, Reception Committee, inaugural address by Maulana Asghar Ali Imam Mahdi Salfi, Secretary General Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind (MJAH) and Presidential address by Hafiz Mohammad Yahya Dehlavi, Ameer (President), MJAH

Soon after the inaugural session on first day **Friday, March 2**, His Highness **Imam of Holy Kaaba (Makkah, Saudi Arabia)** Dr **Shaikh Saud Bin Ibrahim Al-Shoraim**, also an internationally known scholar and harbinger of peace and harmony, who has kindly consented to **grace** the two-day conference, would deliver ***Khutba Juma*** **(Friday Sermon)** at 12.30 PM and lead the ***Salaate Juma*** **(Friday Prayers)**.

The two-day conference would be addressed by eminent ***ulema*** and other dignitaries from India and abroad and participated by thousands of delegates from different **parts** of the country

Please manage to cover the inaugural as well as other sessions, including **resolutions**, in particular address by **His Highness Imam of Holy Kaaba** at 6.30 **PM** on 2nd day **Saturday, March 3, 2012**. Thanks and regards.

**Md Shees Taimi**
Media Coordinator
Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind
Mob: 9213172981, E-mail mediacellmja@gmail.coms
Date 1st March 2012

## (پریس کانفرنس میں شرکت کے لیے میڈیا کے نام خط)

Press Meet

To,

The News Editor/ Bureau Chief/ Correspondent/ Reporter

**Sub: Press Meet at 12 O' clock on Feb 28, 2011 at Press Club of India to mark 31st Ahle Hadees Conf on Trustworthiness of Prophet Mohammad's Exemplary Companions at Ramlila Ground on March 2-3, 2012**

Sir,

Markazi Jamiat Ahl-e-Hadees Hind (MJAH), the oldest organization of Indian Muslims, is organizing a Press Meet at 12 O' clock on February 28,2012 at Press Club of India to mark the two-day 31st All India Ahle Hadees Conference on the Trustworthiness of Holy Prophet Mohammad's Exemplary Companions at Ramlila Ground on March 2-3, 2012. It would be addressed by Maulana Asghar Ali Imam Mahdi Salafi, Secretary General, MJAH.

Respected **Imam of Holy Shrine of Kaaba, Shaikh Saud Al-Shoraim**, has kindly consented to grace the two-day conference, besides eminent ulema and other dignitaries from inside and outside the country.

Please manage to cover the Press Meet. It would be followed by Lunch. Thanks and regards.

Md Shees Taimi
Media Coordinator
Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind
Mob:9213172981
E-mail:mediacellmja@gmail.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



24-01-012 /MJA/12

## (مدارس اور ذیلی جمعیات کے ذمہ داران کے نام خط)

مکرمی جناب ۔۔۔۔۔ / حفظہ اللہ
صدر / ناظم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقیناً مسرت ہوگی کہ آپ کی محبوب وموقر تنظیم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱/ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: **''صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار'' بتاریخ ۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر** بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہورہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم مکی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ صلاۃ مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ اس تاریخی کانفرنس میں آپ کو شرکت کی پرخلوص دعوت دی جارہی ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس مخلصانہ دعوت کو قبول کرکے ہماری ہمت افزائی فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنی تمام ترویتی، دعوتی، تعلیمی، قومی، ملی اور رفاہی مصروفیات کے باوجود عوام وخواص میں اس اہم کانفرنس کے تئیں بیداری پیدا کریں۔ اس میں اپنے اساتذہ وطلبہ اور احباب حلقہ اثر کی شرکت کو یقینی بنائیں۔ دعاۃ ومعلمین کو مکلف کریں کہ وہ صحابہ کرام کی عظمت کو اپنی تقاریر، خطبات جمعہ اور دروس کا موضوع بنائیں اور ہمارے شکریے کا مستحق ہوں۔ ہم ماضی میں آپ کے تعاون کے بے حد شکر گزار ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اس جانب خصوصی توجہ مبذول کریں گے تاکہ کانفرنس کا پیغام عام ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فیضیاب ہوسکیں اور عوام خصوصا نئی نسل کتاب وسنت کے اولین حاملین اور انسانیت کے محسن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت وبزرگی اور روشن کارناموں سے واقف ہوسکے۔

اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے جماعت، ملک، ملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی جماعتی، تعلیمی اور دینی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

| | |
|---|---|
| اقبال احمد محمدی | اصغر علی امام مہدی سلفی |
| کنوینر | ناظم عمومی |
| ۳۱/ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس | مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند |

## (فائر بریگیڈ کے افسر کے نام خط)

To

The Divisional Officer (HQ.)

Delhi Fire Service New Delhi-10001

Sub: ***Summission of DD for Provide Fire Service at Ramlia Ground on the 02-03 March 2012.***

Sir,

**With refer to our letter No. 80-MJA-12 dated: on -1/02/2012 February 2012 the request for provide the fire services at the Ramlila Ground, Delhi for the conference called on the topic of " SAHABA-E-KERAM : "Akhlaq O Kirdar ke Haqiqi Me'yar Aur Insaniyat Ke Sachche Me'mar" (Prophet's Companions: Remarkable Criterions of Moral Conduct And Exemplary Architects of Humanity) held on the *Date:02-03 March 2012, (2 days at 8.am to 10pm.***

**In view of the above we have permitted to deposit the fees of fire services as Demad Draft of Rs. 20,000.00 in favour of "DDO (HQ) DELHI FIRE SERVICE, NEW DELHI."**

**So we are submitting the same as *DD No.: 775252 Dated 01-02-2012***

**Issued by: State Bank of India, Chandni Chowk branch. New Delhi-6**

**Thanks and best regards**

**Ashgar Ali Imam Mahdi Salfi**
**General Secretary**
**Markazi Jamiat Ahle Hadees , Hind**

24-01-012 /MJA/012

## (جماعتی جرائد ورسائل کے مدیران کے نام خط بسلسلہ اشاعت اشتہار)

گرامی قدر جناب ایڈیٹر صاحب / حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقیناً مسرت ہوگی کہ آپ کی محبوب وموقر تنظیم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱/ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: **''صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار'' بتاریخ ۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر** بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہورہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم مکی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ صلاۃ مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

آپ سے گذارش ہے کہ اپنے موقر جریدہ/رسالہ میں اس کانفرنس کا اعلان واشتہار شائع فرمائیں۔ نیز اپنے حلقہ اثر میں کانفرنس کے تئیں بیداری پیدا کریں۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت اور ان کی موجودہ دور میں ان کی معنویت کے حوالے سے اداریہ لکھیں اور مضامین شائع کریں۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اس جانب خصوصی توجہ مبذول کریں گے اور اپنے موقر رسالے/ جریدے میں کانفرنس کے اعلان واشتہار کی اشاعت کو یقینی بنائیں گے تاکہ کانفرنس کا پیغام عام ہو اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فیضیاب ہوسکیں۔ اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے جماعت، ملک، ملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی دینی ملی وجماعتی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

| | |
|---|---|
| اقبال احمد محمدی | اصغر علی امام مہدی سلفی |
| کنوینر | ناظم عمومی |
| ۳۱/ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس | مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند |

(نوٹ: کانفرنس کے اشتہار کا نمونہ ہمراہ مکتوب ہے)

## (مختلف کمیٹیوں کے کنوینروں کے نام خط)

06/02/2012 /MJA/12

گرامی قدر جناب ۔۔۔۔۔ / حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وصحت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔

یہ جان کر یقیناً مسرت ہوگی کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ۳۱/ویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بعنوان: عدالۃ الصحابۃ **''صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار'' بتاریخ ۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء بروز جمعہ وسنیچر** بمقام رام لیلا میدان نئی دہلی منعقد ہورہی ہے، جس میں ملک وبیرون ملک کے مشاہیر علماء کرام کے علاوہ امام حرم مکی سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شریک ہوں گے اور خطبہ جمعہ کے علاوہ سنیچر کو نماز مغرب وعشاء کی امامت اور وقیع خطاب فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

اس تاریخی کانفرنس میں آپ ۔۔۔۔۔ کے کنوینر بنائے گئے ہیں۔ ۵/فروری ۲۰۱۲ء کو کنوینر حضرات کی میٹنگ میں آپ نے شرکت فرمائی اور اپنی ذمہ داری کو قبول کیا اس کے لیے ہم آپ کے مشکور ہیں۔ امید ہے کہ آپ اپنی تمام تر مصروفیات کے باوجود کانفرنس کو کامیاب بنانے میں اپنا ہر ممکن تعاون پیش کریں گے۔ اور باہمی مشوروں کے ذریعہ اپنی ذمہ داری کو کما حقہ نبھائیں گے۔ آپ کی ذمہ داریاں درج ذیل ہیں:

۱۔
۲۔
۳۔
۴۔

اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے ملک وملت اور انسانیت کے لیے مفید بنائے، اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں اور آپ کی تمام قومی، ملی وانسانی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

| | |
|---|---|
| اقبال احمد محمدی | اصغر علی امام مہدی سلفی |
| کنوینر | ناظم عمومی |
| ۳۱/ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس | مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کانفرنس کی تاریخ انعقاد کا اعلان

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے اجلاس مجلس عاملہ منعقدہ ۲۲/جنوری ۲۰۱۲ء میں اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے انعقاد کی تجویز منظور ہوئی تو فروری ۲۰۱۲ء کے شمارے میں آل انڈیا عدالت صحابہ کانفرنس کے نام سے ایک اعلان شائع کیا گیا اس اعلان میں مقام وتاریخ کا اعلان ہوا۔ جریدہ ترجمان اور مرکزی جمعیت کے دوسرے رسالوں میں بھی یہ اعلان مسلسل شائع ہوتا رہا۔ اس کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں۔












محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کی منظوری

**مــــرکــــزی** جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس بتاریخ 22/جنوری 2012 بروز اتوار بمقام اہل حدیث کمپلیکس مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی اجلاس زیر صدارت جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی منعقد ہوا۔ جس میں سخت ترین سرد موسم کے باوجود پورے ملک سے معزز اراکین ومدعوئین خصوصی نہایت جوش وخروش کے ساتھ شریک ہوئے۔ اس اہم اجلاس میں ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے مختلف شعبوں مثلاً دفتری امور، شعبہ دعوت وارشاد، شعبہ تعلیم و تربیت، شعبۂ افتا ومجلس تحقیق علمی، شعبہ مالیات، شعبہ نشر واشاعت، میڈیا سیل، شعبہ احصائیات، وشعبہ ملی وملکی خدمات کے حوالے سے گزشتہ دنوں ہوئی پیش رفت کی مختصر رپورٹ پیش کی۔ جب کہ ناظم مالیات نے سالانہ حساب وکتاب سے موقر ہاؤس کو آگاہ کیا اور مختصر بجٹ پیش کیا جس پر ہاؤس نے دلی مسرت وقلبی اطمینان کا اظہار کیا اور حساب کتاب کو نہایت صاف ستھرا قرار دیا۔ ضمناً بعض نام نہاد اخبار کا ذکر بھی آیا جس کے سیاہ کارنامے پچھلی کانفرنس کے موقع پر سامنے آئے تھے۔ معزز اراکین مجلس عاملہ نے اسے تخریبی عمل قرار دے کر اس پر توجہ نہ دینے کی بات کہی۔ چونکہ یہ اجلاس آئندہ دنوں میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام دہلی میں منعقد ہونے والی مجوزہ ''**آل انڈیا عدالت صحابہ کانفرنس**'' کے انعقاد کے سلسلے میں منعقد ہوا اس لیے نہایت غور وخوض کے بعد 3-2/مارچ 2012 تاریخ انعقاد طے ہوئی اور مولانا محمد اقبال محمدی کانفرنس کے کنوینر مقرر ہوئے۔ نیز موقر ہاؤس نے کانفرنس کے متعلق جناب مولانا عبدالقادر انور بستوی ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مشرقی یوپی کو موقر اراکین عاملہ سے چند شخصیات کو لے کر کانفرنس کی ذیلی کمیٹیوں ذمہ داران و اراکین متعین کرنے کا اختیار دیا نیز دیگر تمام امور طے کرنے کے لیے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران کو مجاز قرار دیا۔

اس اہم اجلاس میں ملک وملت اور انسانیت سے متعلق متعدد اہم مسائل پر اظہار خیال ہوا اور کافی غور وخوض کے بعد سترہ (۱۷) قرار دادیں پاس کی گئیں۔

☆☆☆


## شرح اشتہار جریدہ ترجمان

| | | |
|---|---|---|
| بیک ٹائٹل رنگین | مکمل صفحہ (فی اشاعت) | 10,000/- |
| | (2اشاعت سے زائد پر 15% کی رعایت) | |
| بیک ٹائٹل اندرونی صفحہ (رنگین) | مکمل صفحہ (فی اشاعت) | 8,000/- |
| " " " | ۱/۲صفحہ (فی اشاعت) | 4,000/- |
| " " " | ۱/۴صفحہ (فی اشاعت) | 2,000/- |
| | (۲/اشاعت سے زائد پر 15% کی رعایت) | |
| اندرونی صفحات بلیک اینڈ وائٹ | مکمل صفحہ (فی اشاعت) | 6,000/- |
| " " " | ۱/۲صفحہ (فی اشاعت) | 3,000/- |
| " " " | ۱/۴صفحہ (فی اشاعت) | 1500/- |
| | (۲/اشاعت سے زائد پر 15% کی رعایت) | |




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اجلاس مجلس عاملہ اور اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

ڈاکٹر شیث ادریس تیمی

## امام حرم سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے

## عدالۃ الصحابۃ "صحابہ کرام- اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار" کے عنوان پر

## ۳۱ ویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا انعقاد دہلی میں ۲-۳/ مارچ ۲۰۱۲ء کو

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

## ملک وملت جماعت اورانسانیت کی بھلائی سے متعلق متعدد اہم مسائل پر غور وخوض

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی اجلاس گذشتہ ۲۲/ جنوری ۲۰۱۲ء کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی میں زیر صدارت جناب حافظ محمد یحیٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین ومدعوئین خصوصی شریک ہوئے۔ اجلاس کا ایجنڈا حسب ذیل تھا۔

(۱) گذشتہ کارروائی کی خواندگی وتوثیق

(۲) رپورٹ ناظم عمومی

(۳) اجلاس مجلس شوریٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند منعقدہ ۱۷/ اکتوبر ۲۰۱۰ء میں منظور شدہ عظمت صحابہ کانفرنس کے انعقاد پر غور وخوض

(۴) جمعیت کے بعض دعوتی، تربیتی، تنظیمی اور تعمیری مسائل پر غور وخوض

(۵) بعض صوبائی جمعیات اہل حدیث کے انتخابات پر غور وخوض

(۶) جمعیت کے مالی استحکام پر غور وخوص

(۷) ملکی، ملی وجماعتی مسائل پر غور

(۸) دیگر امور باجازت صدر

منجملہ دیگر امور کے طے پایا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اورانسانیت کے سچے معمار کے عنوان پر عظیم الشان ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ ۲-۳/ مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلابخشیں گے۔ نیز مغرب وعشاء کی امامت بھی فرمائیں گے۔ نیز امام محترم کی اقتدا میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔ نیز مؤقر اراکین ومدعوئین خصوصی نے کانفرنس کو بہرصورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے اہم ضرورت قرار دیا۔ عاملہ کے اس اجلاس میں قومی ملی اور انسانی مسائل پر بھی غور وخوض ہوا۔ اور اخیر میں ملک وملت اور انسانیت کے متعلق متعدد امور زیر غور آئے اور متعدد قرار دادیں پاس کی گئیں۔

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے ذمہ داران کی تفصیل

اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے کامیاب انعقاد اور کسی بھی طرح کی افراتفری سے بچنے کے لیے بڑی تعداد میں رضا کاروں کا انتظام کیا گیا تھا اوران کے مابین ذمہ داریاں تقسیم کردی گئی تھیں۔اس کے لیے ان کوتربیت بھی دی گئی تھی تاکہ اپنی ذمہ داریوں کو بہ احسن طریق نبھاسکیں۔کالجز ومدارس کے طلباء،مقامی،ضلعی اورصوبائی جمعیات کے وابستگان ونمائندگان،رضا کاران جامعہ ریاض العلوم دہلی ودیگر مدارس وکالجز کے طلباء،مظفر نگر یوپی، پٹنہ بہار، جیت پور، المعہد العالی اوکھلا، منڈاولی ومصطفیٰ آباد، شاشتری پارک، نانگلوئی، اندرلوک ، ن گنج، کھجوری، ترکمان گیٹ، جعفرآباد، اوکھلا، شاہین باغ اوردیگر علاقوں کے احباب شامل تھے۔جنھوں نے کانفرنس کے انتظامی امورکوبخوبی سنبھالا۔

**جامعہ ریاض العلوم دھلی**

۱۔عبدالوہاب،۲۔کامران شیخ،۳۔عبداللہ بن ظہور الاسلام،۴۔محمد رضوان،۵۔عبدالسلام،۶۔اعجاز احمد لعل محمد،۷۔محمد صہیب،۹۔ جاوید احمد،۱۰۔محمد بحر الاسلام،۱۱۔محمد یونس،۱۲۔محمد عرفان

**رضاکاران مظفر نگر۔ معرفت مولانا محمد ہارون سنابلی**

۱۔محمد محسن،۲۔محمد اکرم،۳۔محمد شاہنواز،۴۔احمد علی،۵۔کرار،۶۔محمد شفیق،۷۔علی

**رضاکاران پٹنہ**

۱۔محمد جاوید،۲۔ناشط احسن

**رضاکاران جیت پور**

۱۔محمد وسیم،۲۔کوثر عثمانی،۳۔محمد راشد،۴۔محمد ارشاد انصاری،۵۔محمد آفرین وارثی،۶۔گوہر اقبال،۷۔محمد شکور،۸۔نور عالم،۹۔عبدالقادر خان،۱۰۔عبدالرحمٰن،۱۱۔نجم الحق،۱۲۔ابوذر،۱۳۔محمد محفوظ عالم،۱۴۔محمد ضیاء ل،۱۵۔شمیم اختر،۱۶۔محمد عفان،۱۷۔اجمیر خان،۱۸۔محمد قاسم،۱۹۔کشش منصوری،۲۰۔محمد افروز

**اساتذہ وطلبۂ المعہد العالی للتخصص فی الدراسات الاسلامیۃ:**

۱۔شیخ عطاء الرحمٰن مدنی،۲۔ڈاکٹر عبیدالرحمٰن مدنی،۳۔مفتی جمیل احمد مدنی،۴۔مولانا عزیز احمد سلفی،۵۔مفتی رضوان اللہ تیمی،۶۔مولانا محمد اشفاق سلفی

**طلبہ المعہد العالی للتخصص فی الدراسات الاسلامیۃ:**

۱۔عبدالرحمٰن،۲۔صفی الرحمٰن،۳۔اکرم انصاری،۴۔محمد فرقان،۵۔محمد امتیاز،۶۔حفیظ الرحمٰن،۷۔نورالاسلام،۸۔محمد شاہد،۹۔محمد پرویز عالم

**منڈاولی ومصطفی آباد معرفت مولانا ناظم سلفی**

۱۔محمد ارشاد،۲۔محمد شمیم،۳۔محمد مہتاب،۴۔محمد صابر،۵۔محمد فاروق،۶۔محمد عرفان،۷۔محمد وسیم،۸۔محمد شعیب،۹۔محمد وسیم،۱۰۔محمد واعظ،۱۱۔محمد مطیع الرحمٰن،۱۲۔محمد انور،۱۳۔محمد ناظم،۱۴۔محمد مرتضیٰ،۱۵۔محمد ریاض،۱۶۔زین العابدین،۱۷۔محمد شمیم،۱۸۔محمد مشتاق،۱۹۔محمد معراج،۲۰۔محمد اُسید،۲۱۔سعید عالم،۲۲۔محمد ندیم،۲۳۔عبدالماجد،۲۴۔عبدالواحد،۲۵۔محمد اظہار،۲۶۔محمد شہود،۲۷۔محمد نعیم،۲۸۔عامر حسین،۲۹۔محمد ارشاد،۳۰۔محمد مسعود،۳۱۔محمد انیس،۳۲۔محمد صغیر

**شاشتری پارک مشرقی دھلی کے رضا کاران بمعرفت محمد معین**

۱۔محمد معین الدین،۲۔محمد سلیم،۳۔محمد گلاب،۴۔محمد مستقیم،۵۔محمد تنویر عالم،۶۔ضیاء الدین،۷۔محمد آفتاب،۸۔محمد شہادت حسین،۹۔محبوب،۱۰۔محمد نیاز،۱۱۔محمد مقیم انصاری،۱۲۔غوث محمد

**معرفت انجینئر امان اللہ صاحب نانگلوئی**

۱۔محمد عبداللہ نہال وہار،۲۔محمد مسعود علی،۳۔محمد مرسلین،۴۔محمد نورعین،۵۔محمد



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صغیر، ۶۔ محمد شفیق

**اندر لوک**

۱۔ محمد صدیق، ۲۔ محمد اظہر الدین، ۳۔ عبد الصمد

**کشن گنج۔ معرفت محمد شیث تیمی**

۱۔ عبد القدوس صدیقی، ۲۔ مہر عالم، ۳۔ محمد نور عین، ۴۔ محمد کونین، ۵۔ محمد ذوالقرنین

**کھجوری۔ معرفت الحاج قمر الدین**

۱۔ فرید احمد، ۲۔ محمد اکرم انصاری، ۳۔ رضوان، ۴۔ محمد خالد، ۵۔ محمد گلفام، ۶۔ طفیل احمد، ۷۔ سلیم الدین، ۸۔ حنیف خان، ۹۔ الحاج قمر الدین

**ترکمان گیٹ کے ذمہ داران**

۱۔ فیروز ملک، ۲۔ جاوید ملک، ۳۔ شفیق ملک، ۴۔ امان اللہ ریاضی

**رضاکاران ترکمان گیٹ**

۱۔ نصیر الدین، ۲۔ نواب الدین، ۳۔ محمد شاداب، ۴۔ محمد حیدر، ۵۔ محمد انعام، ۶۔ محمد نعیم، ۷۔ محمد انیس، ۸۔ شہباز خان، ۹۔ جنید، ۱۰۔ ممتاز علی، ۱۱۔ شہزار الدین، ۱۲۔ شاکر ملک، ۱۳۔ محمد شاہد، ۱۴۔ محمد اکمل، ۱۵۔ عامر بن منہاج، ۱۶۔ راحت، ۱۷۔ عبد اللہ ریاضی

**جعفر آباد معرفت شیخ عبد التواب مدنی**

۱۔ رئیس احمد، ۲۔ تمنا صدیقی، ۳۔ محمد ابو اللیث، ۴۔ محمد انعام، ۵۔ انیس الرحمٰن ۶۔ عبد الرؤف، ۷۔ حافظ محمد سلیم، ۸۔ مولانا رفیع احمد ریاضی، ۹۔ محمد شاہد، ۱۰۔ محمد تنویر، ۱۱۔ شبیر احمد، ۱۲۔ محمد جاوید، ۱۳۔ عبد الخالق ۱۴۔ مظاہر علی، ۱۵۔ محمد امان اللہ صدیقی، ۱۶۔ محفوظ عالم، ۱۷۔ شکیل احمد، ۱۸۔ منصور عالم، ۱۹۔ خالد انصاری، ۲۰۔ عبد الحفیظ، ۲۱۔ عبد الصمد، ۲۲۔ محمد شمیم محمدی، ۲۲۔ ارمان

**رضاکاران**

۱۔ محمد عارفین، ۲۔ گوہر اقبال، ۳۔ عبد الرحمٰن، ۴۔ محمد وسیم، ۵۔ محمد ارشاد، ۶۔ محمد راشد، ۷۔ نور عالم، ۸۔ عبد القدیر، ۹۔ حاجی شمیم اختر، ۱۰۔ جناب نجم الحق، ۱۱۔ جناب ابوذر، ۱۲۔ محمد ضیاء الحق، ۱۳۔ محفوظ، ۱۴۔ اجمیر خان، ۱۵۔ محمد قاسم، ۱۶۔ سعید الرحمٰن، ۱۷۔ رشید الاسلام، ۱۸۔ محمد شکور، ۱۹۔ محمد عفان، ۲۰۔ کوثر ارمان

نوٹ: اس کے علاوہ بہت سے احباب وبرادران جماعت نے ہر وقت کاموں میں جٹ کر سنبھالا اور اسٹیج سے لے کر ایک عام کام تک جٹے رہے۔ فجزاہم اللہ احسن الجزاء۔ سب کا شکریہ ودعا


## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے آرگن

## کی توسیع اشاعت کے لیے بھرپور جدوجہد کریں۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اپنے اغراض ومقاصد کے حصول کی جانب تیزی سے گامزن ہے اور دعوتی، تعلیمی، رفاہی نیز تنظیمی شعبوں میں زبردست پیش رفت جاری ہے۔ جمعیت کے چار آرگن باقاعدگی سے شائع ہو رہے ہیں۔ اور صحافتی میدان میں اہم مقام حاصل کر چکے ہیں۔

۱۔ پندرہ روزہ "جریدہ ترجمان" (اردو) زر سالانہ 150/-

۲۔ ماہنامہ "اصلاح سماج" (ہندی) زر سالانہ 100/-

۳۔ ماہنامہ "دی سمپل ٹروتھ" (انگریزی) زر سالانہ 100/-

۴۔ "الاستقامہ" (عربی) زر سالانہ 100/-

مذکورہ بالا جرائد ومجلات، سر چشمہ ہدایت کتاب اللہ وسنت رسول اللہ سے امت کو براہ راست جوڑنے والی تنظیم کے آرگن ہیں۔ اور ان کا مقصد خالص اسلامی تعلیمات کی نشر واشاعت ہے۔ لہٰذا ہر فرد ملت کے لیے عموماً اور افراد جماعت کے لیے خصوصاً انتہائی ضروری ہے کہ ان کی توسیع اشاعت کے لیے بھرپور جدوجہد کریں۔ خود بھی ان کے خریدار بنیں اور بلا تفریق مذہب وملت دوسروں کو ان کا خریدار بننے کی ترغیب دلائیں۔ یہ ایک مشن ہے اس کو کامیاب بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پریس ریلیزوں کا اجرا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱)

## روس میں گیتا پر پابندی کی اپیل خارج ہونے کا خیر مقدم

دہلی، ۳۰ر دسمبر۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اپنی ایک پریس ریلیز کے اندر روس میں سائبیریا کی ایک عدالت کے ذریعہ ہندوؤں کی مذہبی کتاب بھگوت گیتا کے ترجمہ پر پابندی لگانے سے متعلق ایک رٹ کو خارج کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ مذہبی کتابوں پر پابندی باہمی انسانی رشتوں کو ناخوشگوار بنانے والا غیر صحتمندانہ رجحان ہے اور اس سے کروڑوں لوگوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ عالمی اخوت و بھائی چارگی، احترام باہمی اور امن وآشتی کے لئے اس قسم کی باتیں سم قاتل کی حیثیت رکھتی ہیں لہٰذا ہر ملک ومعاشرے کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کا خیال رکھے اور اس قسم کے اقدامات سے گریز کرے۔ قرآن کریم نے اس بات کو صراحت سے بیان کیا ہے کہ "اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو آپس میں ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجے اور مسجدیں اور یہودیوں کے عبادت خانے اور وہ مسجدیں بھی سب ڈھائے جاچکے ہوتے جہاں اللہ کا نام بہ کثرت لیا جاتا ہے" (سورہ حج: ۴۰) اس فرمان الٰہی کی روشنی میں تمام مذاہب کی عبادت گاہوں اور مذہبی کتابوں کی بے حرمتی، ان سے چھیڑ چھاڑ اور ایک دوسرے کے جذبات سے کھلواڑ، انسانی خوشگوار رشتوں کی بقا اور امن وآشتی کی فضا برقرار رکھنے میں منفی کردار ادا کرتے ہیں۔

ناظم عمومی نے اپنے اخباری بیان میں مزید کہا کہ اسلام "سلم" سے مشتق ہے جس کا معنی ہی امن وآشتی ہے لہٰذا اس کی جملہ تعلیمات باہمی اخوت بھائی چارگی اور امن وسلامتی کا درس دیتی ہیں اور ہر اس اقدام کی مخالفت کرتی ہیں جس سے آپسی ٹکراؤ کی فضا پیدا ہوتی ہو اور انسانیت کے لئے ضرر رساں ہوں۔ مولانا نے کہا کہ اس قسم کی باتیں دعوت کے اصولوں کے بھی خلاف ہیں لہٰذا ان سے قطعی طور پر احتراز کیا جانا چاہئے اور احترام باہم کے اصولوں پر گامزن رہنا چاہئے۔

(۲)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام پانچ روزہ آل انڈیا ریفریشر کورس برائے اساتذہ عربی زبان وادب اختتام پذیر

دہلی: ۲ر جنوری ۲۰۱۲ء: عربی زبان ایک زندہ پائندہ زبان ہے اور اس میں ہر زمانے کے ساتھ چلنے کی صلاحیت موجود ہے، اس زبان کو سمجھنے اور بولنے والے دنیا کے ہر خطے میں موجود ہیں کیوں کہ قرآن کریم جو کہ انسانیت کے نام اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام ہے اس کی زبان بھی عربی ہے۔ عربی زبان وادب کو سیکھنا اور سکھانا ایک دینی وانسانی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے کیا، موصوف گزشتہ کل مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی میں منعقد پانچ روزہ آل انڈیا ریفریشر کورس برائے اساتذہ عربی زبان وادب کے اختتامی اجلاس میں استقبالیہ خطبہ دے رہے تھے۔

انہوں نے اپنے خطاب میں مہمانان خصوصی، شرکائے ریفریشر کورس اور دیگر سامعین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہندوستان نے عربی زبان وادب کی سیکڑوں عبقری وماہر ترین شخصیات پیدا کی ہیں۔ ان میں بڑی تعداد اہل حدیث علماء کی ہے، علامہ عبد العزیز میمنی، ابو عبداللہ السورتی اور مولانا عبدالمجید حریری کا نام ان عباقرہ میں سرفہرست ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عربی زبان وادب کو وسیع پیمانے پر فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے ریفریشر کورس کا مزید اہتمام ہونا چاہئے تاکہ اساتذہ کرام عربی زبان وادب کی تدریس وتعلیم کا کام بحسن وخوبی انجام دے سکیں۔

سعودی سفارت خانہ نئی دہلی کے شیخ احمد علی رومی نے اس ریفریشر کورس کے انعقاد پر مرکزی جمعیت کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عربی زبان وادب کی تعلیم کے لیے متعدد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مختلف مقامات پر ارسال کیا جس سے اس زبان کو سیکھنے اور سکھانے کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے، عربی زبان کی تعلیم وتدریس کی اہمیت ہمیشہ باقی رہے گی۔

ریفریشر کورس کے خصوصی ٹرینر ڈاکٹر محمد صالح الشثری (نمائندہ العربیہ للجمیع سعودی عرب) نے کہا کہ عربی زبان وادب اور اسے سیکھنے والوں کی اہمیت وضرورت ہر دور میں مسلم ہے۔ ہم اپنی عبادتوں میں اس زبان کو دہراتے ہیں۔ ہندوستان بھی عربی زبان وادب کا گہوارہ رہا ہے یہاں اس کی تعلیم وتدریس بڑے پیمانے پر ہوتی ہے۔ ہم لوگ اس لیے یہاں حاضر ہوئے ہیں کہ قرآن کریم کی زبان کی تدریس وتعلیم اور تفہیم کا طریقہ سیکھیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ آپ نے یہاں جو کچھ سیکھا ہے اسے عملی زندگی میں بھی برتیں اور عربی زبان وادب کی نئی ٹیم تیار کریں۔

معزز مہمان جناب پروفیسر اختر الواسع صاحب صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز جامعہ ملیہ اسلامیہ اور وائس چیرمین دہلی اردو اکادمی نے کہا کہ عربی زبان معاش کی ہی نہیں بلکہ معاد کی بھی زبان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا آخری پیغام اسی زبان میں نازل فرمایا، اس لیے اس زبان کی نشر واشاعت ہمارا فریضہ ہے۔ اس کی ترویج واشاعت میں مدارس عربیہ اور عصری جامعات کا اہم رول ہے۔ عرب ہند تعلقات بہت قدیم ہیں اور عربی زبان کی چھاپ یہاں کی زبانوں پر بہت زیادہ ہے۔

اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ظفر الاسلام خان ایڈیٹر دی ملی گزٹ نئی دہلی نے کہا کہ ہندوستان کا عربی زبان وادب سے ہمیشہ تعلق رہا ہے یہاں عربی میں بڑی اہم کتابیں لکھی گئیں اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مدارس اسلامیہ نے اس کی تعلیم وتعلم کا بطور خاص اہتمام کیا، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند عربی اساتذہ کے لیے ریفریشر کورس کے انعقاد پر شکریہ اور مبارکباد کی مستحق ہے۔

اجلاس کے اخیر میں معزز مہمان شیخ محمد حسن السیاری (ٹریز ریفریشر کورس و نمائندہ العربیہ مجمع سعودی عرب) نے ریفریشر کورس کا نتیجہ سنایا اور جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند و دیگر مہمانوں کے ہاتھوں مہمانان خصوصی کو مومنٹو اور شرکاء ریفریشر کورس کو اسناد سے نوازا گیا۔

واضح رہے کہ یہ پانچ روزہ ریفریشر کورس مورخہ ۲۸ر دسمبر ۲۰۱۱ء کو شروع ہوا تھا جو گزشتہ یکم جنوری ۲۰۱۲ء کو اختتام پذیر ہوا۔ اس میں ملک کے مختلف حصوں سے بیسیوں ادارے کے کل ۴۴ اساتذہ عربی ادب نے شرکت کی اور عرب ماہرین سے عربی زبان وادب کی تعلیم وتدریس کا ہنر سیکھا۔ اس اجلاس میں دہلی کی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

(۳)

## شیطانی آیات کے دریدہ دہن مصنف کی ملک میں آمد بدبختانہ

دہلی، ۱۷ر جنوری۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغرعلی امام مہدی سلفی نے اپنی ایک پریس ریلیز میں ادب کے نام پر بے ادبی کا مظاہرہ کرنے والے شیطانی آیات کے دریدہ دہن مصنف سلمان رشدی کی ملک میں آمد کو بدبختانہ قرار دیتے ہوئے اس پر اپنی شدید ناراضگی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ دنیا کا کونسا ایسا ادب ہے جو کروڑوں مسلمانوں اور لاکھوں غیر مسلم عقیدت مندوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والے شیطان صفت نام نہاد مصنف کو دعوت سخن دے اور ہندوستان جیسے کثیر مذاہب پر یقین رکھنے والے ملک کے عوام کے جذبات کو مجروح کرے۔ نیز حکومت ہند سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوراً اس کے پرسن آف انڈین اوریجن کارڈ کو منسوخ کردے تاکہ آئندہ کبھی بھی اس شیطان صفت اور دوسروں کے جذبات مجروح کرنے والے انسان کے ناپاک قدم وطن عزیز کی زمین پر نہ پڑسکیں۔

ناظم عمومی نے مزید کہا کہ ہندوستانی تہذیب احترام باہم کے اصولوں پر قائم ہے لیکن نامعلوم کن مجبوریوں کے تحت حکومت ہند وقفہ وقفہ سے ایسے شعوری یا غیر شعوری اقدامات کرتی رہتی ہے جن سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں اور ان کی بے چینی میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ بنگلہ دیشی نام نہاد مصنفہ تسلیمہ نسرین کو پناہ دینے سے پہلے ہی مسلمانوں کے جذبات مجروح ہیں۔ ان باتوں سے حکومت بخوبی واقف ہوتے ہوئے بھی خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے جو کروڑوں انسانوں کی دل آزاری کا باعث ہے، اس پر اعیان حکومت کو ٹھنڈے دماغ سے غور کرنا چاہئے اور ٹھوس اقدامات کی جانب گامزن ہونا چاہئے۔ مولانا نے مزید کہا کہ بعض ناعاقبت اندیش اس طرح کے لوگوں کو آزادیٔ رائے کے نام پر حق بجانب ٹھرانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن یہ بھول جاتے ہیں کہ آزادیٔ رائے کا دنیا کی کسی بھی ڈکشنری میں یہ مطلب نہیں کہ کسی کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچائی جائے یا مذہبی پیشواؤں کو سب وشتم کیا جائے۔

(۴)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالۃ الصحابۃ "صحابۂ کرام -اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار" کے عنوان پر کانفرنس کا انعقاد ۲-۳/ مارچ ۲۰۱۲ء کو

### امام حرم سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے

### مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند کی مجلس عاملہ کے ایک اہم اجلاس میں کانفرنس کے کامیاب انعقاد اور ملک وملت اور انسانیت کی فلاح سے متعلق متعدد امور پر غور کیا گیا

نئی دہلی ۲۳ر جنوری ۲۰۱۲ء: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام "عدالتِ صحابہ" کے عنوان پر عظیم الشان ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ ۲-۳ر مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلا بخشیں گے۔ نیز مغرب وعشاء کی امامت بھی فرمائیں گے۔ ان باتوں کی جانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغرعلی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں دی۔ انہوں نے کہا کہ امام محترم کی اقتدا میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔

ناظم عمومی نے کہا کہ کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے گذشتہ ۲۲ر جنوری ۲۰۱۲ کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا، نئی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین ومدعوئین خصوصی شریک ہوئے اور سب نے مل کر کانفرنس کو بہر صورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے بڑی ضرورت قرار دیا۔ عاملہ کے اس اجلاس میں قومی وملی اور انسانی مسائل پر بھی غور وخوض ہوا اور اخیر میں ملک وملت اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انسانیت کے متعلق متعدد امور زیر غور آئے اور درج ذیل قرارداد پاس کی گئیں:

۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کے اس اجلاس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔اس لئے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لئے قرآن وحدیث کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔

۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتا ہے۔لیکن یہ کوٹہ آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔اگر حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے واقعی سنجیدہ ہے تو وہ سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔

۳-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے ٹھوس قدم اٹھائے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو اور بےقصور، بےجا اذیت سے بچ سکیں۔

۴-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔عاملہ کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا مورال نہیں گرے گا بلکہ اس سے قانون وانصاف کی برتری ہی ثابت ہوگی۔

۵- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا یہ اجلاس ملک کے مختلف حصوں میں بےقصور مسلم نوجوانوں کی گرفتاری پر اظہار تشویش کرتا ہے اور متعلقہ سرکاری ایجنسیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں غیر جانبداری سے کام لیں۔

۶-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے،علاوہ ازیں متاثرین کی بازآبادکاری اور معاوضہ کو یقینی بنائے۔

۷-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو ریزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔

۸-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں،عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔

۹-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات کو حذف نہیں کیا گیا تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہو جائیں گی۔

۱۰-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔

۱۱-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حالیہ دنوں انگریزی ہفت روزہ انڈیا ٹوڈے ودیگر اخبارات کے ذریعہ جمعیت اہل حدیث کو دہشت گردی کے الزام سے متہم کئے جانے اور مملکت سعودی عرب پہ دہشت گردی کی تمویل کا بے بنیاد الزام لگائے جانے کی پرزور مذمت کرتا ہے۔اس لیے کہ اس سے ایک امن پسند جماعت اور انسانیت نواز مملکت کی کردار کشی ہوتی ہے۔عاملہ کا یہ احساس ہے کہ صحافت ایک مقدس مشن اور ایک سماجی ذمہ داری ہے لہٰذا ذرائع ابلاغ رپورٹنگ میں غیر جانبداری سے کام لے کیونکہ اس کی جانبدارانہ رپورٹنگ سے ایک خاص طبقہ کو ذہنی اذیت ہوتی ہے اور وہ دیگر اقوام کی نگاہ میں مذموم ہو جاتا ہے۔یہ اجلاس مذکورہ اخبارات سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس گستاخی کے لیے معافی مانگیں اور اس کی تردید شائع کریں۔

۱۲-مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس فلسطین میں جاری اسرائیل کی جارحیت کی مذمت کرتا ہے اور اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فلسطین کو اسرائیل کی ظلم وبربریت سے نجات دلانے کے لئے ذاتی مفاد سے اٹھ کر کام کریں،کیونکہ اسرائیل کی جارحیت کی وجہ سے مشرق وسطی میں امن وقانون کی صورت حال درہم برہم ہے۔

۱۳-مجلس عاملہ کا یہ اجلاس شہزادہ نایف بن عبدالعزیز آل سعود کو مملکت سعودی عرب کا ولی عہد مقرر کئے جانے پر خادم حرمین شریفین،شاہی خاندان،وزارت اسلامی امور اور سعودی عوام وخواص کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔نیز حالیہ دنوں میں سلفیت کے حوالے سے ان کے بیان کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔

۱۴-مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ولی عہد مملکت سعودی عرب شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز آل سعود کی وفات پر اظہار غم وافسوس کرتا ہے اور ان کی وفات کو مملکت سعودی عرب اور انسانیت کے لیے عظیم خسارہ قرار دیتا ہے نیز مرحوم شہزادہ کی ملک وانسانیت کے تئیں عظیم خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مملکت توحید کے فرمانروا ملک عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود،شاہی خاندان اور سعودی عوم وخواص کی قلبی تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ بارالہ ان کی مغفرت فرما۔آمین

۱۵-مجلس عاملہ کا یہ اجلاس آئندہ دنوں ملک کے پانچ صوبوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیدواروں کو ووٹ دیں۔اور فسطائی فرقہ وارانہ ذہنیت رکھنے والی طاقتوں کا راستہ روکے تاکہ سیکولر حکومتوں کا قیام عمل میں آسکے اور روایتی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ماحول



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قائم رہے اور ہر فرقہ کو یکساں طور پر ترقی کے مواقع میسر آسکیں۔

۱۶- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس سلمان رشدی اور تسلیمہ نسرین جیسے دریدہ دہن شیطان صفت، نام نہاد قلم کاروں کی بعض اداروں کی جانب سے ہمت افزائی کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ آئندہ ملک میں ان جیسے لوگوں کی آمد پر پابندی عائد کرے تاکہ مسلمانوں و دیگر سیکولر رجحانات رکھنے والے لوگوں کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ ساتھ ہی ان دنوں مسلمانوں کے پرامن احتجاج اور دانشمندانہ اقدامات کے باعث سلمان رشدی کی جو حوصلہ شکنی ہوئی اور حکومت کی جانب سے بھی اس کے دورے کو روکنے کے لیے جو اقدامات کئے گئے، اس کو بنظر تحسین دیکھتا ہے اور اسے ملک وملت کے لیے خوش آئند تصور کرتا ہے۔

۱۷- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس جناب محمد غالب یمانی، صدر جامعات المفلحات حیدرآباد، مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری، ڈاکٹر جاوید الاعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ نیز اللہ سے دعا گو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

(۵)

## اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر مرکزی جمعیت کے ذمہ داران کے ذریعہ سماحۃ الشیخ سعود بن ابراہیم الشریم کا والہانہ استقبال امام محترم نے اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی، میں نماز عشاء کی امامت فرمائی

## ہزاروں فرزندان توحید نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی

جماعت اہل حدیث کا منہج مشکاۃ نبوی سے مستنیر ہے اس میں بدعات وخرافات کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ اہل حدیث ہی کتاب وسنت کے حقیقی پیروکار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ان سے محبت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار خانہ کعبہ کے امام سماحۃ الشیخ سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ نے کیا۔ موصوف گزشتہ شب اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا نئی دہلی میں نماز عشاء سے قبل سامعین کے بڑے مجمع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں منہج سلف کی اہمیت واضح کرتے ہوئے کہا کہ اہل حدیث اس راستے پر گامزن ہیں جس پر صحابہ کرام عمل پیرا تھے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ سماج ومعاشرہ کے اندر کتاب وسنت کو عام کیا جائے۔ اس سے اخوت وبھائی چارہ قائم ہوسکتا ہے اور مثالی انسانی معاشرہ کی تشکیل عمل میں آسکتی ہے۔

امام محترم نے اپنے خطاب کے بعد عشاء کی نماز پڑھائی۔ اور ہزاروں مسلمانوں نے ان کی اقتدا میں چہار گانہ ادا کی۔ اس سے پہلے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے امام محترم کا استقبال کیا اور خیر مقدمی کلمات کہے اور ان کی آمد کو مسلمانان ہند کے لئے بڑی سعادت قرار دیا۔ اور امیر محترم اور ناظم عمومی نے امام محترم کی خدمت میں ہدیے پیش کیے۔ اس موقع پر موقر اراکین مجالس عاملہ وشوری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اور ذمہ داران کے ذیلی جمعیات اور دہلی کی اہم شخصیات موجود تھیں۔

(۶)

## امام حرم کا مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے استقبال کیا

نئی دہلی: یکم مارچ

آج یہاں اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر صبح ۱۱ بجے امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ودیگر ذمہ داران ومعززین نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر امام حرم نے سرزمین ہند پر آکر اپنی دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دل میں ہندوستان اور اس کے شہریوں کا بے حد احترام ومحبت ہے۔

قابل ذکر ہے کہ امام حرم آج اہل حدیث کمپلیکس میں نماز عشاء پڑھانے کے علاوہ کل رام لیلا میدان میں ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے دوران خطبہ جمعہ دیں گے اور نماز جمعہ پڑھائیں گے۔ نیز ۳/مارچ کو بعد نماز مغرب عمومی خطاب فرمائیں گے۔

امام حرم سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے

**عدالۃ الصحابۃ** ”صحابہ کرام-اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اورانسانیت کے سچے معمار“ کے عنوان پر

۳۱ویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا انعقاد دہلی میں ۲-۳/مارچ ۲۰۱۲ء کو

### مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس اختتام پذیر

ملک وملت جماعت اورانسانیت کی بھلائی سے متعلق متعدد اہم مسائل پر غوروخوض



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی اجلاس گذشتہ ۲۲رجنوری ۲۰۱۲ء کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی میں زیر صدارت جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین و مدعوئین خصوصی شریک ہوئے۔ اجلاس کا ایجنڈا حسب ذیل تھا۔

(۱) گذشتہ کارروائی کی خواندگی وتوثیق

(۲) رپورٹ ناظم عمومی

(۳) اجلاس مجلس شوریٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند منعقدہ ۱۷ر اکتوبر ۲۰۱۰ء میں منظور شدہ عظمت صحابہ کانفرنس کے انعقاد پر غور وخوض

(۴) جمعیت کے بعض دعوتی، تربیتی، تنظیمی اور تعمیری مسائل پر غور وخوض

(۵) بعض صوبائی جمعیات اہل حدیث کے انتخابات پر غور وخوض

(۶) جمعیت کے مالی استحکام پر غور وخوض

(۷) ملکی، ملی و جماعتی مسائل پر غور

(۸) دیگر امور باجازت صدر

منجملہ دیگر امور کے طے پایا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار کے عنوان پر عظیم الشان ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ ۲-۳ر مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلا بخشیں گے۔ نیز مغرب وعشاء کی امامت بھی فرمائیں گے۔ نیز امام محترم کی اقتدا میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔ نیز مؤقر اراکین ومدعوئین خصوصی نے کانفرنس کو بہرصورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے اہم ضرورت قرار دیا۔ عاملہ کے اس اجلاس میں قومی، ملی اور انسانی مسائل پر بھی غور وخوض ہوا۔ اور اخیر میں ملک وملت اور انسانیت کے متعلق متعدد امور زیر غور آئے اور درج ذیل قرارداد پاس کی گئیں:

۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کے اس اجلاس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔ اس لئے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لئے قرآن وحدیث کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔

۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتا ہے۔ لیکن یہ کوٹہ آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔ اگر حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے واقعی سنجیدہ ہے تو وہ سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔

۳- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے ٹھوس قدم اٹھائے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو اور بے قصور، بے جا اذیت سے بچ سکیں۔

۴- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا مورال نہیں گرے گا بلکہ اس سے قانون وانصاف کی برتری ہی ثابت ہوگی۔

۵- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا یہ اجلاس ملک کے مختلف حصوں میں بے قصور مسلم نوجوانوں کی گرفتاری پر اظہار تشویش کرتا ہے اور متعلقہ سرکاری ایجنسیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں غیر جانبداری سے کام لیں۔

۶- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے، علاوہ ازیں متاثرین کی باز آبادکاری اور معاوضہ کو یقینی بنائے۔

۷- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔ اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو رزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔ اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔

۸- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں، عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔

۹- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات کو حذف نہیں کیا گیا تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہوجائیں گی۔

۱۰- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔

۱۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حالیہ دنوں انگریزی ہفت روزہ انڈیا ٹوڈے و دیگر اخبارات کے ذریعہ جمعیت اہل حدیث کو دہشت گردی کے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الزام سے متہم کیے جانے اور مملکت سعودی عرب پہ دہشت گردی کی تمویل کا بے بنیاد الزام لگائے جانے کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اس لیے کہ اس سے ایک امن پسند جماعت اور انسانیت نواز مملکت کی کردارکشی ہوتی ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ صحافت ایک مقدس مشن اور ایک سماجی ذمہ داری ہے لہٰذا ذرائع ابلاغ رپورٹنگ میں غیر جانبداری سے کام لے کیونکہ اس کی جانبدارانہ رپورٹنگ سے ایک خاص طبقہ کو ذہنی اذیت ہوتی ہے اور وہ دیگر اقوام کی نگاہ میں مذموم ہو جاتا ہے۔ یہ اجلاس مذکورہ اخبارات سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس گستاخی کے لیے معافی مانگیں اور اس کی تردید شائع کریں۔

۱۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس فلسطین میں جاری اسرائیل کی جارحیت کی مذمت کرتا ہے اور اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فلسطین کو اسرائیل کی ظلم و بربریت سے نجات دلانے کے لئے ذاتی مفاد سے اٹھ کر کام کریں، کیونکہ اسرائیل کی جارحیت کی وجہ سے مشرق وسطی میں امن وقانون کی صورت حال درہم برہم ہے۔

۱۳- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس شہزادہ نایف بن عبدالعزیز آل سعود کو مملکت سعودی عرب کا ولی عہد مقرر کئے جانے پر خادم حرمین شریفین، شاہی خاندان، وزارت اسلامی اموراور سعودی عوام وخواص کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔ نیز حالیہ دنوں میں سلفیت کے حوالے سے ان کے بیان کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔

۱۴- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ولی عہد مملکت سعودی عرب شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز آل سعود کی وفات پر اظہار غم وافسوس کرتا ہے اور ان کی وفات کو مملکت سعودی عرب اور انسانیت کے لیے عظیم خسارہ قرار دیتا ہے نیز مرحوم شہزادہ کی ملک وانسانیت کے تئیں عظیم خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مملکت توحید کے فرمانروا ملک عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود، شاہی خاندان اور سعودی عوم وخواص کی قلبی تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ بارالہ ان کی مغفرت فرما۔ آمین

۱۵- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس آئندہ دنوں ملک کے پانچ صوبوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیداروں کو ووٹ دیں۔ اور فسطائی فرقہ وارانہ ذہنیت رکھنے والی طاقتوں کا راستہ روکے تاکہ سیکولر حکومتوں کا قیام عمل میں آسکے اور روایتی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ماحول قائم رہے اور ہر فرقہ کو یکساں طور پر ترقی کے مواقع میسر آسکیں۔

۱۶- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس سلمان رشدی اور تسلیمہ نسرین جیسے دریدہ دہن شیطان صفت، نام نہاد قلم کاروں کی بعض اداروں کی جانب سے ہمت افزائی کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ آئندہ ملک میں ان جیسے لوگوں کی آمد پر پابندی عائد کرے تاکہ مسلمانوں و دیگر سیکولر رجحانات رکھنے والے لوگوں کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ ساتھ ہی ان دنوں مسلمانوں کے پرامن احتجاج اور دانشمندانہ اقدامات کے باعث سلمان رشدی کی جو حوصلہ شکنی ہوئی اور حکومت کی جانب سے بھی اس کے دورے کو روکنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے، اس کو بنظر تحسین دیکھتا ہے اور اسے ملک وملت کے لیے خوش آئند تصور کرتا ہے۔

۱۷- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس جناب محمد غالب یمانی، صدر جامعات المفلحات حیدرآباد، مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری، ڈاکٹر جاوید الاعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ نیز اللہ سے دعا گو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

(۷)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام
## ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا حسنِ آغاز

### امام حرم نے رام لیلا میدان میں اسلام کے صحیح تعارف اور اتحاد ملت کی تلقین کی
### مرکزی وزیر کپل سبل نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی تعلیمی خدمات اور دہشت گردی مخالف سرگرمیوں کی تعریف کی

نئی دہلی‘2 مارچ: آج یہاں امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم نے رام لیلا گراونڈ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام دوروزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے موقع پر نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران ملت اسلامیہ ہند میں اتحاد و یگانگت کی تلقین کی اور کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ دین اسلام کو مکمل طور پر ہر قسم کی بدعتوں سے بچتے ہوئے معاشرے میں پیش کیا جائے۔

امام حرم شریف جو کہ سعودی عرب میں جج کے عہدے پر بھی فائز رہ چکے ہیں اور ام القری یونیورسٹی مکہ سے پی ایچ ڈی کرنے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد فقہ کے پروفیسر کی خدمت انجام دے رہے ہیں، نیز بین الاقوامی شہرت یافتہ ممتاز فقیہ ہیں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب کہ پوری انسانیت مختلف مسائل اور مصائب سے گھری ہوئی ہے اور ذہنی کرب واذیت سے دوچار ہے اسلام سسکتی ہوئی انسانیت کے لئے سب سے بہترین نظام حیات اور دین رحمت کے طور پر تمام مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ امام حرم نے کہا کہ اسلام کو اس کی حقیقی شکل میں پیش کیا جائے اور اس کا عملی نمونہ معاشرے کے سامنے لایا جائے جس سے معاشرے میں امن وآشتی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ حاصل ہو۔

انہوں نے کہا کہ آج دنیا میں جو نسلی امتیاز پایا جاتا ہے وہ ختم ہونا چاہیے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے مزید کہا کہ اسلام نے اس ضمن میں جو شاندار مثال قائم کی ہے وہ تاریخی ہے۔اس کے تحت کالے کو گورے پر اور گورے کو کالے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے۔

امام حرم مکہ مکرمہ نے ہندوستان میں اپنی آمد کو اپنے لئے باعث سعادت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان جیسے عظیم ملک اور یہاں کے عوام کے لئے ان کے دل میں ہمیشہ محبت واحترام کا جذبہ رہا ہے وہ سرزمین ہند پر آ کر خود کو اپنے گھر میں محسوس کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ صحابہ کو رول ماڈل کے طور پر بلاتفریق مذہب وملت اور مسلک ہر شخص کے سامنے پیش کیا جائے تا کہ ان کی آئیڈیل تعلیمات سے ہر کوئی استفادہ کر سکے۔

امام حرم نے نماز جمعہ کی امامت کی جس میں تقریباً چار لاکھ افراد نے شرکت کی۔

نماز جمعہ کے دوران پورا رام لیلا میدان کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔امام محترم بعد نماز کل مغرب وعشاء کی امامت اور ایمان افروز خطاب فرمائیں گے اور عشا کی نماز کی امامت بھی کریں گے۔واضح رہے کہ ڈاکٹر الشریم 1991 سے مکہ مکرمہ میں حرم شریف کے امام و خطیب ہیں۔

اس موقع پر مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل کپل سبل نے کہا کہ ملک کی موجودہ حالات میں عدالت صحابہ کے موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ دوروزہ کانفرنس بہت ہی موضوع ہے۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ اس موقع پر امام محترم تشریف آوری سے اسلام کے امن اور اخوت کے پیغام کو فروغ ملے گا۔انہوں نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذریعہ دہشت گردی کے خلاف علماء کرام کے دستخط سے جاری فتوے کی تعریف کی اور کہا کہ اس سے اسلام کے تعلق سے جو غلط فہمی پھیلائی جا رہی تھی اسے دور کرنے میں مدد ملی۔

کپل سبل نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی ہمہ جہت ملکی وانسانی خدمات خصوصاً تعلیمی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے جہاں ناخواندگی کو دور میں کرنے میں مدد ملی ہے وہیں تعلیم کے فروغ میں مدد مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعہ قائم ہزار ہا مدارس ومکاتب اس کاز کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

قبل ازیں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے اہمیت اور امیر حافظ محمد یحییٰ دہلوی نے اپنے خطبہ صدارت میں عدالت صحابہ کانفرنس کی غرض وغایت بتاتے ہوئے کہا کہ ہمیں ان نفوس قدسیہ کی تابندہ زندگی کی سنہری کرنوں سے اپنی ذات' گردو پیش اور اپنے محبوب وطن کے طول وعرض کو معمور ومنور کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا جس بدامنی اور اخلاقی بے راہ روی کی طرف جا رہی ہے اس کو ہدایت اور رہنمائی صرف صحابہ کرام کے مقدس گروہ سے مل سکتی ہے۔انہوں نے مسلمانوں کو اپنے اعمال کو سدھارنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آج جس مسلمان جن مصائب و مشکلات اور ابتلاء وآزمائش کا شکار ہیں وہ صرف اعدا اسلام کی سازشوں کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہماری بداعمالیوں اور فکری ونظریاتی انحراف کا بھی عمل دخل ہے۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر امام مہدی سلفی نے امام حرم کی شرکت کو کانفرنس کے شرکاء اور اہل وطن کے لئے باعث سعادت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب معاشرے میں ہر طرف بدامنی اور افراتفری کے ساتھ ساتھ خوف وہراس کی فضا پائی جا رہی ہے صحابہ کرام کی حیات مبارکہ اور ان کی تعلیمات سب کے لئے مشعل راہ ہی نہیں بلکہ عملی نمونہ ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث صحابہ کرام کو آج بھی انسانیت کی فلاح کا معیار تسلیم کرتی ہے اور اسی وجہ ہے کہ اس نے دوسال قبل بھی عظمت صحابہ کانفرنس کا انعقاد کیا تھا اور پھر اس مرتبہ عدالۃ الصحابہ کے موضوع پر ۳۱ رویں اہل حدیث کانفرنس کر رہی ہے۔

مولانا عبدالرحمان عبیداللہ رحمانی مبارک پوری نے خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے کارکنان کو اپنی حکمت عملی کو زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور خلوص وللہیت اور کامل اتحاد ویکجہتی کے ساتھ اپنے قومی وانسانی فلاح وبہبود کے منصوبے ترتیب دینے کی تلقین کی۔اور زندگی کے ہر مرحلہ میں صحابہ کرام کے اسوہ کو پیش نظر رکھنے پر زور دیا۔

اس موقع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی صوبائی اکائیوں کے ذمہ داران خاص طور سے مولانا حافظ عین الباری عالیاوی، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند وامیر صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی بنگال، مولانا عبدالمنان سلفی جھنڈانگری، ڈاکٹر عبدالدیان انصاری، مولانا شمس الحق سلفی، نائب ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث جھارکھنڈ، مولانا صفی احمد مدنی، امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث آندھرا پردیش، مولانا عبداللہ سعود سلفی، ناظم جامعہ سلفیہ بنارس، مولانا غلام رسول ملک، امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر، مولانا عبدالسلام سلفی امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی، مولانا محمد ہارون سنابلی، ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی یوپی، مولانا اقبال محمدی، کنوینر کانفرنس، ڈاکٹر سید عبدالحلیم صاحب، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، مولانا شعیب میمن جونا گڈھی، ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث گجرات، مولانا عبدالمنان سلفی وغیرہ اہم شخصیات نے تقریریں کیں، تاثرات پیش کئے اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی ہمہ جہت کوششوں اور خدمات کو سراہا اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر امام محترم کی تشریف آوری کے لیے مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کو مبارکباد پیش کیا۔مولانا عبدالسلام سلفی نے کہا کہ امام محترم کی تشریف آوری موجودہ قیادت کا اہم کارنامہ ہے۔

اس موقع پر جگت گرو شنکراچاریہ، سوامی سروپانند سرسوتی جی کی طرف پنڈت این کے شرمانے کپل سبل کے ساتھ امام حرم کو چادر اڑھا کر استقبال کیا۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیگر اہم شرکاء میں رکن دہلی اسمبلی شعیب اقبال، سماجی کارکن پنڈت این کے شرما اور روزنامہ اردو راشٹریہ سہارا کے مدیر اسد رضا کے علاوہ اراکین مجالس عاملہ وشوری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند قابل ذکر ہیں۔

(۸)

## ۳۱ویں اہل حدیث کانفرنس ''صحابہ کرام اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار''

نئی دہلی، 3 مارچ ۲۰۱۲ء

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالۃ صحابہ کے موضوع پر اکتیسویں دو روزہ عظیم الشان آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس دوسرے اور آخری دن جوش اور ولولے کے ساتھ شروع ہوئی جس میں متعدد علماء کرام و دیگر ماہرین معاشرے کی تمام برائیوں کو دور کرنے اور مسائل کو حل کرنے کے تعلق سے صحابہ کرام کی تعلیمات کو واحد حل بتایا اور تلقین کی کہ ان کے اخلاق وکردار کو عوام الناس میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے۔

عیاں رہے کہ دو روزہ کانفرنس کا آغاز کل یہاں تقریباً چار لاکھ شرکاء کی موجودگی میں ہوا۔ افتتاحی اجلاس کے فوراً بعد امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ نے ایمان افروز خطبہ دیا اور نسلی امتیاز سے بالاتر ہو کر اسلام کے آفاقی تصور اور صحابہ کرام کے معیاری نمونے پر چلنے کی تلقین کی۔ بعد ازاں انہوں نے فرزندان توحید سے بھرے کھچا کھچ رام لیلا میدان میں صلاۃ جمعہ پڑھائی۔ عام تاثر یہ ہیکہ فرزندان توحید کا اتنا بڑا مجمع رام لیلا میدان کی تاریخ میں اس سے قبل پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔ ہر کس وناکس اس بات پر حیرت کر رہا تھا کہ اتنے بڑے مجمع میں کسی طرح کی بدامنی اور افراتفری بالکل نہیں دیکھی گئی۔ موقع پر موجود پولیس کی بڑی تعداد بھی اسی قسم کے تاثرات کا اظہار کر رہی تھی۔ پولیس والوں کے مطابق نظم وضبط اور اطاعت کا یہ منظر اتنے بڑے مجمع میں عام طور پر نہیں دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے اس تعلق سے منتظمین اور شرکاء کی تعریف کی۔

نشست ثانی کی صدارت ڈاکٹر سید عبدالحلیم نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے کرتے ہوئے کہا کہ رحمـاء بینھم صحابہ کی ایک عظیم صفت ہے جو قرآن نے بیان کی ہے۔ تعداد کی بنیاد پر حکومت بنائی جاسکتی ہے لیکن اس کی بقاء عدل پر ہی ممکن ہے صحابہ کرام کی جو صفت تھی اس کو اپنا کر ہی ظلم کو ختم کر سکتے ہیں۔ اسی نشست کی نظامت کرتے ہوئے شیخ شفیق احمد ندوی استاذ جامعہ محمدیہ کھیدوپورا نے فرمایا کہ صحابہ کرام کی تعلیمات مخصوص دور اور نظام کے لئے نہیں بلکہ تا قیامت تمام ادوار اور روئے زمین کے تمام معاملات کے لئے موزوں ہیں۔ مولانا عبدالعظیم مدنی استاذ جامعہ دارالسلام عمر آباد نے 'صحابہ کرام معمار انسانیت' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام کو نبی کی نصرت واعانت وحمایت وتائید کے لئے چنا گیا تھا۔ جب روئے زمین پر بلند اخلاق وکردار کا جنازہ اٹھ چکا تھا۔ جب انسانیت ختم ہو چکی تھی تو نبی نے ان کی تربیت کی تو وہ انسانی شکل میں فرشتے بن گئے۔ جس راہ سے چلے وہ گل گلزار بن گیا۔ تمام شعبہ ہائے زندگی میں قدم رکھ کر اس کے اصول وضوابط مقرر کیا اور مثالی کارنامہ انجام دیا۔

معروف عالم دین شیخ عبدالمنان سلفی، جامعہ سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال کے امیر الجامعہ نے 'صحابہ کرام اور خدمت ملک وملت' کے موضوع پر کہا کہ صحابہ کرام نے اپنے زمانے میں ملک وملت کی جو خدمت انجام دی ہے آج بھی اس کو معیار مانتے ہوئے دیگر ممالک بشمول ہندوستان میں اسی قسم کے تجربے کی سخت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک وملت میں جس قسم کی پریشانیاں اور مسائل موجود ہیں ان کے حل میں صحابہ کرام کی تعلیمات بہت مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔

کلیۃ سلفیہ سری نگر کے پروفیسر شیخ عبداللطیف الکندی نے 'صحابہ کرام حدیث کی روشنی میں' کے موضوع پر اپنے مقالے میں کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ صحابہ کرام حدیث رسول کا عملی نمونہ ہیں۔ اور انہوں نے جو کچھ اپنے قول وعمل کے ذریعہ پیش کیا وہ حضور اکرم کی تعلیم وتربیت سے فیض حاصل کرتے ہوئے ہی کیا ہے۔

مولانا انیس الرحمان اعظمی، سابق امیر صوبائی جمعیت اہلحدیث تامل ناڈو نے نشست ثالث میں اپنے صدارتی کلمات میں کہا کہ صحابہ کرام اسلام کے مکمل نمونہ ہیں اور انہوں نے اسلام کو کلی طور پر اپنے قول وعمل سے پیش کیا۔ اس نشست کی نظامت کرتے ہوئے مولانا ہارون سنابلی، ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی یوپی نے کہا کہ صحابہ کرام انبیاء کرام کے بعد اسلام کے سب سے برگزیدہ شخصیات ہیں اور ان کی تعلیمات ہر دور کے لئے ہیں۔ 'صحابہ کرام زہد واتقاء' کے عنوان پر مولانا عبدالرحیم رکن شوری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے کہا کہ زہد وتقویٰ میں صحابہ کرام کا کوئی ثانی نہیں۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت حاصل کرتے ہوئے اس تعلق سے جو مثال پیش کی وہ ہمیشہ قابل تقلید ہے۔ 'صحابہ کرام جذبہ ایثار وقربانی' کے موضوع پر مولانا ناذکی احمد مدنی ڈائرکٹر کولکاتہ الھدیٰ ایجوکیشنل سوسائٹی نے کہا کہ صحابہ کرام نے ایثار وقربانی کا جو نمونہ پیش کیا وہ پوری انسانیت کے لئے قیامت تک کے لئے ایک ایسی مثال ہے جس پر عمل کیا جاتا رہے گا۔

'صحابہ کرام اور انسانی حقوق کی پاسداری' پر مولانا خورشید عالم مدنی، استاذ حدیث مدرسہ احمدیہ سلفیہ آرہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق کا مسئلہ جو آج پوری دنیا میں ایک اہم مسئلہ بنا ہوا ہے اس تعلق سے صحابہ کرام نے جو مثال پیش کی اور جو اصول بتائے اس کا اطلاق آج کی دنیا پر بھی ہوتا ہے۔ انہوں نے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہا کہ کہ حقوق انسانی کی پامالی کا تصور ان صحابہ کرام کے ادوار میں کبھی نہیں دیکھا گیا اور بلاتفریق مذہب وملت تمام انسانوں کے حقوق کی پاسداری کی اور مثالی معاشرہ دنیا کے سامنے پیش کیا۔

'صحابہ محبت رسول کے آئینے میں' کے موضوع پر مولانا ظفر الحسن فیضی مدنی نے کہا کہ اپنے قائد سے تو سبھی محبت کرتے ہیں مگر محبت رسول کا جو عملی نمونہ صحابہ کرام نے پیش کیا اس میں اطاعت' فرماں برداری اور ان سے عقیدت سبھی کچھ موجود تھا۔ اور اس ضمن میں سب سے خاص بات یہ تھی کہ اطاعت وعقیدت میں اعتدال کا پہلو کبھی بھی نظر سے اوجھل نہیں ہوا۔

شیخ عبدالرحمان لیثی نے نشست رابع کے دوران اپنے صدارتی کلمات میں کہا کہ صحابہ کرام جہاں ایک طرف رب کے وفادار تھے وہیں دوسری طرف انہوں نے انسانیت کے حقیقی اقدار کے فروغ میں اہم رول ادا کیا وہیں دوسری طرف ماحولیات' جو کہ آج کی دنیا میں بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے، کے تحفظ کی زبردست کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ آج کی دنیا میں جو مسائل پائے جاتے ہیں صحابہ کرام نے اس تعلق سے حل پہلے ہی سمجھا دئے ہیں۔

'صحابہ کرام اور فروغ انسانیت' کے عنوان پر پر مولانا عبدالوہاب حجازی' مدیر ماہنامہ محدث بنارس نے کہا کہ صحابہ کرام کا تعلق کسی مخصوص کمیٹی سے نہیں تھا بلکہ وہ فلاح انسانیت کے سب سے بڑے علم بردار تھے۔ مولانا غلام رسول ملک امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر نے 'صحابہ کرام رب کے وفادار' کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم میں بھی ان کی وفاداری کے تعلق سے متعدد مقامات پر آیات موجود ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رب کریم نے خود ان کی وفاداری کا سرٹیفکیٹ دیا۔ 'صحابہ کرام اور فروغ تعلیم' کے تعلق سے مولانا عبدالسلام سلفی استاذ جامعہ سلفیہ بنارس نے کہا کہ قرآن کا نزول تعلیم وتعلم کی تلقین سے شروع ہوا اور صحابہ کرام نے اسے اپنے لئے لازم وملزوم قرار دیا یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اس تعلق سے توجہ دیتے ہوئے ناخواندگی کو دور کرنے کی کوشش کی اور تعلیم کے کاز کو آگے بڑھایا۔

مولانا انیس الرحمان قاسمی' ناظم امارت شرعیہ بہار وچیرمین بہار اسٹیٹ حج کمیٹی نے کہا کہ صحابہ کرام ایسی شخصیات ہیں جن کی بلاتفریق مذہب وملت سبھوں نے تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں غیر مسلم دانش وروں کی طویل فہرست ہے۔ انہوں نے کہا کہ معروف امریکی دانشور مائیکل ہارٹ نے دنیائے انسانیت کی ایک سو منتخب شخصیات میں جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سرفہرست قرار دیا وہیں صحابہ کرام میں سے ایک خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق کو اسی فہرست میں شامل کیا۔ اور کہا کہ یہ بنی نوع انسان کے بہترین فرد میں شامل ہیں اور ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنی انفرادی خصوصیات ہی کی بنا پر ہی نہیں بلکہ ایک مثالی معاشرہ کی تعمیر کے لئے بھی جانے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں مولانا عبدالسلام مدنی نے صحابہ کرام کو دین کا معیار قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے جو کچھ کیا ہے وہ دین کی عملی تصویر ہے۔

پانچویں نشست کی صدارت کرتے ہوئے شیخ عین الباری عالیاوی' نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے فرمایا کہ صحابہ کرام نے عقیدہ توحید کی جس طرح آبیاری کی ہے اس کی مثال بہت مشکل سے ملتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس تعلق سے انہوں نے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ پانچویں نشست میں دور حاضر میں صحابہ کرام کی معنویت پر مولانا حمید اللہ سلفی نے اپنے قیمتی خیالات پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام دور حاضر میں بھی انسانیت کے لئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ کے چیرمین مولانا عطاء الرحمٰن قاسمی نے کہا کہ عدالۃ الصحابہ کے موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے یہ کانفرنس بہت ہی بروقت اور موزوں ہے۔ جس سے معاشرہ میں نیکی کو پھیلانے اور بدی کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔

جین ٹی وی کے مالک وچیرمین اور بھارتی جنتا پارٹی کے اقلیتی سیل کے سربراہ ڈاکٹر جین نے کہا کہ وہ جمعیت اہل حدیث کو اس عظیم الشان کانفرنس کے انعقاد کے لیے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ اس سے سماج میں امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ میں تعاون ملے گا۔

(۹)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام اکتیسویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بحسن وخوبی اختتام پذیر

### اختتامی اجلاس میں امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا ایمان افروز خطاب آخر میں دینی وسماجی، قومی وملی اور عالمی وانسانی امور پر ۳۲ نکاتی قرارداد پاس کی گئی

نئی دہلی: ۳۰ مارچ ۲۰۱۲ء

امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ نے عدالۃ الصحابہ کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے صحابہ کرام کی فضیلت قرآن وسنت کی روشنی میں بیان فرمائی اور کہا کہ صحابہ کرام کی طرف انگلی اٹھانا دراصل دین کی تنقیص اور دین کا کفر ہے۔

صحابی کی تعریف میں مہاجرین، انصار اور وہ تمام لوگ شامل ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی فضیلت کہیں تفصیل سے اور کہیں اجمالا بیان فرمائی۔ اور وضاحت سے فرمادیا ہے کہ "رضی اللہ عنهم ورضوا عنه" ﴿اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوگئے﴾۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امام کعبہ نے کہا کہ صحابہ کرام کی فضیلت کے سلسلے میں ذخیرہ احادیث بھرے پڑے ہے۔ چنانچہ اللہ کے رسول نے فرمایا: لا تسبوا اصحابی فواللہ لو انفق احدکم مثل احد ذھبا لم یبلغ مد احدھم ولا نصیفہ ﴿میرے صحابہ کو گالی مت دو۔ قسم ہے اللہ کی اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کردے گا تو وہ ان کے دوڈھائی کلو اناج کے برابر بھی ثواب حاصل نہیں کر سکتا﴾۔

عدالت صحابہ قرآن وسنت سے ثابت ہے، صحابہ کرام انسانیت کے بہی خواہ اور اخلاق وکردار کے معیار تھے، انہوں نے دین کو صحیح صورت میں ہم تک پہونچایا یہ اللہ کے رسول ﷺ کے تربیت یافتہ گروہ تھے۔ انہوں نے دین وانسانیت کی خدمت کے لیے خود کو وقف کر دیا تھا۔ اور زندگی کے ہر شعبہ میں قابل تقلید نمونہ چھوڑ گئے۔ آج انسانیت صحابہ کرام کے اسوہ کو اپنا کر موجودہ زمانے کی مشکلات کا مقابلہ کر سکتی ہے اور اسوہ صحابہ پر عمل کرنے والا انسان ملک وقوم اور انسانیت کے لیے ہر طرح کی قربانی پیش کر سکتا ہے۔

امام کعبہ نے اپنی تقریر میں ملک وملت اور انسانیت کی بھلائی کے لیے دعائیں کی۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے استقبالیہ کلمات میں امام محترم کی تشریف آوری کو ہندوستانیوں کے لیے باعث سعادت قرار دیا، ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث قدیم ترین تنظیم ہے جو دین، ملک وملت اور انسانیت کی بھلائی کے کام انجام دے رہی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ایک اصولی اور دستوری تنظیم ہے اور وہ امن وسکون اور خدمت انسانیت میں یقین رکھتی ہے۔ قرآن وسنت اس کی اساس ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہم صحابہ کرام کا احترام کرتے ہیں۔ عدالۃ الصحابۃ کے عنوان پر یہ کانفرنس اس لیے منعقد کی گئی کہ صحابہ کرامؓ دین پر عمل کرنے اور انسانیت کی خدمت کرنے کے حوالے سے رول ماڈل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گاندھی جی نے کہا تھا کہ ملک آزاد ہونے پر ہم خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق کی خلافت قائم کریں گے۔

ناظم عمومی نے جمعیت اہل حدیث کی خدمات اور جنگ آزادی میں ان کی گرانقدر خدمات کے حوالے سے کہا کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا تھا کہ ”اگر پورے ہندوستان کے مجاہدین آزادی کی قربانیاں ایک پلڑے میں رکھ دی جائے اور صادق پور کے اہل حدیثوں کی قربانیاں دوسرے پلڑے میں ہوں تو صادق پور کے اہل حدیثوں کی قربانیاں بھاری پڑ جائیں گی“۔

معروف عالم دین مولانا انیس الرحمٰن اعظمی (تمل ناڈو) نے کہا کہ اتحاد واتفاق وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے شدنوز پسندی صحابہ کا اسوہ نہیں ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا سید ارشد مدنی نے مرکزی جمعیت اہل حدیث کو مبارکباد دی کہ اس نے عدالۃ الصحابہ کے عنوان پر کانفرنس منعقد کی وہ بہت ہی بروقت ہے جس سے صحابہ کرامؓ کی تعلیمات کو عوام الناس کے سامنے پیش کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس دو روزہ کانفرنس میں امام کعبہ کی مستقل شرکت نے اسے زینت بخشی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صحابہ کرامؓ کے اسوہ پر عمل کر کے ہی موجودہ دور کے مسائل کا حل ممکن ہے۔ صحابہ کرام بلاشبہ محسن انسانیت تھے۔ انہوں نے توقع کی کہ جمعیت کی اس کوشش کو بڑھاوا ملے گا۔

اس اختتامی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری نے کہا کہ عدالت صحابہ کانفرنس کے حوالہ سے مجھے آپ کے روبرو ہونے کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ اس کے لئے میں آپ کا اپنی جانب سے اور جماعت اسلامی کی جانب سے شکرگزار ہوں۔ تمسک بالکتاب والسنۃ ہی کامیابی کی اصل ضمانت ہے۔ ہماری ذلت کا اصل سبب ان بنیادی اصولوں سے انحراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ دین صحیح کو پہچانے میں صحابہ کرام سے کوئی چوک نہیں ہوئی۔ جمعیت اہل حدیث کا میں شکرگزار ہوں کہ انہوں نے یہ کانفرنس منعقد کی۔

رکن پارلیمنٹ محمد ادیب نے کہا کہ ہم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں سوتے ہوئے سے اٹھایا اور عدالۃ الصحابہ جیسے اہم موضوع پر یہ کانفرنس کرا کر ہم سب کو امام کعبہ کی صحبت میں بیٹھنے کا موقع فراہم کیا۔ ہم زمین پر رحمت بنیں، زحمت نہ بنیں اور امن وامان قائم رکھیں۔

مولانا سید سلمان حسنی ندوی نے کہا کہ یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے کہ امام کعبہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے منعقد اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس میں بنفس نفیس موجود ہیں اور ہمیں عدالۃ الصحابہ کے تعلق سے قیمتی باتوں کے ذریعہ مستفیض کر رہے ہیں۔

اس موقع پر مولانا اقبال محمدی، کنوینر کانفرنس نے مرکزی جمعیت کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ان پر اعتماد کرتے ہوئے اتنی بڑی ذمہ داری سونپی نیز تمام ذمہ داران وکارکنان ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ہمارا ہر ممکن تعاون فرمایا۔

ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے آخر میں حکومت کے ذمہ داران، پولیس انتظامیہ، ٹریفک، ایم سی ڈی، میڈیا، علماء کرام اور قرب وجوار اور دور دور سے آئے ہوئے لاکھوں شرکاء نیز صوبائی ودیگر ذیلی جمعیات، اراکین مجالس عاملہ وشوریٰ واستقبالیہ وابستگان جماعت کے ساتھ ساتھ دیگر سیاسی، سماجی وملی تنظیموں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس کانفرنس کی کامیابی کے لیے بھرپور تعاون پیش کیا۔

اجلاس کے آخر میں مولانا خورشید عالم مدنی نے دینی وسماجی، قومی وملی اور عالمی امور پر مشتمل ۲۳ رکنی قرارداد پیش کی جسے اتفاق رائے سے پاس کیا گیا۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جو درج ذیل ہیں:

**دینی و سماجی امور:**

۱۔ اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس، مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالت صحابہ کرامؓ کے عنوان سے انعقاد کا خیر مقدم کرتی ہے۔ اسے موجودہ حالات میں بروقت، ضروری اور اپنے مقصد میں کامیاب قرار دیتی ہے۔

۲۔ بلاشبہ صحابہ کرام کے حوالے سے ہمارا عقیدہ وہی ہے جو کتاب وسنت میں ہے اور جسے سلف صالحین اور ائمہ کرام نے اپنایا ہے۔ صحابہ کرام انبیاء کے بعد افضل البشر ہیں۔ ان صاف دل، پاکبازوں اور اللہ کے ولیوں کے خلاف زبان درازی کرنا ایمانی روح کے منافی ہے۔ چنانچہ یہ کانفرنس عامۃ المسلمین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ شریعت میں مقررہ ضابطوں کے مطابق صحابہ کرام سے محبت رکھیں اور ان کا ادب کریں۔

۳۔ یہ کانفرنس امام حرم ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے یہاں آ کر دو روزہ کانفرنس کو زینت بخشی اور اسلام کے توحید، امن واخوت کا پیغام عام انسانوں کے سامنے پیش کیا۔

۴۔ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ملک کے کونے کونے سے آئے ہوئے علمائے کرام، ادباء عظام اور ضلعی وصوبائی ذمہ داران جمعیت اہل حدیث سے گذارش کرتا ہے کہ وہ اپنے اپنے جلسوں، اجتماعات، خطبات جمعہ اور حلقہ ہائے دروس میں فضائل صحابہ واہل بیت اور عظمت صحابہ سے متعلق مختلف موضوعات پر روشنی ڈالتے رہیں تا کہ عوام وخواص صحابہ کرام اور ان کی دینی وانسانی خدمات سے واقف ہوسکیں اور مسائل کے گرداب میں پھنسی ہوئی اور مصائب وآلام سے سسکتی ہوئی انسانیت کو اسوۂ صحابہ سے حقیقی زندگی مل سکے۔ نیز یہ کانفرنس ارباب مدارس سے اپیل کرتی ہے کہ اپنے نصاب تعلیم میں مناقب وفضائل صحابہ واہل بیت کے تحت آنے والے ابواب ضرور شامل کرلیں تا کہ صحابہ کرام ہماری نوجوان نسل کے لئے معیار ہدایت بن سکیں۔ اسی طرح یہ کانفرنس اہل قلم وصحافیوں سے اپیل کرتی ہے کہ ان موضوعات پر خصوصی تصانیف اور مخصوص کالمز لکھیں تا کہ صحابہ کرام کی زندگی کے روشن نقوش نکھر کر سامنے آئیں۔ نیز یہ کانفرنس ان تنظیموں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے جو صحابہ کرام کی رفعت شان کے سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔

۵۔ اس کانفرنس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔ اس لیے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لیے قرآن وحدیث کو صحابہ کرامؓ کی طرح اپنا آئیڈیل بنائیں۔

۶۔ یہ کانفرنس عالم انسانیت سے بالعموم اور مسلمانوں سے بالخصوص مؤدبانہ گذارش کرتی ہے کہ صحابۂ کرام کے طریقۂ عبادت کے مطابق توحید وسنت کے ساتھ اپنا معاملہ بہتر کرلیں اور صحابہ کرام کے اعمال کو خیر الناس قرنی کے پس منظر میں حرف آخر تصور کریں۔ دین میں اپنی طرف سے عبادت کے نئے طریقے ایجاد نہ کریں، نہ محبت کے نام پر حقوق اللہ اور حقوق العباد میں خلط ملط کریں تا کہ دین اپنی اصل شکل میں محفوظ و مامون رہے۔

۷۔ یہ کانفرنس سماج میں پھیلی ہوئی مختلف قسم کی برائیوں پر اظہار تشویش کرتی ہے اور وہ محسوس کرتی ہے کہ ان برائیوں کا خاتمہ ہونا چاہئے اور ایک صالح معاشرے کا قیام عمل میں آنا چاہئے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ملی ودینی تنظیمیں اور جماعتیں اصلاح معاشرہ کی مہم شروع کریں اور صحابہ کرام کی تعلیمات اور اسوہ کی روشنی میں سماجی برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں۔

۸۔ یہ کانفرنس عام مسلمانوں سے گزارش کرتی ہے کہ صحابہ کرام کے پاکیزہ معاشرے کو رول ماڈل (Role Model) بناتے ہوئے اپنے معاشرے کو شراب، منشیات، جنسی بے راہ روی، لوٹ مار، چور بازاری، دھوکہ دہی اور ہر طرح کی مضر حرکات سے محفوظ رکھیں۔

۹۔ آج نوجوانوں میں پائی جانے والی مخرب اخلاق عادات کو دور کرنے کی شدید ضرورت ہے۔ لہذا یہ کانفرنس دینی جماعتوں سے اپیل کرتی ہے کہ نوجوانوں کے اندر اسلام کی صحیح تعلیمات واخلاق کو پروان چڑھانے کی کوشش کریں۔

۱۰۔ یہ کانفرنس سپریم کورٹ کے اس فیصلے پر اظہار تشویش کرتی ہے جس میں بغیر شادی کے مرد وعورت کے ایک ساتھ رہنے اور زندگی گزارنے کو صحیح اور جائز ٹھہرایا گیا ہے۔ اسے مذہبی اور سماجی نقطہ نظر سے کسی بھی طرح قبول نہیں کیا جاسکتا۔ اسی کے ساتھ ساتھ یہ اجلاس ہم جنسی کو سماج کے لیے خطرناک قرار دیتے ہوئے حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس سلسلہ میں اخلاقی قدروں اور عوامی احساسات کا خیال کرتے ہوئے ہم جنسی تعلق پر قانون میں ترمیم کے ذریعہ روک لگائی جائے۔

۱۱۔ گھریلو تشدد ایکٹ (Domestic Violence Act) میں بھی موجود اسی قسم کی Live-in-Relationship کے جز پر بھی یہ کانفرنس تشویش ظاہر کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس ایکٹ سے اس حصہ کو خارج کرے۔

**ملی وقومی امور:**

۱۲۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ کانفرنس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتی ہے لیکن یہ کوٹہ آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔ لہذا حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔

۱۳۔ یہ کانفرنس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی پرزور مذمت کرتی ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ ان



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مجرمانہ واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے مجرمین کو قرار واقعی سزا دی جائے اور کسی بھی طرح بے قصور اس کے شکار نہ ہوں اور محض شک کی بنیاد پر کسی بے قصور کو نہ ستا یا جائے۔

۱۴۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتی ہے۔ اور کانفرنس کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا حوصلہ نہیں گرے گا بلکہ قانون وانصاف کی بالادستی ثابت ہوگی۔

۱۵۔ یہ کانفرنس ملک کے مختلف حصوں میں بے قصور مسلم نوجوانوں کی گاہے بگاہے گرفتاری پر اظہار تشویش کرتی ہے اور حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس سلسلے میں انصاف وغیر جانبداری سے کام لے اور ایک ایسے وقت میں جب کہ ہندوتو گروپ سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد نے اقبال جرم کر لیا ہے انہیں معاملوں میں بے قصور ومعصوم مسلمانوں کو جلد از جلد رہا کیا جائے اور برسوں سے بند بے قصور افراد کی رہائی کے بعد سماج میں ان کی عزت وقار سے بحالی اور باز آبادکاری ہو اور انہیں مناسب اور معقول معاوضہ دیا جائے۔

۱۶۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے، علاوہ ازیں متاثرین کی باز آبادکاری اور معقول معاوضہ کو یقینی بنائے۔

۱۷۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔ اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو رزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔ اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔

۱۸۔ یہ کانفرنس انگریزی وہندی ہفتہ وار انڈیا ٹوڈے میں شائع اس خبر کی بھرپور مذمت کرتی ہے جس میں جمعیت اہل حدیث پر دہشت گردی کے حوالے سے بے سروپا الزامات عائد کئے گئے ہیں۔ اور مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی اس بیجا حرکت کے لیے معافی مانگے اور آئندہ اس طرح کی بے بنیاد خبریں شائع کرنے سے قطعی طور پر احتراز کرے۔ اسی کے ساتھ ساتھ یہ کانفرنس میڈیا سے عمومی طور پر گذارش کرتی ہے کہ وہ اس تعلق سے خصوصی توجہ دے کیونکہ آزادی وطن کے لیے بیش بہا قربانیاں پیش کرنے والی تنظیم پر اس قسم کے الزامات قطعاً غیر مناسب اور غیر اخلاقی ہیں۔

۱۹۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں، عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔

۲۰۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات کو حذف نہیں کیا گیا تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہو جائیں گی۔

۲۱۔ یہ کانفرنس حکومت ہند سے مطالبہ کرتی ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔

۲۲۔ یہ کانفرنس حالیہ دنوں ملک کی پانچ ریاستوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام کے ان بہتر رجحانات کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ہے جن میں سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیداروں کو ووٹ حاصل ہوا ہے

## عالمی مسائل:

۲۳۔ مملکت سعودی عرب جو امن کا گہوارہ ہے، جو امن کے سلسلے میں مثالی مملکت ہے اور جس ارض مقدس میں حرمین شریفین ہے، یہ کانفرنس اس میں کسی طرح کی بدامنی پھیلانے کی کوشش اور دہشت گردی کے ارتکاب کی مذمت کرتی ہے اور اسی طرح خادم حرمین شریفین کے ذریعہ عالمی مکالمے کے انعقاد کو ساری انسانی برادری کے لئے خوش آئند گردانتی ہے اور اسے انسانی بھائی چارہ کے لئے اہم پیش رفت اور دہشت گردی کے خلاف مملکت سعودی عرب کی کامیاب کوششوں کا اہم حصہ قرار دیتی ہے۔ نیز اس یقین کا اعادہ کرتی ہے کہ قرآن وسنت کی روشن تعلیمات پر مبنی اسلامی مملکت سعودی عرب انسانیت کی فلاح وبہبود کے کاموں اور دہشت گردی مخالف مہم کی قیادت کر سکتی ہے۔

۲۴۔ عراق اور افغانستان کئی دہائیوں سے عالمی سیاسی ڈپلومیٹک مہروں کی چالوں سے سخت پریشان ہیں۔ انھیں کرب کے تمام حالات سے گذرنا پڑا اور اب بھی انھیں امن واطمینان نصیب نہیں ہے۔ عدالت صحابہ کرامؓ کے تناظر میں ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس چاہتی ہے کہ عراقی اور افغان عوام کے زمینی حقائق ان کے مسائل کے حل میں بنیادی کردار ادا کریں اور ان پر سازشی سیاست نہ تھوپی جائے۔

۲۵۔ عالم اسلام کے سیاسی مسائل کو عالمی طاقتوں نے پیچیدہ بنا دیا ہے اور ان کے متعلق دوہرا کردار اپنایا جا رہا ہے اور ہر طرح سے خطہ خلیج کو لوٹنے ڈرانے اور دھمکانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہ کانفرنس عالمی طاقتوں کے اس رویے پر دکھ کا اظہار کرتی ہے اور چاہتی ہے کہ عدالت صحابہ کرامؓ کانفرنس کے حوالے سے یہ طاقتیں انسانیت، شرافت، انصاف اور اصلاح خلق کا پیغام قبول کریں اور منفی ڈپلومیسی وسیاست سے باز آجائیں۔

۲۶۔ اسرائیل کی جارحیت مصالحتی اٹھک بیٹھک کے سائے میں نقطۂ عروج کو پہنچ چکی ہے اور اس کی ساری گھناؤنی کاوشیں اس پر لگ گئی ہیں کہ وہ اسلامی مقدس مقامات کو تباہ وبرباد کر دے، قبلہ اول کو ڈھا دے اور فلسطینیوں کی نسل کشی کر ڈالے اور



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان پر عرصۂ حیات تنگ کرے۔ یہ کانفرنس اسرائیل کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور اس طرح اس کے مظالم میں ساتھ دینے والوں کے رویے پر تشویش کا اظہار کرتی ہے اور فلسطین کاز سے ہمدردی رکھنے والوں کی ستائش کرتی ہے۔

۲۷۔ برصغیر کے خطے میں یہ کانفرنس امن وسکون کا ماحول دیکھنے کی متمنی ہے اور جارحیت کا رویہ اپنانے والے ہر فریق سے تفاہم اور تعاون کی اپیل کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ خطے کے عوام امن چاہتے ہیں اور امن کے ساتھ خوشحالی کو وابستہ سمجھتے ہیں اور اس سلسلے میں کسی بھی طرح کی مذاکراتی پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

۲۸۔ یہ کانفرنس مطالبہ کرتی ہے کہ مصر میں حسنی مبارک کی حکومت کے خاتمے کے بعد وہاں کی عوام کی خواہش کے مطابق بسہولت حکومت قائم کرنے کی راہ ہموار کی جائے۔

۲۹۔ یہ کانفرنس حکومت شام کی جانب سے ملک میں جاری ظلم وبربریت کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ ملک میں خون خرابے کو فوری طور پر روکا جائے اور عوام کی مرضی کے مطابق اقتدار کی منتقلی کا راستہ ہموار ہونے دیا جائے۔

۳۰۔ بعض میڈیا نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جو معاندانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے اور آئے دن کوئی نہ کوئی شگوفہ چھوڑا جاتا ہے۔ خصوصا مسلمانوں کو دہشت گردی سے جوڑنے کا سلسلہ جاری رکھا ہے، یہ کانفرنس اس کی سخت مذمت کرتے ہوئے حرف بحرف تردید کرتی ہے۔ خصوصا مصلح امت شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب اور امام ابن تیمیہ کی دعوت کو بدنام کرنے کی سازش اور اسے دہشت گردی سے جوڑنے کی سخت مذمت کرتی ہے۔ اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ایسی تمام ناروا کوششوں کو سخت ناپسند کرتی ہے اور پرنٹ والیکٹرانک دونوں میڈیا سے مطالبہ کرتی ہے کہ سنجیدہ اور باوقار رویہ اپنائیں۔ سطحیت سے باز رہیں انصاف پسندی اور انسان دوستی کا ثبوت دیں۔

۳۱۔ یہ کانفرنس افغانستان میں ناٹو افواج کے ذریعہ قرآن کریم کی بے حرمتی کی سخت مذمت کرتی ہے اور قومی وبین الاقوامی سطح پر مطالبہ کرتی ہے کہ وہاں نیز دیگر مقامات پر اس رجحان پر قدغن لگانے کی موثر کوشش وکارروائی کی جائے۔

۳۲۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ کانفرنس محمد غالب یمانی، صدر، جامعہ المفلحات حیدرآباد، مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری، ڈاکٹر جاوید الاعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتی ہے۔ نیز دعا گو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

(۱۱)

## امام حرم کا مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے استقبال کیا

نئی دہلی: یکم مارچ

آج یہاں اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر صبح ۱۱ بجے امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ودیگر ذمہ داران ومعززین نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر امام حرم نے سرزمین ہند پر آ کر اپنی دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دل میں ہندوستان اور اس کے شہریوں کا بے حد احترام ومحبت ہے۔

قابل ذکر ہے کہ امام حرم آج اہل حدیث کمپلیکس میں نماز عشاء پڑھانے کے علاوہ کل رام لیلا میدان میں ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے دوران خطبہ جمعہ دیں گے اور نماز جمعہ پڑھائیں گے۔ نیز ۳؍مارچ کو بعد نماز مغرب عمومی خطاب فرمائیں گے۔

(۱۲)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام

### عدالت صحابہ کانفرنس کا انعقاد ۲-۳؍مارچ ۲۰۱۲ء کو

### امام حرم سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے

### مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند کی مجلس عاملہ کے ایک اہم اجلاس میں کانفرنس کے کامیاب انعقاد

اور ملک وملت اور انسانیت کی فلاح سے متعلق متعدد امور پر غور کیا گیا

نئی دہلی ۲۳؍جنوری ۲۰۱۲ء: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام ”عدالت صحابہ“ کے عنوان پر عظیم الشان ۳۱ رویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ ۲-۳؍مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلا بخشیں گے۔ نیز مغرب وعشاء کی امامت بھی فرمائیں گے۔ ان باتوں کی جانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں دی۔ انہوں نے کہا کہ امام محترم کی اقتدا میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔

ناظم عمومی نے کہا کہ کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے گذشتہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۲/جنوری ۲۰۱۲ء کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا، نئی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین ومدعوئین خصوصی شریک ہوئے اور سب نے مل کر کانفرنس کو بہر صورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے بڑی ضرورت قرار دیا۔ عاملہ کے اس اجلاس میں قومی وملی اور انسانی مسائل پر بھی غور وخوض ہوا اور اخیر میں ملک وملت اور انسانیت کے متعلق متعدد امور زیر غور آئے اور درج ذیل قرارداد پاس کی گئیں:

۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کے اس اجلاس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔ اس لئے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لئے قرآن وحدیث کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔

۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتا ہے۔ لیکن یہ کوٹہ آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔ اگر حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے واقعی سنجیدہ ہے تو وہ سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔

۳- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے ٹھوس قدم اٹھائے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو اور بے قصور، بے جا اذیت سے بچ سکیں۔

۴- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا مورال نہیں گرے گا بلکہ اس سے قانون وانصاف کی برتری ہی ثابت ہوگی۔

۵- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا یہ اجلاس ملک کے مختلف حصوں میں بے قصور مسلم نوجوانوں کی گرفتاری پر اظہار تشویش کرتا ہے اور متعلقہ سرکاری ایجنسیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں غیر جانبداری سے کام لیں۔

۶- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے، علاوہ ازیں متاثرین کی بازآبادکاری اور معاوضہ کو یقینی بنائے۔

۷- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔ اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو رزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔ اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔

۸- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں، عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔

۹- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات کو حذف نہیں کیا گیا تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہوجائیں گی۔

۱۰- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔

۱۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حالیہ دنوں انگریزی ہفت روزہ انڈیا ٹوڈے ودیگر اخبارات کے ذریعہ جمعیت اہل حدیث کو دہشت گردی کے الزام سے متہم کئے جانے اور مملکت سعودی عرب پہ دہشت گردی کی تمویل کا بے بنیاد الزام لگائے جانے کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اس لیے کہ اس سے ایک امن پسند جماعت اور انسانیت نواز مملکت کی کردار کشی ہوتی ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ صحافت ایک مقدس مشن اور ایک سماجی ذمہ داری ہے لہٰذا ذرائع ابلاغ رپورٹنگ میں غیر جانبداری سے کام لے کیونکہ اس کی جانبدارانہ رپورٹنگ سے ایک خاص طبقہ کو ذہنی اذیت ہوتی ہے اور وہ دیگر اقوام کی نگاہ میں مذموم ہوجاتا ہے۔ یہ اجلاس مذکورہ اخبارات سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس گستاخی کے لیے معافی مانگیں اور اس کی تردید شائع کریں۔

۱۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس فلسطین میں جاری اسرائیل کی جارحیت کی مذمت کرتا ہے اور اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فلسطین کو اسرائیل کی ظلم وبربریت سے نجات دلانے کے لئے ذاتی مفاد سے اٹھ کر کام کریں، کیونکہ اسرائیل کی جارحیت کی وجہ سے مشرق وسطی میں امن وقانون کی صورت حال درہم برہم ہے۔

۱۳- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس شہزادہ نایف بن عبدالعزیز آل سعود کو مملکت سعودی عرب کا ولی عہد مقرر کئے جانے پر خادم حرمین شریفین، شاہی خاندان، وزارت اسلامی امور اور سعودی عوام وخواص کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔ نیز حالیہ دنوں میں سلفیت کے حوالے سے ان کے بیان کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔

۱۴- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ولی عہد مملکت سعودی عرب شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز آل سعود کی وفات پر اظہار غم وافسوس کرتا ہے اور ان کی وفات کو مملکت سعودی عرب اور انسانیت کے لیے عظیم خسارہ قرار دیتا ہے نیز مرحوم شہزادہ کی ملک



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وانسانیت کے تئیں عظیم خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مملکت توحید کے فرمانروا ملک عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود، شاہی خاندان اور سعودی عوام وخواص کی قلبی تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ بار الہ ان کی مغفرت فرما۔ آمین

۱۵- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس آئندہ دنوں ملک کے پانچ صوبوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیدواروں کو ووٹ دیں۔ اور فسطائی فرقہ وارانہ ذہنیت رکھنے والی طاقتوں کا راستہ روکے تاکہ سیکولر حکومتوں کا قیام عمل میں آسکے اور روایتی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ماحول قائم رہے اور ہر فرقہ کو یکساں طور پر ترقی کے مواقع میسر آسکیں۔

۱۶- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس سلمان رشدی اور تسلیمہ نسرین جیسے دریدہ دہن شیطان صفت، نام نہاد قلم کاروں کی بعض اداروں کی جانب سے ہمت افزائی کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ آئندہ ملک میں ان جیسے لوگوں کی آمد پر پابندی عائد کرے تاکہ مسلمانوں و دیگر سیکولر رجحانات رکھنے والے لوگوں کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ ساتھ ہی ان دنوں مسلمانوں کے پرامن احتجاج اور دانشمندانہ اقدامات کے باعث سلمان رشدی کی جو حوصلہ شکنی ہوئی اور حکومت کی جانب سے بھی اس کے دورے کو روکنے کے لیے جو اقدامات کئے گئے، اس کو بنظر تحسین دیکھتا ہے اور اسے ملک وملت کے لیے خوش آئند تصور کرتا ہے۔

۱۷- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس جناب محمد غالب یمانی، صدر جامعات المفلحات حیدرآباد، مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری، ڈاکٹر جاوید الاعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ نیز اللہ سے دعا گو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

(۱۳)

## امام حرم سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراھیم الشریم کے استقبال اور اکتیسویں آل انڈیا اھل حدیث کانفرنس کی تیاری آخری مرحلے میں۔ پورے ملک میں کانفرنس کے تئیں کافی جوش وخروش پا یاجا رھاھے۔ امام حرم رام لیلا میدان میں خطبہ جمعہ کے علاوہ سنیچر کو مغرب اور عشاء کی امامت اور ایمان افروز خطاب فرمائیں گے۔

دہلی: ۲۲ر فروری ۲۰۱۲ء

عالم اسلام کے دلوں کی دھڑکن، پیام انسانیت کے نقیب، معروف صاحب طرز قاری، امام وخطیب حرم مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر دہلی کے تاریخی رام لیلا میدان میں مورخہ ۲ر مارچ ۲۰۱۲ء کو 1.15 بجے نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے اور مورخہ ۳ر مارچ کو (6.22 بجے شام) مغرب اور (8.15 بجے شب) عشاء کی امامت کریں گے اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام اکتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں حاضرین سے ایمان افروز خطاب فرمائیں گے۔ امام حرم کے استقبال اور کانفرنس کے انعقاد کی تیاری آخری مرحلہ میں ہے، ان باتوں کی جانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں دی۔

انہوں نے کہا کہ مختلف صوبوں کے دوروں سے یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے معنون اس تاریخی کانفرنس کے حوالے سے پورے ملک میں بہت جوش وخروش پایا جارہا ہے، نیز ملک وبیرون ملک کے علماء کرام اور اکابرین ملک وملت کے پیغامات اور خطوط بھی موصول ہو رہے ہیں۔

مولانا سلفی نے کہا کہ صحابہ کرام رب کے وفادار، اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے تقویٰ وطہارت کو آزما کر سند رضا عطا فرمائی۔ وہ پاک دل وپاکباز تھے۔ ان کی راست بازی اور امانت داری کی گواہی قرآن کریم نے دی۔ وہ اولین حاملین شریعت، دین کے بڑے رمز شناس اور آسمان سنت کے تابندہ ستارے تھے۔ دنیا نے ان کے گہرے علم اور ایمانی بصیرت سے روشنی حاصل کی۔ انسانیت ہر میدان میں ان کی رہین منت ہے۔ انسانی تاریخ نے انبیاء کے بعد ایسا مقدس گروہ نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی قائد و مصلح کو ایسا قابل فخر پیروکار ملا۔

ناظم عمومی نے کہا کہ اس دوروزہ کانفرنس میں امام حرم کے ایمان افروز خطاب کے علاوہ ملک وبیرون ملک کے جید علمائے کرام اور قائدین ملک وملت کی چشم کشا تقاریر ہوں گی اور صحابہ کرام کی عظمت ومعنویت اور ان کے پیغام اخوت وہمدردی، بھائی چارہ اور امن وانسانیت کو عام کیا جائے گا۔

ناظم عمومی نے کہا کہ اس کانفرنس کے موقع پر عدالۃ الصحابہ کے عنوان پر ایک باوقار سمینار بھی منعقد ہوگا جس میں موقر علماء کرام مقالات پیش کریں گے اور مختلف دینی وعصری حوالوں سے صحابہ کرام کی مبارک زندگی پر روشنی ڈالیں گے۔

انہوں نے کہا کہ امام حرم کی آمد ان شاء اللہ اختلاف وانتشار سے دوچار ملت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسلامیہ کے لیے اتحادو یکجہتی کا موثر ذریعہ ثابت ہوگی۔

(۱۴)

## ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا حسنِ آغاز

## امام حرم نے رام لیلا میدان میں اسلام کے صحیح تعارف اور اتحاد ملت کی تلقین کی

## مرکزی وزیر کپل سبل نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی تعلیمی خدمات اور دہشت گردی مخالف سرگرمیوں کی تعریف کی

نئی دہلی 2 مارچ: آج یہاں امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم نے رام لیلا گراونڈ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام دوروزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے موقع پر نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران ملت اسلامیہ ہند میں اتحاد و یگانگت کی تلقین کی اور کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ دین اسلام کو مکمل طور پر ہر قسم کی بدعتوں سے بچتے ہوئے معاشرے میں پیش کیا جائے۔

امام حرم شریف جو کہ سعودی عرب میں جج کے عہدے پر بھی فائز رہ چکے ہیں اور ام القری یونیورسٹی مکہ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد فقہ کے پروفیسر کی خدمت انجام دے رہے ہیں، نیز بین الاقوامی شہرت یافتہ ممتاز فقیہ ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب کہ پوری انسانیت مختلف مسائل اور مصائب سے کراہ رہی ہے اور ذہنی کرب واذیت سے دوچار ہے اسلام سسکتی ہوئی انسانیت کے لئے سب سے بہترین نظام حیات اور دین رحمت کے طور پر تمام مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔امام حرم نے کہا کہ اسلام کو اس کی حقیقی شکل میں پیش کیا جائے اور اس کا عملی نمونہ معاشرے کے سامنے لایا جائے جس سے معاشرے میں امن وآشتی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ حاصل ہو۔

انہوں نے کہا کہ آج دنیا میں جونسلی امتیاز پایا جاتا ہے وہ ختم ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام نے اس ضمن میں جوشاندار مثال قائم کی ہے وہ تاریخی ہے۔اس کے تحت کالے کو گورے پر اور گورے کو کالے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے۔

امام حرم مکہ مکرمہ نے ہندوستان میں اپنی آمد کو اپنے لئے باعث سعادت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان جیسے عظیم ملک اور یہاں کے عوام کے لئے ان کے دل میں ہمیشہ محبت واحترام کا جذبہ رہا ہے وہ سرزمین ہند پر آ کر خود کو اپنے گھر میں محسوس کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ صحابہ کو رول ماڈل کے طور پر بلاتفریق مذہب وملت اور مسلک ہر شخص کے سامنے پیش کیا جائے تا کہ ان کی آئیڈیل تعلیمات سے ہر کوئی استفادہ کر سکے۔

امام حرم نے نماز جمعہ کی امامت کی جس میں تقریباً چار لاکھ افراد نے شرکت کی۔ نماز جمعہ کے دوران پورا رام لیلا میدان کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔امام محترم بعد نماز کل مغرب وعشاء کی امامت اور ایمان افروز خطاب فرمائیں گے اور عشا کی نماز کی امامت بھی کریں گے۔واضح رہے کہ ڈاکٹر الشریم 1991 سے مکہ مکرمہ میں حرم شریف کے امام و خطیب ہیں۔

اس موقع پر مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل کپل سبل نے کہا کہ ملک کی موجودہ حالات میں عدالت صحابہ کے موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی یہ دوروزہ کانفرنس بہت ہی موزوں ہے۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ اس موقع پر امام محترم کی تشریف آوری سے اسلام کے امن اوراخوت کے پیغام کو فروغ ملے گا۔انہوں نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذریعہ دہشت گردی کے خلاف علماء کرام کے دستخط سے جاری فتوے کی تعریف کی اور کہا کہ اس سے اسلام کے تعلق سے جو غلط فہمی پھیلائی جارہی تھی اسے دور کرنے میں مدد ملی۔

کپل سبل نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی ہمہ جہت ملکی وانسانی خدمات خصوصاً تعلیمی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے جہاں ناخواندگی کو دور کرنے میں مدد ملی ہے وہیں تعلیم کے فروغ میں مدد مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعہ قائم ہزار ہا مدارس ومکاتب اس کاز کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

قبل ازیں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے امیر حافظ محمد یحیی دہلوی نے اپنے خطبہ صدارت میں عدالت صحابہ کانفرنس کی غرض وغایت بتاتے ہوئے کہا کہ ہمیں ان نفوس قدسیہ کی تابندہ زندگی کی سنہری کرنوں سے اپنی ذات، گردوپیش اور اپنے محبوب وطن کے طول وعرض کو معمور ومنور کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا جس بدامنی اور اخلاقی بے راہ روی کی طرف جارہی ہے اس کو ہدایت اور رہنمائی صرف صحابہ کرام کے مقدس گروہ سے مل سکتی ہے۔انہوں نے مسلمانوں کو اپنے اعمال کو سدھارنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آج مسلمان جن مصائب ومشکلات اور ابتلاء و آزمائش کا شکار ہیں وہ صرف اعدا اسلام کی سازشوں کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہماری بداعمالیوں اور فکری ونظریاتی انحراف کا بھی عمل دخل ہے۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر امام مہدی سلفی نے امام حرم کی شرکت کو کانفرنس کے شرکاء اور اہل وطن کے لئے باعث سعادت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب معاشرے میں ہر طرف بدامنی اور افراتفری کے ساتھ ساتھ خوف و ہراس کی فضا پائی جارہی ہے صحابہ کرام کی حیات مبارکہ اور ان کی تعلیمات سب کے لئے مشعل راہ ہی نہیں بلکہ عملی نمونہ ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث صحابہ کرام کو آج بھی انسانیت کی فلاح کا معیار تسلیم کرتی ہے اور اسی وجہ سے اس نے دو سال قبل بھی عظمت صحابہ کانفرنس کا انعقاد کیا تھا اور پھر اس مرتبہ عدالۃ الصحابہ کے موضوع پر ۳۱ رویں اہل حدیث کانفرنس



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کررہی ہے۔

مولانا عبدالرحمان عبیداللہ رحمانی مبارک پوری نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے کارکنان کو اپنی حکمت عملی کو زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور خلوص وللّٰہیت اور کامل اتحاد ویکجہتی کے ساتھ اپنے قومی وانسانی فلاح وبہبود کے منصوبے ترتیب دینے کی تلقین کی۔اور زندگی کے ہر مرحلہ میں صحابہ کرام کے اسوہ کو پیش نظر رکھنے پر زور دیا۔

اس موقع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی صوبائی اکائیوں کے ذمہ داران خاص طور سے مولانا حافظ عین الباری عالیاوی، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند وامیر صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی بنگال، مولانا عبدالمنان سلفی جھنڈانگری، ڈاکٹر عبدالدیان انصاری، مولانا شمس الحق سلفی، نائب ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث جھارکھنڈ، مولانا صفی احمد مدنی، امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث آندھرا پردیش، مولانا عبداللہ سعود سلفی، ناظم جامعہ سلفیہ بنارس، مولانا غلام رسول ملک، امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث جموں وکشمیر، مولانا عبدالسلام سلفی امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ممبئی، مولانا محمد ہارون سنابلی، ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث مغربی یوپی، مولانا اقبال محمدی، کنوینر کانفرنس، ڈاکٹر سید عبدالحلیم صاحب، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، مولانا شعیب میمن جونا گڈھی، ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث گجرات، مولانا عبدالمنان سلفی وغیرہ اہم شخصیات نے تقریریں کیں، تاثرات پیش کئے اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی ہمہ جہت کوششوں اور خدمات کو سراہا اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر امام محترم کی تشریف آوری کے لیے مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کو مبارکباد پیش کیا۔ مولانا عبدالسلام سلفی نے کہا کہ امام محترم کی تشریف آوری موجودہ قیادت کا اہم کارنامہ ہے۔

اس موقع پر جگت گرو شنکراچاریہ، سوامی سروپانند سرسوتی جی کی طرف سے پنڈت این کے شرما نے کپل سبل کے ساتھ امام حرم کو چادر اڑھا کر استقبال کیا۔

دیگر اہم شرکاء میں رکن دہلی اسمبلی شعیب اقبال، سماجی کارکن پنڈت این کے شرما اور روزنامہ اردو راشٹریہ سہارا کے مدیر اسد رضا کے علاوہ اراکین مجالس عاملہ وشوری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند قابل ذکر ہیں۔

(۱۵)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام اکتیسویں دوروزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس بحسن وخوبی اختتام پذیر

### اختتامی اجلاس میں امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کا ایمان افروز خطاب

### آخر میں دینی وسماجی، قومی وملی اور عالمی وانسانی امور پر ۳۲ نکاتی قرارداد پاس کی گئی

نئی دہلی: ۳/مارچ ۲۰۱۲ء

امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ نے عدالۃ الصحابہ کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے صحابہ کرام کی فضیلت قرآن وسنت کی روشنی میں بیان فرمائی اور کہا کہ صحابہ کرام کی طرف انگلی اٹھانا دراصل دین کی تنقیص اور دین کا کفر ہے۔

صحابی کی تعریف میں مہاجرین، انصار اور وہ تمام لوگ شامل ہیں جنھوں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ اللہ تعالی نے ان کی فضیلت کہیں تفصیل سے اور کہیں اجمالا بیان فرمائی۔ اور وضاحت سے فرمادیا ہے کہ ''رضی الله عنه ورضوا عنه'' ﴿اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوگئے﴾۔

امام کعبہ نے کہا کہ صحابہ کرام کی فضیلت کے سلسلے میں ذخیرہ احادیث بھرے پڑے ہے۔ چنانچہ اللہ کے رسول نے فرمایا: لا تسبوا اصحابی فوالله لو انفق احدکم مثل احد ذهبا لم یبلغ مد احدهم ولا نصیفه ﴿میرے صحابہ کو گالی مت دو قسم ہے اللہ کی اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کردے گا تو وہ ان کے دوڈھائی کلو اناج کے برابر بھی ثواب حاصل نہیں کرسکتا﴾۔

عدالت صحابہ قرآن وسنت سے ثابت ہے، صحابہ کرام انسانیت کے بہی خواہ اور اخلاق وکردار کے معیار تھے، انہوں نے دین کو صحیح صورت میں ہم تک پہونچایا۔ یہ اللہ کے رسول ﷺ کے تربیت یافتہ گروہ تھے۔ انہوں نے دین وانسانیت کی خدمت کے لیے خود کو وقف کردیا تھا۔ اور زندگی کے ہر شعبہ میں قابل تقلید نمونہ چھوڑ گئے۔ آج انسانیت صحابہ کرام کے اسوہ کو اپنا کر موجودہ زمانے کی مشکلات کا مقابلہ کرسکتی ہے اور اسوہ صحابہ پر عمل کرنے والا انسان ملک وقوم اور انسانیت کے لیے ہر طرح کی قربانی پیش کرسکتا ہے۔

امام کعبہ نے اپنی تقریر میں ملک وملت اور انسانیت کی بھلائی کے لیے دعائیں کی۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے استقبالیہ کلمات میں امام محترم کی تشریف آوری کو ہندوستانیوں کے لیے باعث سعادت قرار دیا، ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث قدیم ترین تنظیم ہے جو دین، ملک وملت اور انسانیت کی بھلائی کے کام انجام دے رہی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ایک اصولی اور دستوری تنظیم ہے اور وہ امن وسکون اور خدمت انسانیت میں یقین رکھتی ہے۔ قرآن وسنت اس کی



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اساس ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہم صحابہ کرام کا احترام کرتے ہیں۔ عدالۃ الصحابۃ کے عنوان پر یہ کانفرنس اس لیے منعقد کی گئی کہ صحابہ کرامؓ دین پر عمل کرنے اور انسانیت کی خدمت کرنے کے حوالے سے رول ماڈل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گاندھی جی نے کہا تھا کہ ملک آزاد ہونے پر ہم خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق کی خلافت قائم کریں گے۔

ناظم عمومی نے جمعیت اہل حدیث کی خدمات اور جنگ آزادی میں ان کی گرانقدر خدمات کے حوالے سے کہا کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا تھا کہ'' اگر پورے ہندوستان کے مجاہدین آزادی کی قربانیاں ایک پلڑے میں رکھ دی جائے اور صادق پور کے اہل حدیثوں کی قربانیاں دوسرے پلڑے میں ہوں تو صادق پور کے اہل حدیثوں کی قربانیاں بھاری پڑ جائیں گی''۔

معروف عالم دین مولانا انیس الرحمٰن اعظمی (تمل ناڈو) نے کہا کہ اتحاد واتفاق وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے شدنوز پسندی صحابہ کا اسوہ نہیں ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا سید ارشد مدنی نے مرکزی جمعیت اہل حدیث کو مبارکباد دی کہ اس نے عدالۃ الصحابہ کے عنوان پر کانفرنس منعقد کی وہ بہت ہی بروقت ہے جس سے صحابہ کرامؓ کی تعلیمات کو عوام الناس کے سامنے پیش کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس دوروزہ کانفرنس میں امام کعبہ کی مستقل شرکت نے اسے زینت بخشی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صحابہ کرامؓ کے اسوہ پر عمل کر کے ہی موجودہ دور کے مسائل کا حل ممکن ہے۔ صحابہ کرام بلاشبہ محسن انسانیت تھے۔ انہوں نے توقع کی کہ جمعیت کی اس کوشش کو بڑھاوا ملے گا۔

اس اختتامی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری نے کہا کہ عدالت صحابہ کانفرنس کے حوالہ سے مجھے آپ کے روبرو ہونے کی سعادت نصیب ہورہی ہے۔ اس کے لئے میں آپ کا اپنی جانب سے اور جماعت اسلامی کی جانب سے شکرگزار ہوں۔ تمسک بالکتاب والسنۃ ہی کامیابی کی اصل ضمانت ہے۔ ہماری ذلت کا اصل سبب ان بنیادی اصولوں سے انحراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ دین صحیح کو پہچانے میں صحابہ کرام سے کوئی چوک نہیں ہوئی۔ جمعیت اہل حدیث کا میں شکرگزار ہوں کہ انہوں نے یہ کانفرنس منعقد کی۔

رکن پارلیمنٹ محمد ادیب نے کہا کہ ہم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ہمیں سوتے ہوئے سے اٹھایا اور عدالۃ الصحابہ جیسے اہم موضوع پر یہ کانفرنس کرا کر ہم سب کو امام کعبہ کی صحبت میں بیٹھنے کا موقع فراہم کیا۔ ہم زمین پر رحمت بنیں، زحمت نہ بنیں اور امن وامان قائم رکھیں۔

مولانا سید سلمان حسنی ندوی نے کہا کہ یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے کہ امام کعبہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے منعقد اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس میں بنفس نفیس موجود ہیں اور ہمیں عدالۃ الصحابہ کے تعلق سے قیمتی باتوں کے ذریعہ مستفیض کر رہے ہیں۔

اس موقع پر مولانا اقبال محمدی، کنوینر کانفرنس نے مرکزی جمعیت کے ذمہ دران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ان پر اعتماد کرتے ہوئے اتنی بڑی ذمہ داری سونپی نیز تمام ذمہ داران وکارکنان ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ہمارا ہر ممکن تعاون فرمایا۔

ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے آخر میں حکومت کے ذمہ داران، پولیس انتظامیہ، ٹریفک، ایم سی ڈی، میڈیا، علماء کرام اور قرب وجوار اور دور دور سے آئے ہوئے لاکھوں شرکاء نیز صوبائی ودیگر ذیلی جمعیات، اراکین مجالس عاملہ وشوریٰ واستقبالیہ وابستگان جماعت کے ساتھ ساتھ دیگر سیاسی، سماجی وملی تنظیموں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس کانفرنس کی کامیابی کے لیے بھرپور تعاون پیش کیا۔

اجلاس کے آخر میں مولانا خورشید عالم مدنی نے دینی وسماجی، قومی وملی اور عالمی امور پر مشتمل ۳۲ رکنی قراداد پیش کی جسے اتفاق رائے سے پاس کیا گیا۔

☆☆☆


# نرخ اشتہار

## ماھنامہ اصلاح سماج ھندی

| | |
|---|---|
| آخری صفحہ | 3000/- |
| 1/2 | 1500/- |
| 1/4 | 1000/- |
| آخری اندرونی صفحہ | 2500/- |
| 1/2 | 1500/- |
| 1/4 | 1000/- |
| اندرونی صفحہ بلیک | 2000/- |
| 1/2 | 1000/- |
| 1/4 | 500/- |




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

## بعنوان: عدالت صحابہ رضی اللہ عنہم سے متعلق

# اخباری مراسلات

///

# دلکش تحریریں

///

# اشتہارات



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



2-3-12

HAMARA SAMAJ
روزنامہ ہمارا سماج

مراسلات

مراسلہ نگار کی رائے سے ایڈیٹر کا متفق ہونا ضروری نہیں

# امام کعبہ کا تہہ دل سے استقبال

مکرمی!

پوری دنیا میں ایشیاء کے سرزمین ہند تاریخی حیثیت سے اہل علم اور محب وطن کے درمیان، بقول اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ سرزمین ہند جنت کے باغوں میں سے ایک باغ اور سونے کا چڑیا ہے اور یہاں کی سرزمین سرسبز وشاداب موسمیات گرمی، سردی، برسات، موسم بہار، خزاں، پہاڑیں، جھاڑیاں اور ہریالی ہی ہریالی ہے۔ یہ سرزمین گنگا جمنی تہذیب وتمدن کا گہوارہ ہے۔ جہاں پر سرزمین ہند کو فخر حاصل ہے کہ جب ہندوستان، پاکستان، سری لنکا اور بنگلہ دیش مشترک ایک ملک تھا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرما کر سب سے پہلے آسمان دنیا سے زمین پر اتارا، وہ سرزمین ہند کا ایک حصہ سری لنکا ہے۔ جو اب ایک الگ ملک ہوگیا ہے۔ وہیں پر یہ بھی فخر حاصل ہے کہ دارالعلوم دیوبند، مظاہر علوم وقف سہارنپور، جامعہ سلفیہ بنارس اور دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ اس کے علاوہ دیگر مدارس اسلامیہ میں ہمہ وقت قال اللہ تعالیٰ اور قال الرسول کی صدائیں گونجتی رہتی ہیں۔ جس بناء پر اس ملک کو ازہر الہند کہا جاتا ہے۔ مذکورہ مدارس اسلامیہ میں بیرونی ممالک سے علماء کرام، حکمراں وغیرہ تشریف لاتے رہتے ہیں۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ بہرکیف ہندوستان کو کئی اعتبار سے فخر حاصل ہے جو کسی دوسرے ملک کو حاصل نہیں ہے۔ یوں تو ہندوستان میں پوری دنیا کے علماء گاہے بگاہے آتے رہتے ہیں لیکن فی الحال تو بلی صد احترام فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم صاحب امام کعبہ کی ہندوستان آمد پر عوام الناس میں خوشی کی لہر، جنون ومحبت، بے تابی، بے قراری، خوش الحان آواز سننے کیلئے بے چین اور عوام الناس ان کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے لئے منتظر اور جوش وولولے سے لبریز ہیں جس جوش وخروش کے ساتھ پورے ملک کے عوام استقبال کر رہے ہیں جو قابل ستائش مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس وقت ان کی آمد پر پورا ملک شاداں وفرحاں ہے اور علماء، طلبہ اور عوام جن کی ملاقات کی امید اپنے دل عمیق میں بسائے ہوئے ہیں اور یہ صرف اس لئے کہ امام موصوف علم وعمل کے پیکر اور شریعت اسلام کے سپوت اور تاریخ شخصیات میں سے ایک ہیں۔

آپ کا نام سعود بن ابراہیم الشریم ہیں۔ آپ مشہور قبیلہ شریم کے چشم وچراغ ہیں۔ آپ کی پیدائش 1965ء بمطابق 1388ھ میں سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں ہوئی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم مدرسہ عرینہ میں، متوسط مدرسہ نموذجیہ میں اور ثانویہ یرموک شاملہ میں 1404ھ میں مکمل کی۔ گریجویشن کی ڈگری جامعۃ الامام سے 1409ھ میں حاصل کی۔ اس کے بعد 1410ھ میں المعہد العالی میں داخلہ لیا 1413ھ میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی پھر اس کے بعد آپ نے شہرت یافتہ یونیورسٹی جامعہ اُم القریٰ میں ایڈمیشن لیا اور وہاں سے امتیازی درجہ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے اس کیلئے امام ابومنصور محمد بن مکرم بن شعبان الکرمانی کی الفقہ مقارن پر ایک مخطوطے کو ایڈیٹ کیا۔

آپ نے جن اساتذہ سے استفادہ کیا، ان کی ایک لمبی فہرست ہے، لیکن ان میں علامۂ وقت ابن باز، شیخ عبداللہ بن جبرین، شیخ عبداللہ عقیل، شیخ عبداللہ براک، شیخ عبدالعزیز راجحی، شیخ فہد حمین، شیخ عبداللہ بالان اور شیخ صالح بن فوزان الفوزان کے اسماء قابل ذکر ہیں۔ آپ بیک وقت کئی ذمہ داریوں کو انجام دیا کرتے ہیں۔ آپ نے المعہد العالی للقضاء میں 1410ھ میں تدریس کا فریضہ انجام دیا، اس وقت آپ ریاض میں امامت بھی کیا کرتے تھے۔ شاہی فرمان کے ذریعے 1412ھ میں حرم مکی میں بحیثیت امام وخطیب متعین ہوئے نیز 1413ھ میں شاہی فرمان کے ذریعے آپ کو مکہ مکرمہ کی عدالت عالیہ میں بحیثیت قاضی متعین کیا گیا پھر اس کے ایک ہی سال بعد ان تمام مناصب کے ساتھ آپ کو شاہی فرمان کے ذریعے ہی 1414ھ میں حرم مکی میں تدریس کی ذمہ داری سونپی گئی۔ جب آپ نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرلی، آپ کو جامعہ اُم القریٰ تدریس کا زریں موقعہ ملا۔ آپ اس وقت وہاں فقہ کے استاذ ہیں نیز کلیۃ الشریعہ کے پرنسپل ہیں، ساتھ ہی حرم مکی میں امامت وخطابت کا فریضہ بھی انجام دیتے ہیں۔

دنیا آپ کو آپ کی تلاوت کلام پاک کی وجہ سے جانتی اور پہچانتی ہے۔ حفظ قرآن اور ترتیل میں آپ کو خاص دلچسپی اور مہارت ہے۔ سارے عالم میں نہ جانے کتنے لوگ ان کی قرأت کی نقالی کرتے ہیں۔ روایت حفص کے مطابق ان کی قرأت ہوتی ہے۔ قرآن کریم سے شروع سے ہی ان کا گہرا لگاؤ اور شغف تھا، یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ٹریفک لائٹ کے پاس انتظار کے اوقات میں سورہ نساء یاد کرلیا۔ شیخ محترم جہاں ایک عمدہ خطیب اور بہتر قاری ہیں وہیں آپ ایک اچھے مفکر بھی ہیں، اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ نے متعدد کتابیں تالیف فرمائی ہیں، جن میں سے بعض ذیل ہیں: (۱) کیفیۃ ثبوت النسب (۲) کرامات الأنبیاء (۳) أصول الفقہ سؤال وجواب (٤) المہدی المنتظر عند أھل السنۃ والجماعۃ (٥) المنہاج للمعتمر والحاج (٦) الشعة المکیۃ شرح حائیۃ ابن أبی داود والعقیدۃ (۷) حاشیۃ علی لامیۃ ابن القیم (۸) ومحیط من الحرب مجموعۃ خطب (۹) خالص الجمان تھذیب مناسك الحج من أضواء البیان (۱۰) فقہ الخطب والخطبۃ (۱۱) المرجعات حول تنکار مصطفی محمود أحادیث الشفاعات اور (۱۲) وبل الصحابۃ علی نظم الصحابۃ فی مدح المدینۃ طابۃ

حفظ قرآن اور قرأت وترتیل میں انہیں خاصی دلچسپی اور مہارت حاصل ہے۔ حرم شریف میں امامت کے سبب وہ اس میدان میں اپنی مثال نہیں رکھتے۔ پوری دنیا میں نہ جانے کتنے لوگ ان کی قرأت کی نقل کرتے ہیں۔ حفص کی قرأت کے مطابق ان کی تلاوت ہوتی ہے۔ شیخ محترم حرم مکی میں درس دیتے ہیں، خطبہ دیتے ہیں، امامت کرتے ہیں، ان کی قرأت میں سادگی اور سوز ہے، جس کے اثرات ساری دنیا میں محسوس کئے جاتے ہیں، بلاد عالم میں وہ ملکوں ملکوں میں جاتے ہیں، ان کے خطابات، محاضرات اور تقاریر ہوتی ہیں، لوگ عقیدت ومحبت سے ان سے چمٹ جاتے ہیں۔ امام موصوف نہایت ہی سنجیدہ مزاج اور پروقار شخصیت کے مالک ہیں۔ شرافت ومتانت آپ کے چہرے سے ٹپکتی ہے۔ آپ ملنے والوں کا خندہ پیشانی سے خیر مقدم کرتے ہیں۔ آپ کی شخصیت بھی گوناگوں صفات کا حامل ہے۔ جب آپ کی قرأت سنئے ایک نیا سوز اور درد پیدا ہوتا ہے۔ آپ کے خطابات نکتہ آفرینیوں سے بھرے ہوتے ہیں۔ آپ علم وفضل کے اتھاہ سمندر ہیں، عالم اسلام کے دلوں کی دھڑکن، حرم مکی کے امام ہمام، کتاب وسنت کے سچے علمبردار، منہج سلف کے خادم، انسانیت کے ہمدرد اور ہردلعزیز ہیں۔ آپ کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہندوستان میں آپ کی مبارک آمد پر تقریباً تمام ملی سیاسی پارٹیاں اور اسلامی تنظیموں نے پرتپاک خیر مقدم کی تیاری کر رکھی ہے اور کئی جگہوں پر پروگرام ہونے جا رہا ہے۔ جیسے دارالعلوم دیوبند، جامع مسجد دہلی، اہلحدیث کمپلیکس اوکھلا دہلی اور سب سے بڑا کانفرنس "عدالت الصحابہ کانفرنس" رام لیلا میدان ترکمان گیٹ دہلی میں منعقد ہونے جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سارے پروگراموں کو کامیاب بنائے اور امام شیخ محترم کی سفر کو آسانی فرمائے۔ لہٰذا ہم تمام دوست واحباب ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم، امام مکہ شریف کی تہہ دل سے پرتپاک استقبال اور خیر مقدم کرتے ہیں۔

**راشد الاسلام محمد اسحاق**
ساکن رمرائی، ارریہ، گاچھی چوک (بہار)
rashid110002@gmail.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## امام حرم ہمارے ملک میں

مکرمی! خانہ کعبہ اور سعودی عرب کی جہاں بات ہو اور مسلمانوں کے دل میں عقیدت واحترام کا جذبہ پیدا نہ ہو ایسا نہیں ہو سکتا اس وجہ سے کہ ہر مسلمان جو اسلامی احکامات کی پابندی کرتا ہے ان میں پانچ مرتبہ اسی خانہ کعبہ کا رخ کرکے نماز پڑھتا ہے۔ اب اس خانہ کعبہ سے جتنے بھی متعلقین ہوتے ہیں، مسلمانوں کی نگاہ میں سبھی کے سبھی محترم اور لائق عزت ہوتے ہیں۔ چاہے وہ خادم حرمین شریفین ہوں یا اس ملک کا کوئی دوسرا وزیر ہو، یا پھر خانہ کعبہ کے امام ہوں۔ ایک مسلمان کے دل میں ان کے تئیں احترام وعزت کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ اس چیز کا مشاہدہ ہم نے سرزمین ہندوستان میں اس وقت کیا جب خانہ کعبہ کے ایک معزز امام ہو سیکڑوں دلوں کی دھڑکن عبدالرحمن السدیس نے اپنی آمد سے سرزمین ہند کو شرف بخشا تھا۔

ابھی چند دنوں پہلے یہ خبر پڑھنے اور سننے کو ملی کہ خانہ کعبہ ہی کے ایک دوسرے امام سعود بن ابراہیم الشریم بھی ہندوستان آرہے ہیں۔ واقعی یہ خبر ہم ہندوستانیوں کے لئے نہایت ہی خوشی کی ہے۔ لہٰذا ہم ہندوستانی مسلمانوں پر لازم قرار پاتا ہے کہ ہم شیخ محترم کے لئے اسی جوش وجذبے کا اظہار کریں اور اسی طرح سے عقیدت کے پھول نچھاور کریں، جو ہم نے سال بھر پہلے ایک دوسرے امام حرم ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس کے لئے کیا تھا۔

سعید الرحمن بن نور العین سنابلی
جیت پور نئی دہلی

روزنامہ انقلاب: 23-2-2012

### امام حرم ۲ مارچ کو رام لیلا میدان میں نماز جمعہ کی امامت کریں گے

تصویر
امام حرم مکی
ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ

#### امام حرم مکہ مکرمہ شیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم شریم

نئی دہلی (یو این آئی) امام حرم مکہ مکرمہ شیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم شریم ۲ مارچ کو یہاں تاریخی رام لیلا میدان میں نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے۔ وہ ۳ مارچ کو مغرب اور عشاء کی امامت بھی کریں گے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث نے یہ اطلاع دیتے ہوئے کہا ہے کہ امام حرم عظمت صحابہ کے موضوع پر ۳۰ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں شرکت کے لئے آرہے ہیں۔ وہ حاضرین سے خطاب بھی کریں گے۔ یہ کانفرنس ۲ اور ۳ مارچ کو منعقد کی جارہی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے یہاں جاری بیان میں کہا ہے کہ امام حرم کی آمد اختلاف وانتشار سے دوچار ملت اسلامیہ کے لئے اتحاد ویکجہتی کا موثر ذریعہ ثابت ہوگی۔

### اس جانب بھی توجہ دیں

مکرمی!

گزشتہ روز امام کعبہ جناب سعود بن ابراہیم الشریم نے نماز جمعہ سے پہلے رام لیلا میدان میں ایک جم غفیر میں خطبہ دیتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو اتحاد واتفاق سے زندگی گزارنی چاہئے، نیز تمام طرح کی بدعات وخرافات سے بچنا چاہئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی بزرگ ومتقی ہے جو بدعات وخرافات سے دور ہوگا اور جو بدعت کرے گا وہ جہنم میں جائے گا اس ضمن میں انہوں نے ایک بہت ہی مشہور حدیث بھی پڑھی نماز جمعہ کے بعد حضرت مولانا اصغر امام سلفی نے بھی کئی باتیں کہیں۔ میں انتہائی مؤدبانہ انداز میں مولانا اصغر امام سلفی سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کیا نماز کے نام پر لوگوں کو بلانا یہ بدعت نہیں ہے یہ کہاں سے ثابت ہے کہ رام لیلا میدان میں جو امام کعبہ کی اقتدا میں نماز پڑھے گا اس کو زیادہ ثواب ملے گا، خود جو آپ کریں وہ دین اور شریعت ہو گئے اور جو شریعت سے ثابت ہے لیکن آپ کے فکر کے خلاف ہے اسے کوئی کرے تو آپ کو بدعت نظر آتا ہے۔ آپ کا مقصد زیادہ ثواب دلانا نہیں رہتا ہے بلکہ لوگوں کو اپنی طرف راغب کرنا ہوتا ہے۔

**شہباز انور**
ذاکر نگر، اوکھلا، نئی دہلی

روزنامہ راشٹریہ سہارا: 5-3-2012

### امام کعبہ کی آمد

[illegible]

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس: 2-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# طیبہ سے آرہے ہیں دلکش پیام لے کر

عبدالرحمن بن نورالامین سنابلی

# امام کعبہ کے پیچھے میری نماز

تحریر: ............ محمد آصف ریاض

یکم مارچ 2012 بروز جمعرات اہل حدیث کمپلیکس جامعہ نگر دہلی میں امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے پیچھے عشاء کی نماز پڑھنے کا موقع ملا۔ امام کعبہ نے اپنی نماز میں قرآن کی وہ آیت کریمہ تلاوت کی جس کا مفہوم تھا "ہم نے اپنی امانت کو آسمانوں پر، زمین پر اور پہاڑوں پر پیش کیا لیکن ان سب نے اس کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے مگر انسان نے اسے اٹھا لیا"۔ (سورۃ الاحزاب آیت نمبر 72)

تصویر
امام حرم مکی
ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ

# عدالت صحابہؓ کانفرنس کیوں؟

محمد نصر اللہ ندوی

روزنامہ صحافت: 5-3-2012

# امام حرم کا خیر مقدم

محمد حامد عبدالمالک سنابلی

روزنامہ انقلاب: 2-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ماقبل کانفرنس

# रामलीला मैदान के पास जाम!

## दो दिन मरकजी जमीयत अहले हदीस हिंद की नैशनल कॉन्फ्रेंस

वरिष्ठ संवाददाता ॥ नई दिल्ली

शुक्रवार और शनिवार को रामलीला मैदान और जामा मस्जिद के आसपास से गुजरते वक्त आपको ट्रैफिक जाम से जूझना पड़ सकता है। दरअसल 2 और 3 मार्च को रामलीला मैदान और जामा मस्जिद में मरकजी जमीयत अहले हदीस हिंद द्वारा एक नैशनल कॉन्फ्रेंस का आयोजन किया जा रहा है। इसमें मक्का मस्जिद के शाही इमाम भी शिरकत करेंगे। इस दौरान दिल्ली-एनसीआर समेत देश के अन्य हिस्सों के लोग भी यहां पहुंचेंगे। नमाज के लिए लोग रामलीला मैदान और जामा मस्जिद के अंदर ही नहीं, बल्कि इसके बाहर और आसपास की अन्य सड़कों पर भी इकट्ठा होंगे। ज्यादातर लोग ट्रेनों और बसों से आएंगे। इसके कारण नई दिल्ली और सेंट्रल दिल्ली के कुछ इलाकों में ट्रैफिक पर असर पड़ सकता है।

जॉइंट कमिश्नर (ट्रैफिक) सत्येंद्र गर्ग ने बताया कि शाही इमाम की अगुवाई में शुक्रवार को दोपहर 1:30 बजे रामलीला मैदान में जुमे की नमाज और शाम 6:30 बजे

**[ मक्का मस्जिद के शाही इमाम भी आ रहे हैं ]**

जामा मस्जिद में मगरिब की नमाज पढ़ी जाएगी। इसी तरह शनिवार शाम 6:20 बजे रामलीला मैदान में मगरिब की और रात 8 बजे इशा की नमाज पढ़ी जाएगी। इस दौरान ज्यादा लोगों के जुटने के कारण रिंग रोड, बहादुर शाह जफर मार्ग, नेताजी सुभाष मार्ग, जवाहर लाल नेहरू मार्ग, आसफ अली रोड, भवभूति मार्ग, रंजीत सिंह मार्ग और मिंटो रोड समेत आसपास के अन्य रास्तों पर जाम लग सकता है।

नमाज में शिरकत करने वालों के लिए माता सुंदरी रोड कॉम्प्लेक्स, प्रेस रोड जहांगीर रोड, राजघाट पावर हाउस रोड, राजघाट से शांति वन के बीच रिंग रोड से सटी दोनों तरफ की स्लिप रोड और यमुना वेलोड्रम रोड पर फ्लाईओवर के नीचे पार्किंग का इंतजाम किया गया है। रामलीला मैदान में नमाज के मद्देनजर शुक्रवार को दोपहर 12 बजे से 3 बजे के बीच और शनिवार को शाम 4 बजे से रात 9 बजे के बीच जवाहर लाल नेहरू मार्ग, आसफ अली रोड, मिंटो रोड और रंजीत सिंह मार्ग पर वाहनों की एंट्री बंद रहेगी। इस दौरान डीटीसी बसों का रूट भी डाइवर्ट किया जाएगा। नई दिल्ली रेलवे स्टेशन जाने वालों को खासतौर से एहतियात बरतनी होगी। अजमेरी गेट साइड जाने वाले दीनदयाल उपाध्याय मार्ग और मिंटो ब्रिज से होते हुए जा सकते हैं। देशबंधु गुप्ता रोड की तरफ से आने वाले अजमेरी गेट चौक से स्टेशन के अंदर जा सकते हैं।

DAILY NAV BHARAT TIMES

2-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تصاویر

امام حرم کا استقبال کرتے ہوئے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ... 
ودیگر احباب جماعت حفظہم اللہ

دہلی ایئرپورٹ پر آنے کے بعد امام کعبہ مکۃ المکرمہ شیخ سعود بن ابراہیم الشریم کا استقبال کرتے ہوئے ... شعیب اقبال

# خوش آمدید

**جمعیت اہل حدیث کے سالانہ اجلاس کے موقع پر امام حرم مکۃ المکرمہ شیخ سعود بن ابراہیم الشریم کا دہلی تشریف لانے پر**

## دل کی گہرائیوں سے استقبال کرتے ہیں

تمام فرزندان توحید سے درخواست ہے کہ آج 2 مارچ کو رام لیلا میدان میں
نماز جمعہ ...

**نوٹ:** ...

منجانب ...

**امام حرم دہلی پہنچے**

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم ...
جم غفیر کے مابین

روزنامہ انقلاب: 2-3-2012

نئی دہلی: امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم آج نئی دہلی پہنچ گئے۔ ...



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 'عدالت صحابہ کانفرنس' کا انعقاد 3-2 مارچ کو

نئی دہلی (پریس ریلیز) مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام "عدالت صحابہ" کے عنوان پر عظیم الشان 31ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ 2 اور 3 مارچ کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت کریں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلا بخشیں گے۔ نیز مغرب وعشا کی امامت بھی کریں گے۔ جانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں دی۔ انہوں نے کہا کہ امام محترم کی اقتدا میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔ ناظم عمومی نے کہا کہ کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا نئی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین ومدعوین خصوصی شریک ہوئے اور سب نے مل کر کانفرنس کو بہر صورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے بڑی ضرورت قرار دیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا:

24-1-2012

روزنامہ انقلاب: 24-1-2012

# امسال پھر آئیں گے امام حرم، نماز جمعہ کی امامت متوقع

## جمعیۃ اہل حدیث کی عدالت صحابہ کانفرنس میں شرکت کیلئے ۲ر مارچ کو امام آرہے ہیں

سہیل اختر قاسمی

تصویر

امام حرم مکی

ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم

حفظہ اللہ

امام شریم

نئی دہلی: سال ۲۰۱۱ء کے مارچ کے مہینے میں امام حرم شیخ عبدالرحمن سدیس کا ہندوستان دورہ ہوا تھا اب سال ۲۰۱۲ء کے مارچ کے مہینہ میں مسجد حرم کے ایک اور امام آنے والے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام "عدالت صحابہ" کے عنوان پر ۳۱ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے لئے امام حرم شریف مکہ مکرمہ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم مدعو کئے گئے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ امام حرم کی آمد کی خبر ہندوستانی مسلمان کے لئے باعث مسرت ہوتی ہے۔ ۲ مارچ ۲۰۱۱ء میں جمعیۃ علماء ہند کے پروگرام عظمت صحابہ کانفرنس کے لئے امام حرم عبدالرحمن سدیس کی آمد پر پورے ہندوستان اپنی آنکھیں بچھادی تھیں۔ اب اسی مبارک مہینے کے دوسرے امام بھی تشریف لانے والے ہیں۔ مرکزی جمعیۃ اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے انقلاب کو اطلاع دی ہے کہ عدالت صحابہ کانفرنس میں شمولیت کے لئے امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم نے بھی رضامندی دے دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امام حرم ۳ روز کے ہندوستان دورہ پر آرہے ہیں۔ جس میں وہ رام لیلا میدان میں منعقد ہونے والے عدالت صحابہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے جم غفیر کی امامت بھی کریں گے۔ واضح ہو کہ امام حرم ڈاکٹر شریم کی آمد کی تصدیق سعودی سفارت خانہ نے بھی کر دی ہے۔ مرکزی جمعیۃ اہل حدیث سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ۲-۳ مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے پروگرام میں ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم شرکت کریں گے اور خطاب بھی کریں گے۔ اسکے ساتھ ساتھ جمعہ، مغرب وعشا کی امامت بھی کریں گے۔ مرکزی جمعیۃ اہل حدیث کے ذمہ داروں کے مطابق ان کی آمد پر ان کے شایان شان استقبال کی تیاریاں بھی شروع ہوگئی ہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



5-2-2012

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالت صحابہ کانفرنس 2-3 مارچ کو

# امام حرم ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم ہوں گے مہمان خصوصی

تصویر

مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی

مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی

بقیہ: امام حرم ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم ہوں گے مہمان خصوصی ……

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس: 24-1-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روزنامہ اخبار مشرق:2012-1-24




# مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عدالت صحابہ کانفرنس ۲،۳ مارچ کو

## امام حرم سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم شرکت کریں گے

نئی دہلی ۲۳؍جنوری۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام "عدالت صحابہ" کے عنوان پر عظیم الشان ۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ان شاء اللہ ۲-۳؍مارچ ۲۰۱۲ء کو دہلی کے رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگی جس میں امام حرم شریف مکہ مکرمہ سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر سعود ابراہیم الشریم حفظہ اللہ شرکت فرمائیں گے اور اپنے بصیرت افروز، دل نشیں اور روح پرور خطاب سے سامعین کے قلوب وارواح کو جلا بخشیں گے۔ نیز مغرب وعشاء کی امامت بھی فرمائیں گے۔ ان باتوں کی جانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں دی۔ انہوں نے کہا کہ امام محترم کی اقتداء میں نماز جمعہ بھی ادا کی جائے گی۔ ناظم عمومی نے کہا کہ کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے گزشتہ ۲۲؍جنوری ۲۰۱۲ء کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا، نئی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت جناب حافظ محمد یحییٰ دہلوی حفظہ اللہ منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں اراکین ومدعوئین خصوصی شریک ہوئے اور سب نے مل کر کانفرنس کو بہر صورت کامیاب کرنے کا عہد کیا اور صحابہ کرام کے حوالے سے منعقد ہونے والی اس کانفرنس کو وقت کی سب سے بڑی ضرورت قرار دیا۔ عاملہ کے اس اجلاس میں قومی ملی اور انسانی مسائل پر بھی غور وخوض ہوا اور اخیر میں ملک وملت اور انسانیت کے متعلق متعدد امور زیر غور آئے اور درج ذیل قرارداد پاس کی گئیں: ۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کے اس اجلاس کا یہ احساس ہے کہ عصر حاضر میں مسلمانوں کی تمام پریشانیوں کا سبب قرآن وحدیث سے دوری ہے۔ اس لئے مسلمان اپنے جملہ مسائل کے حل کے لئے قرآن وحدیث کو اپنا آئیڈیل بنائیں۔ ۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اقلیتوں کے لئے 4.5 فیصد ریزرویشن کا خیر مقدم کرتا ہے۔ لیکن یہ ان کی آبادی کے تناسب سے ناکافی ہے۔ اگر حکومت مسلمانوں کی سماجی ترقی کے لیے واقعی سنجیدہ ہے تو وہ سچر کمیٹی اور مشرا کمیشن کی سفارشات جلد از جلد نافذ کرے۔ ۳- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ملک اور بیرون ملک میں ہونے والے دہشت گردانہ واقعات اور بم دھماکوں کی مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے ٹھوس قدم اٹھائے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو اور بے قصور، بے جا اذیت سے بچ سکیں۔ ۴- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے دیگر انکاؤنٹروں کی طرح بٹلہ ہاؤس انکاؤنٹر کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ ان تحقیقات سے کسی بھی ادارہ کا مورال نہیں گرے گا بلکہ اس سے قانون وانصاف کی برتری ہی ثابت ہوگی۔ ۵- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا یہ اجلاس ملک کے مختلف حصوں میں بے قصور مسلم نوجوانوں کی گرفتاری پر اظہار تشویش کرتا ہے اور متعلقہ سرکاری ایجنسیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں غیر جانبداری سے کام لیں۔ ۶- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کے رونما ہونے پر انتظامیہ کو جواب دہ بنائے اور ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دے، علاوہ ازیں متاثرین کی بازآبادکاری اور معاوضہ کو یقینی بنائے۔ ۷- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ مذہب کو بنیاد بنا کر مسلم اقلیت کے ساتھ سوتیلا رویہ نہ اپنایا جائے کیونکہ سچر کمیٹی نے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر مسلمانوں کو دلتوں سے بھی زیادہ پسماندہ قرار دیا ہے۔ اس لئے پسماندگی کو بنیاد بنا کر پوری مسلم اقلیت کو ریزرویشن کے دائرہ میں لایا جائے۔ اس میں کسی طرح کی کوئی آئینی رکاوٹ نہیں ہے۔ ۸- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ڈائریکٹ ٹیکس بل سے مذہبی اداروں، عبادت گاہوں اور مذہبی تنظیموں کو مستثنیٰ رکھا جائے۔ ۹- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وقف ترمیمی بل میں قابل اعتراض امور پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ اگر بل کے قابل اعتراض مجوزہ نکات حذف نہیں کیے گئے تو اس سے ہزاروں وقف اراضی ضائع ہوجائیں گی۔ ۱۰- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ حق تعلیم ایکٹ میں شامل ان نکات کو ختم کیا جائے جن سے اقلیتوں کے تعلیمی اداروں پر ضرب پڑتی ہے۔ ۱۱- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حالیہ دنوں انگریزی ہفت روزہ انڈیا ٹوڈے ودیگر اخبارات کے ذریعہ جمعیت اہل حدیث کو دہشت گردی کے الزام سے متہم کیے جانے اور مملکت سعودی عرب پہ دہشت گردی کی تمویل کا بے بنیاد الزام لگائے جانے کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اس لیے کہ اس سے ایک امن پسند جماعت اور انسانیت نواز مملکت کی کردار کشی ہوتی ہے۔ عاملہ کا یہ احساس ہے کہ صحافت ایک مقدس مشن اور ایک سماجی ذمہ داری ہے لہٰذا ذرائع ابلاغ رپورٹنگ میں غیر جانبداری سے کام لے کیونکہ اس کی جانبدارانہ رپورٹنگ سے ایک خاص طبقہ کو ذہنی اذیت ہوتی ہے اور وہ دیگر اقوام کی نگاہ میں مذموم ہوجاتا ہے۔ یہ اجلاس مذکورہ اخبارات سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس گستاخی کے لیے معافی مانگیں اور اس کی تردید شائع کریں۔

۱۲- مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس فلسطین میں جاری اسرائیل کی جارحیت کی مذمت کرتا ہے اور اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فلسطین کو اسرائیل کی ظلم وبربریت سے نجات دلانے کے لئے ذاتی مفاد سے اٹھ کر کام کریں، کیونکہ اسرائیل کی جارحیت کی وجہ سے مشرق وسطیٰ میں امن وقانون کی صورت حال درہم برہم ہے۔ ۱۳- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس شہزادہ نایف بن عبدالعزیز آل سعود کو مملکت سعودی عرب کا ولی عہد مقرر کیے جانے پر خادم حرمین شریفین، شاہی خاندان، وزارت اسلامی امور اور سعودی عوام وخواص کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔ نیز حالیہ دنوں میں سلفیت کے حوالے سے ان کے بیان کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔ ۱۴- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس ولی عہد مملکت سعودی عرب شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز آل سعود کی وفات پر اظہار غم وافسوس کرتا ہے اور ان کی وفات کو مملکت سعودی عرب اور انسانیت کے لیے عظیم خسارہ قرار دیتا ہے نیز مرحوم شہزادہ کی ملک وانسانیت کے تئیں عظیم خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مملکت توحید کے فرمانروا ملک عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود، شاہی خاندان اور سعودی عوام وخواص کی قلبی تعزیت کرتے ہوئے دعاگو ہے کہ بارالٰہا ان کی مغفرت فرما۔ آمین ۱۵- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس آئندہ دنوں ملک کے پانچ صوبوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے حوالے سے عوام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ سیکولر اور ایماندار فرض شناس امیدواروں کو ووٹ دیں۔ اور فسطائی فرقہ وارانہ ذہنیت رکھنے والی طاقتوں کا راستہ روکے تاکہ سیکولر حکومتوں کا قیام عمل میں آسکے اور روایتی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا ماحول قائم رہے اور ہر فرقہ کو یکساں طور پر ترقی کے مواقع میسر آسکیں۔ ۱۶- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس سلمان رشدی اور تسلیمہ نسرین جیسے دریدہ دہن شیطان صفت، نام نہاد قلم کاروں کی بعض اداروں کی جانب سے ہمت افزائی کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ آئندہ ملک میں ان جیسے لوگوں کی آمد پر پابندی عائد کرے تاکہ مسلمانوں ودیگر سیکولر رجحانات رکھنے والے لوگوں کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ ساتھ ہی ان دنوں مسلمانوں کے پرامن احتجاج اور دانشمندانہ اقدامات کے باعث سلمان رشدی کی جو حوصلہ شکنی ہوئی اور حکومت کی جانب سے بھی اس کے دورے کو روکنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے، اس کو بنظر تحسین دیکھتا ہے اور اسے ملک وملت کے لیے خوش آئند تصور کرتا ہے۔ ۱۷- مجلس عاملہ کا یہ اجلاس جناب محمد غالب نعمانی، صدر جامعات الصالحات حیدرآباد، مولانا عبدالسلام رحمانی طیب پوری، ڈاکٹر جاوید اعظم، صدر جامعہ سلفیہ بنارس، دبستان دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے آخری چراغ مولانا عبدالحکیم مجاز اعظمی اور مولانا عبدالقدوس اطہر نقوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور مذکورین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ نیز اللہ سے دعاگو ہے کہ اللہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرمائے نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





روزنامہ صحافت: 5-2-2012



روزنامہ جدید میل: 5-2-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## امام حرم ۲ مارچ کو رام لیلا گراؤنڈ میں نماز جمعہ کی امامت کریں گے

نئی دہلی (یو این آئی) امام حرم مکہ مکرمہ شیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم شریم 2 مارچ کو یہاں تاریخی رام لیلا گراؤنڈ میں نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے۔ وہ 3 مارچ کو مغرب اور عشاء کی امامت بھی کریں گے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث نے یہاں اطلاع دیتے ہوئے کہا ہے کہ امام حرم عظمت صحابہ کے موضوع پر انتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں شرکت کے لئے آ رہے ہیں۔ وہ حاضرین سے خطاب بھی کریں گے۔ یہ کانفرنس 2 اور 3 مارچ کو منعقد کی جا رہی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے یہاں جاری بیان میں کہا ہے کہ امام حرم کی آمد اتحاد و [illegible] اتحاد و یگانگت کا موثر ذریعہ ثابت ہوگی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا: 23-2-2012

## امام حرم سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے استقبال کی تیاری آخری مرحلے میں

تصویر

امام حرم مکی

ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم

حفظہ اللہ

نئی دہلی (پریس ریلیز) عالم اسلام کے دلوں کی دھڑکن، پیام انسانیت کے نقیب [illegible] امام و خطیب حرم مکی مکرمہ سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر دہلی کے تاریخی رام لیلا میدان میں ۲ مارچ ۲۰۱۲ کو 1.15 بجے نماز جمعہ کی امامت فرمائیں گے اور ۳ مارچ کو (6.22 بجے شام) مغرب اور (8.15 بجے شب) عشاء کی امامت کریں گے اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام انتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں حاضرین سے ایمان افروز خطاب فرمائیں گے۔ امام حرم کے استقبال اور کانفرنس کے انتظامات کی تیاری آخری مرحلہ میں ہے۔ [illegible]

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس: 23-2-2012

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی کانفرنس کے انعقاد کے پیش نظر نشست

**امام حرم سماحۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کے شایان شان استقبال پر [illegible] و اطراف کی سرکردہ شخصیات کی شرکت**

[illegible] مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند [illegible] چانکاری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند [illegible] ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی [illegible] ایک اہم نشست آج [illegible] اہل حدیث کمپلیکس اوکھلا نئی دہلی میں منعقد ہوئی [illegible] انعقاد کے سلسلے میں [illegible] حرم ہم سب کے لیے [illegible] ہندوستانیوں کے لیے [illegible] کرام کا پیغام انسانیت عام ہوگا اور آپسی اخوت و بھائی چارہ کی فضا قائم ہوگی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس: 6-2-2012

## جمعیت اہل حدیث کانفرنس کا انعقاد

دہلی 5 فروری مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام عظمت صحابہ [illegible] اخلاق [illegible] اور انسانیت کے سچے معمار کے عنوان پر 31 ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا انعقاد 2، 3 مارچ 2012 کو تاریخی رام لیلا گراؤنڈ دہلی میں ہوگا جس میں مرکزی [illegible] امام حرم [illegible] الشیخ [illegible] ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ تشریف لا رہے ہیں [illegible] نماز جمعہ کی امامت کے علاوہ سنیچر کو مغرب و عشاء کی امامت اور ایمان افروز خطاب فرمائیں گے۔

روزنامہ صحافت: 6-2-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روزنامہ انقلاب: 6-2-2012

امام حرم الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے استقبال کیلئے تیاریاں زوروں پر

## عدالۃ الصحابہ کانفرنس سے متعلق جائزہ میٹنگ

روزنامہ راشٹریہ سہارا: 6-2-2012

आज आएंगे काबा के इमाम डॉ. सऊद बिन इब्राहीम अल शुरैम

DAILY RASHTRIYA SAHARA (HINDI) 1-3-2012





محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



৩১ তম সারা ভারত আহ্‌লে-হাদীস কনফারেন্স

ঃ বিষয় ঃ

সাহাবায়ে-কেরাম চরিত্র ও কর্মের সঠিক মানদণ্ড
এবং মানবতার প্রকৃত মাপকাঠি

কেন্দ্রীয় জমঈয়তে আহ্‌লে-হাদীস হিন্দের আমন্ত্রণে
মক্কা শরীফের কাবার ইমাম মহামান্য আল্লামা ডক্টর সউদ
বিন ইবরাহীম শুরাইম হাফেযাহুল্লাহ্‌র শুভাগমন।

মহামান্য ইমাম সাহেব জুমআর খোতবা ও নামায ছাড়া মগরিব ও এশার নামাযের ইমামতি ও ঈমানবর্ধক বক্তৃতা করবেন। ভারত ও বহির্ভারতের বিখ্যাত ওলামায়ে কেরাম এবং দেশের নেতৃবর্গ যোগদান করবেন।

তারীখ ঃ ২-৩ মার্চ ২০১২। দিন শুক্র ও শনিবার
স্থান ঃ রামলীলা ময়দান। নিউদিল্লী

উক্ত ঐতিহাসিক সম্মেলনে যোগদান করে সাহাবায়ে কেরামের সম্মান এবং তাঁদের শান্তি ও মানবতার বার্তাকে বোঝার চেষ্টা করুন।

ব্যবস্থাপনায় ঃ কেন্দ্রীয় জমঈয়তে আহ্‌লে হাদীস হিন্দ
ফোন ঃ ০১১-২৩২৭৩৪০৭ ফ্যাক্স ঃ ০১১-২৩২৪৪৬৬১৩

ماہنامہ اہل حدیث، کولکاتا 28-2-2012

২৮শে ফেব্রুয়ারী

আহ্‌লে হাদীস

৩১ তম সারা ভারত আহ্‌লে-হাদীস কনফারেন্স

ঃ বিষয় ঃ

সাহাবায়ে-কেরাম চরিত্র ও কর্মের সঠিক মানদণ্ড
এবং মানবতার প্রকৃত মাপকাঠি

কেন্দ্রীয় জমঈয়তে আহ্‌লে-হাদীস হিন্দের আমন্ত্রণে
মক্কা শরীফের কাবার ইমাম মহামান্য আল্লামা ডক্টর সউদ
বিন ইবরাহীম শুরাইম হাফেযাহুল্লাহ্‌র শুভাগমন।

মহামান্য ইমাম সাহেব জুমআর খোতবা ও নামায ছাড়া মগরিব ও এশার নামাযের ইমামতি ও ঈমানবর্ধক বক্তৃতা করবেন। ভারত ও বহির্ভারতের বিখ্যাত ওলামায়ে কেরাম এবং দেশের নেতৃবর্গ যোগদান করবেন।

তারীখ ঃ ২-৩ মার্চ ২০১২। দিন শুক্র ও শনিবার
স্থান ঃ রামলীলা ময়দান। নিউদিল্লী

উক্ত ঐতিহাসিক সম্মেলনে যোগদান করে সাহাবায়ে কেরামের সম্মান এবং তাঁদের শান্তি ও মানবতার বার্তাকে বোঝার চেষ্টা করুন।

ব্যবস্থাপনায় ঃ কেন্দ্রীয় জমঈয়তে আহ্‌লে-হাদীস হিন্দ
ফোন ঃ ০১১-২৩২৭৩৪০৭ ফ্যাক্স ঃ ০১১-২৩২৪৪৬৬১৩

ماہنامہ اہل حدیث، کولکاتا 28-2-2012

২০-২৬ ফেব্রুয়ারি ২০১২

৩১ তম সারা ভারত আহ্‌লে-হাদীস কনফারেন্স

সাহাবায়ে-কেরাম চরিত্র ও কর্মের সঠিক মানদণ্ড
এবং মানবতার প্রকৃত মাপকাঠি

মহামান্য ইমাম সাহেব জুমআর খোতবা ও নামায ছাড়া মগরিব ও এশার নামাযের ইমামতি ও ঈমানবর্ধক বক্তৃতা করবেন। ভারত ও বহির্ভারতের বিখ্যাত ওলামায়ে কেরাম এবং দেশের নেতৃবর্গ যোগদান করবেন।

তারীখ ঃ ২-৩ মার্চ ২০১২। দিন শুক্র ও শনিবার
স্থান ঃ রামলীলা ময়দান। নিউদিল্লী

উক্ত ঐতিহাসিক সম্মেলনে যোগদান করে সাহাবায়ে কেরামের সম্মান এবং তাঁদের শান্তি ও মানবতার বার্তাকে বোঝার চেষ্টা করুন।

ব্যবস্থাপনায়

ماہنامہ اہل حدیث، کولکاتا 20-26-2-2012

31 ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

بعنوان

صحابہ کرامؓ: اخلاق وکردار کے حقیقی معیار اور انسانیت کے سچے معمار

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی دعوت پر امام حرم مکی مکرمہ

سماحۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر

سعود بن ابراہیم الشریم

کا دورہ مسعود

بتاریخ: 2-3 مارچ 2012ء بمقام: رام لیلا میدان، نئی دہلی

اس تاریخ ساز کانفرنس میں شریک ہوکر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت اوران کے پیغام امن وانسانیت کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

روزنامہ آواز ہند، کولکاتا، ۱۷ فروری ۲۰۱۲ء



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمان

# عظمت صحابہ کانفرنس 2 اور 3 مارچ کو امام حرم خطاب فرمائیں گے

نئی دہلی (یو این آئی) امام حرم مکہ مکرمہ شیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم شریم مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام یہاں مجوزہ دو روزہ عظمت صحابہ کانفرنس سے خطاب کے علاوہ نماز جمعہ اور ہفتہ کے روز مغرب اور عشاء کی نمازوں کی امامت بھی کریں گے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے آج یہاں یہ اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام رب کے وفادار اور انسانیت کے سچے علمبردار کے موضوع پر منعقدہ دو روزہ کانفرنس موجودہ صورت حال سے پوری طرح ہم آہنگ ہے کیوں کہ آج کے حالات میں صحابہ کا طرز عمل ہر شعبے میں ہماری رہنمائی کے لئے کافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ چونکہ رحمت للعالمین کے براہ راست تربیت یافتہ تھے اس لئے وہ نہ صرف عملی مسلمان تھے بلکہ اسلام کے حقیقی نمائندہ بھی تھے اور ان کی زندگیاں آج کے دور میں ہر شخص کے لئے بہترین مثال ہیں۔ مولانا سلفی نے بتایا کہ 2 اور 3 مارچ کو یہاں رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد 31ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں جمعیت علماء ہند، جماعت اسلامی، دارالعلوم دیوبند، ندوۃ العلماء کے علاوہ دیگر مسلم اور غیر مسلم تنظیموں کے نمائندے اور سیاسی لیڈران بھی شرکت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ امام حرم مکہ مکرمہ شیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم شریم اس دو روزہ کانفرنس میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کر رہے ہیں۔ وہ نماز جمعہ کی امامت کریں گے اور شرکاء سے خطاب بھی کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ ہفتہ کے روز مغرب اور عشاء کے نماز کی بھی امامت کریں گے۔ مولانا اصغر امام مہدی نے کہا کہ آج جب کہ حقوق انسانی کی (باقی صفحہ 11 پر)

## بقیہ: عظمت صحابہ کانفرنس

سرزمین ہندوستان آکر ہم لوگوں کو سعادت بخشی ۔ ناظم اعلیٰ جمعیۃ اہل حدیث جموں وکشمیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ آج ہم میں امام کعبہ موجود ہیں۔ آپ نے کہا کہ تمام مشکلات اور مصائب سے نجات پانے کے لئے ضروری ہے کہ مسلمان منظم ہو جائیں۔ آپسی اختلافات کو دور کریں۔ اور لڑائی جھگڑا نہ کریں۔ آپ نے کہا کہ کتاب وسنت پر عمل کریں تو ہمارے درمیان تمام اختلافات ختم ہو جائیں گے۔ جمعیۃ کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ جمعیۃ کے سامنے اس وقت ٹرانس ورلڈ مسلم یونیورسٹی کا اہم مسئلہ ہے۔ آپ نے کہا کہ اس کی منظوری دینے میں روڑے اٹکائے جا رہے ہیں۔

۲۳/مارچ ۲۰۱۲ء کو امام محترم کی اقتداء میں لاکھوں مسلمانوں نے نماز مغرب ادا کی۔ نماز مغرب کے بعد صحابہ کرامؓ کی عظمت دیانت اور ان کے رہنما اصولوں پر علماء کرام، خطباء عظام اور دانشوروں نے بصیرت افروز خطابات کئے۔ امام کعبہ الشیخ سعود بن ابراہیم الشریم نے اپنے خطاب میں فرمایا۔ صحابہ کرامؓ دین حق کے درخشندہ ستارے ہیں اور پورے معاشرہ کے لئے منارہ نور ہیں۔ ان ہی کے ذریعہ اور ان ہی کی دن رات کی محنت شاقہ سے اسلام کی حقانیت پوری دنیا میں پہنچی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے پرفتن دور اور راہ حق سے بھٹکے ہوئے معاشرہ میں صحابہ کرامؓ کے اسوہ کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ ان کے قلوب میں پیغمبر اسلام کی سچی محبت اور سنت کو زندہ کرنے کا جذبہ تھا۔ اسی جذبے کے تحت انہوں نے دین اسلام کی تعلیمات دنیا کے کونے کونے تک پہنچایا۔ اور اس میں بے مثال جانی اور مالی قربانیاں پیش کیں۔ امام کعبہ نے کہا کہ آج صحابہ کرام کے کردار کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ اس سے دنیا میں امن وسکون کا ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فضیلت کے اعتبار سے ابوبکر صدیق کا بڑا درجہ ہے۔ پھر عمر، عثمان اور علی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا اس کے بعد عشرہ مبشرہ اس کے بعد اصحاب بیعت رضوان کا اس کے بعد اصحاب بدر کا۔ آپ نے کہا کہ ہمارے دل اصحاب رسول ﷺ کی محبت سے معمور ہونے چاہیے۔ کیونکہ ان کے ذریعہ سے دین کی حقانیت پوری دنیا میں پہنچ گئی۔ امام محترم کی اس عربی تقریر کا اردو ترجمہ ڈاکٹر عبداللطیف الکندی نے کیا۔

صدر جمعیۃ جموں وکشمیر جناب غلام رسول ملک صاحب نے کانفرنس کے انعقاد پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے خطاب میں فرمایا کہ اس قسم کی کانفرنسوں کا انعقاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ ہے۔ آپ نے کہا کہ اس وقت جبکہ چار سو عالم میں مسلمان پٹے جا رہے ہیں۔ مسلمانوں کا متحد ہونا ناگزیر ہے۔ کیونکہ اتحاد واتفاق ہی وہ واحد ہتھیار ہے جس سے اسلام دشمن طاقتوں کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے کہا کہ انتشار اور اختلاف کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انتشار اور اختلاف کو بہر حال دور کرنا ہے اور ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونا ان سازشوں کو ناکام بنانا ہے جو اسلام دشمن طاقتیں مسلمانوں کے خلاف سازشیں رچا رہی ہیں۔ آپ نے کہا کہ جمعیۃ اہل حدیث ایک منظم جماعت ہے۔ اس میں بھی ایسے لوگ ہیں جو ذاتی مقاصد کے لئے اس میں رخنہ اندازی کی مذموم کوشش کر رہے ہیں۔ ایسے لوگوں کو جان لینا چاہیے کہ ان کی یہ سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ کیونکہ جماعت حق وباطل اور صحیح اور غلط کو جانچنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے۔

کانفرنس کے عنوان کے حوالہ سے آپ نے کہا کہ ہم اصحاب رسول ﷺ کے بارے میں کیا کہیں کہ جن کی تعریفیں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مبین اور رسول ﷺ نے اپنی زبان مقدس سے بیان فرمائی ہیں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے دین حاصل کیا اور اس دین کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچانے کے لئے ہر قسم کی قربانیاں دی ہیں۔ وہ آسمان ہدایت کے درخشندہ ستارے ہیں۔ ان درخشندہ ستاروں نے پوری دنیا کو تعلیمات نبوی ﷺ سے مستفید کیا ہے۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ اصحاب رسول ﷺ کی دیانتداری۔ عدل وانصاف اور اشاعت اسلام کے تئیں ان کے جانی اور مالی ایثار کو مدنظر رکھتے ہوئے انکی مدح سرائی کرتے رہیں۔ تاکہ ہم میں بھی خدمت دین اور خدمت خلق کا وہی جذبہ پیدا ہو سکے جو جذبہ ان پاکباز اصحاب رسول کے قلوب میں رچا بسا تھا۔

مولانا اطہر دہلوی نے کہا کہ یہ کانفرنس ان نفوس کے نام پر ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے پاکباز بندے تھے۔ ان کی راہ اپنانے سے کامیابی کی منزل مل سکتی ہے۔ ان کے رہنما اصولوں کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ اس لئے کہ انہوں نے وہ اصول رسول ﷺ سے حاصل کئے۔ تنظیمیں اور مسالک مختلف ہو سکتے ہیں مگر منبع ایک ہے وہ ہے رسول اللہ ﷺ کی ذات اقدس اس میں مسلمانوں کی فلاح وبہبود اور عزت وآبرو ہے۔

ڈاکٹر عبداللطیف الکندی نے ''صحابہ کرام حدیث رسول ﷺ کی روشنی میں'' کے عنوان پر اپنے مدلل خطاب میں فرمایا کہ انہوں نے مکمل دین رسول اللہ ﷺ سے حاصل کیا۔ اور اس دین کی اشاعت میں تاریخ گواہ ہے جو انہوں نے کوششیں کیں وہ ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ آپ نے کہا کہ صحابہ کرام ہمارے لئے نمونہ ہیں۔ ان کی پیروی میں ہی ہماری شان ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو دین کی خدمت کے لئے چن لیا تھا۔ انہوں نے دین کی جو خدمت کی تاریخ کے اوراق اس سے بھرے پڑے ہیں۔ آپ نے کہا کہ احادیث کا جو ذخیرہ اس وقت ہمارے پاس ہے وہ ان ہی کے ذریعہ سے ہم تک پہنچا ہے۔ آپ نے مسلمانوں کو تاکید کی کہ وہ اسوہ صحابہ کو اپنائیں۔ اسی میں ہمارے درخشندہ مستقبل کا راز مضمر ہے۔

مولانا عبدالباسط نے صحابہ کی عظمتوں کو سلام کہتے ہوئے کہا کہ خود اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ ان کی عظمتوں کا اعتراف مخالفوں نے بھی کیا ہے۔ انبیاء کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عظیم شخصیت تھی۔ انہوں نے اپنی خلافت میں زکوٰۃ کے بارے میں جو فیصلہ لیا۔ وہ کتب احادیث اور تاریخ کا حصہ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن گیا۔حضرت عمرؓ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتے مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔آپ نے کہا کہ گاندھی جی نے کہا ہے کہ میں رام اور کرشن کا حوالہ نہیں دوں گا۔ میں کہتا ہوں کہ ابوبکر اور عمر جیسی زندگی گذارو۔ تو ہندوستان میں امن وآشتی کا سماں پیدا ہوگا۔

حافظ عین الباری نے کہا کہ صحابہ کرامؓ کے اصولوں اوران کے کردار کواپنانے سے ایک انسان کی کایا پلٹ سکتی ہے۔وہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے تھے۔وہ دین حق کے علمبردار تھے اور رسول اللہ ﷺ کے ایک اشارے پر اپنا سب کچھ لٹانے پر ہروقت تیار رہتے تھے۔

جمعیۃ العلماء کے مولانا ارشد مدنی نے کہا کہ صحابہ کرام نے عقیدہ توحید کو قبول کیا پھر اس عقیدہ سے دنیا کو روشناس کرنے کے لئے انتھک کوششیں کیں۔انہوں نے اسلام کا جھنڈا پورے عالم میں بلند کیا وہ سابقون الاولون میں لیں ہیں۔ان سے اللہ راضی ہے۔اور وہ اللہ سے راضی ہیں۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی راہ پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔انیس الرحمٰن اعظمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ انبیاء کرام کے بعد صحابہ کرام کا درجہ ہے۔یہی ہمارا عقیدہ ہے۔وہ ہمارے لیے معیار ہیں۔انہوں نے اسلام کا بول بالا کرنے میں جو کام کیا ہے وہ تابندہ کام ہے۔آپ نے کہا کہ اتحاد کے لئے جمعیۃ جو کام کرتی ہے وہ قابل قدر اور قابل ستائش ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی ان کوششوں کو قبولیت بخشے۔

امیر جماعت اسلامی جلال الدین عمری نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تركت فيكم امرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما كتاب الله وسنة رسوله آپ نے کہا اور سنت رسول ﷺ کو چھوڑا ہے۔ان ہی دو چیزوں پر عمل پیرا ہونے سے قدم قدم پر وہ کامیاب اور کامران ہوئے۔اور یہ دونوں چیزیں صحابہ کرامؓ کے ذریعہ ہم تک پہنچیں۔اوران سے اس میں کوئی چوک نہیں ہوئی۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خلفاء راشدین کے طریقہ کو پکڑو یہی صحابہ کرام کی شرافت وعظمت ہے۔اجلاس سے دوسرے خطاب کرنے والوں میں ڈاکٹر عبدالحلیم، مولانا عبدالعظیم مدنی، شیخ عبدالمنان، مولانا انیس الرحمٰن، مولانا ہارون سنابلی، مولانا ذکی احمد مدنی، مولانا خورشید عالم مدنی، مولانا ظفر الحسن فیضی، شیخ عبدالمنان، مولانا عبدالسلام سلفی، شیخ انیس الرحمٰن قاسمی اور مولانا حمید اللہ سلفی قابل ذکر ہیں۔

از۔محی الدین احمد

(ہفت روزہ مسلم، سری نگر، ۱۹؍مارچ ۲۰۱۲ء ص: ۱/۱۲)

☆☆☆


## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا ایک تعلیمی و تربیتی ادارہ

# المعهد العالی

### للتخصص فی القضاء والافتاء والدعوة والتدریس

**اغراض ومقاصد:**

(۱) شریعت اسلامیہ کے قواعد وضوابط، احکام شرعیہ کی تطبیق، اسلامی قوانین اور جدید نظامہائے قوانین کا جامع مطالعہ اور تحقیق۔(۲) فرض منصبی کی ادائیگی کی صلاحیت پیدا کرنا اور ایسے افراد تیار کرنا جو عصر حاضر میں شریعت اسلامیہ کی حفاظت کے ساتھ اس کی نشر واشاعت کا فریضہ صحیح طور پر انجام دے سکیں اور علم وعمل اور وسعت فکر ونظر میں اسلاف کے صحیح جانشین اور وارث ہوں۔(۳) امامت، تدریس اور افتاء وقضاء میں فنی اور عملی تجربہ کے ساتھ مہارت کے حامل ہوں جدید دور کے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور معاشرے میں ہونے والی تبدیلیوں اور تغیرات پر نظر رکھتے ہوئے ان کے تقاضوں سے آگاہ ہوں اور احکام شریعت کی تطبیق کرسکیں۔(۴) عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق نوع بہ نوع علمی وفقہی موضوعات پر تحقیق (۵) انگریزی کے علاوہ مختلف زبانوں میں مہارت اور کمپیوٹر وانٹرنیٹ سے متعلق لازمی تربیت۔

جماعت وملت کے تمام غیور محسنین اور اصحاب خیر سے مخلصانہ اپیل کی جاتی ہے کہ اس تربیتی ادارہ کی تعمیر وترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور بچوں کے تعلیمی وظائف اور مطبخ پر آنے والے صرفہ میں مالی تعاون فرمائیں۔اللہ تعالیٰ تمام محسنین کو جزائے خیر سے نوازے۔آمین

(اراکین: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند)




محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# میڈیا کوریج

## اخبارات ورسائل کی روشنی میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

THE INQUILAB
قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)
انقلاب
6 pages • Mumbai (Delhi) • Friday, March 2, 2012 • www.inquilab.com

# قرآن وسنت کی تعمیل اور اتحاد واتفاق ہی فلاح کا راستہ

■ امام حرم کی ہندوستانی مسلمانوں کو تلقین ■ ہندوستانی مسلمانوں کے در[illegible]
کیا ■ تقریباً ۲۰ ہزار سے زائد فرزندان توحید نے امام حرم کی امامت میں [illegible]

فرزان قریشی/محمد رضا فراز

نئی دہلی: امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم نے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند [illegible] جمعہ سے قبل انھوں نے فرزندان توحید سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام کا سب سے اہم نکتہ قرآن وسنت ہے۔ قرآن وسنت پر عمل پیرا ہونے والی جماعت اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک محبوب ہے۔ امام حرم نے صحابہ کرام کے ایثار کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کی جانثاری سے اسلام آج اپنی مکمل اصلیت کے ساتھ موجود ہے۔ اہل حدیث کی کاوشوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ قرآن وسنت پر بڑی سختی سے عمل پیرا ہیں۔ انھوں نے جمعیت اہل حدیث کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ ہندوستانی مسلمانوں کے درمیان مسلکی اختلاف پائے جانے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ آج مسلمانوں کو اتحاد واتفاق کی اشد ضرورت ہے۔

ہمارے بھائی ہندوستانی مسلمانوں سے مل کر مجھے بہت خوشی ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ مسلمان دنیا میں سب سے [illegible] اپنے عمل [illegible] ثابت کرنا ہوگا کہ ہم اسلام کی تعلیمات [illegible] اہل حدیث [illegible] امام حرم نے [illegible] مولانا اصغر امام مہدی سلفی نے امام کعبہ کا [illegible] عبداللطیف کلیمی [illegible] خورشید مدنی، عبدالرحمن [illegible] معززین شہر نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی آج صبح یہاں پہنچے [illegible] اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر

مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی [illegible] اور موجودہ ممبر اسمبلی حاجی شعیب اقبال نے ان کا پرجوش خیر مقدم کیا۔ انھیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور گلدستے پیش کئے گئے۔ ایئرپورٹ پر لوگوں سے ملاقات کے بعد امام حرم نے کہا کہ مجھے یہ خوشی ہے کہ میں ہندوستان آیا ہوں۔ مجھے اس بات کی بھی مسرت ہے کہ میں یہاں نماز جمعہ کی امامت کروں گا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ میں آپ لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ اور عالم اسلام کے لئے دعا گو ہوں۔ حاجی شعیب اقبال نے ان کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ہم بے حد شکر گزار ہیں کہ آپ ہندوستان تشریف لائے۔ خدا آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ امام حرم ایئرپورٹ سے سیدھے [illegible] ہوٹل تشریف لے گئے، جہاں وہ قیام پذیر ہیں۔ امام حرم [illegible] رام لیلا میدان میں نماز جمعہ کی امامت کریں گے۔

آج کا پروگرام

تصویر
امام حرم مکی کے پیچھے نماز ادا کرتے ہوئے
جم غفیر کا ایک منظر

تصویر
امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم
حفظ اللہ اہل حدیث کمپلیکس میں

---

تصویر مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند
۳۱ ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں
خطاب کرتے ہوئے

[illegible]

## امام حرم کا دہشت گردی مخالف بیان قابل ستائش: سبل

نئی دہلی (یو این آئی) [illegible] مرکزی وزیر کپل سبل نے امام حرم شیخ سعود الشریم کے دہشت گردی مخالف بیان کو قابل ستائش قرار دیا ہے۔ یہاں رام لیلا میدان میں منعقدہ 31 ویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس میں امام حرم کا استقبال کرتے ہوئے مرکزی وزیر کپل سبل نے [illegible] امن قائم کرنے میں [illegible] امام حرم نے دہشت گردی کے خلاف [illegible] کپل سبل نے جمعیت اہل حدیث کی تعریف کرتے ہوئے کہا [illegible] حاجی شعیب اقبال بھی وہاں موجود تھے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اردو دہلی 3-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اتحاد کیلئے ایک میز پر آئیں مسلمان: امام حرم

## ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی آمد دنیا میں امن قائم کرنے میں معاون ثابت ہوگی: کپل سبل

محمد احمد خان

نئی دہلی، 2 مارچ: امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم نے آج رام لیلا میدان میں نماز جمعہ سے قبل اپنے 15 منٹ کے خطبۂ جمعہ میں مسلم اتحاد پر زور دیتے ہوئے امت مسلمہ کے نام اپنے خطاب میں کہا کہ وہ قبیلوں، شعبوں، فرقوں اور ذات پات میں بٹنے کے بجائے اجتماعی اتحاد کیلئے ایک میز پر آئیں۔ یہ صورت دیگر پاور [illegible] کرتعدا دکی کثرت کے باد جود انکا وجود سیلاب کی جھاگ کے مانند ہوگا۔ امام کعبہ نے نبی کریم کے یادگاری خطبہ کو یاد دلاتے ہوئے کہا کہ اگر ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان پر فضیلت حاصل ہے تو وہ صرف اور صرف تقوی اور طہارت کی بنیاد پر ہے کیونکہ حضرت بلال حبشیؓ کے قدموں کی آہٹ جہاں نبی کریم کو جنت میں سنائی دیتی تھی وہیں آپ کے چچا ابولہب کی قرآن نے لعن و ملامت کرتے ہوئے کہا کہ ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک و برباد ہوں۔ انہوں نے جاہلی دور کی بدعات سے اجتناب کرنے کی اپیل کرتے ہوئے مسلمانوں سے کہا کہ تقوی فیصلے کا معیار ہونا چاہیے۔ اس تقریب میں مرکزی جمعیت اہلحدیث کے ناظم مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی، حافظ یحیی دہلوی، سابق ڈپٹی اسپیکر دہلی اسمبلی شعیب اقبال کے علاوہ ہزاروں فرزندان توحید نے شرکت کی۔ اس سے پہلے مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل کپل سبل نے بھی اس تقریب میں شرکت کرتے ہوئے امام حرم کے ہندوستان آمد پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ ایک خوش آئند قدم ہے جو دنیا میں امن قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ یونیورسل ایسوسی ایشن فار اسپریچول اویرنیس کے سربراہ چندت این کے شرما کے علاوہ کئی تنظیموں کے نمائندوں نے اس مقدس تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر چندت شرما نے کہا کہ اسلام نے ہمیشہ امن وامان کا پیغام دیا ہے اور فرزندان توحید کو اسلام کے اس دائمی پیغام کو موجودہ دور میں گھر گھر پہنچانے کی ضرورت ہے۔

تصویر

امام حرم مکی کے پیچھے نماز ادا کرتے ہوئے

جم غفیر کا ایک منظر

روزنامہ جدید میل، دہلی 3-3-2012

9

نئی دہلی 4 مارچ 2012 اتوار

# صحابہ کرامؓ کا طریق کار تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ

## جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام منعقد کانفرنس کے دوسرے دن مقررین کا اظہار خیال

نئی دہلی (یو این آئی) علمائے کرام اور دانشوروں نے صحابہ کرامؓ کی تعلیمات کو موجودہ معاشرے کی تمام برائیوں کو دور کرنے اور مسائل کے واحد حل قرار دیتے ہوئے اس بات کی تلقین کی کہ ان کے اخلاق، کردار اور طریقہ کار کو عام انسانوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے۔ [illegible] مسائل کے حل کے تعلق سے مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام [illegible] منعقدہ 2 روزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے آخری دن مقررین نے کہا کہ اگر ہم صحابہ کرامؓ کی تعلیمات [illegible] مرکزی موضوع [illegible] تو دنیا کی قیادت ہم سے دور نہیں ہوگی۔ مقررین نے کہا کہ ظلم کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم عدل کی صفت کو اپنے اندر جاری و ساری کریں [illegible] نے کہا کہ صحابہ کرامؓ کی تعلیمات تا قیامت تمام انسانوں کے [illegible] تمام معاملات کے لئے [illegible] سے خطاب کرنے والوں میں ڈاکٹر عبدالعلیم (نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند)، مولانا عبدالعظیم مدنی (مرادآباد)، شیخ عبدالمنان سلفی (نیپال)، پروفیسر شیخ عبداللطیف کندی (سری نگر)، مولانا [illegible] عبدالرحمن سلفی، مولانا [illegible] سلفی، مولانا [illegible] مولانا خورشید عالم مدنی (آرہ)، مولانا مظہر احسن ازہری مدنی، شیخ عبدالرحمن لیثی، مولانا عبدالوہاب [illegible] مولانا عبدالسلام سلفی، شیخ [illegible] (پٹنہ)، شیخ [illegible] مولانا [illegible] وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ خیال رہے کہ کانفرنس کا آغاز امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے نماز جمعہ کی امامت اور خطاب سے ہوا تھا جس میں تقریباً لاکھوں فرزندان توحید نے شرکت کی تھی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، دہلی 4-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

# 'عدالت الصحابہ کانفرنس' اختتام پذیر

## مولانا سید ارشد مدنی سمیت ملی رہنماؤں کی شرکت، صحابہ کرامؓ کی زندگی کو عملی نمونہ بنانے کی تلقین

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ اسٹیج پر جلوہ افروز

نئی دہلی 3 مارچ (یو این آئی) علماء کرام اور دانشوروں نے صحابہ کرامؓ کی تعلیمات کو موجودہ معاشرے کی تمام برائیوں کو دور کرنے اور مسائل کے حل کے تعلق سے واحد حل قرار دیتے ہوئے اس بات کی تلقین کی کہ ان کے اخلاق و کردار اور طریقہ کار کو عوام الناس میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے۔ 'عدالت الصحابہؓ' کے مرکزی موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام یہاں رام لیلا گراؤنڈ میں منعقدہ دو روزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے دوسرے اور آخری دن آج مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ہم رحماء بینہم کی صحابہ کی خوبی اپنالیں تو دنیا کی قیادت ہم سے دور نہیں ہوگی اور ظلم کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم عدل کی صفت کو اپنے اندر جاری و ساری کریں۔ ڈاکٹر عبدالعلیم نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند مولانا عبدالعظیم مدنی، شیخ عبدالمنان سلفی، پروفیسر شیخ عبداللطیف، مولانا انیس الرحمان اعظمی، مولانا ہارون سنابلی، مولانا ذکی احمد مدنی، مولانا خورشید عالم مدنی، مولانا ظفر الحسن فیضی مدنی، شیخ عبدالرحمان لیثی، مولانا عبدالوہاب حجازی، مولانا غلام رسول ملک، مولانا عبدالسلام سلفی، شیخ انیس الرحمان قاسمی، شیخ عین الباری، مولانا حمید اللہ سلفی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

روزنامہ جدید میل، دہلی 4-3-2012

## صحابہ کرامؓ کی تعلیمات، اخلاق و کردار اور طریقہ کار کو عوام الناس میں پھیلانے کی اشد ضرورت

### عدالت صحابہؓ کے موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام منعقدہ دو روزہ اہل حدیث کانفرنس میں علماء کرام کا اظہار خیال

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ اسٹیج پر جلوہ افروز

[illegible]

روزنامہ انقلاب، دہلی 4-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# صحابہ کرامؓ پورے معاشرہ کیلئے مینارۂ نور

## دہلی کے رام لیلا میدان میں امام حرم ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کا فرزندانِ توحید سے خطاب

نئی دہلی (فرزان قریشی) امام کعبہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم نے دہلی کے رام لیلا میدان میں نماز مغرب کی امامت کرنے کے بعد لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پورے معاشرے کیلئے مینارۂ نور ہیں۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ذریعہ اور ان کی محنت سے اسلام کی حقانیت پوری دنیا میں پہنچی۔ انھوں نے کہا کہ آج کے بھٹکتے ہوئے معاشرے میں صحابہ کرام کی تعلیمات پر عمل کرنا نہایت ضروری ہے۔ صحابہ کرام میں پیغمبر اسلام سے سچی محبت اور سنت کو زندہ کرنے کا جذبہ تھا، جس کے تحت اسلام پوری دنیا کے کونے کونے تک پہنچا۔ آج ہمیں صحابہ کرام کی سنت اور تعلیمات پر عمل پیرا ہونا چاہئے۔ امام حرم نے اپنے مختصر سے خطاب میں کانفرنس کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مجھے یہاں آکر بے حد خوشی ہو رہی ہے اور میں آپ سب کے لئے دعا گو ہوں خدا آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔ امام حرم نے ہندوستان کے بارے میں کہا کہ ہندو امن وامان کا ملک ہے میں اس ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے بھی دعا گو ہوں۔ اس کے بعد انھوں نے نماز عشاء کی امامت کی۔ (متعلقہ خبر ۳ پر ملاحظہ فرمائیں)



تصویر

امام حرم مکی کے پیچھے نماز ادا کرتے ہوئے جم غفیر کا ایک منظر

---

akhbaremashriq.com اخبار مشرق

جمعرات یکم مارچ ۲۰۱۲ء بمطابق ۷ ربیع الثانی ۱۴۳۳ھ

shirq Delhi

2012 RabiusSani 7, 1433 A.H

کون جائے ذوق اب دلی کی گلیاں چھوڑ کر

# صحابہ کرام اخلاق وکردار اور انسانیت کے سچے معمار: مولانا اصغر علی سلفی

## آج امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی دہلی آمد، امام حرم نماز جمعہ رام لیلا میدان میں پڑھائیں گے

نئی دہلی، 29 فروری (**شکیل احمد رحمانی**) خاتم النبیین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہوں نے اللہ کے احکامات قرآن کریم اور حدیث پر عملی طور پر عمل کرکے دنیا کے سامنے مثال قائم کی ان کا آئیڈیل معاشرہ آج بھی ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اخلاق وکردار اور انسانیت کے سچے معمار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے 3،2 مارچ کو رام لیلا میدان میں صحابہ کرام کے اخلاق وکردار کے موضوع پر منعقد ہونے والی 31ویں کل ہند اہل حدیث کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام پوری انسانیت کے لئے نمونہ تھے۔ وہ مکمل مسلمان تھے اور لوگوں کو مکمل مسلمان بننے کی تلقین کرتے تھے۔ انہوں نے مثالی معاشرہ قائم کیا اور اسلام کی تعلیمات پھیلائیں، ان کی سیرت ہی تھی کہ صرف ایک دور کے لئے نہیں بلکہ تمام ادوار کے لئے مشعل راہ ہیں۔ صحابہ کرام نے نیکی اور بھلائی کی بنیاد پر مثالی معاشرہ تشکیل دینے کے ساتھ ساتھ غریبوں، ضرورتمندوں، کمزوروں، یتیموں اور بیواؤں کی مدد کی۔ حقوق انسانی اور اقلیتوں کو تحفظ دیا۔ صحابہ کرام نے بنی نوع انسان کی خدمت بلا تفریق مذہب وملت انجام دی۔ مولانا اصغر سلفی نے کہا کہ آج بھی جب حقوق انسانی کی پامالی ہو رہی ہے، ظلم وتشدد کا دور دورہ ہے، چیخ وپکار، خوف وہراس کی فضا قائم ہے، بے انصافی کا بول بالا ہے، بعنوان زندگی کا ایک حصہ بن چکی ہے، ایسے میں پوری انسانیت کے لئے صحابہ کرام کی زندگی مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کسی جبر کا قائل نہیں رہا، اسلام کی تعلیمات پر چلنے والے ہمیشہ پوری انسانیت کے لئے [illegible] بن گئے۔ یہی وہ اسباب ہیں جن کے پیش نظر ہندوستان کی سب سے پرانی تنظیم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے چوتھی بار رام لیلا میدان میں 3،2 مارچ کو صحابہ کرام کے اخلاق وکردار اور انسانیت کے سچے معمار کے موضوع پر 31ویں کل ہند اہل حدیث کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس دو روزہ کانفرنس کی صدارت کے لئے اس بار امام حرم مکی فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم رام لیلا میدان میں جمعہ کی نماز پڑھائیں گے اور انہوں نے فرزندان توحید کے مجمع کو خطاب فرمائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ رام لیلا میدان میں جمعہ کی نماز کا خطبہ 12.45 بجے شروع ہوگا، جبکہ صبح 9 بجے کانفرنس شروع ہوگی۔ امام حرم مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد مجمع عام سے خطاب فرمائیں گے۔ مولانا اصغر علی سلفی نے بتایا کہ صحابہ کرام کے موضوع پر منعقد ہونے والی دو روزہ کانفرنس میں شرکت کے لئے بیرون ممالک سے علماء کرام تشریف لا رہے ہیں۔ جمعیت اہل حدیث نے ہمیشہ قرآن وسنت کی روشنی میں دینی تعلیم کی بلندی، مذہبی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے لئے کام کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند جس نے اپنے قیام 1906 سے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں شرکت کرنے سے لے کر آج تک آئینی مملکت اور جمہوری چاروں قائم کر کے قومی یکجہتی، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، خیر سگالی اور تعلیمی فروغ دینے میں بھرپور کردار ادا کرتی رہی ہے۔ [illegible] دہشت گردی کی مخالفت کرتی رہی ہے۔ آج وقت اور انسانیت کے تقاضے کے پیش نظر یہ محسوس کیا گیا کہ صحابہ کرام کی تعلیمات کو عام لوگوں تک پہنچایا جائے۔ اس موقع پر مولانا اقبال احمد مدنی، مولانا عبد الحکیم مدنی، مولانا پوری اور حافظ یحییٰ دہلوی موجود تھے۔ [illegible]

31ویں کل ہند اہل حدیث کانفرنس کے موقع پر جمعیت کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی پریس کلب میں منعقد پریس کانفرنس میں امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی ہندوستان تشریف آوری سے متعلق تفصیلات بیان کرتے ہوئے۔ 2 مارچ کو امام حرم رام لیلا میدان میں جمعہ کی نماز پڑھائیں گے۔ اس موقع پر مولانا اقبال محمدی، حافظ یحییٰ دہلوی اور مولانا عبد الرحمان مبارکپوری بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ (تصویر: سید قمر علی)

تصویر

مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند پریس میٹ سے خطاب کرتے ہوئے

روزنامہ اخبار مشرق، دہلی 1-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روزنامہ سہارا NEW DELHI www.roznamasahara.com

# دین کیلئے صحابہ کرام کی قربانیوں کی کوئی دوسری مثال نہیں: امام کعبہ

## صحابہ کرام کی بدولت آج قرآن اور عقیدہ توحید محفوظ: مولانا سید ارشد مدنی

## صحیح دین کو پہچاننے میں صحابہ کرام سے کوئی چوک نہیں ہوئی: جلال الدین عمری

نئی دہلی (ایس این بی) [illegible]

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ خطاب کرتے ہوئے اور سامعین کے جم غفیر کا ایک منظر

[illegible]

(تصاویر: [illegible] ایس این بی)

THE INQUILAB
روزنامہ انقلاب

6 pages • Mumbai (Delhi) • Friday, March 2, 2012 • www.inquilab.com

# قرآن وسنت کی تعمیل اور اتحاد واتفاق ہی فلاح کا راستہ

■ امام حرم کی ہندوستانی مسلمانوں کو تلقین ■ ہندوستانی مسلمانوں کے درد ... کیا ■ تقریباً ۴ ہزار سے زائد فرزندان توحید نے امام حرم کی امامت میں ...

[illegible]

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کے پیچھے نماز ادا کرتے ہوئے جم غفیر کا ایک منظر

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ اہل حدیث کمپلیکس میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ
ترجمان

# مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام اکتیسویں دور

## دینی و سماجی، قومی و ملی اور عالمی و انسا



تصویر
سامعین کے جم غفیر کا ایک منظر

[illegible]



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہفت روزہ جریدہ ترجمان

## ...روزہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے کامیاب اختتام پر

# ...ی امور پر مشتمل 32 نکاتی قرارداد منظور

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ خطاب کرتے ہوئے

[illegible]

...نے کی شدید ضرورت ہے۔ لہٰذا کانفرنس نے دینی جماعتوں ...
... کرنے جوانوں کے اندر اسلام کی صحیح تعلیمات و اخلاق کو پہنچانے کی کوشش کریں۔

کانفرنس نے سپریم کورٹ کے اس فیصلے پر اظہار تشویش کیا کہ ... میں بغیر شادی کے مرد و عورت کے ایک ساتھ رہنے اور زندگی ... [illegible]

... (Domestic Violence) ... Live-In-Relationship ... تشویش کا اظہار کیا اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ... [illegible]

[illegible]



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روزنامہ ملاپ، دہلی 10-3-2012

SATURDAY 10 MARCH, 2012

تصویر

مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

مرکزی وزیر جناب کپل سبل کو مومنٹو پیش کرتے ہوئے

مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی نئی دہلی میں مرکزی وزیر شری کپل سبل کو مومینٹو پیش کرتے ہوئے

## مرکزی جمعیت اہلحدیث وفد کی کپل سبل سے ملاقات

نئی دہلی، ۹ مارچ (اے یو ایس) جمعیت اہل حدیث کے ایک وفد نے آج جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی مہدی سلفی کی قیادت میں فروغ انسانی وسائل کے وزیر کپل سبل سے ملاقات کی اور انہیں ابھی حال ہی میں نئی دہلی میں امام حرم الشیخ محمد بن عبدالکریم کی آمد کے موقع پر ان کی شرکت کیلئے شکریہ ادا کیا۔ جمعیت کی طرف سے اس موقع پر کپل سبل کو ایک مومنٹو بھی دیا گیا۔ اور کپل سبل کی تعریف کرتے ہوئے مولانا سلفی نے کہا کہ کپل سبل نے ہمیشہ ہی اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا ہے۔ ان کے ہمراہ پنڈت این کے شرما بھی موجود تھے جن کا مولانا سلفی نے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ اقلیتوں کے مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔ مولانا مہدی سلفی نے کہا کہ ۵ مارچ کو کپل سبل نے رام لیلا میدان میں جو خطاب کیا تھا اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اقلیتوں خاص طور پر مسلمانوں کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں۔ مولانا نے کہا کہ جمعیت اہل حدیث ہمیشہ شدت اور دہشت گردی کے خلاف رہی ہے۔ 106 سالہ اس تنظیم کے سرگرم ممبران میں مولانا ابوالکلام آزاد بھی شامل ہیں۔ اس تنظیم نے اپنے تمام وقت ملک و ملت [illegible] تعلیم کو فروغ دینے میں صرف کیا ہے۔ اور تنظیم خاص طور سے مسلمانوں کیلئے [illegible] ترقی میں آگے رہی ہے۔ پنڈت این کے شرما نے کہا کہ فروغ انسانی وسائل وزارت نے کئی ایسی اسکیمیں شروع کی ہیں جو اقلیتوں کو تعلیمی میدان میں آگے لے جانے کیلئے کافی مددگار ثابت ہوئی ہیں۔ مولانا مہدی سلفی اور پنڈت این کے شرما نے کہا کہ مسٹر سبل نے آر ٹی ای (حق تعلیم) قانون سے اقلیتی اداروں کو مستثنیٰ کرنے کیلئے جو جرأت مندانہ قدم اٹھایا ہے وہ قابل تعریف ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

Dhanak Rang قومی تنظیم

# اسلام: انسانی حقوق کا سب سے بڑا علمبردار

ایس ایم اشرف فرید

امام کعبہ نے تقی پراثر باتیں کی ہیں۔ نئی دہلی میں ان کی تقریر انتہائی بصیرت افروز اور چشم کشا تھی۔ انہوں نے اسلام کی اصل تصویر پیش کرنے پر زور دیتے ہوئے انتہائی مختصر الفاظ میں انہوں نے اسلامی تعلیمات کا احاطہ کرتے ہوئے خاص طور پر اسلام میں بالخصوص کے تناظر میں انسانی حقوق پر جو زور دیا گیا ہے اس کی جو اہمیت مقرر کی گئی ہے اس کا تفصیل سے ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آج پوری دنیا میں جو ظلم کا دور ہے، ہر طرف جو استحصال ہو رہا ہے لوگوں کے حقوق غصب کئے جا رہے ہیں ان کا مداوا صرف اسلام ہے اور اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے جو سسکتی ہوئی انسانیت کے لئے مرہم ثابت ہوسکتا ہے اور اس کی رہنمائی کرسکتا ہے۔

امام کعبہ کے بیان سے یہ بالکل شیشے کی طرح صاف ہوگیا کہ اسلام میں تشدد اور دہشت گردی کے لئے کوئی جگہ ہی نہیں ہے۔ عالمی سطح پر ایک خطرناک سازش کے تحت اسلام کے نام سے دہشت گردی کو منسوب کرنے کی کوشش کی جاری ہے جبکہ اسلام کی تعلیمات میں اس کے لئے کوئی جگہ ہی نہیں ہے۔ جو لوگ اسلام کے حوالے سے ایسی باتیں کر رہے ہیں وہ دراصل اسلامی تعلیمات سے واقف ہی نہیں اور جو اس میں ملوث ہیں وہ دراصل گمراہ لوگ ہیں۔

حقیقت بھی یہی ہے کہ جب ہم تاریخ اسلام کا گہرائی سے مطالعہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اسلام پر یہ سراسر بہتان ہے کہ یہ تلوار کے زور پر پھیلا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اسلام میں خدمت خلق کا جو پیغام ہے اور رسول اللہ ﷺ، صحابہ کرام نے اس کا جو عملی نمونہ پیش کیا اس کی وجہ سے لوگ صدق دل سے اس سے متاثر ہوئے۔ اسلام وہ پہلا مذہب بن کر سامنے آیا جس نے ظلم کو بہر صورت ظلم قرار دیا اور اس معاملے میں کوئی تفریق یا شرط نہیں رکھی کہ عربی کو عجمی پر یا سفید کو سیاہ پر کوئی برتری حاصل ہو۔ اسلام نے عورتوں، بچوں اور غلاموں کو ظلم سے نجات دلایا، پڑوسی کے حقوق کا اعتراف کیا اور پرامن بقائے باہم کی اہمیت پر زور دیا۔ اسی وجہ سے مختلف ملکوں کے عوام جو اپنی حکومتوں اور بادشاہوں کے مظالم سے بری طرح پریشان تھے وہ جوق در جوق اسلام کی پناہ میں آئے۔ جب جنگ کا موقع بھی آیا تو اکثر فوجوں اور بادشاہوں نے جنگ سے قبل ہی اسلام کی برتری تسلیم کرلی اور اس کے بعد بھی فاتح اسلامی افواج نے مفتوح پر کبھی کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ انہیں پناہ دی۔ ان کی عزت و آبرو کی حفاظت کی اور انہیں ترقی کے زیادہ بہتر مواقع فراہم کئے یہی سبب ہے کہ جو اسلام کی پناہ میں آگئے وہ دوسروں کے قبول اسلام کی ترغیب کا سبب بنے۔ جو مذہب اس قسم کی باتیں کرتا ہے وہ تشدد اور دہشت گردی کا سبب کیسے بن سکتا ہے؟ بلکہ یہ تو جنگ، تشدد، ظلم اور استحصال کے خلاف آواز اٹھانے اور امن قائم کرنے کی بات کرتا ہے۔ اسلام جس کے معنوی معنی ہی ہیں "سلامتی" کے۔

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ خطاب کرتے ہوئے

لیکن امام کعبہ نے ایک اور انتہائی معنی خیز بات کہی۔ انہوں نے اسلام کی صحیح اور سچی تصویر پیش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جہاں تک اسلام کی شبیہ کو مسخ کرنے کی کوشش کا سوال ہے، اسے بدنام کرنے کی کوشش کا سوال ہے، اسے بدنام و معتوب کرنے کی کوشش کا سوال ہے تو اس میں کون لوگ ملوث ہیں یہ آج بتانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ حقیقت اور اس سے جڑے لوگوں کے نام بھی شیشے کی طرح شفاف ہوکر ہمارے سامنے آچکے ہیں۔ ایسے میں خود ہماری، اسلام کے پرستاروں کی ذمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے۔ اسلام کی صحیح تصویر پیش کرنے کی ذمہ داری اب مسلمانوں کے اوپر ہے۔ یہ احتساب کرنے کی ضرورت ہے کہ اسلام کی جو صحیح تعلیم ہے کیا ہم اس کی پیروی کر رہے ہیں؟ جب ہم اسلامی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ، صحابہ کرام اور بزرگان دین نے اسلامی تعلیمات کو اس طرح اپنی زندگی میں شامل کیا کہ خود ہی اسلام کی چلتی پھرتی تفسیر بن گئے۔ انہیں اسلام کی عظمت اور اس کی صداقت کے بیان کی ضرورت نہیں پڑی بلکہ ان کے عمل کو دیکھ کر لوگ خود ہی ان کی سچائی، ایمانداری، محبت اور امن پسندی پر یقین کر لیتے تھے۔ آج پھر ضرورت ہے کہ ہم اسلامی تعلیمات کو اپنی زندگی میں اس طرح شامل کرلیں کہ اسلام کے خلاف سازش کرنے والوں کے منہ خود بخود بند ہوجائیں اور کوئی اگر اسلام کے بارے میں غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کرے بھی تو کسی کو یقین نہ آئے۔ انہوں نے امت مسلمہ سے یہ خطاب بھی کی ہے وہ اپنے آپسی اختلافات فراموش کرکے آپس میں متحد ہو جائیں۔ امام کعبہ کا یہ بیان کافی فکر انگیز ہے کیونکہ جب تک مسلمان اپنے تمام تر فروعی اختلافات اور خود ساختہ تنازعات کو فراموش کرکے متحد نہیں ہوں گے باطل قوتیں ان کا تعاقب کرتی رہیں گی اور ان کی صفوں میں انتشار پیدا کرکے اپنے مفادات کی تکمیل کرتی رہیں گی۔ اس لئے امام کعبہ کے پیغامات پر امت مسلمہ کو سنجیدگی سے نہ صرف غور کرنا چاہئے اور ان پر عمل بھی کرنا چاہئے۔

# امام کعبہ کا پیغام، سسکتی انسانیت کے نام

[illegible]



[illegible]

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کو وکیل انصاری کی مبارک باد

محمد شاہد اعظمی

تصویر
ایم ڈی وکیل انصاری

تصویر
مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی
ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

نئی دہلی۔ ہندوستان ایکسپریس نیوز بیورو۔ مولانا اصغر امام مہدی سلفی اور ان کی ٹیم کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ امام حرم کو مدعو کرنا ایک تاریخی کام ہے ساتھ ہی اتنی شاندار اور کامیاب کانفرنس کا انعقاد کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار آسوما کے صدر اور انڈین اور سیز سروسیز کے ایم ڈی وکیل انصاری نے کیا۔ انہوں نے آج پریس کے نام جاری بیان میں کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی باگ ڈور جب سے انہوں نے سنبھالی ہے، تب سے جمعیت کی سرگرمی میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے۔ وکیل انصاری نے مزید کہا کہ امام حرم کی آمد سے صرف دہلی ہی نہیں بلکہ ملک بھر میں خوشی دیکھنے کو ملی۔ مسٹر انصاری کے مطابق مولانا اصغر علی کی قیادت میں منعقد ہونے والی چاروں کانفرنس بے حد کامیاب رہی ہے۔ مولانا عبید اللہ رحمانی اور مولانا عبد الرحمن رحمانی جیسی عظیم شخصیت کی سر زمین مبارکپور سے تعلق رکھنے والے وکیل انصاری نے کہا کہ میں جمعیت کے کاموں کو طویل عرصے سے دیکھ رہا ہوں لیکن جو کام مولانا اصغر علی مہدی سلفی کی قیادت میں ہوئے ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ان چند جمعیت کے امیروں میں شمار کیے جاتے ہیں جنہوں نے جمعیت کی سچی خدمت کی ہے۔ آسوما کے صدر نے یہ بھی کہا کہ رام لیلا کا میدان امام حرم کی آمد پر جس طرح سے کھچا کھچ بھرا تھا اور دوسرے روز شام کی نشست میں جس قدر لوگوں کا ہجوم دیکھنے کو ملا اس کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ امام حرم کی آمد بہت مفید رہی ہے۔ لوگوں نے نہ صرف امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کی امامت میں نماز ادا کی بلکہ ان کے خطاب کو بغور سنا۔ وکیل انصاری کے مطابق امام حرم کے خطاب کا بہت اثر پڑے گا اور سماج اور معاشرے میں پھیلی برائیوں کو ختم کرنے میں کامیابی حاصل ہوگی۔ وکیل انصاری نے یہ بھی کہا کہ اب کانفرنس ختم ہو چکی ہے اب ہماری ذمہ داری ہے کہ اس کامیاب کانفرنس میں ہوئی باتوں کو ملک کے گوشے گوشے تک پہنچائیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، دہلی 5-3-2012

## صحابہ کرام تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ

### رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد دو روزہ اکتیسویں اہلحدیث کانفرنس کے دوسرے اور آخری دن مقررین کا اظہار خیال

نئی دہلی 3 مارچ (یو این آئی) علماء کرام اور دانشوروں نے صحابہ کرام کی تعلیمات کو موجودہ معاشرے کی تمام برائیوں کو دور کرنے اور مسائل کے حل کے تعلق سے واحد حل قرار دیتے ہوئے اس بات کی تلقین کی کہ ان کے اخلاق و کردار اور طریقہ کار کو عوام الناس میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے۔ عدالت صحابہؓ کے مرکزی موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام یہاں رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد دو روزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے دوسرے اور آخری دن آج مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ہم صحابہ واہم کی صحابہ کی خوبی اپنا لیں تو دنیا کی قیادت ہم سے دور نہیں ہوگی اور ظلم کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم عدل کی صفت کو اپنے اندر جاری وساری کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام کی تعلیمات مخصوص دور اور نظام کے لئے نہیں بلکہ تا قیامت تمام ادوار اور روئے زمین کے تمام معاملات کے لئے موزوں ہے۔ اجلاس سے خطاب کرنے والوں میں ڈاکٹر عبد العلیم نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، مولانا عبد العظیم مدنی استاذ جامعہ دار السلام عمر آباد، شیخ عبد المنان سلفی امیر الجامعہ سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال، کلیہ سلفیہ سری نگر کے پروفیسر شیخ عبد اللطیف کندری، تمل ناڈو کے سابق صوبائی امیر مولانا انیس الرحمان اعظمی، مغربی یوپی جمعیت اہل حدیث کے ناظم مولانا ہارون سنابلی، مولانا ذکی احمد مدنی مدرس احمد سلفیہ آرہ کے مولانا خورشید عالم مدنی، مولانا ظفر الحسن تیمی مدنی، شیخ عبد الرحمان لیثی، مولانا عبد الوہاب حجازی، مدیر ماہنامہ محدث، جموں وکشمیر کے صوبائی امیر مولانا غلام رسول ملک، جامعہ سلفیہ بنارس کے استاذ مولانا عبد السلام سلفی، شیخ شمس الرحمان قاسمی، ناظم امارت شریعہ بہار، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث شیخ محسن الباری، مولانا حمید اللہ سلفی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ خیال رہے کہ کانفرنس کا آغاز کل امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے نماز جمعہ کی امامت اور خطاب سے ہوا تھا۔ مولانا عبد العظیم مدنی نے کہا کہ صحابہ کرام کو نبی صلعم کی نسبت واعانت وحمایت وتائید کے لئے چنا گیا تھا۔ جب روئے زمین پر اخلاق ختم ہو چکا تھا انسانیت ختم ہو چکی تھی تو نبی نے ان کی تربیت کی اور وہ انسانی شکل میں فرشتے بن گئے۔ جس راہ سے چلے وہ گل گلزار بن گیا۔ شیخ عبد المنان سلفی نے کہا کہ صحابہ کرام نے اپنے زمانے میں ملک وملت کی جو خدمت انجام دی ہے آج بھی اس کو معیار مانتے ہوئے دیگر ممالک بشمول ہندوستان میں اسی قسم کے تجربے کی سخت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک وملت میں جس قسم کی پریشانیاں اور مسائل موجود ہیں ان کے حل میں صحابہ کرام کی تعلیمات بہت مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ پروفیسر شیخ عبد اللطیف الکندری نے کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ صحابہ کرام حدیث رسول کا عملی نمونہ ہیں۔

روزنامہ ہمارا سماج، دہلی 4-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# صحابہ کرام کا طریقہ کار دور حاضر میں تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے

علماء کرام اور دانشوروں نے صحابہ کرام کی تعلیمات کو موجودہ معاشرے کی تمام برائیوں کو دور کرنے اور مسائل کے حل کے تعلق سے واحد حل قرار دیتے ہوئے اس بات کی تلقین کی کہ ان کے اخلاق وکردار اور طریقہ کار کو عوام الناس میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے۔ عدالت صحابہؓ کے مرکزی موضوع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام یہاں رام لیلا گراونڈ میں منعقد دو روزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے دوسرے اور آخری دن آج مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ہم رحماء بینہم کی صحابہ کی خوبی اپنا لیں تو دنیا کی قیادت ہم سے دور نہیں ہوگی اور ظلم کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم عدل کی صفت کو اپنے اندر جاری وساری کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام کی تعلیمات مخصوص دور اور نظام کے لئے نہیں بلکہ تا قیامت تمام ادوار اور روئے زمین کے تمام معاملات کے لئے موزوں ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرنے والوں میں ڈاکٹر عبدالحلیم نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، مولانا عبدالعظیم مدنی استاذ جامعہ دارالسلام عمرآباد، شیخ عبدالمنان سلفی امیر الجامعہ سراج العلوم جھنڈا نگر نیپال، کلیہ سلفیہ سری نگر کے پروفیسر شیخ عبداللطیف کندی، تمل ناڈو کے سابق صوبائی امیر مولانا انیس الرحمان اعظمی، مغربی یوپی جمعیت اہل حدیث کے ناظم مولانا ہارون سنابلی، مولانا ذکی احمد مدنی، مدرسہ احمدیہ سلفیہ آرہ کے مولانا خورشید عالم مدنی، مولانا ظفر الحسن فیضی مدنی، شیخ عبدالرحمان لیثی، مولانا عبدالوہاب حجازی مدیر ماہنامہ محدث، جموں وکشمیر کے صوبائی امیر مولانا غلام رسول ملک، جامعہ سلفیہ بنارس کے استاذ مولانا عبدالسلام سلفی، شیخ انیس الرحمان قاسمی ناظم امارت شرعیہ بہار، نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث شیخ عین الباری، مولانا حمید اللہ سلفی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ خیال رہے کہ کانفرنس کا آغاز کل امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کے نماز شکروار کی امامت اور خطاب سے ہوا تھا۔

مولانا عبدالعظیم مدنی نے کہا کہ صحابہ کرام کو نبی صلعم کی نسبت واطاعت وحمایت وتائید کے لئے چنا گیا تھا۔ جب روئے زمین پر اخلاق ختم ہو چکا تھا انسانیت ختم ہو چکی تھی تو نبی نے ان کی تربیت کی اور وہ انسانی شکل میں فرشتے بن گئے۔ جس راہ سے چلے وہ گل گلزار بن گئی۔ شیخ عبدالمنان سلفی نے کہا کہ صحابہ کرام نے اپنے زمانے میں ملک وملت کی جو خدمت انجام دی ہے آج بھی اس کو معیار مانتے ہوئے دیگر ممالک بشمول ہندوستان میں اسی قسم کے تجربے کی سخت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک وملت میں جس قسم کی پریشانیاں اور مسائل موجود ہیں ان کے حل میں صحابہ کرام کی تعلیمات بہت مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ پروفیسر شیخ عبداللطیف الکندی نے کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ صحابہ کرام حدیث رسول کا عملی نمونہ ہیں۔ اور انہوں نے جو کچھ اپنے قول وعمل کے ذریعہ پیش کیا وہ حضور اکرم کی تعلیم وتربیت سے فیض حاصل کرتے ہوئے ہی کیا ہے۔ مولانا انیس الرحمان اعظمی نے کہا کہ صحابہ کرام اسلام کے مکمل نمونہ ہیں اور انہوں نے اسلام کو کلی طور پر اپنے قول وعمل سے پیش کیا۔ مولانا ہارون سنابلی نے کہا کہ صحابہ کرام انبیاء کرام کے بعد اسلام کی سب سے برگزیدہ شخصیات ہیں اور ان کی تعلیمات ہر دور کے لئے ہیں۔ مولانا عبدالرحیم رکن شوری جمعیت اہل حدیث ہند نے کہا کہ زہد واتقاء میں صحابہ کرام کا کوئی ثانی نہیں۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت حاصل کرتے ہوئے اس تعلق سے جو مثال پیش کی وہ ہمیشہ قابل تقلید ہے۔ مولانا ذکی احمد مدنی نے کہا کہ صحابہ کرام نے ایثار وقربانی کا جو نمونہ پیش کیا وہ پوری انسانیت کے لئے قیامت تک کے لئے ایک ایسی مثال ہے جس پر عمل کیا جاتا رہے گا۔ صحابہ کرام اور انسانی حقوق کی پاسداری پر مولانا خورشید عالم مدنی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق کا مسئلہ جو آج پوری دنیا میں ایک اہم مسئلہ بنا ہوا ہے اس تعلق سے صحابہ کرام نے جو مثال پیش کی اور جو اصول بتائے اس کا اطلاق آج کی دنیا پر بھی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقوق انسانی کی پامالی کا تصور ان صحابہ کرام کے ادوار میں کبھی نہیں دیکھا گیا اور بلا تفریق مذہب وملت تمام انسانوں کے حقوق کی پاسداری کی اور مثالی سماج قائم کیا۔

'صحابہ محبت رسول کے آئینے میں' کے موضوع پر مولانا ظفر الحسن فیضی مدنی نے کہا کہ اپنے قائد سے تو سبھی محبت کرتے ہیں مگر محبت رسول کا جو عملی نمونہ صحابہ کرام نے پیش کیا اس میں اطاعت، فرماں برداری اور ان سے عقیدت بھی کچھ موجود تھا اور خاص بات یہ تھی کہ اطاعت وعقیدت میں اعتدال کا پہلو کبھی بھی نظر سے اوجھل نہیں ہوا۔ شیخ عبدالرحمان لیثی نے کہا کہ صحابہ کرام جہاں ایک طرف رب کے وفادار تھے وہیں دوسری طرف انہوں نے انسانیت کے حقیقی اقدار کے فروغ میں اہم رول ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آج کی دنیا میں جو مسائل پائے جاتے ہیں صحابہ کرام نے اس تعلق سے حل پہلے ہی بتا دئے ہیں۔ مولانا عبدالوہاب حجازی نے کہا کہ صحابہ کرام فلاح انسانیت کے سب سے بڑے علم بردار تھے۔ مولانا غلام رسول ملک امیر نے کہا کہ قرآن کریم میں بھی صحابہ کی وفاداری کے تعلق سے متعدد مقامات پر آیات موجود ہیں۔ مولانا عبدالسلام سلفی نے کہا کہ قرآن کا نزول علم وتعلم کی تلقین سے شروع ہوا اور صحابہ کرام نے اسے اپنے لئے لازم وملزوم قرار دیا یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اس تعلق سے توجہ دیتے ہوئے ناخواندگی کو دور کرنے کی کوشش کی اور تعلیم کے کاز کو آگے بڑھایا۔ انیس الرحمان قاسمی ناظم امارت شرعیہ بہار نے کہا کہ صحابہ کرام ایسی شخصیات ہیں جن کی بلا تفریق مذہب وملت سبھوں نے تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں غیر مسلم دانش وروں کی طویل فہرست ہے۔ مولانا عبدالسلام مدنی نے صحابہ کرام کو دین کا معیار قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے جو کچھ کیا ہے وہ دین کی عملی تصویر ہے۔ ایک نشست کی صدارت کرتے ہوئے شیخ عین الباری نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے کہا کہ صحابہ کرام نے عقیدہ توحید کی جس طرح آبیاری کی ہے جس کی مثال بہت مشکل سے ملتی ہے۔ اس تعلق سے انہوں نے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ اس نشست میں دور حاضر میں صحابہ کرام کی معنویت پر مولانا حمید اللہ سلفی نے اپنی قیمتی آرا پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کرام دور حاضر میں بھی انسانیت کے لئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔☆☆☆

روزنامہ ہندسماچار، دہلی 2-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سسکتی ہوئی انسانیت کا علاج صرف اسلام کے پاس: امام کعبہ

نئی دہلی (یو این آئی) ایک ایسے وقت میں جب کہ پوری انسانیت مختلف مسائل اور مصائب سے گرداں ہے اور ذہنی کرب و اذیت سے دوچار ہے اسلام سسکتی ہوئی انسانیت کے لئے سب سے بہترین نظام حیات اور دین رحمت کے طور پر تمام مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار آج یہاں امام حرم مکہ مکرمہ ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم نے کیا۔ ڈاکٹر الشریم یہاں رام لیلا گراؤنڈ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام دو روزہ اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کے موقع پر نماز جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے۔ امام حرم نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام بدعتوں سے بچتے ہوئے اسلام کو اس کی حقیقی شکل میں پیش کیا جائے اور اس کا عملی نمونہ معاشرے کے

تصویر

امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ کے ساتھ اسٹیج پر نماز ادا کرتے ہوئے لوگ

نئی دہلی: امام کعبہ ڈاکٹر شیخ سعود بن ابراہیم الشریم رام لیلا میدان میں نماز جمعہ کی امامت فرماتے ہوئے

سامنے لایا جائے جس سے معاشرے میں امن و آشتی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ حاصل ہو۔ امام حرم مکہ مکرمہ نے ہندوستان میں اپنی آمد کو اپنے لئے سعادت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان جیسے عظیم ملک اور یہاں کے عوام کے لئے ان کے دل میں ہمیشہ محبت و احترام کا جذبہ رہا ہے وہ سرزمین ہند پر آکر خود کو اپنے گھر میں محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ صحابہ کرام کی روایتوں میں ہندوستان سے خصوصی تعلق اور محبت کا ذکر بھی ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ صحابہ کو رول ماڈل کے طور پر بلاتفریق مذہب و ملت اور مسلک ہر شخص کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ ان کی آئیڈیل تعلیمات سے ہر کوئی استفادہ کر سکے۔ (باقی صفحہ 11 پر)

**بقیہ: سسکتی ہوئی انسانیت کا**

امام حرم نے نماز جمعہ کی امامت کی جس میں تقریباً ایک لاکھ افراد نے شرکت کی۔ کل بعد نماز مغرب وہ خصوصی خطاب فرمائیں گے اور عشا کی نماز کی امامت بھی کریں گے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر الشریم 1991 سے مکہ مکرمہ میں حرم شریف کے امام و خطیب ہیں۔ وہ سعودی عرب میں جج کے عہدے پر بھی فائز رہ چکے ہیں۔ قبل ازیں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے مرکزی امیر حافظ محمد یحییٰ دہلوی نے اپنے خطبہ صدارت میں عدالت صحابہ کانفرنس کی غرض و غایت بتاتے ہوئے کہا کہ ہمیں ان نفوس قدسیہ کی تابندہ زندگی کی سنہری کرنوں سے اپنی ذات، گرد و پیش اور اپنے محبوب وطن کے طول و عرض کو معمور و منور کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا جس بدامنی اور اخلاقی بے راہ روی کی طرف جا رہی ہے اس کو ہدایت اور رہنمائی صرف صحابہ کرام کے مقدس گروہ سے مل سکتی ہے۔ انہوں نے مسلمانوں کو اپنے اعمال کو سدھارنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آج جس مسلمان جن مصائب و مشکلات اور ابتلا و آزمائش کا شکار ہیں وہ صرف اعدائے اسلام کی سازشوں کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہماری بداعمالیوں اور فکری و نظریاتی انحراف کا بھی عمل دخل ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے جنرل سکریٹری مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے امام حرم کی شرکت کو کانفرنس کے شرکاء اور اہل وطن کے لئے باعث سعادت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب معاشرے میں ہر طرف بدامنی اور افراتفری کے ساتھ ساتھ خوف و ہراس کی فضا پائی جا رہی ہے کوئی شخص اپنے آپ کو محفوظ محسوس نہیں کر رہا ہے نیز ذہنی تناؤ کا شکار ہے صحابہ کرام کی حیات مبارکہ اور ان کی تعلیمات سب کے لئے مشعل راہ ہی نہیں بلکہ عملی نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث صحابہ کرام کو آج بھی انسانیت کی فلاح کا معیار تسلیم کرتی ہے اور اسی وجہ ہے کہ اس نے دو سال قبل بھی عظمت صحابہ کانفرنس کا انعقاد کیا تھا اور پھر اس مرتبہ عدالت صحابہ کے موضوع پر اکتیسویں اہل حدیث کانفرنس کر رہی ہے۔ مولانا عبدالرحمان عبیداللہ رحمانی مبارک پوری نے خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے کارکنان کو اپنی حکمت عملی کو زمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور خلوص وللہیت اور کامل ہم آہنگی کے ساتھ اپنے منصوبے ترتیب دینے کی تلقین کی۔ اس دو روزہ کانفرنس کے دوران ملک بھر کے دینی، ملی اور سیاسی جماعتوں کے متعدد رہنماؤں نے شرکت کی۔ افتتاحی پروگرام میں شرکت کرنے والوں میں مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل کپل سبل، ممبر اسمبلی شعیب اقبال [illegible] شامل تھے۔ کپل سبل نے امام حرم شیخ سعود الشریم کے دہشت گردی مخالف بیان کو قابل ستائش قرار دیا ہے۔ یہاں رام لیلا میدان میں امام حرم کا استقبال کرتے ہوئے مرکزی وزیر کپل سبل نے کہا کہ اس طرح کے بیانات دنیا میں امن قائم کرنے میں موثر ثابت ہوتے ہیں۔ مسٹر سبل نے جماعت اہل حدیث کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس اچھے کام کے لئے آپ قابل مبارکباد ہیں۔

روزنامہ قومی تنظیم، پٹنہ ورانچی 3-3-2012



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پندرہ روزہ جریدہ ترجمان دہلی

# مسلمان برادران وطن کے ساتھ بہتر سلوک

## دار العلوم دیوبند کے مسجد رشید میں منعقدہ اجلاس سے امام

روزنامہ قومی تنظیم پٹنہ دارالحکومت 3-3-2012

دیوبند (شاہنواز بدر قاسمی) اپنے طے شدہ پروگرام کے مطابق امام حرم شیخ سعود بن ابراہیم الشریم بذریعہ ہیلی کاپٹر دیوبند پہنچے جن کو سخت سیکورٹی میں جامع رشید لایا گیا۔ اس موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شیخ سعود ابن ابراہیم الشریم نے کہا کہ دیوبند کی علمی اور روحانی فضا دیکھ کر مجھے قلبی مسرت حاصل ہو رہی ہے اور اس عظیم ادارے کے متعلق جو خوبیاں سنی تھیں بذات خود اس سے کہیں زیادہ محسوس کر رہا ہوں۔ ہم دار العلوم دیوبند کی عظیم روشن خدمات اور مذہب اسلام کی اشاعت و تبلیغ کی مساعی کی دل کی گہرائیوں سے قدر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

تصویر
امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ خطاب کرتے ہوئے



دیوبند: مسجد رشید میں مسلمانوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے امام حرم شیخ سعود بن ابراہیم الشریم

آپ تبلیغ میں انہماک نوازتے رہیں تو د کرتے اللہ پر زور کا خصوصی اہمیت پر آپ کی مطابق ہو

## عظمت صحابہ کانفرنس سے امام حرم کا خطاب آج

تصویر
امام حرم مکی ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم حفظہ اللہ

Qaumi Tanzeem Patna.Mon.05 . March 2012

### بقیہ: مسلمان برادران وطن کے ساتھ

ہم یقین کے ساتھ کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ نے ان امور پر پابندی سے عمل کیا تو دنیا کی کوئی بھی طاقت آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ ساتھ ہی امام موصوف نے کہا کہ آپ بلاتفریق مذہب و ملت برادران وطن کے ساتھ بہتر سلوک کریں اور مذہب اسلام کے اعلیٰ اخلاق کا نمونہ پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کا یہ قطعی مفہوم نہیں کہ آپ غیر مسلموں کے ساتھ بغض و عناد اور عداوت کا معاملہ کریں۔ اس لئے کہ اسلام دین تبلیغ پر قائم ہے۔ اس موقع پر امام حرم نے تاریخ اسلام کے حوالے سے کہا کہ جو لوگ عرب سے یہاں آئے تھے ان کے ساتھ بہت حسن سلوک وہاں تھا لہٰذا انہوں نے اسی کی روشنی میں اہل ہند کے ساتھ بھی حسن سلوک اور رواداری کا معاملہ کیا جو آپ ﷺ نے اہل مکہ کے ساتھ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ امید کرتے ہیں کہ طلبا اسوۂ حسنہ کی روشنی میں حصول علم و تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیں گے۔ انہوں نے حدیث نبوی کے حوالے سے کہا کہ ایک شخص مسجد میں بیٹھا تھا کہ اچانک اس کو پیشاب کی حاجت ہوئی تو وہ وہیں حاجت پوری کرنے لگا اس پر صحابہ کرام نے اسے روکنا چاہا لیکن نبی کریم ﷺ نے فوراً انہیں ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا کہ اسے روکنے کی شکل میں اس سے زیادہ غلاظت پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کے اس حسن اخلاق سے متاثر ہو کر اس شخص نے بارگاہ ایزدی میں دعا کی کہ اے اللہ میری اور محمد کی مغفرت فرما۔ امام حرم کے دیوبند تشریف آوری پر دار العلوم کے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی بنارسی، جمعیۃ علماء ہند (الف) کے قومی صدر مولانا عبدالخالق سنبھلی نائب مہتمم دار العلوم دیوبند، مولانا سلمان بجنوری، مولانا حسین مدنی، حبیب مدنی وغیرہ نے امام حرم اور ان کے رفقا کا پرزور استقبال کیا۔ پھر انہیں سخت سیکورٹی کی نگرانی میں سیدھے مسجد رشید لایا گیا جہاں ان کے استقبال میں ایک عظیم الشان پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ امام حرم نے نماز ظہر سے پہلے ہی اپنے طویل اور پر مغز خطاب سے فرزندان توحید کو محظوظ کیا۔ پروگرام کا آغاز قاری آفتاب کی تلاوت سے ہوا جبکہ اقرار بجنوری نے ہدیہ نعت پیش کی، جبکہ محمد شعیب اہل گڈھی، محمد احمد سہارنپوری نے ترانہ دار العلوم پیش کیا۔ اس موقع پر قاری ابوالحسن اعظمی، مفتی زین الاسلام الہ آبادی، مولانا نور عالم خلیل امینی، مولانا مجیب اللہ گونڈوی، قاری عثمان منصور پوری، مولانا خورشید انور گیاوی، ضلع کلکٹر زبیر بن صغیر، مولانا فرید مظاہری، مفتی شوکت بستوی، مفتی عارف جمیل، مفتی وقار علی، مفتی ساجد ہردوئی، مولانا منیر الدین، عادل صدیقی، مولانا عزل آسامی، مفتی عارف قاسمی، قاری واصف قاسمی، محمد مدنی، انس ہاشمی، مسعود مدنی، سید حمزہ، ضیاء الدین انصاری وغیرہ خصوصی طور پر موجود تھے۔ پروگرام کی صدارت مفتی ابوالقاسم بنارسی مہتمم دار العلوم دیوبند نے کی جبکہ نظامت کے فرائض مولانا سلمان بجنوری استاذ دار العلوم دیوبند نے بحسن و خوبی انجام دیے۔ امام حرم کی رقت آمیز دعا پر پروگرام کا اختتام ہوا۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اتحاد کیلئے ایک میز پر آئیں مسلمان: امام حرم

## ڈاکٹر سعود بن ابراہیم الشریم کی آمد دنیا میں امن قائم کرنے میں معاون ثابت ہوگی: کپل سبل

محمد احمد خان

اہل صفہ نہایت ہی غربت وافلاس میں زندگی گزارا کرتے تھے اور انہوں نے اپنا سب کچھ اسلام کے لئے قربان کر دیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اکثر فاقہ کشی پر مجبور ہوتے۔

جہاں تک اصحاب صفہ کی تعداد کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں علمائے کرام کا اختلاف ہے۔ کسی نے بیس، کسی نے تیس اور کسی نے چالیس بتائی ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ حرانی رحمہ اللہ نے کہا ہے: ’’سبھی اہل صفہ ایک ہی وقت یکجا نہیں ہوا کرتے تھے، وہ لوگ اپنی سہولت کے لحاظ سے کبھی کہیں منتقل ہو جایا کرتے تھے اور کبھی آ جایا کرتے تھے، یہی وجہ ہے کہ کبھی ان کی تعداد بڑھ جاتی تھی اور کبھی کم ہو جاتی تھی۔‘‘

اہل صفہ میں مشہور صحابہ کرام یہ ہیں: ابوذر غفاری، ابو ہریرہ، عمار بن یاسر، بلال بن رباح، سلمان فارسی، صہیب رومی، واثلہ بن اسقع لیثی، قیس بن طہفہ غفاری، جرہد اسلمی، طلحہ بن عبداللہ نضری رضی اللہ عنہم اجمعین

### ☆ بیعت رضوان:

اللہ کے رسول ﷺ نے ۶ھ میں چودہ سو صحابہ کرام کے ہمراہ عمرہ کے مقصد سے مکہ جانے کا ارادہ کیا۔ صحابہ کرام سے کہا کہ وہ اپنے ساتھ عسکری ساز وسامان نہ لیں، البتہ ایک تلوار جو مسافر کے لئے ضروری ہوتا ہے، ساتھ رکھ سکتے ہیں۔ چنانچہ آپ چودہ سو صحابہ کرام کے ہمراہ مکہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ ادھر کفار مکہ کو رسول اکرم ﷺ کے مکہ کوچ کرنے کی خبر معلوم ہوگئی تو انہوں نے خالد بن ولید کو دو سو سوار دے کر بھیجا کہ وہ جا کر مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے سے روکیں۔ ادھر آپ ﷺ بچتے بچاتے مقام حدیبیہ پہنچے اور وہیں پر پڑاؤ ڈالا۔

یہاں قریش نے اپنے قاصد بھیجے تا کہ وہ معلوم کر سکیں کہ رسول اکرم ﷺ کس مقصد کے تحت مکہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر رسول اکرم ﷺ نے بھی اپنی طرف سے گفت وشنید کے لئے قاصد بھیجے جن میں آخری قاصد عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ جب رسول اکرم ﷺ کے آخری نمائندے (عثمان) صحیح وقت پر واپس نہ آئے تو اس افواہ کو تقویت ملی کہ ان کو قتل کر دیا گیا ہے اور وہ بات رسول ﷺ اور مسلمانوں پر بہت شاق گزری۔

اس پر رسول ﷺ نے فرمایا وہ جب تک قریش کا خاتمہ نہ کر لیتے ہم یہاں سے نہیں جائیں گے اور رسول اکرم ﷺ نے مسلمانوں سے کہا کہ وہ اس مسئلے کے بارے میں آپ کے دست مبارک پر بیعت کر لیں، مسلمان نے اس درخت کے نیچے جس کا نام ’’سمرۃ‘‘ تھا یہ بیعت کیا کہ مرتے دم تک ہم آپ کے ساتھ ہیں چنانچہ یہی وہ بیعت ہے جسے ’’بیعت رضوان‘‘ سے تعبیر کیا گیا ہے اور قرآن مجید میں بھی اس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونك تحت الشجرة فعلم ما في قلوبهم فانزل السكينة عليهم واثابهم فتحا قريبا.

جب لوگ رسول اکرم ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کر کے فارغ ہوئے تو انہیں معلوم ہوا کہ عثمان رضی اللہ عنہ بعافیت موجود اور ان کا قتل نہیں ہوا ہے۔ اس واقعہ کے بعد قریش نے سہیل بن عمرو کو رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں مصالحت کی غرض سے بھیجا۔ طویل گفتگو کے بعد صلح کے دفعات طے ہوئے اور تاریخ میں اسے صلح حدیبیہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ (تاریخ اسلام، جلد اول)

### ☆ مہاجرین مدینہ:

مدینہ ہجرت کرنے والے سب سے پہلے صحابی ابوسلمہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ تھے۔ (البدایہ والنہایہ ۳)

سب سے آخری ہجرت کرنے والے صحابی عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہیں۔

اوائل ہجرت کرنے والے صحابہ کرام میں معصب بن عمیر، عبداللہ بن ام مکتوم



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



، بلال بن رباح، سعید بن ابی وقاص، عمار بن یاسر و عمر بن خطاب، عیاش بن ابی ربیعہ اور صہیب بن سنان رومی وغیرہ رضی اللہ عنہم اجمعین اہم ہیں۔

مدینہ ہجرت کرنے والے صحابہ کرام کی مجموعی تعداد ایک سو ایک ہے جن میں تیراسی (۸۳) مرد اور اٹھارہ (۱۸) خواتین تھیں۔

اللہ کے رسول ﷺ نے اپنی مدینہ تشریف آوری کے کم وبیش اٹھارہ مہینے بعد انصار اور مہاجرین صحابہ کے مابین مواخات کرایا۔ (وفاء الوفاء ۱/۲۶۷، السیرۃ الحلبیۃ ۲/۹۲) اس مواخات میں تقریباً نوے صحابہ کرام تھے جن میں پینتالیس (۴۵) انصاری صحابہ کرام تھے اور اتنے ہی مہاجرین صحابہ کرام تھے۔ (طبقات ابن سعد ۱/۲/۱، المواہب اللدنیۃ ۱/۱۷، فتح الباری ۷/۲۱۰)

### ☆ مہاجرین حبشہ

جب اللہ کے رسول ﷺ نے صحابہ کرام پر کفار قریش کے ظلم وستم کو دیکھا تو آپ نے مسلمانوں سے کہا کہ بہتر ہے کہ تم لوگ سرزمین حبشہ چلے جاؤ، جہاں کا بادشاہ نہایت ہی انصاف پرور ہے اور وہاں تم لوگ سکون سے رہ سکتے ہو۔ چنانچہ آپ کی اجازت ملنے کے بعد کچھ صحابہ کرام سرزمین حبشہ کی طرف نکل پڑے۔

☆ **ہجرت حبشہ اولیٰ:** یہ ہجرت کا واقعہ نبوت کے پانچویں سال ماہ رجب میں پیش آیا۔ اس میں گیارہ مرد اور چار خواتین شامل تھیں۔ مردوں میں عثمان بن عفان، عبدالرحمٰن بن عوف، زبیر بن عوام، ابوحذیفہ بن عتبہ، عثمان بن مظعون، ابوسلمہ بن عبدالاسد، مصعب بن عمیر، عبداللہ بن مسعود، عامر بن ربیعہ، ابوسبرہ بن ابورہم، سہیل بن بیضاء تھے اور خواتین میں ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سہلہ بنت سہل، ابوسلمہ کی اہلیہ ام سلمہ بنت ابی امیہ، عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی اہلیہ اور رسول اکرم ﷺ کی لخت جگر رقیہ بنت رسول ﷺ اور عامر بن ابی ربیعہ کی اہلیہ لیلیٰ شامل تھیں۔ (السیرۃ لابن ہشام، ص ۲۱)

### ☆ ہجرت حبشہ ثانیہ:

کچھ دنوں کے بعد پہلی ہجرت میں حبشہ تشریف لے گئے صحابہ کرام مکہ واپس چلے آئے، مگر اس بار مشرکین کا ظلم وستم پہلے کے مقابلے زیادہ سخت ہوگیا، جس کی وجہ سے اللہ کے رسول ﷺ نے انہیں دوبارہ حبشہ چلے جانے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ کفار کی سخت نگرانی کے باوجود تیراسی (۸۳) مرد اور اٹھارہ یا بیس خواتین صحابہ کرام نے حبشہ کی طرف ہجرت کیا۔ (طبقات ابن سعد ۱/۱۳۸)

**اس ہجرت میں شامل صحابہ کرام میں بعض کے نام یہ ہیں:**

١۔ حضرت عثمان بن عفان
٢۔ ابوحذیفہ
٣۔ عبداللہ بن جحش
٤۔ شجاع بن وہب
٥۔ عتبہ بن غزوان
٦۔ صہیب بن عمیر
٧۔ عبدالرحمٰن بن عوف
٨۔ عبداللہ بن مسعود
٩۔ مقداد بن عمرو
١٠۔ ابوسلمہ بن عبدالاسد
١١۔ معتب بن عوف
١٢۔ عامر بن ربیعہ
١٣۔ انیس بن حذافہ
١٤۔ عثمان بن مظعون
١٥۔ عبداللہ بن مظعون
١٦۔ قدامہ بن مظعون
١٧۔ سائب بن عثمان
١٨۔ ابوسبرہ بن ابی رہم
١٩۔ عبداللہ بن مخرمہ
٢٠۔ حاطب بن عمرو
٢١۔ عبداللہ بن سہل
٢٢۔ سعد بن خولہ
٢٣۔ ابوعبیدہ بن جراح
٢٤۔ سہیل بن بیضاء
٢٥۔ معمر بن ابی سرح
٢٦۔ عیاض بن زہیر
٢٧۔ جعفر بن ابی طالب
٢٨۔ خالد بن سعید
٢٩۔ معیقیب بن ابی فاطمہ
٣٠۔ خالد بن حزام
٣١۔ اسود بن نوفل
٣٢۔ عمرو بن امیہ
٣٣۔ یزید بن زمعہ
٣٤۔ ابوالروم بن عمیر
٣٥۔ خراس بن نضر
٣٦۔ جہم بن قیس
٣٧۔ ابوفکیہہ
٣٨۔ مطلب بن ازہر
٣٩۔ عتبہ بن مسعود
٤٠۔ شرجیل بن حسنہ
٤١۔ حارث بن خالد
٤٢۔ عمرو بن عثمان
٤٣۔ عباد بن ابی ربیعہ
٤٤۔ ہاشم بن ابوحذیفہ
٤٥۔ ہبار بن سفیان
٤٦۔ عبداللہ بن سفیان
٤٧۔ معمر بن عبداللہ
٤٨۔ عبداللہ بن حذافہ
٤٩۔ قیس بن حذافہ
٥٠۔ ہشام بن عاص
٥١۔ ابوقیس بن حارث
٥٢۔ سائب بن حارث
٥٣۔ حجاج بن حارث
٥٤۔ تمیم بن حارث
٥٥۔ سعید بن حارث
٥٦۔ سعید بن عمرو
٥٧۔ محمیہ بن جزاء
٥٨۔ حاطب بن حارث
٥٩۔ خطاب بن حارث
٦٠۔ سفیان بن معمر
٦١۔ خالد بن سفیان
٦٢۔ جنادہ بن سفیان



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ٦٣۔نبیہ بن عثمان | ٦٤۔سلیط بن عمرو |
| ٦٥۔سکران بن عمرو | ٦٦۔جنادہ بن سفیان |
| ٦٧۔عمرو بن حارث | ٦٨۔عثمان بن عبد غنم |
| ٦٩۔سودہ بنت زمعہ | ٧٠۔فاطمہ بنت علقمہ |
| ٧١۔عمیرہ بن حارث | ٧٢۔حسنہ ام شرجیل |
| ٧٣۔حبیبہ بنت ابوسفیان | ٧٤۔ام سلمہ |
| ٧٥۔ربط بنت حارث | ٧٦۔رملہ بنت ابی عوف |
| ٧٧۔لیلیٰ بنت ابی حثمہ | ٧٨۔سہلہ بنت سہیل |
| ٧٩۔ام کلثوم اسماء بنت عمیس | ٨٠۔فاطمہ بنت ابی عوف |
| ٨١۔امینہ بنت خلف | ٨٢۔خزیمہ بنت جہم |
| ٨٣۔ام حرملہ | ٨٤۔فاطمہ بنت مجلل |
| ٨٥۔فکیہہ بنت یسار | ٨٦۔برکہ بنت یسار |

٨٧۔اسما بنت عمیس وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین

(السیرۃ لابن ھشام ١/٣٠٣۔٢٠٥)

**وہ صحابہ کرام جو منصب افتاء پر فائز تھے۔**

☆ وہ صحابہ کرام جن سے بکثرت فتاویٰ منقول ہیں، ان کی تعداد سات ہیں:

١۔عمر بن خطاب ٢۔علی بن ابی طالب ٣۔عبداللہ بن مسعود

٤۔عبداللہ بن عمر ٥۔عبداللہ بن عباس ٦۔زید بن ثابت

٧۔عائشہ بنت ابی بکر رضی اللہ عنہم اجمعین

☆ بعض صحابہ کرام ایسے بھی ہیں، جن سے مذکورہ بالا صحابہ کرام کے مقابلے کچھ کم فتاویٰ منقول ہیں، ان کی تعداد بیس ہے۔ وہ یہ ہیں:

١۔ابوبکر ٢۔عثمان ٣۔ابوموسیٰ اشعری

٤۔معاذ بن جبل ٥۔سعد بن ابی وقاص

٦۔ابوہریرہ ٧۔انس ٨۔عبداللہ بن عمرو بن عاص

٩۔سلمان ١٠۔جابر ١١۔ابوسعید ١٢۔طلحہ ١٣۔زبیر

١٤۔عبدالرحمٰن بن عوف ١٥۔عمران بن حصین

١٦۔ابوبکرہ ١٧۔عبادہ بن صامت ١٨۔عبداللہ بن زبیر ١٩۔ام سلمہ

٢٠۔سلمان فارسی رضی اللہ عنہم اجمعین

اس کے علاوہ کچھ ایسے صحابہ کرام بھی ہیں جن سے بہت کم فتاویٰ منقول ہیں یعنی کسی دینی مسئلے میں ایک یا دو فتاوے منقول ہیں۔ ایسے صحابہ کرام کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

ان میں سے مشہور صحابہ کرام ابی بن کعب، ابودرداء، ابوطلحہ، مقداد بن اسود رضی اللہ عنہم اجمعین وغیرہم اہم ہیں۔ (نظام الحكومية النوية المسمى التراتيب الادارية للعلامة محمد عبدالحئی الكتانيا لادريسی ٢/ ٢٧٢)

**غزوات رسول ﷺ:**

اللہ کے رسول ﷺ نے مشرکین کے خلاف جنگوں میں بنفس نفیس شرکت فرمائی، انہیں غزوہ کہتے ہیں۔ ایسی جنگوں کی کل تعداد ٢٨ ہے۔ جس میں پیارے رسول ﷺ بذات خود شریک رہے ہیں اور اسلامی فوج کی کمان سنبھالی۔ ان غزوات کے اسماء ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | غزوہ کا نام | جگہ | سن ہجری |
|---|---|---|---|
| ١۔ | غزوہ ابواء (ودان) | ودان | سن ٢ ہجری |
| ٢۔ | غزوہ بواط | بواط | سن ٢ ہجری |
| ٣۔ | غزوہ عشیرہ | عشیرہ | سن ٢ ہجری |
| ٤۔ | غزوہ بدر اولیٰ | وادی صفوان | سن ٢ ہجری |
| ٥۔ | غزوہ بدر کبریٰ | مقام بدر | ١٣ / رمضان سن ٢/ ہجری بروز اتوار |
| ٦۔ | غزوہ بنوسلیم | قرقرۃ کدر | سن ٢/ ہجری |
| ٧۔ | غزوہ بنوقینقاع | مدینہ منورہ | سن ٢ ہجری |
| ٨۔ | غزوہ سویق | قرقرہ کدر | سن ٢ ہجری |
| ٩۔ | غزوہ ذی امر | ذوامر | سن ٣ ہجری |
| ١٠۔ | غزوہ بحران | بحران | سن ٣ ہجری |
| ١١۔ | غزوہ احد | جبل احد | سن ٣/ ہجری |
| ١٢۔ | غزوہ حمراء الاسد | حمراء الاسد | سن ٣/ ہجری |
| ١٣۔ | غزوہ بنونضیر | ضواحی المدینۃ المنورۃ | سن ٤ ہجری |
| ١٤۔ | غزوہ ذات الرقاع | ذات الرقاع | سن ٤ ہجری |
| ١٥۔ | آخری غزوہ بدر | بدر | سن ٤/ ہجری |
| ١٦۔ | غزوہ دومۃ الجندل | دومۃ الجندل | سن ٥ ہجری |
| ١٧۔ | غزوہ بنومصطلق | مریسیع | سن ٥ ہجری |
| ١٨۔ | غزوہ خندق | مدینہ منورہ | سن ٥/ ہجری |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۔ | غزوہ بنوقریظہ | ضواحی المدینہ المنورہ | سن ۵ رہجری |
| ۲۰۔ | غزوہ بنولحیان | غران | سن ۶ رہجری |
| ۲۱۔ | غزوہ ذی قرد | ذوقرد | سن ۶ رہجری |
| ۲۲۔ | صلح حدیبیہ | مقام حدیبیہ | ۶ رہجری |
| ۲۳۔ | غزوہ خیبر | مقام خیبر | سن ۷ رہجری |
| ۲۴۔ | غزوہ عمرہ قضاء | مکہ مکرمہ | سن ۷ رہجری |
| ۲۵۔ | سریہ موتہ | موتہ | ۸ رہجری |
| ۲۶۔ | فتح مکہ | مکہ مکرمہ | ۸ رہجری |
| ۲۷۔ | غزوہ طائف | طائف | سن ۸ رہجری |
| ۲۸۔ | غزوہ تبوک | تبوک | ۹ رہجری |

ان غزوات میں سے صرف نو میں جنگ ہوئی اور بقیہ میں جنگ کی نوبت نہیں آئی، ان میں یا تو دشمنان اسلام نے راہ فرار اختیار کر لی یا پھر صلح وصفائی ہوگئی یا پھر دشمنان اسلام نے جزیہ دینے پر رضامندی ظاہر کردی جس کو رسول اکرم ﷺ نے قبول کرلیا اور انہیں امن وامان عطا کیا۔

**حب رسول اللہ ﷺ** = زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

**سب سے آخری وفات پانے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:**

☆ امام مزی اور امام مسلم رحمہما اللہ نے کہا ہے کہ سب سے آخری وفات پانے والے صحابی عامر بن واثلہ بن عبداللہ بن عمرو بن جحش ابوطفیل لیثی رضی اللہ عنہ ہیں، جن کی وفات سن ۱۰۲ ہجری یا سن ۱۱۰ ہجری میں ہوئی۔ (شذرات الذهب في اخبار من ذهب لابن العماد ۱/ ۹۸)

☆ **صحابہ کرام کے بعض کرامات:**

**۱۔ لاٹھی کا روشن ہونا:** انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رات کے وقت اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہما اپنے کسی کام سے نبی ﷺ کے پاس بیٹھے گفتگو کر رہے تھے، اس دوران رات کا کافی حصہ بیت گیا اور وہ رات بہت تاریک تھی۔ ان میں سے ایک شخص کی لاٹھی روشن ہوگئی اور وہ لوگ اس کی روشنی میں چلنے لگے، جب دونوں اپنے اپنے راستے پر جدا ہونے لگے تو دوسرے کی لاٹھی بھی روشن ہوگئی۔ (صحیح بخاری ۱/ ۳۸۰۵، مسند احمد ۱۳۰۱۱)

**۲۔ لکڑی کا تلوار بن جانا:** غزوہ بدر میں عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ کی تلوار ٹوٹ گئی، چنانچہ رسول اکرم ﷺ نے انہیں لکڑی کا ایک ڈنڈا عطا کیا جو لوہے کی سخت تلوار بن گئی، بعد میں اس تلوار کو "عون" کے نام سے جانا جاتا تھا۔ (البداية والنهاية لابن كثير ۶/ ۳۳۸، الاستيعاب لابن عبدالبر ۳/ ۱۰۸۰، دلائل النبوة لابی نعیم الاصبهانی، ص ۶۱۳، دلائل النبوة للبيهقي ۳/ ۹۹، الشفا للقاضی عیاض ۱/ ۶۴۳)

**۳۔ (مستجاب الدعوات) قبولیت دعا:** ا۔ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اہل کوفہ نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی شکایت کی۔ اس لئے عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں معزول کر کے عمار رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا حاکم مقرر کیا تو کوفہ والوں نے سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہاں تک کہہ دیا کہ وہ تو اچھی طرح سے نماز بھی نہیں پڑھا پاتے۔ اس کی اطلاع عمر رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو انہوں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو طلب کیا اور کہا کہ اے ابو اسحاق تمہارے بارے میں اہل کوفہ کا خیال ہے کہ تم اچھی طرح سے نماز بھی نہیں پڑھا پاتے ہو۔ اس پر سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ کی قسم! میں تو انہیں نبی اکرم ﷺ کی نماز کی طرح ہی نماز پڑھاتا تھا، اس میں چنداں کوتاہی نہیں کیا کرتا تھا۔ عشاء کی نماز پڑھاتا تو اس کی پہلی دو رکعتوں کو قدرے لمبا کیا کرتا تھا اور دوسری دو رکعتیں ہلکی کیا کرتا تھا۔ یہ سن کر عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے تم سے امید بھی یہی تھی۔ اس کے بعد آپ نے سعد رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک یا کئی لوگوں کو کوفہ بھیجا، قاصد نے ہر ہر مسجد میں جا جا کر ان کے بارے میں پوچھا، سبھوں نے ان کی تعریف کی۔ مگر جب مسجد بنو عبس میں گئے تو ایک شخص جس کا نام اسامہ بن قتادہ اور کنیت ابوسعدہ تھی کھڑا ہوا۔ جب آپ نے اللہ کا واسطہ دے کر پوچھا ہے تو سنئے۔ سعد نہ تو فوج کے ساتھ خود جہاد کیا کرتے تھے، نہ صحیح ڈھنگ سے مال غنیمت تقسیم کیا کرتے تھے اور نہ فیصلے میں عدل وانصاف کو ملحوظ رکھتے تھے۔ ان باتوں کو سن کر سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ کی قسم! تمہاری ان باتوں پر میں تین بددعائیں کرتا ہوں۔ اے اللہ! اگر یہ تیرا بندہ جھوٹا ہے اور صرف ریاء ونمود کے لئے کھڑا ہوا ہے تو تو اس کی عمر دراز فرما، اسے خوب محتاج فرما اور اسے فتنوں میں مبتلا کر۔ اس کے بعد وہ شخص اس قدر بدحال ہوا کہ جب اس سے پوچھا جاتا تو وہ کہتا کہ میں ایک پریشان حال بوڑھا ہوں، مجھے سعد رضی اللہ عنہ کی بددعا لگ گئی ہے۔ راوی حدیث عبدالملک بیان کرتے ہیں کہ میں نے اسے دیکھا اس کی بھویں بڑھاپے کی وجہ سے آنکھوں پر آگئی تھیں، لیکن اب بھی وہ راستوں پر لڑکیوں کو چھیڑتا تھا۔ (صحیح بخاری/ ۷۵۵)

ب۔ ہشام بن عروہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ اروی بنت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اویس نے سعید بن زید رضی اللہ عنہ پر الزام لگایا کہ انہوں نے میری زمین لے لی ہے اور مروان بن حکم کے پاس مقدمہ دائر کیا۔ سعید رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا میں اس سلسلے میں رسول اکرم ﷺ سے حدیث سننے کے بعد بھی اس کی زمین پر قبضہ کرسکتا ہوں؟ مروان نے پوچھا کہ آپ نے اس تعلق سے کونسی حدیث سنی حدیث سنی ہے؟ سعید رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کسی نے ناحق طریقے سے کسی کی ایک بالشت بھی زمین لی تو اسے ساتوں زمین کے طبقات کا طوق پہنایا جائے گا یہ سن کر مروان نے کہا کہ اس کے بعد میں آپ سے کوئی دلیل نہیں طلب کروں گا۔ اس وقت سعید رضی اللہ عنہ نے یہ بد دعا فرمائی: اے میرے اللہ! اگر یہ جھوٹی ہوتو اسے اندھی کردے اور اسے اس کی زمین ہی میں موت دے۔ چنانچہ ہوا بھی یونہی کہ وہ اندھی ہوگئیں اور ایک روز اپنی کھیت میں چل رہی تھیں کہ ان کے پاؤں گڑھے میں پڑ گئے اور وہ مرگئیں۔ (صحیح مسلم/۶۱۰)

ج- خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی خدمت میں زہر پیش کیا گیا۔ آپ نے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ زہر ہے۔ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بسم اللہ پڑھ کر اسے نوش کیا۔ چنانچہ اس سے انہیں ذرہ برابر بھی نقصان نہیں ہوا۔ (سیر اعلام النبلاء ۱/۳۷۶)

د- ایک بار خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک مٹکا شراب پیش کیا گیا۔ خالد رضی اللہ عنہ نے دعا فرمائی: اے اللہ! تو اسے شہد بنادے۔ چنانچہ وہ شراب شہد بن گئی۔ (سیر اعلام النبلاء ۱/۳۷۶)

**صحابہ کرام کے لئے ساحل سمندر بڑی مچھلی کا نکلنا اور صحابہ کرام کا اسے غذا کے طور پر استعمال کرنا:** حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر بنا کر قریش کے ایک قافلے سے لڑنے کے لئے بھیجا اور ہمیں ایک تھیلا کھجور بطور توشے کے عنایت فرمائی کیونکہ آپ ﷺ کے پاس ہمیں دینے کے لئے اس کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ ہمیں ایک ایک کھجور دیا کرتے تھے راوی کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا آپ لوگ ایک کھجور کا کیا کرتے تھے۔ تو جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم اسے چھوٹے بچوں کی طرح چوس لیتے تھے اور اوپر سے پانی پی لیتے تھے اور ہماری سارے دن کی غذا ہوتی تھی اور ہم اپنی لاٹھیوں سے درختوں کے پتے جھاڑ لیتے تھے اور انہیں پانی میں بھگو کر کھا لیتے تھے یہاں تک کہ ہم ساحل سمندر تک پہنچ گئے۔ اچانک سمندر نے (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) ایک بڑے ٹیلے جیسی عنبر نامی مچھلی ساحل پر ہمارے لئے پھینک دی۔ ابوعبیدہ نے (پہلے فرمایا) یہ تو مردار ہے پھر فرمایا نہیں نہیں ہم تو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اللہ کے راستے میں بھیجے ہوئے لوگ ہیں۔ اس وقت تم لوگ مجبوری کی حالت میں ہو اس لئے اس مچھلی کو کھاؤ۔ جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم تین سو آدمی ایک مہینے تک اس میں سے کھاتے رہے (ہم نے اس میں سے اس قدر کھایا) کہ ہم موٹے (تازے) ہوگئے ہم اس کی آنکھ کے اندر سے مٹکے بھر کر تیل نکالتے تھے اور اس کے گوشت میں سے بیل کے برابر ٹکڑا کاٹتے تھے۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے ہم میں سے تیرہ آدمی لے کر اس کی آنکھ کے اندر بٹھا دیئے۔ اور اس کی ایک پسلی کو کھڑا کیا پھر سب سے اونچے اونٹ پر ایک آدمی بٹھا کر اس کے نیچے سے گزارا۔ اور ہم نے اس کا گوشت ابال کر اپنے ساتھ بھی رکھ لیا پھر جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو ہم نے اس کا تذکرہ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ وہ روزی تھی جو اللہ تعالیٰ نے خاص تمہارے لئے بھیجی تھی کیا تمہارے پاس اس میں سے کچھ نہیں ہے جسے ہم تناول کرلیں؟ ہم نے وہ گوشت رسول ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے اس میں سے تناول فرمایا۔ (صحیح مسلم)

تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (المقامات العلية في كرامات الصحابة الجليلة لابن سيد الناس)

اس کے علاوہ بھی صحابہ کرام کے بے شمار کرامتیں ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام نہایت ہی پاک طینت، نیک اور پاک باز تھے۔ وہ لوگ اللہ کے چہیتے اور خدا ترس تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مختلف موقعوں پر انہیں مختلف کرامتوں اور خارق عادت امور سے نوازتا اور ان کی عزت وعظمت میں چار چاند لگاتا تھا۔

**صحابہ کرام کے بارے میں لکھی گئیں بعض کتابوں کے نام:**

۱. معرفة من نزل من الصحابة سائر البلدان لعلي ابن المديني
۲. الاستيعاب لأبي عمر بن عبدالبر
۳. اعلام الاصابة باعلام الصحابة لمحمد بن يعقوب بن محمد بن أحمد الخليلي
۴. اسد الغابة في تمييز الصحابة لابن الأثير الجزري
۵. تجريد اسماء الصحابة للامام الذهبي
۶. الاصابة في تمييز الصحابة لابن حجر العسقلاني
۷. صحابہ کرام کی حیاتِ درخشندہ ونقوش تابندہ
۸. حیات صحابہ کا درخشاں پہلو

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعلان برائے تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس...

پھر سوئے حرم لے چل

# دہلی چلو

## (برائے تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ۱۲-۱۳/ مارچ ۲۰۱۶ء)

بعنوان: ''انسانیت کے فروغ اور پرامن معاشرے کی تشکیل میں ائمہ وخطباء کا کردار اور ان کے حقوق''

بمقام رام لیلا میدان، نئی دہلی

روشنی توحید کی ہے نغمہ خواں دہلی چلو

دیکھنا ہے گر مقامِ ضوفشاں دہلی چلو
ہر ڈگر اس کی بنی ہے کہکشاں دہلی چلو

ملتِ اسلامیہ نے پھر سجایا ہے اسے
مست کرتی ہے وہاں بوئے جناں دہلی چلو

سج رہی ہے انجمن اہل حدیثوں کی وہاں
دیکھتا ہے اس کے جلوے آسماں دہلی چلو

مَل رہا ہے فتنۂ شیطاں کفِ افسوس اب
لے رہی ہیں نیکیاں انگڑائیاں دہلی چلو

شرک و بدعت کی بھیانک تیرگی کے دور میں
روشنی توحید کی ہے نغمہ خواں دہلی چلو

دین کی دلکش بہاریں مسکراتی ہیں وہاں
محوِ حیرت ہوگئی بادِ خزاں دہلی چلو

ذائقہ امرت بچن کا دیں گے واعظ اور خطیب
خوش کریں گے شاعر گوہر فشاں دہلی چلو

شکر رب کا ہے کہ منزل کی طرف بڑھنے لگا
اب محبان نبی کا کارواں دہلی چلو

مسکراتی ہے وہاں پر کاوش اصغر علی
رحمتِ باری وہاں ہے شادماں دہلی چلو

ساتھیو! پہنچو وہاں پر اور استقبال میں
آرہا ہے سالکِ شیریں بیاں دہلی چلو

(سالک بستوی ایم اے)



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مژدۂ جاں فزا سنادو

رخت سفر باندھ لو

# کیا ہیں کردار ائمہ اور خطبا کے حقوق

(تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ۱۲-۱۳/ مارچ ۲۰۱۶ء کی خبر سے متاثر ہوکر)

بعنوان: ''انسانیت کے فروغ اور پرامن معاشرے کی تشکیل میں ائمہ وخطباء کا کردار اور ان کے حقوق''

بمقام: رام لیلا میدان، نئی دہلی

پرچمِ انسانیت کو جھوم کر لہرائیے

آدمی کو آدمیت کا سبق سکھلائیے

اے محبانِ جماعت عالمانِ ذی وقار
اے خطیبانِ صداقت عاشقانِ حق شعار

مرحبا اھلاً و سہلاً آفریں خوش آمدید
مدح آرا آپ لوگوں کی ہے یہ بزمِ سعید

سلفیوں کی جلوہ آرائی مسرّت خیز ہے
شکر کا ساغر مئے دیدار سے لبریز ہے

سلفیوں کا کارنامہ لائقِ تحسین ہے
کفر کے جذبات پر غالب یہ رب کا دین ہے

اس کے منتظمہ کی دلکش کامرانی دیکھئے
مدح آرا ہے بہارِ شادمانی دیکھئے

دیکھ کر جلوہ گری اہل حدیث ہند کی
بوکھلا کر بھاگتی ہے اہرمن کی تیرگی

آئینے قرآن و سنت کے یہاں دکھلائیے
ساغر تسنیم و کوثر جھوم کر چھلکائیے

پرچمِ انسانیت کو جھوم کر لہرائیے
آدمی کو آدمیت کا سبق سکھلائیے

اس کی آنکھوں میں تبسم پاش کار خیر ہے
اس کو ظلم وجور سے دہشت گری سے بیر ہے

کیا ہیں کردار ائمہ اور خطبا کے حقوق
اس کو سب واضح کریں گے آکے علماء باوثوق

یہ سناتا ہے سبھی نغمۂ ام الکتاب
سنت و توحید سے کرتا ہے ہم کو فیضیاب

یہ رسیلی بات ہے ہر واعظ ذیشان کی
اپنی آنکھوں میں بساؤ روشنی قرآن کی

آؤ پھر اونچا کریں پرچم خدا کے نام کا
دہر میں ڈنگا بجاؤ عظمتِ اسلام کا

ساری دنیا کو سکھاؤ تم سبق ایثار کا
نور چمکاؤ جگر میں مصطفیٰ کے پیار کا

ہے خلوصِ دل سے سالک کی دعا رب العلا
کامراں جذبہ رہے اہل حدیث ہند کا

(سالک بستوی ایم اے)

☆☆☆



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مرکزی جمعیت کی پریس ریلیز

(۱)

## ہندوستان میں انسانیت زندہ ہے

### اور بہار کے عوام اس کے علمبردار ہیں/ مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی

دہلی: ۱۰/نومبر ۲۰۱۵ء: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے بہار کے حالیہ اسمبلی انتخاب کے نتائج کے تناظر میں اخبار کے نام جاری ایک بیان میں کہا ہے کہ وطن عزیز ہندوستان میں انسانیت زندہ ہے اور بہار کے عوام اس کے علمبردار ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ملک، ملت، جماعت، قوم، کنبہ، قبیلہ اور خاندان یہ سب اس لیے ہیں کہ انسانیت کو پروان چڑھایا جائے۔

ناظم عمومی نے مزید کہا کہ اخوت ومحبت، ہمدردی وغمگساری اور رواداری انسانی معاشرہ کی اہم بنیادیں ہیں اور دین ومذہب اور عقل ووجدان بھی اسی انسانی اخوت و بھائی چارہ اور محبت کو فروغ دے کر اور اس کو اوج کمال تک پہنچا کر اعلیٰ مقام حاصل کرتے ہیں۔ بلکہ اس کے بغیر سب کے خالق و مالک کو راضی کرنے کا کام بھی مکمل نہیں ہوسکتا۔

مولانا سلفی نے کہا کہ وطن عزیز ہندوستان ایک ایسا ملک ہے کہ جہاں گونا گوں تہذیبوں اور بے شمار سنسکرتیوں کے باوجود اس کے خمیر میں اور یہاں کے باشندوں کے اندر یگانگت، محبت اور اخوت پروان چڑھتی رہی ہے یہی اس کا طرہ امتیاز ہے اور اسی میں اس دیش کی تعمیر وترقی کا راز مضمر ہے۔ لیکن بدقسمتی سے کچھ دنوں پہلے انگریزی استعمار کی نظر بد اس جنت نشاں اور گنگا جمنی تہذیب والے ملک کو لگ گئی اور یہاں کے دیش واسیوں نے لڑاؤ اور راج کرو کی پالیسی کو نہ سمجھنے کی وجہ سے اپنا سب کچھ گنوا دیا لیکن دیکھتے ہی دیکھتے ہمارے اسلاف نے بلا تفریق مذہب وملت متحد ہوکر وطن عزیز کو انگریزوں کے منحوس قدم سے آزاد کرا لیا اور عظیم ہندوستان کی تعمیر وترقی کے لیے سب جٹ گئے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ماضی کے کچھ جراثیم ہندوستانیوں کی صفوں میں گھس گئے اور اس عظیم متحدہ ملک کی سا لمیت کو نقصان پہنچانے کے لیے بھید بھاؤ، ذات پات، رنگ ونسل اور علاقائیت کے فتنے اٹھاتے رہے اور دیش کو نقصان پہنچاتے رہے۔ اور مختلف اوقات میں ''ہندو مسلم، سکھ عیسائی آپس میں سب بھائی بھائی'' کے نعرے کے برخلاف نفرت انگیز بیانات دیتے رہے جس سے بظاہر انتشار، بدامنی، آپسی دشمنی اور بے اطمینانی کی فضا قائم ہوتی گئی اور یوں لگنے لگا کہ یہ مسموم فضا پورے بھارت پر چھا جائے گی۔ لیکن بہار کے موجودہ تاریخ ساز انتخاب اور وہاں کے عوام کی دور اندیشی، بھائی چارہ، رواداری اور انسانیت پسندی نے ثابت کر دیا کہ ہمیں کسی بھی بھید بھاؤ کے نعرے سے گمراہ نہیں کیا جاسکتا۔ بلاشبہ یہ کریڈٹ بہار کے تمام ہندو مسلم عوام کو جاتا ہے جنہوں نے انسانیت اور سیکولرزم کے نام کا بول بالا کیا، وہاں کے حکمراں بھی فرض شناس رہے اور عوام نے بھی ان کے اچھے اور ہمہ جہت ترقیاتی کاموں کا بہترین صلہ دیا۔ اس کے لیے ہم بہار کی حکومت اور عوام کو دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

ناظم عمومی نے کہا کہ جس طرح بہار کے وزیر اعلیٰ نے اپنی تاریخی فتح کے بعد ریاست کی ہمہ جہت ترقی کا وعدہ کیا ہے اور عوام کے بھرپور تعاون کی توقع ظاہر کی ہے ہمیں امید ہے کہ حکومت اپنا وعدہ پورا کرے گی اور بہار کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی اور عوام بھی متحد ہوکر اپنا بھرپور تعاون پیش کرتے رہیں گے۔

(۲)

## پیرس میں دہشت گردانہ حملے غیر انسانی اور قابل مذمت عمل/ مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی

دہلی: ۱۵/نومبر ۲۰۱۵ء: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے اخبار کے نام جاری ایک بیان میں پیرس میں ہوئے دہشت گردانہ حملوں کی پرزور مذمت کی ہے اور اسے غیر انسانی اور نہایت بزدلانہ عمل قرار دیا ہے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ عصر حاضر میں دہشت گردی ایک بڑا ناسور ہے اور اس کے ناسور جسم انسانیت میں سرایت کرتے جارہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دہشت گردوں کی چیرہ دستیوں سے کوئی بھی ملک اور مقام محفوظ نہیں ہے جو سب کے لیے ایک عظیم لمحہ فکریہ ہے۔ فرانس کی سرزمین پر جو اندوہناک دہشت گردانہ خودکش حملے ہوئے ہیں وہ اپنی تمام تر قباحتوں کے ساتھ انتہائی مذمت اور سخت رنج وافسوس کے قابل ہیں اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دہشت گردی کی تمام قسموں کو جہاں ناسور کہتی آئی ہے وہیں ان بڑے دہشت گردانہ حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور دہشت گردوں، ان کے ہمنواؤں، اس کے پالیسی سازوں اور انہیں اس طرح کے خطرناک اسلحے فراہم کرنے والوں کا پتہ لگانے کے ساتھ ان کو کڑی سزا دینے کا مطالبہ کرتی ہے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ داعش ایک دہشت گرد تنظیم ہے، جس کا مذہب اسلام سے کچھ لینا دینا نہیں ہے، اس طرح کی دہشت گرد تنظیموں کی خواہ وہ دنیا کے کسی بھی خطہ میں ہوں ان کی سرکوبی از حد ضروری ہے تا کہ انسانیت کی پرامن بقا اور تحفظ یقینی ہوسکے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ فرانس میں دہشت گردی کا یہ دوسرا اندوہناک اور افسوس ناک واقعہ ہے جس نے کتنے گھروں کو برباد کر دیا، معصوموں کی جانیں لے لیں اور خوشیوں کو ماتم میں تبدیل کر دیا۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند مصیبت کی اس گھڑی میں پیرس کے عوام کے ساتھ ہے اور متاثرین سے اظہار ہمدردی اور مہلوکین کے ورثاء کو قلبی تعزیت پیش کرتی ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳)

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر نگرانی اور صوبائی جمعیت اہل حدیث ہریانہ کے زیر اہتمام

## فرانس ودیگر دہشت گردانہ حملوں کے خلاف سمپوزیم و زبردست احتجاج

دہلی: ۱۹؍نومبر ۲۰۱۵ء: اسلام دین امن وسلامتی اور انسانیت کے لیے سراپا رحمت وسعادت ہے۔اس میں انسانی جان ومال، عزت وآبرو اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔اس میں دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔اس کے باوجود اگر کوئی شخص یا گروہ ناحق کسی کی عزت وآبرو اور جان ومال پر دست درازی کرتا ہے، حکومتوں اور عوام کے خلاف ہتھیار اٹھاتا ہے اور معصوم مردوں وعورتوں اور بچوں پر جان لیوا حملہ کرتا ہے تو یہ سراسر مذموم اور غیر انسانی عمل ہے۔اس کا مذہب اسلام سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، خواہ وہ اسلام کا نام لے رہا ہو اور مسلمانوں جیسا نام رکھتا ہو، جیسا کہ داعش اور اس جیسی دیگر تنظیمیں کر رہی ہیں۔یہ سب سراسر غیر اسلامی اور اسلام کو بدنام کرنے والی، مسلمانوں، مسلم ملکوں اور انسانیت کو تہہ وبالا کرنے والی دہشت گرد تنظیمیں ہیں۔ان کی سرکوبی جتنا جلد ممکن ہو ضروری ہے تاکہ دنیا امن وشانتی کے ماحول میں زندگی گزار سکے۔ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے کیا۔موصوف آج گوہانہ ہریانہ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر نگرانی اور صوبائی جمعیت اہل حدیث ہریانہ کے زیر اہتمام فرانس ودیگر ہشت گردانہ حملوں کے خلاف سمپوزیم وزبردست احتجاج میں صدارتی کلمات پیش کر رہے تھے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ حالیہ دنوں اور چند ماہ قبل بھی پیرس میں اور وطن عزیز سمیت دنیا کے مختلف حصوں میں متعدد دہشت گردانہ حملے ہوئے، جن میں معصوم انسانوں کی جانیں گئیں اور املاک تباہ ہوئے ان کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔بلاشبہ یہ سب مذموم عمل اور انسانیت کے ماتھے پر کلنک ہیں۔ان کا استیصال اور خاتمہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ساتھ ہی ان طاقتوں کو طشت از بام کرنا بھی از حد ضروری ہے جو داعش جیسی تنظیموں کی پشت پناہی کر رہی ہیں اور ان کو خطرناک قسم کے ہتھیار فراہم کر رہی ہیں۔

مولانا سلفی نے مزید کہا کہ داعش اور اس جیسی دیگر تنظیموں کے ذریعہ ملک کے امن وقانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کرنا، چوک چوراہوں اور شارع عام پر بم باری ودھماکہ کرنا، سرکاری وشخصی املاک اور فوجی تنصیبات کو تباہ کرنا، جہازوں کو ہائی جیک کرنا، سیاحوں، صحافیوں اور غیر ملکی ملازمین اور نرسوں کو بندھک بنانا، یا قتل کردینا، پردہ نہ کرنے والی خواتین، تعلیمی اداروں، اخبارات اور نیوز چینلوں کے دفاتر اور سفارت خانوں پر حملہ کرنا، عوام کو حکومت کے خلاف ورغلانا اور ملک کے امن وامان کو غارت کرنے کی کوشش کرنا از روئے شرع درست نہیں ہے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا شروع سے ہی دہشت گردی کے خلاف واضح موقف رہا ہے اور اول دن سے ہی وہ اس کی مذمت وشناعت بیان کرتی اور حوصلہ شکنی کرتی آئی ہے۔۲۰۰۴ء کی تاریخی پاکوڑ کانفرنس میں دہشت گردی کے خلاف تقریریں ہوئیں، مقالات پیش ہوئے اور قرارداد پاس کی گئی۔ ۲۰۰۶ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے انصاری اڈیٹوریم میں منعقد ہوئے قومی سمپوزیم میں دہشت گردی کو عصر حاضر کا سب سے بڑا ناسور قرار دیا گیا۔پورے ملک سے ۳۵؍اکابر علماء اور مفتیان کے دستخط سے دہشت گردی کے خلاف فتویٰ جاری کیا گیا۔پھر چھ ماہ بعد ''مدارس اسلامیہ خدمت انسانیت کے علمبردار ہیں دہشت گردی کے اڈے نہیں'' کے عنوان پر قومی سمپوزیم منعقد ہوا جس میں سابق وزیر اعظم اور دیگر مرکزی وزراء سمیت وزیر داخلہ بھی شریک ہوئے۔۲۰۰۸ء میں دہلی کے رام لیلا میدان میں مرکزی وزراء و وزیر اعلیٰ دہلی کے ہاتھوں اردو، ہندی اور عربی زبانوں میں ہندوستانی اور عرب علماء ومشائخ کے دہشت گردی مخالف فتاویٰ پر مشتمل کتاب کا اجراء عمل میں آیا۔اور دیگر کانفرنسوں میں بھی دہشت گردی مخالف قراردادیں پاس ہوئیں۔مجالس عاملہ وشوریٰ میں دہشت گردی کے خلاف قراردادیں منظور کی گئیں۔پریس ریلیز جاری کر کے ملک و بیرون ممالک میں رونما ہونے والے دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کی گئی، جرائد ورسائل میں دہشت گردی کے خلاف مضامین شائع کیے گئے اور خصوصی نمبرات کا اجراء عمل میں آیا۔نیز رواں کے اوائل میں داعش کے خلاف سمپوزیم منعقد کر کے داعش اور اس کی خلافت کے خلاف اجتماعی فتویٰ جاری کیا گیا۔دہشت گردی کے خلاف مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جدوجہد ہنوز جاری ہے۔

سمپوزیم ومظاہرہ میں مولانا ریاض سلفی، نائب ناظم مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے دہشت گردی کے خاتمہ میں اماموں اور خطیبوں کی ذمہ داری کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وہ اسلامی تعلیمات کو عام کریں۔خاص طور سے برادران وطن تک یہ پیغام پہنچانے کی کوشش کریں کہ اسلام دین امن اور سلامتی ہے اس کے اندر دہشت گردی کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم شعبہ تنظیم مولانا محمد ہارون سنابلی نے فرانس میں ہوئے حالیہ دہشت گردانہ واقعہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ وہ نہایت ظلم وبربریت کا مظاہرہ اور وحشیانہ واقعہ ہے اور اس کو اسلام اور مسلمانوں سے جوڑنا غلط ہے۔اس لیے کہ اسلام امن وشانتی کا پیغام دیتا ہے۔ہم اس دہشت گردانہ واقعہ کی مذمت کرتے ہیں اور مہلوکین کے ورثاء سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

ڈاکٹر عیسیٰ خان انیس نائب ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث ہریانہ نے کہا کہ اسلام امن وشانتی کا مذہب ہے اور اس میں دہشت گردی کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔اس لیے کہ اسلام نے ایک جان کے ناحق قتل کو ساری انسانیت کا قتل قرار دیا ہے۔

مولانا عبدالقدوس عمری امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث مدھیہ پردیش نے کہا کہ مذہب اسلام میں واضح طور پر دہشت گردی کی مذمت وارد ہوئی ہے اور فتنہ وفساد کے روک تھام پر زور دیا گیا ہے۔

اس دہشت گردی مخالف سمپوزیم اور زبردست احتجاج میں صوبہ ہریانہ کے کونے کونے سے آئے ہوئے تقریبا سو علماء، ائمہ وخطباء اور بڑی تعداد میں وابستگان مدارس اور معزز علاقائی شخصیات کے علاوہ مولانا عبدالرحمن سلفی ناظم صوبائی جمعیت اہل حدیث ہریانہ، مولانا محمد الیاس سلفی نائب امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث ہریانہ، مولانا محمد صدیق سلفی شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ شکراوہ میوات، مولانا حبیب الرحمن سلفی استاذ جامعہ سلفیہ شکراوہ، مولانا داؤد سلفی امام وخطیب جامع مسجد شکراوہ، مولانا محمد مشتاق ندوی پرنسپل مدرسہ صوت القرآن الحمد یہ پنگواں ہریانہ، مولانا محمد رئیس فیضی دہلی اور مولانا عطاء اللہ سلفی وغیرہم شریک ہوئے۔تمام علماء، ائمہ وخطباء، ذمہ داران



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جمعیت وحاضرین نے فرانس ودیگر دہشت گردانہ حملوں کے خلاف زبردست احتجاج کیا، ہاتھ اٹھا کر دہشت گردی کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکنے کے عزم کا اعادہ کیا اور اس سلسلہ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی کوششوں کو سراہا۔

(۴)

## اعلیٰ اخلاق اور اعمال صالحہ انسانیت کی سعادت اور پرامن زندگی کے ضامن ہیں/علامہ عبداللہ المطلق

## اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی میں سعودی علماء اور اسکالرس پر مشتمل وفد کی آمد اور والہانہ استقبال

دہلی: ۲۸/نومبر ۲۰۱۵ء: مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند سے جاری ایک اخباری بیان کے مطابق جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے سینٹر فار ویسٹ ایشین اسٹڈیز اور سعودی کلچرل اٹیچی کے زیر اہتمام بین ثقافتی بحث ومباحثہ اور عالمی امن کو مضبوط کرنے میں اعلیٰ تعلیم کا کردار کے موضوع پر جاری چھ روزہ بین الاقوامی سیمینار و ورکشاپ میں شریک سعودی علماء واسکالرس پر مشتمل ایک معزز وفد نے کل مورخہ ۲۷/نومبر ۲۰۱۵ء کو اہل حدیث کمپلیکس اوکھلائی دہلی کا دورہ کیا جس میں مملکت سعودی عرب کے شاہی ایوان کے مشیر اور سپریم علماء کونسل کے رکن علامہ عبداللہ محمد المطلق شاہی ایوان کے مشیر ڈاکٹر سعد بن ناصر الشثری، دہلی میں سعودی سفارت خانہ کے کلچرل اٹیچی شیخ ضیف اللہ بن ابراہیم المطر ودی، فضیلۃ الشیخ احمد علی الرومی اور ان کے رفقاء شامل تھے۔ ساڑھے گیارہ بجے اہل حدیث کمپلیکس میں وفد کی آمد ہوئی اور کمپلیکس میں موجود ذمہ داران مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کے ساتھ وفد کی مختلف دینی وجماعتی اور انسانی امور پر گفتگو ہوئی، بعد ازاں کمپلیکس کی وسیع جامع مسجد میں علامہ عبداللہ المطلق نے ایک بلیغ اصلاحی، للّٰہیت پر مبنی اور ایمان افروز خطبہ جمعہ دیا اور نماز کی امامت فرمائی۔

انہوں نے اپنے خطبہ میں اللہ جل شانہ کی حمد وثنا اور نبی آخر الزماں حضرت محمد ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کے بعد انسان کو اپنے نفس اور عمل کی برائی سے پناہ مانگنے کی تلقین کی، اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی حاصل کرنے پر زور دیا اور اللہ تعالیٰ کے اس احسان کو یاد دلایا کہ اس نے ایسا نبی عطا کیا جنہوں نے بھٹکتی ہوئی انسانیت کو تاریکی سے نکال کر روشن شاہراہ پر گامزن فرمایا، حیران و پریشان اور گم کردہ راہ لوگوں کو کامیابی وسعادت کا راستہ دکھایا اور ہر طرح کے شر وفساد سے بچا کر امن واطمینان کے راستے پر لا کھڑا کیا۔ اس سلسلے میں علامہ موصوف نے قرآن کریم کی متعدد آیات کی تلاوت فرمائی جن میں اللہ کے رسول ﷺ اور قرآن کریم کو روشنی قرار دیا گیا ہے جس سے بھٹکتی ہوئی انسانیت کو دنیا وآخرت میں کامیابی وسرخروئی حاصل ہوتی ہے۔ موصوف نے نبی رحمت ﷺ کو بہترین اسوہ قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ زندگی بھر عیش وآرام سے دور رہے اس کے باوجود آپ سب سے زیادہ اطمینان وسعادت کی زندگی سے سرفراز تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سب سے اعلیٰ مقام عطا فرمایا اور آپ کا اخلاق جو سب سے بلند وبالا تھا وہ قرآن کریم کا حقیقی پرتو وتفسیر تھا۔ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہا کرتی تھیں کہ آپ کا اخلاق قرآن کریم کی سچی تفسیر تھا۔ اس حوالہ سے موصوف نے ان صحابہ کرام کی مثال بطور خاص پیش کی جن کو اللہ تعالیٰ نے دنیاوی مال ومنال سے حصہ وافر عطا فرمایا تھا اور غنی کے لقب سے ملقب بھی تھے۔

انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ حلال وحرام کی تمیز نہیں کرتے، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی پابندی نہیں کرتے اور کسی بھی طرح مال ومنال حاصل کرنے کو ہی کافی سمجھتے ہیں اور کسی بھی ذریعہ سے حاصل شدہ مال وجاہ کو راحت وآرام کا باعث سمجھتے ہیں حالانکہ مال ومتاع، جاہ ومنصب، آل واولاد ہی سب کچھ نہیں ہیں، انہیں پا کر اپنے آپ کو سعادت مند اور خوش بخت نہیں سمجھنا چاہئے۔ اس لیے کہ حقیقی سعادت مندی اور نیک بختی اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے اور رضائے الٰہی حاصل کرنے میں مضمر ہے۔ ہمیں کتاب وسنت کی روشنی میں اعلیٰ اخلاق وکردار کا مظاہرہ کرنا چاہئے، اعلیٰ اخلاق اور اعمال صالحہ ہی عنداللہ مقبول ہیں اور انہی کے ذریعہ حقیقی امن وسکون اور سعادت مندی حاصل کی جاسکتی ہے۔ علامہ موصوف نے اپنے خطبہ جمعہ میں سامعین کو بیش بہا پند ونصائح سے نوازا اور عالمی سطح پر بے چینی اور خلفشار کے پیش نظر امن وآشتی کی دعا کی۔ ادائیگی نماز کے بعد ناظم عمومی نے عربی زبان میں دئے گئے خطبہ کا مختصر ترجمہ پیش کیا۔ ماحضر تناول کرنے کے بعد کمپلیکس کی لائبریری میں ناظم عمومی نے مہمانان گرامی کی خدمت میں خیر مقدمی کلمات پیش کئے اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی خدمات ونشاطات پر مختصر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں وفد کے معزز ارکان نے اہل حدیث کمپلیکس میں اپنی آمد پر خوشی کا اظہار کیا اور مملکت سعودی عرب اور وطن عزیز ہندوستان بالخصوص مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے مابین دیرینہ تعلقات کا ذکر کیا اور والہانہ استقبال اور اظہار خلوص ومحبت پر ذمہ داران جمعیت بالخصوص ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے ناظم عمومی نے مہمانان گرامی کی خدمت میں مومنٹو بھی پیش کئے۔

ناظم عمومی نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند مملکت سعودی عرب کی عقیدہ ومنہج کی بنیاد پر تائید کرتی ہے اور عالم اسلام کو اخوت وبھائی چارے کی لڑی میں پرونے اور دنیا میں امن وآشتی کے قیام واستحکام اور دہشت گردی خصوصا داعش کے خلاف سعودی عرب کی متحدہ قائدانہ مہم کو بنظر تحسین دیکھتی ہے۔

ناظم عمومی نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند روز اول سے انسانیت کے فروغ، پرامن معاشرہ کی تشکیل اور ملک وملت کی تعمیر میں قائدانہ کردار ادا کر رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دعوت واصلاح، تعلیم وتربیت، علم وتحقیق، رفاہ عامہ اور انسانی خدمات کے میدانوں میں حسب استطاعت بیش بہا خدمات انجام دے رہی ہے۔ ناظم عمومی نے مزید کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دہشت گردی کی مذمت، حوصلہ شکنی اور اس کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکنے کے سلسلے میں واضح موقف رکھتی ہے اور اس سلسلہ میں حتی المقدور اپنے تمام وسائل اختیار کر رہی ہے۔ جس پر معزز وفد نے بے انتہا خوشی اور قلبی اطمینان کا اظہار کیا نیز معزز وفد کو اس وقت مزید مسرت ہوئی جب وہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی من جملہ متنوع نشاطات اور سرگرمیوں کے اس بات سے مطلع ہوئے کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دہشت گردی بالخصوص داعش کے خلاف متعدد کانفرنسیں سیمینار اور سمپوزیم کر چکی ہے، جن میں ملک کے وزراء، حکومت کے ذمہ داران اور ہر ملک وملت کے سربراہان شریک



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے ہیں۔ خاص طور سے سپریم علماء کونسل کے ممبران کے علم میں جب یہ بات لائی گئی کہ ان کے دہشت گردی مخالف فتاویٰ کو مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے اپنے دہشت گردی مخالف اجتماعی فتویٰ کے ساتھ متعدد زبانوں میں شائع کیا ہے اور وزیر اعلیٰ اور دیگر وزراء کے ہاتھوں اس کا اجراء عمل میں آیا ہے تو یہ کہے بغیر نہیں رہ سکے کہ ہندوستان میں اہل حدیث بھائیوں کا کتاب وسنت کی روشنی میں امن وشانتی پر مبنی اصول مسلم ہے اور ہر طرح کی دہشت گردی کی روک تھام ان کا وطیرہ رہا ہے۔ معزز وفد نے داعش کے خلاف مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے اجتماعی فتویٰ کے اجراء اور سمپوزیم و دیگر پروگراموں کے انعقاد کی تحسین فرمائی اور اس سلسلے کو مزید جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اس موقع پر دیگر معززین جماعت بھی موجود تھے۔

(۵)

## مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے بعد اس کی ذیلی اکائیوں کے ذریعہ مختلف صوبوں میں داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے خلاف کانفرنسوں ، سمپوزیموں اور مطالبوں کا سلسلہ جاری

### داعش جیسی دہشت گرد تنظیمیں اسلام دشمن طاقتوں کی گہری سازش کا نتیجہ: مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی

### صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک وگوا کے زیر اہتمام دہشت گردی مخالف کانفرنس میں علماء ودانشوران کا خطاب

دہلی: ۳۰ر نومبر ۲۰۱۵ء: اسلام دین امن وسلامتی ہے اس میں تشدد، دہشت گردی اور عدم رواداری کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ بلکہ وہ پر امن ملک و معاشرہ کے قیام کی وکالت اور ہر طرح کی دہشت گردی کی پر زور مذمت کرتا ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند دہشت گردی کے سلسلہ میں واضح موقف رکھتی ہے اور شروع ہی سے ملک و معاشرہ میں امن وشانتی کے قیام کی کوشش اور دہشت گردی کی مذمت کرتی آرہی ہے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کو اس بات کی اولیت حاصل ہے کہ اس نے سب سے پہلے ۲۰۰۶ء میں دہشت گردی کے خلاف زبردست آواز بلند کی اور اسے عصر حاضر کا سب سے بڑا ناسور قرار دیا۔ اسی طرح جب داعش نے اپنا دہشت گردانہ بال وپر پھیلانا شروع کیا تھا مرکزی جمعیت اہلحدیث ہند نے انسانیت کے لیے اس کی خطرناکی کو محسوس کرتے ہوئے سب سے پہلے سمپوزیم کا انعقاد کر کے داعش وغیرہ کو غیر اسلامی قرار دیتے ہوئے ان کی شدید مذمت کی اور ان کے خلاف پچاس علماء کے دستخط سے اجتماعی فتویٰ جاری کیا۔ تب سے داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اور اس کی ذیلی اکائیوں کے ذریعہ مہم جاری ہے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ایک منظم سازش کے تحت ملک وملت اور انسانیت کی بہی خواہ جماعت جماعت اہل حدیث کو بدنام کرنے کی ناپاک کوشش کی جارہی ہے جو کہ بلاشبہ قابل مذمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک وگوا کے زیر اہتمام مرکزی مسجد اہل حدیث چار مینار بنگلور میں دہشت گردی مخالف ایک روزہ کانفرنس بعنوان ”اسلام کا پیغام امن انسانیت کے نام“ سے لوٹنے پر اخبار کے نام جاری ایک بیان میں کیا۔

انہوں نے کہا کہ بنگلور میں منعقد اس کانفرنس میں مقررین نے داعش ودیگر دہشت گرد تنظیموں کے خلاف زبردست احتجاج کیا اور اس کی پر زور مذمت کی اور کہا کہ اسلامی نظامی عدل کے اندر ہرگز اس بات کی گنجائش نہیں ہے کہ ایک شخص کی غلطی کا انتقام دوسرے سے لیا جائے۔ داعش جیسی تنظیمیں جو انسانیت سوز حرکتیں کررہی ہیں ان کی خبر سن کر اور تصویریں دیکھ کر انسانیت چیخ اٹھتی ہے۔ یہ ظلم وتشدد، قتل اور فتنہ وفساد ایسے اعمال ہیں جو انسان تو انسان جانوروں کے ساتھ بھی جائز نہیں ہوسکتے اور جسے خلافت کا لبادہ اوڑھ کر اسلام کے نام پر کیا جارہا ہے جو یقیناً اسلام دشمن طاقتوں اور انسانیت کے قاتلوں کی گہری سازش کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ ایسی تمام تنظیمیں دہشت گرد ہیں اور لائق مذمت ہیں ان کی حمایت کرنا اور کسی حیثیت سے تعاون کرنا شرعا حرام ہے۔ امت مسلمہ کے باشعور افراد کا دینی واخلاقی فریضہ ہے کہ وہ ان خطرات سے دنیا کو آگاہ کریں اور ان کی تائید وتشجیع اور مادی ومعنوی حمایت سے بچانے کی کوشش کریں۔

اس موقع پر صدر اجلاس ومرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ناظم عمومی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک وگوا کے امیر مولانا عبدالوہاب جامعی، ناظم جناب محمد اسلم خان، خازن جناب منصور احمد قریشی عرف دادو بھائی، جناب قاسم اعجاز قریشی، مولانا اعجاز احمد ندوی اور صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک وگوا کے دیگر ذمہ داران اور تمل ناڈ وتلنگانہ کے بعض ذمہ داران وغیرہ کی موجودگی میں میڈیا سے بھی مشترکہ خطاب کیا اور کہا کہ آج دنیا بھر میں جو دہشت گردی اور ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جارہے ہیں اس کی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کڑی مذمت کرتی ہے۔ ہمارے علماء واکابرین نے ہر دور میں مسلمانوں کے اندر اتحاد واتفاق پر زور دیا ہے۔ اس کے باوجود چند مفاد پرست و ناعاقبت اندیش ہم پر بے جا الزامات لگارہے ہیں۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند اور اس کی ۲۳ صوبائی اکائیوں کے نمائندے داعش اور آئی ایس کے خلاف باقاعدہ فتوی جاری کرتے آرہے ہیں اور ملت اسلامیہ کے دیگر طبقوں کے ساتھ مل کر اس طرح کے ظلم وستم کی کڑی مذمت کرتے آرہے ہیں۔

مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے کہا کہ مولانا ابوالکلام آزاد جن کا تعلق جماعت اہل حدیث سے تھا، نے ملک کی آزادی کے وقت بھی اس ملک کی تقسیم کی سب سے زیادہ مخالفت کی تھی۔ مولانا آزاد نے ملک کے مسلمانوں میں مسلکی اختلافات مٹانے اور ملت کے اتحاد کے لیے جو کام کئے وہ تاریخ کے صفحات میں درج ہیں۔ مغربی میڈیا صالح سلفی فکر اور امن وانسانیت کی علمبردار مملکت سعودی عرب کو بدنام کرنے کے لیے بے بنیاد کہانیاں عام کررہا ہے اور مسلمانوں کو آپس میں لڑانے اور بدگمان کرنے کی گہری سازش کررہی ہے۔ آج ضرورت ہے کہ دہشت گردی کی جڑوں کو کاٹا جائے اور اصل مجرمین کے چہرے دنیا والوں کے سامنے لانا ہے۔

پریس ریلیز کے مطابق مرکزی مسجد اہل حدیث چار مینار بنگلور میں منعقد اس ایک روزہ کانفرنس میں جو صبح دس بجے تا گیارہ بجے شب جاری رہی ”بربادی اعمال کے اسباب، عزت کیسے اور کہاں ملتی ہے، حصول برکات کے اسباب، مقام حدیث، اسلام میں خواتین کا کردار، صلہ رحمی کے فوائد اور قطع رحمی کے نقصانات، افواہوں پر کان دھرنے کے خطرناک نتائج، اسلامی رواداری اور امن عالم، ہندوستان کی تعمیر وترقی میں جماعت اہل حدیث کا کردار“ جیسے عناوین پر صدر کانفرنس مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند، مولانا عبدالوہاب جامعی امیر صوبائی جمعیت اہل حدیث کرناٹک وگوا، شیخ ظفر الحسن مدنی، مولانا اعجاز احمد ندوی، مولانا ذوالفقار سلفی، مولانا شاہ ولی اللہ عمری، مولانا عبدالرحیم مکی، مولانا حسیب الرحمٰن سلفی، مولانا عبداللہ مدنی، مولانا عبدالحسیب مدنی، ڈاکٹر الیاس مدنی، مولانا عبدالعظیم مدنی وغیرہم نے خطاب فرمایا۔

کانفرنس میں بڑی تعداد میں بنگلور اور قرب وجوار کے اضلاع سے بڑی تعداد میں خواتین وحضرات نے شرکت کی۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




## خوشخبری

# کلینڈر 2016

جاذب نظر، خوشنما، ہر صفحہ اسلامی تعلیمات سے مزین،
قابل دید قرآنی آیات سے آراستہ اور اہم معلومات سے پُر۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے 2016 کا
کلینڈر چھپ کر منظر عام پر آچکا ہے۔

# مکتبہ ترجمان

**Ahle Hadees Manzil 4116, Urdu Bazar**
**Jama Masjid, Delhi-110006**
**Ph. 23273407, Fax : 23246613**

Monthly **MUHADDIS** Lahore
*99-J Model Town, Lahore-54700*
*Phone 5866476, 5866396*




www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سہ منزلہ جامع مسجد، اہل حدیث کمپلیکس، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ ۲۵





دومنزلہ عالیشان بلڈنگ المعہد العالی للتخصص فی الدراسات الاسلامیہ

مکتبہ سید نذیر حسین محدث دہلویؒ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

"Registered with the Registrar of Newspapers for India"
**JARIDA TARJUMAN**
*(FORTNIGHTLY)*
AHL-E-HADEES MANZIL, 4116, URDU BAZAR, JAMA MASJID, DELHI - 110006
PH. : 011 - 23273407, TELEFAX : 23246613

R.N.I. No-39374/80
REGD. DL(DG)-11/8064/-14/16.
Licenced to Post Without Pre-payment in N.D. PSO Under U (C) 277/2014-16
December 16-31 2015

# خوش خبری

وہشت گردی، داعش وغیرہ کی سنگینی اور سازشوں کو جاننے کے لیے

اسلامی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی سے واقف ہونے کے لیے

تشدد وخارجیت کی بیخ کنی اور وسطیت واعتدال کے فروغ کے لیے

مصلحین قوم وملت، بہی خواہانِ ملک ومعاشرہ، پاسبانانِ دین وایمان اور زینت منبر ومحراب ائمہ وخطباء کی مخلصانہ خدمات اور ذمہ داریوں اور ان کے حقوق سے روشناس کرانے کے لیے

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے زیر اہتمام

دو روزہ عظیم الشان

# تینتیسویں آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس

بعنوان

## ”انسانیت کے فروغ اور پرامن معاشرے کی تشکیل میں ائمہ وخطباء کا کردار اور ان کے حقوق“

تاریخ
12-13 / مارچ 2016
سنیچر، اتوار

جھلکیاں

کانفرنس — سیمینار — ادبی محفل

مقام
رام لیلا میدان
ترکمان گیٹ
نئی دہلی

جس میں ملک وبیرون ملک سے مشاہیر علمائے کرام ومفکرین عظام کے چشم کشا، بصیرت آمیز اور ایمان افروز خطابات، تقاریر، مقالات اور نظمیں پیش ہوں گی۔

بلا تفریق مسلک ومذہب بڑی تعداد میں دینی حمیت، اسلامی اخوت اور جماعتی غیرت کے ساتھ جوق در جوق شریک کانفرنس ہو کر اسلام کے پیغام امن وانسانیت کو عام کرنے کے لیے دہلی چلیں۔

مزید جان کاری کے لیے رابطہ کریں

**مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند**

4116 اردو بازار، جامع مسجد، دہلی-٦ Ph: 011-23273407, Fax: 011-23246613
Mob: 09810793930, 09213172981, 09818894598, 09810162108
Website: www.ahlehadees.org, Email: jamiatahlehadeeshind@hotmail.com

Total Pages 260

Printed & Published by Mohammad Irfan Shakir, On behalf of Markazi Jamiat Ahle Hadees Hind, and Printed at M.S. Printers A-145, Lane No.8, Chouhan Banger, Seelampur, Delhi-53 and Published from Ahle Hadees Manzil 4116, Urdu Bazar, Jama Masjid, Delhi-110006
Editor : Abdul Quddus Athar Naqwi